(۵) جب قوانین قدرت میں بقاعدہ لن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی تو پھر معجزات کا وقوع کیونکر ہوا ۔ عادت اللہ اور قدرت اللہ کے فرق کو واضح کرتے ہوئے معجزہ کی عقلی اور شرعی مطابقت پیدا کرو۔

(ب)

(٦) و اِن کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فأتوا بسورۃ من مّثلہ و ادعوا شہداءکم من دون اللہ اِن کنتم صادقین کا ترجمہ اور مطلب لکھو اور ثابت کرو کہ قرآن کریم کلام اِلٰہی ہے ۔ انسان کا کلام نہیں ہوسکتا ۔ انسانی کلام اور آلہی کلام

با عمل کو پر کھنے کے لئے تمہارے پاس جو کسوٹي ھے اسکي وضاحت کرو اؤر بتاؤ کہ قرآن نے اس بحث کو کس معیار پر کسا ھے ؟

(۷) قران و شریعت کي روشني میں آیتہ الکرسی (اللہ لا إلہ الاّ ھوالحي القیوم کا مطلب لکھکر - توحید إسلامي اؤر نظریۂ شرک کي وضاحت کرو اؤر إسلامي توحید کے طرۂ امتیاز کو نمایاں کرکے بتاؤ کہ مسئلۂ توحید و شرک میں مدّعي کون ھے ؟ اؤر منکر کون - کس پر بار ثبوت ھے اؤر کس کے لئے صرف انکار کافي ھے -

(۸) یا ایھاالناس اعبدوا ربکم الذي خلقکم و الذین من قبلکم لعلکم تتقون کا ترجمہ اؤر مطلب لکھکر فلسفۂ عبادت کي تشریح کرو اؤر عبادت کي غرض و غایت اؤر اسکي اصلي نوعیت پر روشني ڈالو -

مکرر امتحان سالانہ شعبۂ دینیات لازم بی۔اے و بی ایس سی و بی کام
سنہ ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۲۳ شہریور — وقت ۳ ساعت

دینیات لازم — نشانات ۱۰۰

نوٹ :۔ تفسیر کے دو سوالات لازمی ہیں۔ کلام کے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

تفسیر

(۱) ختم اللہ علیٰ قلوبہم وعلی سمعہم وعلیٰ ابصارہم غشاوۃٌ ولہم عذابٌ عظیم کا ترجمہ اور تفسیر اس طرح لکھو کہ آیت کے مضمون پر جو اعتراضات ہیں وہ سب دور ہو جائیں۔

(۲) ھدیً للمتقین الذین یؤمنون بالغیب کا ترجمہ اور تفسیر لکھتے ہوئے غیب کے معنی کی توضیح کرو اور بتاؤ کہ ایمان بالغیب کیوں ضروری ہے۔

کلام

(۳) عالم کی حیاتی اور غیر حیاتی صفات کا سرچشمہ ایک ہے یا الگ الگ

اس بارے میں ارسطو[1]۔ افلاطون[2]۔ دیمقراطیس[3] تینوں کے نظریوں کی تشریح کرتے ہوئے بتاؤ کہ یہ نظریے مذہب سے کہاں تک ٹکراتے ہیں۔ کیا فلسفہ اور مذہب یا سائنس اور مذہب میں جنگ ہے؟

(۴) مادّہ کی حقیقت معلوم کرنے کے لیے انسانی ذرایع علم کیا ہیں؟ کیا ہم ان ذرایع سے اشیاءِ عالم کی حقیقت معلوم کر سکتے ہیں؟ یا محض اوصاف ہی تک رسائی ہو سکتی ہے۔ مذکورہ بالا نقطہ نظر سے مادّہ کی حقیقت اور اس کے نتایج سے تفصیلی بحث کرو۔

(۵) خدا کے وجود اور اس کی توحید کو تم عقلی طور سے تسلیم کرتے ہو یا تقلیدی طور سے عقل اور علومِ عقلیہ کے ہوتے ہوئے الہام اور وحی کی ضرورت کیوں ہے؟

(۶) معجزات اور قانونِ قدرت میں باہم کوئی ربط و تعلق ہے یا یہ دونوں ایک دوسرے سے متضاد ہیں؟ اسلام میں معجزہ کی تعریف کیا ہے یہ لکھتے ہوئے منکرینِ معجزات کی تردید کرو۔

(۷) کیا مذہب اور اس کا تقاضا فطرتِ انسانی ہے یا مذہب عقل و فلسفہ کی پیداوار ہے۔ اس پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے ثابت کرو کہ مذہب فطری چیز ہے۔ نیز اپنے دعوے کے ثبوت میں تاریخ تہذیبِ انسانی سے استفادہ کرتے ہوئے۔ ماہرین کے اقوال پیش کرو۔

امتحان بي ـ اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون اخلاقیات لازم ـ پرچه

وقت ـ ۳ ساعت　　نشانات ۱۰۰

هدایت :- پانچ سوالات کے جواب مطلوب هیں -

(۱) کیا انسان کے لئے یه ممکن هے که مذهب کا پیرو هوئیکے بغیر اخلاق کا پابند هوجائے - اگر ممکن هے تو بتاؤ که لا مذهب اشخاص کے اخلاق کے بنیادی اصول کیا هوتے هیں - اور اگر ممکن نهیں تو پھر اخلاق کو مذهب سے کس طرح بغیر کیا جاسکتا هے ؟

(۲) تمهارے ذهن میں کردار کا کیا مفهوم هے وضاحت کے ساتھه بیان کرو اور بتلاؤ که کردار کا سیرت کے ساتھه کیا تعلق هوتا هے ؟

(۳) کیا انسان اپنے افعال میں مختار هے ؟ تمهاری رائے میں اخلاقیاتی نقطه نظر سے انسانی اختیار کو کیا اهمیت حاصل هے ؟

Turn over

(۴) "ہر خواہش میں نفس کی تشفی مقصود ہوتی ہے"
اس قول کے کیا معنی ہیں اور یہ کہانتک صحیح ہے ؟

(۵) "حاسہ اخلاق" (moral sense) سے کیا مراد ہے ؟ کیا زندگی میں افعال کی ہدایت رہبری کے لئے حاسہ اخلاق پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے ؟

(٦) "نیکی افراط و تفریط کی درمیانی راہ (وسط) کو اختیار کرنیکی مقررہ عادت کا نام ہے"

نیکی کی اس تعریف کا ناقدانہ امتحان کرو - نیکی کا مسرت سے کیا تعلق ہے ؟

(۷) اخلاقی نقطہ نظر سے سزا کا کیا مقصد ہوتا ہے ؟ وضاحت کے ساتھہ بیان کرو-

زاید امتحان سالانہ شعبۂ فنون بی۔ اے، بی۔ ایس سی و بی کام ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۲۳ شہریور — وقت ۳ ساعت

اخلاقیات لازم — نشانات ۱۰۰

ہدایت: صرف پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ نشانات مساوی ہیں۔

(۱) اخلاقیات اور سیاسیات کے درمیان جو ربط و تعلق پایا جاتا ہے اس کو وضاحت کے ساتھ بیان کرو اور بتلاؤ کہ اخلاق کی تکمیل کس حد تک جماعت کی تکمیل پر مبنی و منحصر سمجھی جا سکتی ہے؟

(۲) "کسی شئے کی خواہش کرنا اور اس کو لذت بخش پانا در اصل ایک ہی نفسیاتی واقعہ کی دو مختلف تعبیرات ہیں" (مل)
اس قول کی توضیح کرو اور اس کی صحت یا عدم صحت کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کرو۔

(۳) 'سیرت' کا کیا مفہوم ہے؟ سیرت کا فرد کی فطرت اور اس کے ماحول سے کیا تعلق ہوتا ہے؟

(۴) محرک اور نیت میں کیا فرق پایا جاتا ہے؟ حکم اخلاقی انسان کے فعل پر لگایا جاتا ہے یا اس کی نیت پر یا اس کے افعال کے محرکات پر؟ دلائل کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

(۵) اہم اخلاقی فرائض کو وضاحت کے ساتھ پیش کرو۔ کیا اخلاقی زندگی

محض ان فرائض ہی کی تکمیل کا نام ہے ؟

(۶) اخلاقی زندگی میں "خود پسندی" (Self-love) کا کیا مقام ہے ؟ کن اخلاقی وجوہ کی بنا پر "خودکشی" کو ناجائز قرار دیا جا سکتا ہے ؟

(۷) مذہب اور اخلاقیات میں جو قریبی ربط پایا جاتا ہے اس کو وضاحت کے ساتھ بیان کرو اور بتلاؤ کہ کیا احکام الٰہی کو قوانینِ اخلاق قرار دیا جا سکتا ہے ؟

امتحان بی۔اے شعبہ فنون

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ع

۲۱- اردی بہشت

مضمون (تاریخ) پرچہ (اول) عام تاریخی مضمون نویسی

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر بسیط مضمون لکھو:-

(۱) ہندوستان کا دستوری مستقبل

(۲) ہندوستان کا معاشی مستقبل

(۳) حالیہ جنگ کے بعد کی دنیا میں برطانیہ کی حیثیت

(۴) بین اقوامی سیاست کے جدید رجحانات

امتحان بي ـ اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ ـ پرچه دوم تاریخ هند (عهد قدیم)

وقت ـ ۳ ساعت　　نشانات ۱۰۰

هدایت :- صرف چهے سوالون کے جواب مطلوب هین -

(۱) چهٹي صدي عیسوي میں شمالي هندوستان کے مهاجنپد (mahajanapadas) کے حالات کا ذکر کرتے هوئے یه بهي بتاؤ که ان میں دیا کیا سیاسي تبدیلیاں هوئیں ؟

(۲) سلطنت مگدھ کي تعمیر اؤر استحکام کے سلسله میں بمبسار اؤر اجات شترو کے کارنامے کیا تھے ؟

(۳) کیا یه خیال صحیح هے که اگر کوٹلیه نه هوتا تو موریا سلطنت قائم نه هوسکتي ؟

(۴) کیا کوٹلیا کا ارتھ شاستر معاشیات پر مبني هے یا سیاسیات پر ؟

(۵) کیا اشوک کي "تمدني مملکت" اصول انسانیت کي حامل تھي ؟

Turn over

(٦) بھیر شیوي حکومت تاریخ ہند کا "نقطہ انقلاب" کیوں تصور کیا جاتا ھے ؟

(٧) اس خیال پر بحث کرو کہ سمدر گپت ایک ہندوستاني نپاولئین تھا -

(٨) راجا ہرش اؤر راجا پلاکیس دوم کے سیاسي منصوبوں کا مقابلہ کرو -

(٩) حسب ذیل میں سے صرف تین پر مختصر نوٹ لکھو :—

(١) مہیندر بھوج — (٢) پرتھیوي راج — (٣) باپا راول — (٤) دھرم پال — (٥) یاسودرمن کنوجي -

(١٠) راجا حرش پال اؤر سلطان سبکتگین کي لڑائی کیا ایک نئی سیاست کا پیش خیمہ تھي ؟

امتحان بي - اے شعبہ فنون

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ ہند عہد وسطی - پرچہ دوم

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف چھے سوالوں کے جواب مطلوب ہیں -

(۱) التمش کو شمالي هندوستان پر اپنا اقتدار قائم کرنے میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا - اس نے ان مشکلوں کو کس طرح حل کیا -

(۲) دلبن نے قدم امن کے لئے کیا تدبیریں اختیار کیں ؟

(۳) سلطان فیروز شاہ تغلق کے اصلاحات بیان کرو -

(۴) خلجي اور تغلق سلاطین کے فتوحات دکن کے مسلک میں کیا فرق تھا ؟ تفصیل سے بحث کرو -

(۵) جہانگیر کي سیرت اور کردار پر مفصل نوٹ لکھو - دوسرے معل بادشاہوں سے اسکي انتظامي قابلیت اور رعایا پروري کا موازنہ کرو -

(٦) جنگ تخت نشیني کے اسباب اور واقعات مختصراً لکھو - اورنگ زیب کي کامیابي کے کیا اسباب تھے -

Turn over

(۷) "اگرچہ یہ صحیح نہیں کہ مغلیہ سلطنت کی تباہی کی ذمہ داری صرف اورنگ زیب پر ہے لیکن پھر بھی اس نے اس کو روکنے کے لئے کچھ نہیں کیا - بلکہ ایک حد تک تباہی کے ان اسباب کو جو موجود تھے تیز تر کردیا" - اسپر مفصل بحث کرو -

(۸) معاور کے فوجی انتظامات پر ایک مختصر نوٹ تحریر کرو -

(۹) محمد شاہ اور اسکے وزرا کے کردار پر مفصل نوٹ لکھو اور یہ بتاؤ کہ نادر شاہ کو کامیابی اس قدر آسانی سے کیوں ہوئی -

امتحان بي ـ اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ هند عهد حالیه ـ پرچه دوم

وقت ـ ۳ ساعت　　نشانات ۱۰۰

نوٹ :ـ صرف چهے سوالون کا جواب دو۔

(۱) اودھ کے متعلق وارن هسٹنگز کي پالیسي کیا تهی ؟ تفصیل سے واضح کرو۔

(۲) لارد ولزلي اوْر سلطان ٹیپو کے درمیان جو لڑائي هوئي تهي اسکے اسباب کی وضاحت کرو۔

(۳) عهد معاونت کے اصول کي تشریح کرو اوْر یه بتلاؤ که انگریزي اقتدار پر اس کا کیا اثر پڑا ؟

(۴) انگریزوں اوْر مرهٹوں کے درمیان جو اختلافات تهے ان پر صلحنامه بسین (۱۸۰۲ع) کا کیا اثر پڑا ؟

(۵) نواب نظام‌علیخاں کے آخري زمانے میں حیدرآباد اوْر انگریزي حکومت کے درمیان کیا تعلقات پیدا هوئے ؟

(٦) عدم مداخلت کي پاليسي سے کيا مراد هے ؟ - اسپر کارنوالس اؤر سرجان شور نے کهانتک عمل کيا اؤر اس سے کيا نتائج ظهور ميں آئے ؟

(٧) اُن معاملات کي تنقيد کرو جنسے متاثر هوکر لارڈ آکلينڈ اؤر لارڈ ايلنبرو نے افغانستان اؤر سندھ ميں دست اندازي کي -

(٨) رنجيت سنگھ کي وفات کے بعد سکھ رياست کے فوري زوال کے اسباب کي تشريح کرو -

(٩) سنه ١٨٣٠ع سے ليکر سنه ١٩٠٥ع تک هندوستان ميں اعلي تعليم کي کهانتک ترقي هوئي اؤر اُس ملک کي قومي تحريک پر اسکا کيا اثر پڑا ؟

(١٠) سنه ١٩١٩ع کے اصلاحات کے بموجب صوبوں ميں ذمه دارانه حکومت کس حد تک قايم هوئي ؟

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ دکن و تاریخ تمدن هند
(عهد قدیم) - پرچه سوم

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت :- صرف چهے سوالوں کے جواب مطلوب هیں - هر حصے میں سے صرف تین سوال حل کئے جائیں -

حصه اول

(۱) آندهرا زمانے کي کیا خصوصیات هیں - اس زمانے کي معاشی اور معاشرتی حالات پر روشنی ڈالو -

(۲) گنگا خاندان کے متعلق تم کیا جانتے هو - دکن کے کن خطوں پر انکي عملداري تهي اور انهوں نے کس طرح حکومت کی ؟

(۳) جالو کیه خاندان نے اپنے پهلے دور میں دکن کو متحد کرنے کی کیا تدبیریں کیں اور انکي تدبیریں کهاں تک بارآور هوئیں -

Turn over

(۴) راشٹراکوٹ خاندان کے وہ کونسے حکمران ہیں جنہوں نے اس سلطنت کی تعمیر و تشکیل میں حصہ لیا ؟

(۵) دکن کے کن عہدوں میں کونسے مذاہب نے فروغ پایا اور کیوں ؟

حصہ دوم

(۱) آریوں کا ویدی زمانہ میں سماجی نظام ؟ کیا تھا ؟

(۲) اپنشدوں کی تعلیمات کیا تھیں ؟ انکی وجہ سے کونسی مذہبی تحریکیں پیدا ہوئیں -

(۳) بدھ متی تہذیب کی تاریخ میں کشان عہد کو کیا اہمیت حاصل ہے - مفصل بیان کرو -

(۴) موریہ دور کی فن سنگت تراشی اور منبت کاری کے جو نمونے ہیں ان پر تبصرہ کرو -

(۵) مندرجہ ذیل میں سے دو پر مفصل نوٹ لکھو :-

(۱) ارتھ شاستر -

(۲) سنگم دور کا ادب -

(۳) کالی داس کے ڈراموں کی فن کاری -

(۴) اپیجنڈ کی تصویر کاری -

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ دکن و تاریخ تمدن هند
(عهد وسطي) - پرچه سوم

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت :- صرف چهے سوالوں کے جواب مطلوب هیں - هر حصه میں سے صرف تین سوال حل کئے جائیں .

(حصه اول)

(۱) "امیران صده" کا نصب العین کیا تها - دهلی کي بڑي سلطنت کے مقابلے میں وه کیونکر کامیاب هوئے ؟

(۲) علاءالدین حسن اؤر محمد شاه اول کے عهد میں سلطنت بهمني کے نظم و نسق کن خصوصیات کیا تهیں ؟

(۳) ملک حسن نظام الملک بحري کون تها - اسکے کردار اؤر سیاسي مسلک کے متعلق تمهاري کیا راے هے -

(۴) جنگ تالیکوٹ تاریخ دکن کي بڑي لڑائي کیوں سمجهي جاتي هے - آخري سولهوں صدي میں دکن کي سیاست میں اس جنگ کے کیا اثرات پائے جاتے هیں ؟

Turn over

(۵) حیات بخشی بیگم کی زندگی اور کارناموں کا ذکر کرو۔ اس خاتون نے حیدرآباد کی کیا خدمات انجام دیں۔

(حصہ دوم)

(۱) بھگتی کی تحریک کیا تھی؟ یہ کہنا کہانتک صحیح ہوگا کہ اس پر اسلام کی تعلیمات کا اثر تھا؟

(۲) اس مقولے پر تبصرہ کرو کہ مسلمانوں کا فن تعمیر تہذیبی اتحاد عمل کی ایک نمایاں مثال ہے۔

(۳) وجیا نگر کے متعلق جو بیانات ملتے ہیں انکی بنا پر وہاں کی تہذیب کا خاکہ کھینچو۔

(۴) معل عہد کے فن مصوری کی خصوصیات بیان کرو۔

(۵) مندرجہ ذیل میں سے دو پر مفصل نوٹ لکھو:—

(۱) تلسی داس۔

(۲) عبدالرحیم خاں خاناں۔

(۳) خواجہ محمود گاواں۔

(۴) کلبرگہ کی مشہور تاریخی عمارتیں۔

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ دکن و تاریخ تمدن هند
عهد حالیه - پرچه سوم

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت :- صرف چهے سوالون کے جواب مطلوب هس . هر حصے مس سے صرف تین سوال حل کئے جائیں .

(حصه اول)

(۱) نظام الملک آصفجاه اول نے اپنے جانشین کو جو وصیتیں کي تهیں انکي وضاحت کرو تاریخ میں ان وصیتوں کي کیا اهمیت هے ؟

(۲) شمالی سرکاروں کا مسئله کب سے شروع هوا اور نواب نظام علي خاں نے بالاخر اس مسئلے کی کس طرح یکسوئي کي -

(۳) اعظم الامرا ارسطوجاه اور سالار جنگ اول حیدرآباد کے بڑے جلیل القدر ورزا گذرے هیں- اس کے کردار اور سیاسی مسلک کا مقابله کرو -

Turn over

(۴) سنہ ۱۹۰۸ع کي طغياني حيدرآباد کا حال لکھو - حيدرآباد کي معاشي اؤر معاشري حالات پر اس طغياني کے کيا اثرات پڑے ؟

(۵) رفتار زمانہ کا لحاظ کرتے ہوے موجودہ عہد ميں "قانونچہ مبارک" ميں جو اہم تبدليان کي گئيں انکو مختصر طور پر بيان کرو -

(حصہ دوم)

(۱) راجہ رام موہن راے کے تعليمات کا ہندوستان کے حاليہ تمدن ميں کيا درجہ ہے -

(۲) وہابی تحريک کے حالات مختصر بيان کرو اؤر اس کے نتائج لکھو -

(۳) برطانوي حکومت کے قيام کے بعد سے ہندو اؤر مسلمان ايک دوسرے سے کيوں عليحدہ ہوتے گئے ؟ مدلل بيان کرو -

(۴) سنہ ۱۸۵۷ع کے ہنگامہ کے بعد ہندوستان کي تمدني زندگي ميں کيا نمايان تبدليان ہوئيں -

(۵) ہندوستاني تہذيب کي تعمير کے لئے کيا ايک نئے نظام تعليم کي ضرورت ہے ؟

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ - پرچه چهارم (تاریخ اسلام عهد رسالت و خلافت را شده)

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف چهے سوالات جواب مطلوب هین -

(۱) مدینه میں آنحضرت صلعم نے اندروني امن اوْر بیروني مدافعت کیلئے کیا تدابیر اختیار کین تهیں ؟

(۲) آنحضرت صلعم نے بنجران کے عیسائیوں کو جو منشور عطا کیا تها اس کو وضاحت سے بیان کرو -

(۳) نبي کریم صلعم نے جو سفارتیں اپنے ممدو فرمانرواؤں کے پاس بهیجي تهیں ان کا مفصل احوال لکهو -

(۴) مکه کے برامن فتح کے سیاسي اوْر مذهبي نتائج بیان کرو -

(۵) خلفائے راشدین کا کسطرح انتخاب هوا تها ؟ اوْر اس انتخاب میں کونسے دستوري اصول کارفرما رهے -

Turn over

(٦) "فتح عالم سے قبل عرب کو خود اپنی اندروني فتح کي ضرورت تھي" اس رجحان کي تفصيل بحواله عهد صديقي کيجئے -

(٧) کہا جاتا ھے کہ خلافت راشدہ کي فتوحات جارمانہ تھيں - اس قول سے متعلق اپني ناقدانہ را ئے کا اظہار کرو-

(٨) تقسيم اراضي سے متعلق حضرت عمر فاروق کي کيا حکمت عملي تھي ؟ وضاحت سے لکھو-

(٩) حضرت عثمان کے سياسي مسلک سے کيوں اختلافات پيدا ہوے ؟ اور اسکے کيا نتائج ہو ئے ؟

(١٠) خوارج کون تھے اور ان ميں اور حضرت علي ميں کيوں نزاع پيدا ہوئي ؟

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ - پرچه چهارم
تاریخ یورپ از سنه ۱۸۱۵ع تا سنه ۱۹۱۴ع

وقت - ۳ ساعت ☛ نشانات ۱۰۰

هدایت :- صرف چھے سوالوں کے جواب مطلوب ھیں -

(۱) ویانا کانگریس میں میٹرنس اور تالیراں کے پیش نظر کیا کیا مقاصد تھے - ؟ ان میں سے ہر ایک کو کانگریس میں کس حد تک کامیابی حاصل ہوئی ؟

(۲) مقدس اتحاد (Holy Alliance) اور چہار دولی اتحاد (quadraple alliance) کی تاریخ بیان کیجئے - ان کے زوال کی ذمہ داری خاص طور پر کس حکومت پر عائد ہوتی ھے ؟

(۳) یونان نے کیونکر آزادی حاصل کی ؟ دوسری اقوام نے اس میں کیا حصہ لیا ؟

(۴) اطالیہ کی آزادی اور اتحاد کے سلسلہ میں میزینی اور کوور کی جو خدمات ہیں ان کا موازنہ کیجئے -

(۵) اشتراکیت اور رومن کیتھولک کلیسا کے بارے میں بسمارک کی حکمت عملی کیا تھی ؟

(۶) یورپ کی تاریخ میں فرانس اور پروشیہ کی جنگ (سنہ ۱۸۷۰ع تا سنہ ۱۸۷۱ع) کی کیا اہمیت ہے ؟

(۷) سنہ ۱۸۵۶ع کی جنگ کریمیا میں ترکی کے سامنے کونسے مسائل تھے ؟ اس زمانہ میں روس کا عام رویہ کیا رہا ؟

(۸) انیسویں صدی کے آخری حصہ میں مغربی قوموں نے نوآبادیاں حاصل کرنے میں کیوں خاص دلچسپی لی اور اس جد و جہد کا اثر "تاریک بر اعظم" پر کیا پڑا ؟

(۹) انیسویں صدی کے آخر میں روس اور فرانس کے ساتھ برطانیہ کے تعلقات کیسے تھے ؟ پھر ان میں تبدیلی کا کیا سبب ہوا ؟

(۱۰) کیا یہ کہنا صحیح ہے کہ آسٹریا ہنگری کے ولیعہد کا قتل جنگ عظیم کا اصل سبب نہ تھا ' جنگ چھیڑنے کا محض ایک بہانہ تھا ؟

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ دستور انگلستان - پرچه چهارم

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف چهے سوالون کے جواب مطلوب هین -

(۱) هنري دوم کے عدالتي اصطلاحات بیان کیجئے - اسکے عهد حکومت کو کیا دستوري اهمیت حاصل هے -

(۲) تیرهوین صدي عیسوي میں کن وجوهات کي بنا پر اور کس طرح پارلیمنٹ کي بنیاد پڑي -

(۳) لنکا سٹري عهد کي دستوري ترقي بیان کرو اور بتاؤ که باوجود نا کامي اس دور کو کیا دستوري اهمیت حاصل هے -

(۴) سولهوین صدي عیسوي میں پردوي کونسل کو کیا اهمیت حاصل هے -

(۵) سترهوین صدي عیسوي میں بادشاه اور پارلیمنٹ کے درمیان جو اصولی اختلافات تهے انکي وضاحت کرو -

(٦) وزیر اعظم کو کابینه میں کیا اهمیت حاصل هے - اس عهدے کے ارتقا کي مفصل کیفیت بیان کرو -

'The strength of the House of Lords is in its weakness.'

(۷) دارالامرا کے موجودہ اختیارات اور ترکیب کی روشنی میں مذکورۂ بالا اقتباس کی تشریح کرو۔

(۸) ڈیون وسٹ منسٹر سنہ ۱۹۳۱ع کے تحت برطانیہ اور دولت کا جو تعلق ہے اسکو بیان کرو۔

(۹) "قانون کا درج" سے کیا مراد ہے۔؟ موجودہ دور میں دستور انگلستان کی یہ اہم خصوصیت کس حد تک متاثر ہوئی ہے۔

(۱۰) کابینہ کے تشکیل میں سیاسی وحدت بندی کے اصول کو کیا دخل حاصل ہے؟ مفصل بیان کرو۔

امتحان بي ـ اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ ـ پرچه چهارم (تاریخ تمدن هند)

وقت ـ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت :ـ صرف چهے سوالون کے جواب مطلوب هین ۔

(۱) انسان کي تهذیب کا مسئله برهمنا اوْر اپنشد مین جس طور سے پیش کیا گیا اسکی وضاحت کرو۔

(۲) کوتلیا کے نظریات یا اشوک کي تعلیمات مین اس خیال کی توضیح کهان تک هوتی هے که تمدن کی بنیاد سیاست هے یا سیاست کی بنیاد تمدن هے ؟

(۳) سانچی بدهه متي فنکاریت کا شاه کارکون تصور کیا جاتا هے اوْر اسکی فنی خصوصیات کیا هین ؟

(۴) گپت عهد سے پهلے هندوستان ایک عبوري دور سے گزرا تها ۔ اس دور کو تعمیري اهمیت کس وجه سے حاصل رهی ؟

(۵) وزارت برامکه کے زمانه مین هندوستانیون اوْر مسلمانون کے مابین جو تعلقات قائم هوئے انکي نوعیت کیا تهي ؟

Turn over

(٦) سلاطین ہند کي حکمراني کی کامیابي کا راز مذہبي احکام میں مضمر تھا یا اصول سیاست میں ؟

(٧) ہندو بھگت اوٗر صوفیائے کرام کیا ہند اسلامي تہذیب کے علمبردار تھے ؟

(٨) سنہ ١٨٥٧ع تک کمپنی کی سیاست کاري سے ہندوستان پر جو عمراني اثرات پڑے انکي وضاحت کرو۔

(٩) راجا رام موہن رائے کي شخصیت اوٗر انکے کارناموں کا حال تفصیل سے لکھو۔

(١٠) سر سید احمد خاں نے مسلمانوں کي فلاح اوٗر بہبود کے لئے کیا کیا ؟

امتحان - بي - اے شعبہ فنون

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون (تاریخ) (۱۰ مقالات) پرچہ (پانچم) (سبجیکٹ)

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت:- صرف چھے سوالوں کا جواب دیا جائے۔

(۱) مملکت کے خاص خاص ہم جنس ادارات کیا ہیں بیان کرو۔

(۲) وفاقی مملکت اور فردیہ مملکت کا مقابلہ کرو۔

(۳) ارسطا طالیس نے حکومت کی جو قسمیں بیان کی ہیں ان کو بیان کرو۔

(۴) ہوس اور لاک کے نظریہ معاہدۂ معاشری میں کیا اصولی فرق ہے؟

(۵) عمومی مملکت میں فریق بندی کی کیا اہمیت ہے۔

(۶) اشتمالیت سے کیا مراد ہے؟ وضاحت سے بیان کرو۔

(۷) انگلستان کے وزیر اعظم اور ممالک متحدہ امریکہ کے صدر کے اختیارات کا مقابلہ کرو۔

(۸) یورپ میں جو انتظامی قانون رائج ہے اسکی کیا نوعیت ہے ؟

(۹) کناڈا کی مرکزی حکومت اور صوبہ جات کی حکومتوں کے اختیارات بیان کرو۔

(۱۰) قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ ع کے مطابق وزیر ہند کے کیا اختیارات ہیں ؟

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ (ذیلی معاشیات) - پرچه ششم
(معاشیات)

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- هر حصه سے صرف تین سوالوں کے جواب دئے جائیں -

حصه (الف)

(۱) ' تعمیر پذیري طلب ' سے کیا مراد هے ؟ مالیات میں اس تخیل کي کیا اهمیت هے ؟

(۲) " تقسیم عمل کا انحصار وسعت بازار اور نوعیت کاروبار پر هے " اسکي تشریح کرو -

(۳) سود کیوں ادا کیا جاتا هے ؟ اس بارے میں جو مختلف نظریے پیش کئے گئے هیں ان پر بحث کرو -

(۴) ' طلب مشترک ' اور ' رسد مشترک ' کي تشریح کرو بتاؤ که ان دونوں صورتوں میں اشیاء کي قیمتیں کسطرح معین هوتي هیں ؟

Turn over

(۵) بین‌الاقوامی تجارت کے سلسلہ میں نظریہ موازنہ مصارف کی تشریح کرو۔

حصہ (ب)

(۶) روپیہ کی شرح مبادلہ میں کمی کرنے کی موافقت اور مخالفت میں کیا دلائل پیش کئے جاتے ہیں ؟ موجودہ حالات میں شرح کو گھٹانا کہاں تک مناسب ہوگا ؟

(۷) 'امتیازی تامین' سے کیا مراد ہے ؟ یہ طریقہ ہندوستان کی آئندہ صنعتی ترقی کیلئے کہانتک موزون ہے ؟

(۸) کاشتکاروں کی معروضیت دور کرنیکے لئے حیدرآباد میں جو طریقے اختیار کئے گئے ہیں اُنکی تشریح کرو۔

(۹) 'انتشار اراضی' کا ہندوستان کی زراعت پر کیا اثر پڑتا ہے ؟ اس خرابی کو دور کرنے کے مناسب طریقے کیا ہوسکتے ہیں ؟

(۱۰) مرکزی حکومت اور صوبوں کے درمیان ذرائع آمدنی کی جو تقسیم ہے اُس پر تنقید کرو۔

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ء

مضمون معاشیات - پرچه پنجم (ب) عمرانیات و تاریخ ششم (ب) عمرانیات

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف چھے سوالوں کے جواب لکھئے

(۱) عمرانیات کي ' آپ کے خیال میں ' اچھي تعریف کیا ہوگي ؟ کیا معاشرے کي ابتداء کی بحث عمرانیات کا لازمي جزو ھے ؟

(۲) بعض لوگ معاشرے کو ایک عضویه (organism) قرار دیتے ہیں - اس خیال کي وضاحت کیجئے اور بتائیے که آپ اس سے متفق ہیں یا نہیں -

(۳) معاشرتي نشو و نما پر خارجي فطرت کا کیا اثر ہوتا ھے ؟ مثالوں سے سمجھائیے -

(۴) " انساني حقوق " کی تعریف کیجئے اور اس کي ابتداء اور نشو و نما کے متعلق اپنا خیال ظاہر کیجئے - عملي زندگي میں ان کي کیا اہمیت ھے ؟

(۵) "معاشي زندگي معاشرت کے تمام شعبوں کي تہ میں موجود ھے - اس لئے اسے معاشرے کي بنیاد قرار دیسکتے ہیں" - اس بیان کي تشریح کیجئے اور معاشرت اور معیشت کا تعلق بتائے -

(۶) مذہب کو تعمیر معاشرت میں کیا دخل ھے ؟ ظاہرہ مذہبي اور نیم مذہبي رسوم سے سماجي ترقي میں کیا دقتیں نمودار ہوتے ہیں ؟

(۷) معاشرتی ترقي کے کیا اصول ہیں ؟ اس طرح تفصیل سے ذکر کیجئے کہ سماج سدھار کے اصول بھی واضح ہوجائیں -

(۸) "عمرانی قوانین" سے کیا مراد ھے ؟ تارو (Tarde) کے نام سے کون سے عمرانی قوانین منسوب ہیں - مختصر بیان کیجئے -

(۹) "جبر سر کشي کي محض عارضي روک ھے" وضاحت کیجئے اور بتائیے کہ حکومت میں جبر کس حد تک ہونا چاہئے اور حکومت اختیاري کیلئے کس قسم کي ذہني قابلیت درکار ھے ؟

(۱۰) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی تین پر نوٹ لکھو :—

(۱) عمرانیات کا منہاج یا طریق (Method)

(۲) معاشرے کے امراض یا سماجی مرضیات ۔

(۳) خیرات کی تنظیم ۔

(۴) "معاہدہ اجتماعی" ۔

امتحان - بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون - (معاشيات) - پرچه اول

صرف پانچ سوالون کے جواب دو - سب سوالون کے نشانات برابر هین - دسوین سوال کا جواب لازم هے -

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

(۱) چند اهم معاشي قوانین کا ذکر کرو اور واضح کرو که ان سے همیں معاشي اصولون کی اضافي حیثیت کے سمجهنے میں مدد ملتي هے -

(۲) کهتے هیں که " احتیاجوں کو بڑهانا گناه کے مترادف هے " اس رائے پر معاشي نقطهٔ نظر سے تبصره کرو -

(۳) قیمتوں کے متعین کے سلسله مین اقادهٔ اختتامي کے تصور کي اهمیت واضح کرو -

(۴) نظریه متوازن آبادي پر ایک مختصر تنقیدي نوٹ لکهو -

Turn over

(۵) آمدنی کے عدم مساوات کے اہم اسباب بیان کرو اور یہ واضح کرو کہ اسے دور کرنے کے لئے کن مؤثر تدبیروں کو اختیار کیا جانا چاہئے ۔

(٦) "اعلی اجرت میں کفایت ہے" اس اصول پر ہندوستانی معاشی حالت کو پیش نظر بحث کرو ۔

(۷) طلب مشترک کو واضح طور پر بیان کرو اور اسکا مقابلہ رسد مشترک سے کرو ۔

(۸) قیمتوں کے بڑھنے سے مندرجہ ذیل طبقوں میں کیا اثر ہوتا ہے ۔

(۱) صنعت گر ۔ (۲) زمیندار ۔
(۳) سود خوار ۔ (۴) تنخواہ دار ۔

(۹) سود کے بالکل مٹ جانیکے کیا امکانات ہیں ۔ سود کے مٹ جانیکا پس اندازی پر کیا اثر پڑیگا ۔

(۱۰) اسنادی اسکول کے اہم اصولوں پر تنقید و تبصرہ کرو ۔

امتحان بي ـ اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشيات پرچه ـ دوم زرينک کاري وغيره

وقت ـ ۳ ساعت نشانات ـ ۱۰۰

نوٹ :- صرف پانچ سوالون کے جواب دئے جائيں -

(۱) قدر زر کا مفہوم واضح کرو اؤر بتاؤ که زر کي قدر ميں کمی بيشي ہونے سے معاشره کے مختلف طبقوں پر کيا اثرات پڑتے ہيں ؟

(۲) معيار طلا کے زوال کے کيا اسباب ہوئے ؟ اس معيار کے دوباره جاري ہونے کے کيا امکانات ہيں ؟

(۳) ہندوستان کے موجوده معيار زر کي تشريح کرو اؤر بتاؤ که يه 'معيار مبادله طلا' سے کس حد تک مختلف ہے ؟

(۴) 'مرکزي بنک اعتبار کی فراہمی کا آخري دريعه ہوا کرتا ہے' اسکي تشريح کرو اؤر بتاؤ که ہندوستان ميں ريزرو بنک اپني اس ذمه داري کو کس طرح پورا کرتا ہے ؟

(۵) امپيريل بنک کے کاروبار پر تنقيدي نوٹ لکھو -

Turn over

(٦) مرکزي بنک اور معمولی بنک کے کاروبار کي نوعیت میں کیا فرق ہوتا ھے ؟ ہندوستان کے مرکزي بنک کے لئے معمولي بنکاري میں حصہ لینا کس حد تک مناسب ہوسکتا ھے ؟

(٧) محصول بلواسطہ اور بلا واسطہ میں کیا فرق ھے ؟ ان دونوں کے اثرات کس ملک کے مختلف طبقوں پر کیا ہوتے ہیں ؟

(٨) بین‌الاقوامی تجارت کے سلسلہ میں نظریہ موازنہ مصارف ' پر بحث کرو ۔

(٩) مرکزي حکومت ہند اور صوبوں کے درمیان ذرائع آمدني کي جو تقسیم ھے اُس پر تنقید کرو ۔

(١٠) مندرجہ ذیل میں سے کسي دو پر نوٹ لکھو :—

(الف) افراط زر ۔

(ب) اسٹرلنگ فاضلات ۔

(ج) حساب گھر (clearing house)

امتحان بي ـ اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشیات ـ پرچه سوم
(معاشي تاریخ انگلستان)

وقت ـ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ:- صرف پانچ سوالوں کے جواب دو۔

(۱) انگلستان کے ذرائع حمل و نقل میں جو انقلاب ہوا اسکي مختصر کیفیت بیان کرو اور یہ واضح کرو کہ انقلاب حمل و نقل کے بغیر صنعتي انقلاب مکمل نہیں ہو سکتا تھا۔

(۲) صنعتی انقلاب نے انگلستان کي آبادي کی جغرافیائي اور پیشہ وارانہ تقسیم کو کیسے متاثر کیا؟

(۳) اصول "عدم مداخلت" سے کیا مراد ہے؟ انگلستان کي معاشی تاریخ سے چند مثالیں لیکر واضح کرو کہ کیسے رفتہ رفتہ اس اصول کو ترک کردیا گیا۔

(۴) وہ کیا اسباب تھے جو انگلستان میں اشتراکي تحریک کے آغاز کا باعث بنے؟ انیسویں صدي کے دوران میں اس تحریک نے جو ترقي کی اس پر ایک مختصر نوٹ لکھو۔

Turn over

(۵) انگلستان میں انجمنہائے صارفین کے آغاز اور نشو و نما کی مختصر کیفیت بیان کرو اور تحریک امداد باہمی میں ان انجمنوں کی اہمیت واضح کرو۔

(٦) انگلستان میں انکم ٹیکس کا آغاز کن حالات کے تحت ہوا ؟ انیسویں صدی کے دوران میں اسکی مختصر تاریخ بیان کرو۔

(۷) قانون منشور بنک بابت سنہ ۱۸۴۴ع کے اہم دفعات کی تشریح کرو۔ وہ کیا حالات تھے جنکے تحت حکومت انگلستان کو بعض مرتبہ اس قانون کو معطل کرنا پڑا ؟

(۸) انگلستان کی معاشی زندگی کو پہلی جنگ عظیم نے کیسے متاثر کیا ؟

(۹) واضح کرو کہ انگلستان کی معاشی تاریخ کے مطالعہ سے ہندوستان کی معاشی پالیسی کی ترتیب میں کیا مدد مل سکتی ہے۔

(۱۰) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھو:—

(الف) منشوریت (chartism)

(ب) جورف جیمبرلین کا نوآبادیاتی مسلک۔

(ج) ڈیلیڈسٹن کے معاشی اصلاحات۔

(د) قانون مزدور سمجھوتہ بابت سنہ ۱۸۷۱ع۔

امتحان — بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشیات - پرچه (دسوم (ب) معاشي تاریخ هند)

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے - سب سوالوں کے نشان برابر هیں -

(۱) انیسویں صدي عیسوي کے ختم پر هندوستان کي جو حالت تهی ' اس کا موازنه عهد اکبري کے معاشی حالات سے کیجئے -

(۲) سولوں صدي عیسوي سے انیسویں صدي تک هندوستان کي آبادي میں جو تغیر هوا اس کے اسباب و نتائج پر مختصر تبصره کیجئے -

(۳) مختلف زمانوں میں زمین کا مالک هندوستان میں کون مانا گیا هے ؟ اس کا اثر بندوبست اراضی پر کیا پڑا ؟ اٹهارویں اور انیسویں صدي میں کیا خاص کاروائیاں بندوبست اراضي کے متعلق هندوستان میں عمل میں آئیں ؟ مختصر طور پر تنقیدي تبصره کیجئے -

Turn over

(۴) "انیسویں صدی عیسوی کے ربع آخر میں ہندوستان میں متواتر ایسے قحط پڑے کہ ان میں کم سے کم ڈیڑھ کروڑ نفوس پیوند زمین ہوگئے" - (دت)

اس کے اسباب کیا تھے ؟

(۵) سنہ ۱۸۷۰ ع سے انیسویں صدی کے ختم تک مرکزی حکومت ہند اور صوبوں کے مالیاتی تعلق کی مختصر تاریخ بیان کیجئے -

(۶) فاقلر کمیٹی کب اور کس غرض سے مقرر کی گئی تھی ؟ اس کی سفارشات کا اثر ہندوستان کے نظام زر پر کیا ہوا ؟

(۷) ممالک مغرب سے معاشی تعلق نے انیسویں صدی میں ہندوستان کی زراعت اور صنعت پر کیا اثر ڈالا ؟

(۸) ہندوستان میں ریلوں کے رواج کی تاریخ بیان کیجئے - ملک کی عام معاشی حالت پر ریلوں کا کیا اثر ہوا -

(۹) انیسویں صدی میں ہندوستان کی تجارت خارجہ میں کیا قابل ذکر تغیرات پیدا ہوئے ؟
حکومت کی تجارتی پالیسی اس زمانہ میں کیا رہی ؟

(۱۰) اٹھارویں اور انیسویں صدی کے دوران میں ہندوستان کی قدیم صنعتوں کے زوال کے اہم اسباب پر بحث کرو -

امتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشيات - پرچه چهارم (زرعي معاشيات و امداد باهمي)

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف پانچ سوالوں کا جواب دو - لیکن هر حصه سے تین سے زیاده سوال نهیں هونے چاهئیں - سب سوالوں کے نشانات برابر هیں -

حصه (الف)

(۱) هندوستان کي موجوده غذائي صورت حال پر تفصیلی تبصره کرو اور اسکو بهتر بنانے کے لئے قابل عمل تجاویز پیش کرو -

(۲) زرعي معاشیات اور عام معاشیات میں کیا فرق هے زرعي معاشیات کے مطالعه سے تمکو کیا فوائد حاصل هوتے هیں -

(۳) جنگ کا اثر زرعي قیمتوں پر کیا پڑا هے چند اهم اجناس کو لیکر تبصره کرو اور بتاؤ که کاشتکار کو اس سے کیا فایده پهنچا هے -

(۴) ہندوستان کے کسي صوبہ یا حیدرآباد کے نظام مالگذاري پر ایک مفصل نوٹ لکھو اور بتاؤ کہ اس نظام میں کیا خرابیاں ہیں اور انکو کیونکر دور کیا جاسکتا ہے ۔

(۵) " ہندوستان میں موروثیوں کي کثرت کے باوجود زراعت کے کام کاج کے لئے مویشیوں کي قلت محسوس کي جاتي ہے " مذکرہ مقولہ پر بحث کرو ۔

حصہ (ب)

(۶) زمیں، گروي بنکوں کے کیا اصول ہیں ؟ ہندوستان میں ان اصولوں پر کہانتک عمل ہوا ہے ۔

(۷) ریزرو بنک نے تحریک امداد باہمي کي اصلاح کے لئے جو سفارشات کي ہیں بیان کرو اور بتاؤ کہ ان پر کہاں تک عمل ہوا ہے یا وہ کہانتک قابل عمل ہیں ۔

(۸) حیدرآباد میں حال ہي میں امداد باہمي کي تحریک کو اور زیادہ مفید بنانے کے لئے جو اسکیم روبہ عمل لائي گئي ہے اس پر تبصرہ کرو ۔

(۹) مختلف انجمن ہائے امداد باہمي پر جنگ کا کیا اثر پڑا ہے ؟

(۱۰) آیندہ کے لئے ہندوستان میں امداد باہمي کي تحریک کن اصولوں پر چلاني چاہئے تاکہ کاشتکار اس تحریک سے پوري دلچسپي لے سکے اور بہتر طور پر مستفید ہوسکے ۔

إمتحان بي - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشیات - پرچه (ششم تجارت و صنعت)

وقت - ۳ ساعت　　نشانات ۱۰۰

نوٹ :- مندرجه ذیل سوالات مین سے کسی پانچ کے جواب لکھئے ۔
سب سوالون کے نشانات برابر هین ۔

(۱) هندوستان کی معاشی منصوبه بندي مین آپ چھوٹی چھوٹي صنعتون کو کیا اهمیت دینے کے حامي هین - اور کیون ؟

(۲) هندوستان کي گھریلو صنعتون کو کن کن اهم مسائل سے دو چار هونا پڑ رها هے ؟ ان مسائل کے حل بتائیے -

(۳) جنگ کي وجه سے هندوستان مین کون کون سي نئي صنعتین وجود مین آئي هین ؟ آپ کي رائے مین انکی حفاظت کیونکر کي جاسکتی هے ؟

(۴) کیا هندوستان کي صنعتی ترقي کے لئے بیروني امداد ضروري هے - بیروني امداد کي در آمد کن شرائط کے تحت هوني چاهئے ؟

(۵) ہندوستان کے صنعتی مزدوروں کے لئے معاشرتی بیمہ کی ایک قابل عمل سکیم تجویز کیجئے ۔

(٦) ہندوستان میں ریلوں کی تعمیر اور ترقی پر ایک مختصر سا مضمون لکھئے ۔ حکومت کی اس ضمن میں جو پالیسی رہی ہے اُس پر ایک تنقیدی تبصرہ کیجئے ۔

(۷) ہندوستان کے آمد و رفت کے وسیلوں کو منظم طریقے پر استعمال کرنے کے لئے ایک اسکیم تیار کیجئے ۔

(۸) جنگ نے ہندوستان کی خارجی تجارت کے رجحانات پر کیا اثر ڈالا ہے ؟ نئے رجحانات آپ کے خیال میں کہاں تک مستقل ثابت ہونگے ؟

(۹) ہندوستان میں صنعتی تامین کی پالیسی پر جو عمل ہوا ہے اس پر ایک تنقیدی تبصرہ کیجئے ۔

(۱۰) ہندوستان کی صنعتی ترقی کے "بمبئی پلان" پر ایک تنقیدی مضمون لکھئے ۔

امتحان بی۔اے شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف/۱۹۴۶ء

۲۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ پرچہ اول۔ مسائل فلسفہ — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سب کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ علم کے کون کون سے سرچشمے ہیں۔ ان میں سے سب سے زیادہ قابلِ اعتبار کونسا ہے؟ کیا تنہا اسی پر پورا بھروسہ کیا جاسکتا ہے؟

۲۔ تمھارے نزدیک فلسفہ کی تحقیق کے لیے بہترین طریقہ کونسا ہے؟ دلائل دے کر سمجھاؤ کہ تم اس طریق کو بہترین کیوں سمجھتے ہو؟

۳۔ صداقت کے نظریۂ مطابقت (correspondence) اور نظریۂ توافق (coherence) کے متعلق تمھاری کیا رائے ہے؟

۴۔ موجودہ سائنس کے نزدیک مادہ کی کیا حقیقت ہے۔ سائنس کے اس موجودہ نظریے نے فلسفیانہ تخیل پر کیا اثر ڈالا ہے؟

۵۔ نفس جسم کا نتیجہ ہے یا جسم نفس کا۔ اس مسئلہ پر بحث کرو۔

۶۔ حقیقیت اور تصوّریت کے درمیان جو اختلافات ہیں ان کو اختصار کے ساتھ پیش کرتے ہوئے بتلاؤ کہ تمھارا ذاتی رجحان کس کی جانب ہے ؟

۷۔ کائنات کے نظریۂ ارتقائے بارز (Emergent Evolution) میں عضویہ کی کیا حیثیت ہے ؟ اس کی بروز کے کیا اسباب ہیں ؟

۸۔ دنیا میں خیر و شر، شیر و شکر معلوم ہوتے ہیں کیا یہ دونوں بنیادی حقیقتیں ہیں ؟

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

(*)

۲۲ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

(•)

فلسفہ۔ پرچۂ دوم (تاریخ فلسفہ) — نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ صرف پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ سقراط کا یہ یقین تھا کہ کوئی شخص جان بوجھ کر بدی کا ارتکاب نہیں کرتا۔ سقراط کے اس یقین کی بنیاد کیا ہے؟ کیا تم اس کے ساتھ اتفاق کر سکتے ہو؟ دلائل کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

۲۔ "نیکی جذبات میں اعتدال پیدا کرنے کی ایک مقررہ عادت ہے جو ارادی ہے اور جس کا تعین عقلِ صحیح سے ہوتا ہے" (ارسطو)
اس تعریف کا ناقدانہ امتحان کرو۔

۳۔ رواقیہ نے حیاتِ انسانی کا کیا نصب العین پیش کیا ہے؟ اس سے تمھیں کس حد تک اتفاق ہے؟

۴۔ ڈیکارٹ نے اپنے فلسفہ کا آغاز "خودی" کے اذعان سے کیوں کیا؟ کیا خودی کو حجت سے بے نیاز قرار دیا جا سکتا ہے؟ خودی سے ڈیکارٹ کا کیا مفہوم تھا ذرا تفصیل سے بیان کرو۔

۵۔ بارکلے کی رائے میں فطرت تصورات کا ایک نظام ہے، یعنی "احساسات کا مری سلسلہ جو خدا ہمارے ذہنوں میں پیدا کرتا ہے اور جو ان تصورات کے عین مطابق ہوتا ہے جو خدا کے ذہن میں ازل سے پائے جاتے ہیں۔

اپنی اس رائے کے ثبوت میں بارکلے نے جو دلایل پیش کیے ہیں ان کو اختصار کے ساتھ بیان کرو۔

۶۔ لاک نے علم کی کیا تعریف کی ہے اور یقین کے مختلف مراتب کا کیا فرق قایم کیا ہے؟ علم کی اس تعریف پر تنقید کرتے ہوئے اس کے حسن و قبح کو واضح کرو۔

۷۔ "مدرکات بغیر تعقلات کے کور ہیں اور تعقلات بغیر مدرکات کے تہی" (کانٹ)

وضاحت کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م/۱۹۴۶ء

۲۳ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ہندی فلسفہ پرچہ سوم — نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ صرف پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ نشانات مساوی ہیں۔

۱ ۔ ویدک ادب میں اپنشدوں کی حیثیت اور ان کی خصوصیت پر ایک بسیط نوٹ لکھو۔

۲ ۔ چھ درشنوں کے حوالے سے اس امر پر بحث کرو کہ ہندی فلسفہ میں دنیا کے متعلق تو قنوطی طرزِ عمل ہے لیکن آخرت کے متعلق رجائی اعتقاد موجود ہے۔

۳ ۔ "اگیان ہی قید کا سبب ہے اور گیان ہی نجات کا لازمی ذریعہ ہے۔ لیکن محض نظری علم کافی نہیں" رشیوں کے راست تجربوں کی روشنی میں اس قول کی وضاحت کرو۔

۴ ۔ ہندی فلسفہ میں انومان اور شبد کو ذرائع علم تسلیم کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ تفصیل سے بحث کرو۔ کیا کوئی جدید سائنس ان کو تسلیم کیے بغیر ترقی کر سکتا ہے۔

۵ ۔ سنیاسی اور وشیشک درشن میں روح کا کیا تصور ہے۔

اور اس کے وجود کے متعلق جو ثبوت فراہم کیے گئے ہیں وہ کہاں تک تشفی بخش معلوم ہوتے ہیں۔ مسئلہ تناسخ میں اس کی کیا اہمیت ہے تنقیدی بحث کرو۔

۶ - سانکھیہ کی مابعد الطبیعیات پر ایک مضمون لکھنے کے لیے ضروری مواد کس طرح پیش کروگے اور کن ماخذ کو استعمال کروگے۔ سوچ کر جواب لکھو۔

۷ - میکس ملر کا قول ہے کہ نظامِ فلسفہ ویدانت میں انسان کا عقلی تفحص اپنے انتہائی عروج کو پہنچ گیا ہے تمھیں اس نظام میں دوسرے نظامات کے مقابلہ میں ایسی کونسی خوبیاں نظر آتی ہیں کہ تم اس قول کی تائید کرسکو ذرا وضاحت سے بیان کرو۔

۸ - بھگوت گیتا کے یوگ اور پتنجلی کے یوگ میں کیا فرق ہے واضح کرو۔ تفویض ذات (Self Surrender) کے نظریہ کے متعلق ان دونوں کے مسلمات خاص طور پر مطلوب ہیں مفصل بیان کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۲۴ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ پرچہ چہارم فلسفہ اسلام — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب دو۔ نشانات سب سوالوں کے مساوی ہیں۔

۱۔ اشاعرہ نے اس کو کیوں ضروری سمجھا کہ مذہبی عقائد کی حفاظت کے لیے مادہ کے ایک مستقل جوہر ہونے اور قوانینِ فطرت کی یکسانی سے انکار کیا جائے۔ ان کے دلائل کیا تھے بارکلے کے انکار مادہ کے دلائل سے ان کا موازنہ کرو۔

۲۔ فلسفۂ اسلام میں کونسے مسائل ایسے ہیں جن میں عقائدِ اسلام اور فلسفۂ یونان کی امیزش معلوم ہوتی ہے۔ کیا یہ درست ہے کہ اسلامی تصوف کا فلسفہ فلاطینوس کی ما بعد الطبیعیات سے متاثر ہوا ہے۔

۳۔ جبر و اختیار کے بارے میں امام غزالی کا نظریہ کسب بیان کرو اور بتاؤ کہ کہاں تک اس کو ان دونوں کے تطابق میں کامیابی یا ناکامی ہوئی ہے۔

۴ - ابن سینا کے اس عقیدے پر بحث کرو کہ خدا کو فقط کلیات کا علم ہوتا ہے جزئیات کا علم چونکہ علم ہی نہیں اس لیے وہ عالمِ کل کے علم میں داخل بھی نہیں ہو سکتا۔

۵ - مولانا روم کے نظریۂ ارتقا کی توضیح کرو اور بتاؤ کہ روحیں کن منازل میں سے گذرتی ہیں اور کیا طریقہ اختیار کرکے وہ واصل خدا ہوتی ہیں۔

۶ - خدا اور کائنات کے باہمی تعلق کی نسبت اکابر حکماءِ اسلام کے نظریات کی مختصر تشریح کرو۔

۷ - ابن رُشد نے عقائدِ اسلامی اور ارسطو کے فلسفے میں مطابقت ثابت کرنے کی جو کوشش کی اس پر تبصرہ کرو۔

۸ - اسلامی عقیدہ کی رُو سے حقیقی وجود صرف خدا کا ہے اور خدا خیرِ مطلق ہے - اس کو مانتے ہوئے حکماءِ اسلام نے شر کی توضیح کس کس طرح کی ہے۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ۔ پرچہ پنجم — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ نشانات سب سوالوں کے برابر ہیں۔

۱۔ وڈورتھ نے نفسیات کی جو تعریف پیش کی ہے بیان کرو۔ اس پر تنقید کرو اور اس کا مقابلہ دوسری تعریفات سے کرو۔ ۲۰

۲۔ مطالعہ باطن کے نفسیاتی تجزیہ کی طریقے پر فصل تنقید کرو۔ ۲۰

۳۔ سماجی عامل کے تحت شخصیت کس طرح تشکیل پاتی ہے بیان کرو ۲۰

۴۔ محرکات کی کشمکش اور اس کے عواقب بیان کرو۔ کیا محرک غیر شعوری بھی ہوتا ہے؟ ۲۰

۵۔ انسان میں کونسے غیر اکتسابی محرکات پائے جاتے ہیں تفصیل سے بیان کرو۔ انھیں غیر اکتسابی تسلیم کرنے کے کیا وجوہ ہیں؟ کیا ہر اکتسابی محرک غیر اکتسابی محرک سے مشتق ہوتا ہے۔ اپنی رائے دلائل کے ساتھ بیان کرو۔ ۲۰

۶۔ تصور کے ارتقا کو تفصیل سے بیان کرو اور بتلاؤ کہ ایغو مرکزی تصور اور معروضی تصور میں کیا فرق ہے۔ ۲۰

۷۔ وہم اور التباس میں کیا فرق ہے؟ چند عام التباسات نقشے

کھینچ کر بیان کرو اور ان کی علتیں بھی بیان کرو۔ ۲۰

۸۔ آنکھ کی ساخت بیان کرو اور نقشہ کھینچ کر اسے واضح کرو۔

یا

قشری تعین مقام کے طریقے بیان کرو اور ان سے حاصل شدہ نتائج بتلاؤ۔ ۲۰

امتحان بی۔اے شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ۔ پرچۂ ششم (اخلاقیات) — نشانات ۱۰۰

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ نشانات سب کے لیے مساوی ہیں۔

(۱) اخلاقیات کی جو مختلف تعریفیں کی گئی ہیں ان کو اختصار کے ساتھ پیش کرتے ہوئے بتاؤ کہ تم کس کو قابل ترجیح سمجھتے ہو۔

(۲) اخلاقی حکم لگانے میں کن اصول کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

(۳) کیا اخلاقی زندگانی اس عقیدہ پر منحصر ہے کہ انسان اپنے افعال میں آزاد ہے؟ اس کے موافق اور مخالف جو دلائل پیش کیے گئے ہیں ان پر رائے زنی کرو۔

(۴) اگر افادیت کے اصولوں پر پوری طرح عمل کیا جائے تو اخلاقی فرض کو "مصلحت" Expidiency کی خاطر قربان کردینا پڑتا ہے۔ بحث کرو۔

(۵) ہربرٹ سپنسر (Herbert Spencer) کی "ارتقائی اخلاقیات" کے حسن و قبح پر روشنی ڈالو۔

(۶) سزا کے جتنے نظریے تمھیں معلوم ہیں ان کی اخلاقی اہمیت پر علٰحدہ علٰحدہ بحث کرو۔

(۷) تمھاری رائے میں مختلف اخلاقی نظریات کا عمل سے کیا ربط و تعلق ہے وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

امتحان بی ۔ اے شعبہ فنون و دینیات ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۱/اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

عربی پرچہ اول (نثر و تاریخ ادب) — نشانات ۱۰۰

---

۱ ۔ صرف دو کا ترجمہ کرو اور حسب ضرورت تفسیر بھی کرو :۔ ۱۶

(الف) وقال الذی اشتراہ من مصر لامرانہ اکرمی مثوٰیہ عسی ان ینفعنا او نتخذہ ولدا ط وکذلک مکنا لیوسف فی الارض ز ولنعلمہ من تاویل الاحادیث واللہ غالب علی امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون ہ ولما بلغ اشدہ اٰتینٰہ حکما وعلما ط وکذلک نجزی المحسنین ہ وراودتہ التی ھو فی بیتھا عن نفسہ وغلقت الابواب وقالت ھیت لک ط قال معاذ اللہ انہ ربی احسن مثوای ط انہ لا یفلح الظٰلمون ہ

(ب) وجاء اخوۃ یوسف فدخلوا علیہ فعرفھم وھم لہ منکرون ہ ولما جھزھم بجھازھم قال ائتونی باخ لکم من ابیکم ج الا ترون انی اوف الکیل وانا خیر المنزلین ہ فان لم تاتونی بہ فلا کیل لکم عندی ولا تقربون ہ قالوا سنراود عنہ اباہ وانا لفاعلون ہ وقال لفتیٰنہ اجعلوا بضاعتھم فی رحالھم لعلھم یعرفونھا

اذا انقلبوا الی اھلھم لعلھم یرجعون ۝ فلما رجعوا
الی ابیھم قالوا یا ابانا منع منا الکیل فارسل معنا اخانا
نکتل و انا لہ لحفظون ۝

(ج) قالوا تاللہ تفتؤا تذکر یوسف حتی تکون
حرضا او تکون من الھالکین ۝ قال انما اشکو بثی وحزنی
الی اللہ واعلم من اللہ مالا تعلمون ۝ یبنی اذھبوا
فتحسسوا من یوسف واخیہ ولا تایئسوا من روح اللہ انہ
لا ییئس من روح اللہ الا القوم الکفرون ۝ فلما دخلوا
علیہ قال یایھا العزیز مسنا واھلنا الضر وجئنا ببضاعۃ
مزجٰۃ فاوف لنا الکیل وتصدق علینا ط ان اللہ یجزی
المتصدقین ۝

۲ ۔ لقد کان فی یوسف واخوتہ اٰیٰت للسائلین ۝
آیت مذکورہ میں "اٰیٰت للسائلین" سے کیا مراد ہے ۵
بیان کرو ۔

۳ ۔ ذیل کی عبارتوں میں سے کسی دو کا ترجمہ اور مشکل الفاظ کی شرح ۱۸
کرو ۔

(الف) ھذا مع اعترافی بأن البدیع رحمہ اللہ
سباق غایات وصاحب آیات ۔ وأن المتصدی بعدہ
لانشاء مقامہ ولو أوتی بلاغۃ قدامہ ۔ لا یعترف
الا من فضالتہ ولا یری ذلک المسری الا بدلالتہ ۔
وللہ در القائل

فلو قبل مبكاها بكيت صبابة
بسعدى شفيت النفس قبل التندم
ولكن بكت قبلى فهيج لى البكا
بكاها فقلت الفضل للمتقدم

(ب) فاستجاده من حضر واستحلاه، واستعاده منه واستملاه، وسئل لمن هذا البيت وهل حىّ قائله وميت، فقال ايم الله للحق احق ان يتبع، وللصدق حقيق بان يستمع، انه يا قوم، لبخيّكم مذ اليوم، قال فكان الجماعة أرتابت بعزوته، وابت تصديق دعوته، فتوجس ما هجس فى افكارهم، وفطن لما بطن من استنكارهم وحاذر ان يفرط اليه ذمّ او يلحقه وصمّ فقرأ ان بعض الظن اثم

(ج) فلما انتظمت عاشرهم واضحيت معاشرهم، الفيتهم ابناء علات، وقذائف فلوات. الّا ان لحمة الادب قد ألفت شملهم الفة النسب، وساوت بينهم فى الرتب حتى لاحوا مثل كواكب، الجهوزاء

وبدوا كالجملة المتناسبة الاجزاء ۔ فابهجنی
الاهتداء اليهم، واحمدت الطالع الذی اطلعنی
عليهم ۔ وطفقت أفيض بقدحی مع اقداحهم واستشقی
برياحهم لا براحهم ۔

۴ ۔ مندرجہ ذیل عبارتوں میں سے صرف تین کی شرح کرو اور ۹
ان میں جو تلمیحات ہیں واضح کرو ۔

(الف) وأرجو أن لا اكون فی هذا الهذر الذی
أوردته، والمورد الذی تورطته ۔ كالباحث عن
حتفه بظلفه، والجادع مارن أنفه بكفه ۔

(ب) ونحن بين سلتفت إليه، ومتهافت
عليه ۔ فلم نبث ان حللنا الجبا، ونفرقنا ايادی سبا ۔

(ج) قال الحارث بن همام فقلت له ثالله
إنك لأبو زيد، ولقد كنت لله ولاعمرو بن عبيد ۔

(د) ثم قال هلم يا قعقاع، يا باقعة البقاع ۔
فأقبل فتی أحسن من نار القری، فی عين ابن السری ۔

۵ ۔ صرف دو شعبوں کا ترجمہ کرو اور سیاق کلام کو ۱۸
پیش نظر رکھو ۔

(الف) ولو كان الضحاك قبيحا من الضاحك و
قبيحا من المضحك لما قيل للزهرة والحبرة والحلی
والقصر المبنی كانه يضحك ضحكا وقد قال الله جل
ذكره انه هو أضحك وأبكی وأنه هو أمات وأحيی

وضع الضحك بحذاء الحياة ووضع البكاء بحذاء الموت
وإنه لا يضيف الله الى نفسه القبيح ولا يمن على خلقه
بالنقص وكيف لا يكون موقعه من سرور النفس عظيما
ومن مصلحة الطباع كبيرا وهو شيء في أصل الطباع
وفي أساس التركيب لان الضحك أول خير يظهر
من الصبي وفيه تطيب نفسه وعليه ينبت
شحمه ويكثر دمه الذي هو علة سروره ومادة
قوته ـ

(ب) ثم اندفع شيخ منهم فقال يا قوم لا تحقروا
سفاسف الأمور فإن أول كل كبير صغير ومتى شاء الله
أن يعظم صغيرا عظمه وأن يكثر قليلا كثره وهل
بيوت الأموال إلا دراهم إلى دراهم وهل الذهب إلا قيراط
الى جنب قيراط او ليس كذلك سائل عالج وماء البحر
وهل اجتمعت اموال بيوت الاموال إلا بدرهم
من ههنا ودرهم من ههنا فقد رأيت صاحب سفط
قد اعتقر مائة جريب في أرض العرب ولربما رأيته
يبيع الفلفل بقيراط والحمص بقيراط فاعلم انه لم
يربح في ذلك الفلل إلا الحبة والحبتين من
خشب الفلفل ـ

(ج) ثم قال هذا على الاسواري أكل مع عيسى بن
سليمان بن علي فوضعت قدامهم سمكة عجيبة

نائقة السمن فحاط بطنها لحظه فاذا هو يكتنز
شحما و قد كان غص بلقمة وهو لمستنق ففرغ من
الشراب و قد غرف من بطنها كل انسان منهم
بلقمته غرفة و كان عيسى ينتخب الاكلة و يختار
منهم كل منهوم فيه و مفتون به فلما خاف على
الاسراري الاخفاق و اشفق من الفوت و كان
اقربهم إليه عيسى استلب من يد اللقمة بأسرع
من خطفة الباز ي و انحدار العقاب من غير أن يكون
أكل عنده قبل مرته فقيل له و يحك استلبت لقمة
الأمير من يده

٩ ٦ ۔ بخلاء کے قصوں میں سے جو قصہ تم کو سب سے زیادہ عجیب معلوم ہو اس کو اپنی عربی میں لکھو۔

١٣ ٧ ۔ عربی شاعری کی ابتدا کس طرح ہوئی؟ زمانہ جاہلیت کی شاعری کے چند خصوصیات بیان کرو اور اس زمانہ کے مشہور دو شاعروں کا ذکر کرو۔

٨ ۔ حریری کس قسم کا انشا پرداز تھا؟ اس قسم کی انشا پردازی کو اس کے قبل یا بعد کس نے اختیار کیا؟ حریری کے حالات زندگی اور اس کے اسلوب انشا پر مختصر بحث کرو۔

یا

١٢ مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کے متعلق جو کچھ تم جانتے ہو تحریر کرو:۔

(الف) مسند احمد بن حنبل
(ب) الزمخشري
(ج) إخوان الصفاء
(د) ياقوت بن عبدالله
(ه) الموشّح
(و) ابو الفرج الاصبهاني

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون و دینیات سنہ ۱۳۵۵ ف سنہ ۱۹۴۶ء

۲۲/اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

عربی پرچہ دوم (نظم، بلاغت و عروض) — نشانات ۱۰۰

۱۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف پانچ کی شرح کرو ہر حصہ میں ۱۰ سے ایک شعر کا ترجمہ لازمی ہے:۔

(ا) وقوفا بها صحبی علی مطیهم
یقولون لا تهلك أسی وتجمل
وان شفائی عبرة مهراقة
فهل عند رسم دارس من معوّل
وتعطو برخص غیر شثن کانه
اساریع ظبی او مساویك اسحل

(ب) وماء کجوف العیر قفر قطعته
به الذئب یعوی کالخلیع المعیل
فقلت له لما عوی ان شأننا
قلیل الغنی ان کنت لما تمول

(ج) کمیت یزل اللبد عن حال متنه
کما زلت الصفواء بالمتنزل

یزل الغلام الخف عن صهواته
ویلوی بأثواب العنیف المثقل

(د) کان ثبیراً فی عرانین وبله
کبیراً ناس فی بجاد مزمل
کان ذری راس المجیمر غدوة
من السیل والغثاء فلکة مغزل

۲- صرف پانچ ابیات کا ترجمہ اور جہاں ضرورت ہو شرح بھی کرو ۱۰
ہر شعبہ میں سے ایک بیت کا ترجمہ لازمی ہے۔

(و) کان فتات العهن فی کل منزل
نزلن به حب الفنا لم یحطم
فلما وردن الماء زرقا جمامه
وضعن عصی الحاضر المتخیم

(ب) فاقسمت بالبیت الذی طاف حوله
رجال بنوه من قریش وجرهم
یمینا لنعم السیدان وجدتما
علی کل حال من سحیل ومبرم
قد ارکتما عبسا وذبیان بعدما
تفانوا ودقوا بینهم عطر منشم

(ج) وما الحرب الا ما علمتم وذقتم
وما هو عنها بالحديث المرجّم
متى تبعثوها تبعثوها ذميمة
وتضرى اذا اضرّيتموها فتضرم
فتعركم عرك الرحى بثفالها
وتلقح كشافا ثم تنتج فتتئم
(د) ومن هاب اسباب المنايا ينلنه
وان يرق اسباب السماء يسلّم
ومن يعص اطراف الزجاج فانه
يطيع العوالى ركبت كل لهذم

٣- صرف پانچ اشعار کا مطلب سلیس عربی میں لکھو: — ١٥

ما راعنى الا حمولة اهلها
وسط الديار تسف حب الخمخم
فيها اثنتان واربعون حلوبة
سود الخافيه كالغراب الاسحم

ولقد شربت من المدامة بعدما
ركد الهواجر بالمشوف المعلم
بزجاجة صفراء ذات اسرّة
قرنت بازهر بالشمال مفدّم
فاذا شربت فانى مستهلك
مالى وعرضى وافر لم يكلم

واذا صحوت فلا اقصر عن ندی
وکما علمت شمائلی و تکرمی

۴ ۔ ذیل کے ہر شعبہ میں سے چار اشعار کا ترجمہ کرو ۔ ہر حصہ ۲۴ میں سے ایک شعر کا ترجمہ لازمی ہے :۔

(الف) ۱ ھم منعوا حمی الوقبی بضرب
یؤلف بین اشتات المنون
فنکب عنھم درء الاعادی
و دارو بالحتون من الجنون

۲ ۔ اذا ما ابتدرنا مأزقا فرجت لنا
بایماننا بیض حلتھا الصیاقل
لھم صدر سیفی یوم بطحاء سجحل
ولی منه ما ضمّت سنیدة الانامل

---

۳ ۔ اخی غمرات لا یرید علی الذی
یھمّ به من مفظع الامر صاحبا
اذا ھمّ لم ترتدع عزیمة ھمه
ولم یأت ما یاتی من الامر ھائبا

---

۴ ۔ فاذا انبذت له الحصاة رأیته
ینزو لوقعتھا طمور الاخیل
واذا یھب من المنام رأیته
کرتوب کعب الساق لیس بزمل

(ب) ١ قليل التشكي للمهم يصيبه
كثير الهوى شتى النوى والمسالك
يظل بموماة ويمسي بغيرها
جحيشا ويعروري ظهور المهالك
٢- سبيل الموت غاية كل حي
فداعيه لأهل الأرض داعي
ومن لا يعتبط يسأم ويهرم
وتسلمه المنون الى انقطاع
٣- اذا الكماة تحموا ان يصيبهم
حد الظباة وصلناها بايدينا
ولا نرام وان جلت مصيبتهم
مع البكاة على من مات يبكونا
٤- وما أخمدت نار لنا دون طارق
ولا ذمنا في النازلين نزيل
وايامنا مشهورة في عدونا
لها غرر معلومة وحجول
(ج) ١- عليك سلام الله قيس بن عاصم
ورحمته ما شاء ان يترحما
فما كان قيس هلكه هلك واحد
ولكنه بنيان قوم تهدما
٢- لو كان حي حمار ما شربت به
الا باذن حمار آخر الابد

لكنه حوض من اودى باخرته
ريب الزمان فامسى بيضة البلد

٣- اقول ومايدرى أناس غدوا به
الى اللحد ماذا المدرجوا فى السبائب
وكل امرئ يوما سيركب كارها
على النعش اعناق العدا والاقارب

٤- نزلا لخميص البطن والزاد حاضر
عتيد ويغدو فى القميص المقدد
وان مسه الافراء والمجد زاده
سماحا واتلافا لما كان فى اليد

(د) - فقاوّد على نجد اومن حلّ بالحمى
وقلّ لنجد عندنا ان يودّعا
بنفسى تلك الارض ما اطيب الربى
وما احسن المصطاف والمتربّعا

٢- اخادع عن اطلالها العين انه
متى تعرف الاطلال عينك تدمع
عهدت بها وحشا عليها براقع
وهذى وحوش صبحت لم ترتع

۳- یوم ارتحلت برحلی قبل بـرذعتی
والعقل متّله والقلب مشغول
ثم انصرفت الی نضوی لا بعثه
انی الحدوج الغوادی وهو معقول

۴- واهلك اذ یحل الحی نجـدا
وانت علی زمانك غیر زاری
شهور ینقضین وما شعـرنا
بانصاف لهن ولا سـرار

۵- مندرجہ ذیل ابیات کا مطلب لکھو:- ۱۲

فدتك نفوس الحاسدین فانها
معذبة فی حضـرة ومغیب
وفی تعب من یحسد الشمس نورها
ویجهد ان یاتی لهـا بضریب

اذا طلبوا جدواك أعطوا ارحکموا
وان طلبوا الفضل الذی فیك خیّبوا
ولو جازان یحوا علاك وهبتها
ولکن من الاشیاء ما لیس یوهب

واشقی بلاد الله ما الروم اهـلها
بهذا وما فیها لمجدك جاحـد

شنتت بها الغارت حتى تركتها
وجفن الذى خلف الفريجة ساهد

ضاق صدرى وطال فى طلب الرزق
قيامى وقل عنه قعودى
أبدا أقطع البلاد ونجمى
فى نحوس وهمتى فى سعود

٦۔ (الف) المجاز اللغوى ۔ الاستعارة التصريحية والمكنية ۔ المجاز المرسل ۔ الكناية ہر ایک کی تعریف مثالوں کے ساتھ کرو ۔ ٨

(ب) الانشاء الطلبی کے اقسام مثالوں کے ساتھ بیان کرو ۔ ٤

(ج) الجناس ۔ المقابله ۔ حسن التعليل ہر ایک کی مثال دو ۔ ٣

٧۔ (الف) السبب ۔ الوتد ۔ الفاصلة ۔ العروض ۔ الضرب ۔ صدر ۔ عجز کی تعریف مثالیں دے کر کرو ۔ ٦

(ب) مندرجہ ذیل ابیات کی تقطیع کرو اور بحر کا نام بتاؤ ۔ ٤

انما الدنيا بلاء وكد
واكتئاب قد يسوق اكثنا با
أمع الممات يطيب عيشك يا أخى
هيهات ليس مع الممات يطيب

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون و دینیات ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۳/اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

عربی پرچہ سوم (ترجمہ و قواعد و مطالعہ سرسری) — نشانات ۱۰۰

۱۔ عربی میں ترجمہ کرو۔ ۳۰

(الف)۔ کاشتکاری کے بہترین طریقے جو اُس وقت معلوم تھے، مسلمانوں نے صقلیہ میں استعمال کئے، اس جزیرہ کی زرخیزی اور معتدل آب و ہوا سے اگر کسی نے فائدہ اٹھایا تو یہی لوگ تھے، انھوں نے آب پاشی کے طریقوں کو مصر و عراق کے نمونوں پر ڈھال لیا، صقلیہ کی کانوں کے سنگ یشب و سنگ مرمر کا زمانۂ قدیم کی قوموں کو بھی علم تھا، مسلمانوں کے معماروں نے تو دیکھتے ہی اُن کی قدر کی اور امرائے عرب کے اُن محلات میں اُن کو کام میں لائے جو بڑے بڑے شہروں اور تجارتی مرکزوں کے مایۂ ناز تھے، اور جن سے مضافات شہر سجے ہوئے تھے، جہاں مسلمانوں کے اور مشاغل تھے وہاں شہد کی مکھیوں کا پالنا اور اُن سے فائدہ اٹھانا صرف مسلمانوں ہی کا کام تھا، اُن کے یہاں کا شہد بڑی مقداریں اٹلی اور مسیحی یورپ میں جاتا تھا۔

(ب) اس میں شبہ نہیں کہ سلطان سلیم سچا مسلمان اور اسلام کی عظمت کا دل سے قائل تھا۔ جب وہ حلب

میں تھا تو شریف مکہ نے اپنے بیٹے کے ہاتھ کعبہ کی کنجیاں بھیجیں مسجد میں خطیب نے پہلی بار سلیم کے نام کے ساتھ صاحب الحرمین الشریفین کے الفاظ کہے سلطان سلیم نے کہا میں صاحب الحرمین نہیں بلکہ خادم الحرمین ہوں۔ اس روز سے سلاطین ترکی کے القاب کا ایک نہایت اہم جزو خادم الحرمین الشریفین ہوگیا۔ خود سلطان سلیم اسے بے انتہا اہمیت دیتا تھا۔ جب مصر میں خطیب نے پہلی بار اس کے نام کے ساتھ یہ لقب پکارا تو سلیم نے جانماز کو ہٹا کر فرش مسجد پر سجدہ کیا۔ اس وقت قلب کی قدر تب معلوم ہوگی جب یہ بات پیش نظر رکھی جائے کہ ترکی سلاطین عموماً کتنے خودار ہوتے تھے اور خصوصاً سلطان سلیم کس قدر سخت طبیعت کا آدمی تھا۔

۲ - اردو میں ترجمہ کرو۔

(الف) العرب بفطرتهم مطبوعون على الشعر لبداوتهم، وملاءمة بيئتهم لتربية الخيال، فالبيداء هي الحرية واستقلال المرء بأمر نفسه، وعدم خضوعه لسيطرة مذلة، أو لقوانين نظرية، أو سلطان قاهر، يغلب على أحكامه الوجدان، ويسلك إليه من طريق الشعور، ومعيشته فوق أرض نقية التربة، مجلوة الآفاق، وفيرة الوحش والطير، وفي جو صحيح الهواء، وتحت سماء صافية الأديم،

ساطعة الكواكب، ضاحية الشمس سافرة البدر جلت لحسه مناظر الوجود، وعوالم الشهود، فكان لخياله من ذلك مادة لا يغور ماؤها، ولا ينضب معينها فهام بها في كل واد، وافاض منها الى كل مراد، وكان له من لغته و فصاحة لسانه أقوى ساعد، واكبر معاضد.

(ب) بنوغسان عرب متنصّرة كانوا عمالا لقياصرة الروم في الشام. واصلهم يمنيّون من قحطان هاجروا اليمن بعد سيل العرم. والعرم سدّ كان بجوار مدينة مأرب باليمن يعرف بسدّ مأرب تهدّم نحو القرن الثاني للميلاد وطافت مياهه على ما جاوره من البلاد والقرى فقلّ سبيل الناس الى الاستقاء فنزح اهلها التماسا للرزق. ومنهم الغساسنة نزلوا ضواحي الشام بقرب ماء اسمه غسان فنسبوا اليه، واعتنقوا الديانة المسيحية و يسميهم مؤرخو المسلمين العرب المتنصّرة و يعرفون بملوك غسان. و اول من عرف منهم جفنة عاش في القرن الثاني للميلاد واتصل الملك بعده بنسله فحكم منهم نحو ٢٧ ملكا اخرهم جبلة بن الايهم. وفي ايامه ظهر الاسلام وفتحت الشام وانقرضت دولتهم.

۳ ۔ (ا) دو ایسی مثالوں کو پیش کرو جو مفید تمنی ہوں اور دو ایسی جو مفید ترجی ہوں

(ب) افعال مقاربہ و رجاء و شروع کیا ہیں اور کس لیے ہیں؟

(ج) اسماء عدد کی تمییز تین سے لے کر سو تک کس طرح آتی ہے ۔ مثالیں دے کر بیان کرو ۔

(د) وہ کون سے مواضع ہیں جہاں لام مفتوح استعمال کرتے ہیں؟ ۲۵

۴ "الشہداء" یا "الحجاب" کے تحت جو کچھ "العبرات" میں بیان کیا گیا ہے اس کا خلاصہ عربی میں لکھو ۔ ۱۵

FACULTY OF ARTS

B.A. Examination

1355 F.—1946 A.D.

SANSKRIT—PAPER I

Time—3 Hours] [*Marks* 100

I. Translate into English *or* Urdu any *five* of the following:—

(*a*) न खलु न खलु बाणः सन्निपात्योऽयमस्मिन्
मृदुनि मृगशरीरे तूलराशाविवाग्निः ।
क्व बत हरिणकानां जीवितं चातिलोलं
क्व च निशितनिपाता वज्रसाराः शरास्ते ॥

(*b*) यास्यत्यद्य शकुन्तलेति हृदयं संस्पृष्टमुत्कण्ठया
कण्ठः स्तम्भितवाष्पवृत्तिकलुषश्चिन्ताजडं दर्शनम् ।
वैक्लव्यं मम तावदीदृशमिदं स्नेहादरण्यौकसः
पीड्यन्ते गृहिणः कथं नु तनयाविश्लेषदुःखैर्नयैः ॥

(*c*) कार्या सैकतलीनहंसमिथुना स्रोतोवहा मालिनी
पादास्तामभितो निषण्णहरिणा गौरीगुरोः पावनाः ।
शाखालम्बितवल्कलस्य च तरोर्निर्मातुमिच्छाम्यधः
शृङ्गे कृष्णमृगस्य वामनयनं कण्डूयमाना मृगीम ॥

Turn over

(*d*) असुर्या नाम ते लोका अन्धेन तमसाऽवृताः ।
ताꣳस्ते प्रेत्याभिगच्छन्ति ये के चात्महनो जनाः ॥
अग्ने नय सुपथा राये अस्मान् विश्वानि देव
वयुनानि विद्वान् ।
युयोध्यस्मज्जुहुराणमेनो भूयिष्ठा ते नमउक्तिं
विधेम ॥

(*e*) स कदाचिदनवरतदोलायमानरत्नवलयो घर्घरिका-स्फालनप्रकम्पझणझणायमानमणिकर्णपूरः स्वयमारब्धमृदङ्गवाद्यः सङ्गीतकप्रसङ्गेन, कदाचिदविरलविमुक्तशरासनशून्यीकृतकाननो मृगयाव्यापारेण, कदाचिदालेख्यविनोदेन, कदाचिदक्षरच्युतकमात्राच्युतकबिन्दुमतीगूढचतुर्थपादप्रहेलिकाप्रदानादिभिर्वनिता-सम्भोगसुखपराङ्मुखः सुहृत्परिवृतो दिवसमनैषीत् ।

(ب) کاربن آکسی سلفائیڈ (COS) کی حرارت احتراق ۱۳۱٫۱ کلو حرارے ہے۔ اگر CO_2 اور SO_2 کی حرارت تکوین علی الترتیب ۹۶٫۹ اور ۷۱٫۰۸ کلو حرارے ہو تو COS کی حرارت تکوین کیا ہوگی؟

۷۔ یک سالمی اور دو سالمی تعامل سے کیا مراد ہے؟ توضیح کے لئے مثالیں پیش کرو۔ یک سالمی اور دو سالمی تعاملات میں تم کیوں کر تمیز کرو گے؟

۸۔ روانوں کے آزادانہ انتقال کے متعلق کوہلراؤش کا کلیہ بیان کرو اور اس کا مفہوم سمجھاؤ۔ اس کلیے کی تائید میں تم کیا دلائل پیش کر سکتے ہو؟ کسی روان کی سیلان پذیری سے کیا مراد ہے؟ روان کی سیلان پذیری اور مطلق رفتار کے باہمی رشتے کی توضیح کرو۔

۹۔ مندرجۂ ذیل میں سے تین پر مختصر نوٹ لکھو:—
(ا) اوسٹوالڈ کا ہلکاؤ کا کلیہ (ب) کارنو کا مسئلہ (ج) سالمی مقناطیسی تحویل (د) متجانس نظامات میں تماسی عمل (ھ) نمایندوں کا نظریہ۔

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۰ ارخورداد وقت ۲ ساعت

کیمیا اصل عملی ۔ پرچۂ اول نشانات ۶۰

(۱) دیئے ہوئے آمیزہ میں چار اصلیوں کی شناخت کرو۔

(۲) دیئے ہوئے محلول میں ثقلی قاعدہ سے الومینیم کی جملہ مقدار معلوم کرو۔

یا

کلورائیڈ کے دیئے ہوئے محلول کی جملہ مقدار میں ثقلی قاعدہ سے کلورین کی مقدار دریافت کرو۔

امتحان بی۔ایس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

۱۱۔خورداد

مضمون کیمیا اصل عملی پرچہ (دوم)

وقت ۵ ساعت نشانات ۵۰

۱ لوہے کی ایک پگھلات کا محلول دیا گیا ہے۔ حجمی قاعدہ سے معلوم کرو۔کہ اس محلول کے ۵۰م۔س میں لوہے کی کتنی مقدار موجود ہے۔

یا

آبیدہ آکسیلک ترشے میں سالمات آب کی مقدار حجمی قاعدہ سے معلوم کرو۔

۲ نائیٹرو بنزین یا آکسیلک ترشے کا خالص نمونہ تیار کرو۔

→:←

امتحان بی۔ ایس سی۔ شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۱۵ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

کیمیا ذیلی۔ پرچہ اول — نشانات (۷۰)

ہدایت: ۔ حصۂ الف سے چار اور حصۂ ب سے دو سوال حل کیے جائیں۔ ہر حصہ کے جواب علحدہ بیاض میں لکھے جائیں۔

حصۂ الف ۔ غیر نامیاتی

۱۔ سیسے کی عام کچ دھاتیں کونسی ہیں؟ ان سے یہ دھات ۱۲
کیونکر حاصل کی جاتی ہے؟ کیمیٰ تشریح میں سیسے اور قلعی کو
ایک دوسرے سے کس طرح تمیز کر سکتے ہیں؟

۲۔ (ا) باکسائیٹ سے الومینیم یا (ب) ہیمیٹائیٹ سے ڈھلوا ۱۱
لوہے کے حصول کا طریقہ مفصل لکھو۔

۳۔ دوری جدول میں ذیل کے دو عناصر کے مقام سے بحث کرو۔ ۱۱
(ا) مینگنیز (ب) بورون (ج) سونا (د) ہائیڈروجن۔

۴۔ سالوے کے قاعدے سے سوڈیم کاربونیٹ کی صنعتی ۱۱
تیاری کا حال لکھو۔ بتاؤ کہ سوڈیم کاربونیٹ کو کاوی سوڈے
میں کیونکر تبدیل کر سکتے ہیں۔

۵۔ حسب ذیل اشیاء کی تیاری و مصرف پر نوٹ لکھو۔ ۱۲

(ا) گریفائیٹ (ب) پوٹاسیم کلوریٹ
(ج) جستی سفیدہ zinc white. (د) اپیو

۶۔(ا) نائیٹروجن کی تثبیت یا (ب) سلینوک ترشہ کی صنعت ۱۲
کا کوئی ایک قاعدہ بیان کرو۔

حصہ ب۔ طبیعی کیمیا

۷۔(ا) گیسوں کے افتراق سے کیا مراد ہے (۱) NH_3 (۲) N_2O_4 ۹
اور (۳) HI کو پیش نظر رکھ کر گیسی افتراق کی توضیح کرو۔
ان صورتوں میں حجم کی تبدیلی کا افتراق پر کیا اثر ہوتا ہے؟
(ب) اگر تین مختلف تپشوں پر نائیٹروجن پر آکسائیڈ کی ۳
کثافتِ اضافی ۳۸،۳ ۳۰،۶۵ اور ۲۵،۷ ہو تو ہر صورت
میں فی صد افتراق کیا ہوگا؟

۸۔ طیران پذیر اشیا کے اوزانِ سالمی کی تخمین کس اصول پر ۱۱
مبنی ہے؟ وکٹر مائر کے قاعدے سے وزن سالمہ کی
تخمین کا طریقہ بالتفصیل بیان کرو۔

۹۔ ہلکائے محلولوں کے متعلق وانٹ ہوف کا نظریہ ۱۱
بیان کرو اور ان اصولوں کی توضیح کرو جن پر یہ نظریہ
مبنی ہے۔

امتحان بی۔ ایس سی شعبۂ سائنس۔ سنہ ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۱۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

کیمیا ذیلی۔ پرچۂ دوم — نشانات (۷۰)

ہدایت:۔ حصۂ الف سے چار اور حصۂ ب سے دو سوالوں کے جواب لکھے جائیں۔ ہر حصّے کے جواب علٰحدہ بیاض میں دیے جائیں۔

حصۂ الف۔ نامیاتی

۱۔ کاربوہائیڈریٹس کی مختلف جماعتیں کیا کیا ہیں؟ اہم کاربوہائیڈریٹس کے نام اور ضابطے لکھو اور ان میں سے دو کے خواص اور مصرف بیان کرو۔ ۱۱

۲۔ مندرجۂ ذیل میں سے کسی تین کی تیاری کا ایک ایک قاعدہ اور ساخت نما ضابطہ لکھو:—

آکسیلک ترشہ۔ نائیٹروگلسرین۔ مٹا ڈائی نائیٹرو بنزین۔ بنزل کلورائیڈ۔ ۱۲

۳۔ بنزوئک اور ایسیٹک ترشوں کی مثال پیش نظر رکھ کر عطری اور دہنی ترشوں کے طبیعی اور کیمیائی خواص کا مقابلہ کرو۔ ۱۲

۴۔ مندرجۂ ذیل میں تم کس طرح تمیز کرو گے؟

(ا) اصلی اور ثانوی الکوہلز۔

(ب) مفرد اور مخلوط ایتھرز۔
(ج) نباتی اور معدنی تیل
(د) عطری اور دُہنی ایمینز ۱۲

۵۔ ٹارکول سے نیفتھلین کیسے حاصل کی جاتی ہے؟ نیفتھلین کی ساخت سے بحث کرو۔ ۱۱

۶۔ ایک نامیاتی یک اساسی ترشہ کے ۰٫۱۰۰ گرام سے ۰٫۲۵۲۵ گرام کاربن ڈائی آکسائیڈ اور ۰٫۰۴۳۲ گرام پانی حاصل ہوا۔ عشر طبعی NaOH کے ۱۰ مکعب سمر کی تعدیل کے لیے مذکورۂ بالا ترشہ کے ۰٫۱۲۲ گرام صرف ہوئے۔ اس ترشہ کا سالمی ضابطہ دریافت کرو۔ یہ کونسا ترشہ ہے؟ ۱۱

حصۂ ب۔ طبیعی کیمیا

۱۔ کمیّتی عمل کا کُلیّہ بیان کرو اور حسب ذیل تعامل پر اس کا اطلاق کرو۔

$$C_2H_5OH + CH_3COOH \rightleftharpoons CH_3COOC_2H_5 + H_2O$$

تم یہ کیونکر ثابت کروگے کہ اس تعامل میں توازن حجم سے آزاد ہے؟ متوازن آمیزے میں الکوہل کی مقدار بڑھانے کا کیا اثر ہوتا ہے؟ ۱۲

۲۔ کیمیائی تعامل کے درجے سے کیا مُراد ہے؟ تعامل کا درجہ دریافت کرنے کا کوئی طریقہ بیان کرو۔ ۱۱

۳- کسی برق پاشیدے کی نوعی موصلیت اور سالمی موصلیت کی تعریف بیان کرو۔ ان پر ہلکاؤ کا کیا اثر ہوتا ہے؟ کسی محلول کی سالمی موصلیت دریافت کرنے کے لیے تم کیا تدبیر اختیار کرو گے؟

امتحان بی۔ ایس سی۔ شعبۂ سائنس۔ سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

وقت ۵ ساعت — ۸ رارد بہشت

مضمون (ذیلی کیمیا) پرچہ (عملی) برائے گروپ اول۔ نشانات ۶۰

۱۔ دی ہوئی شے میں دو اصلیوں کی شناخت کرو۔

۲۔ دئے ہوئے مرکب میں Cu کا تناسب حجمی قاعدے سے دریافت کرو۔ جس معیاری محلول کی ضرورت ہو طلب کرو۔

یا

دئے ہوئے آبیدہ آکسیلک ترشے میں نابیدہ ترشے کا فیصد تناسب حجمی قاعدے سے دریافت کرو۔ جس معیاری محلول کی ضرورت ہو طلب کرو۔

امتحان بی ۔ ایس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

۳۱ - اردی بہشت

مضمون ذیلی کیمیا　　پرچہ (عملی) برائے گروپ دوم

وقت ۵ ساعت　　نشانات ۶۰

۱ دی ہوئی شے میں دو اصلیوں کی شناخت کرو ۔

۲ ہائیڈروجن پر آکسائیڈ کے دئے ہوئے محلول میں قابل حصول آکسیجن کی تعداد فی لیتر حجمی قاعدے سے دریافت کرو ۔ جس معیاری محلول کی ضرورت ہو وہ خود تیار کرو ۔

یا

دئے ہوئے نابیدہ دھاتی کلورائیڈ میں دھات کا فیصد تناسب حجمی قاعدے سے دریافت کرو ۔ جس معیاری محلول کی ضرورت ہو طلب کرو ۔

امتحان بی۔ایس سی۔شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۴ر خورداد — وقت ۳ ساعت

نباتیات اصل۔ پرچہ اول — نشانات (۹۰)

ہدایت۔ صرف پانچ سوالات کے جواب دیے جائیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔ جہاں ضرورت ہو شکلیں دی جائیں۔

۱۔ کلامیڈومونا س (Chlamydomonas) کی سوانح حیات بیان کیجئے۔ اس سے صنف کی ابتدا پر کیا روشنی پڑتی ہے؟

۲۔ ڈکٹی اوٹا (Dictyota) اور کیلی تھمنیان (Callithamnion) کی صنفی پیدائش بیان کیجئے۔

۳۔ جن الجی (Algæ) کا آپ نے مطالعہ کیا ہے ان کی تولید کے غیر صنفی طریقوں پر ایک مضمون لکھئے۔

۴۔ ذیل پر مختصر نوٹ لکھئے:۔

(الف) فائٹا قتھورا (Phytophthora) کے بیض بذرہ کی تنبیت۔

(ب) پکسینیا میں (spermatia) کا فعل۔

(ج) فنجی میں دگر غصنیت (heterothallism)

۵۔ سیکرومائسیس (Saccharomyces) میں صنفی تولید کس طرح عمل میں آتی ہے؟ اس کی معاشی اہمیت کیا ہے؟

۶۔ انتھاسیرس (Anthoceros) کے بذرہ زا کی ساخت اور نمو بیان کیجئے۔

۷۔ اکویزیٹم (Equisetum) اور سیلاجینیلا (Selaginella) کی دواجی نسل کا تقابلی بیان لکھئے۔

۸۔ مارسیلیا (Marsilea) کے بذرہ بار (sporocarp) کی ساخت بیان کیجئے۔ اس کی شکلیاتی نوعیت کیا ہے؟

امتحان بی۔یس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ ع

۲۲۔ اردی بہشت

مضمون نباتات اصل پرچہ دوم

وقت ۳ ساعت نشانات ۹۰

ہدایت ۔ صرف پانچ سوال کے جواب مطلوب ہیں ۔ حسب ضرورت جوابات کی اشکال کے ذریعہ وضاحت ضروری ہے

(۱) آرکیڈیسی اور آسیکلیئڈیسی کے زہری ساختوں کا صاف اور نشان زدہ خاکوں کے ذریعہ مقابلہ کرو ۔ اور امتیازی خصوصیات کی طرف توجہ دلاؤ ۔

(۲) ذیل میں سے کسی دو پر تنقیدی نوٹس لکھو :۔
(۱) کیوکربیٹیسی کے عسالیج (۲) کیاکٹیسی کے شوکے
(۳) پارچولاکا (Portulaca)
(۴) (Viviparous germination)

(۳) حسب ذیل عائلوں میں تم کس طرح تمیز کروگے ؟
(۱) اسکرافیولارئیسی (۲) بگنونئے سی (۳) اکانتھے سی
(۴) وربی نیسی (۵) لابیاٹی

(۴) ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹس لکھو :۔
(۱) نمفیا (۲) اریکس ھائپوجیا (Arachis hypogaea)
(۳) لورانتھس (Loranthus) (۴) یوفوربیا
(۵) بند زواجی پھول (Cleistogamous flowers)

(۵) حسب ذیل پودے کن عائلوں سے متعلق ہیں اور انکی کیا طبی اور معاشی اہمیت ہے ؟

1) Andropogon squarrosus (2) Papver somniferum (3) Cannabis sativa (4) Croton tiglium (5) Bombax malabaricum (6) Datura fastuosa (7) Semecarpous anacardium (8) Atropa Belladonna (9) Theobroma Cacao (10) Cinchona (11) Holarrhena antidysenterica.

(۶) نباتاتی سفر کے دوران مین اگر آپ نے کسی کٹھہ یا نالے کے آبی نباتیہ کا مطالعہ کیا ہو تو بیان کرو۔

(۷) ذیل مین سے کسی تین پر مختصر نوٹس لکھو :۔

(۱) میٹافیز (Metaphase) (۲) پلاسٹڈز (Plastids)
(۳) اشقاقی کہنچے (Schizogenous cavities) (۴) مقسم (Meristem) (۵) حاشیہ اور رس چوب (بیاضیہ) (Duramen and Alburnum) (۶) آبی اور بری پودون میں میکانیتی بافت کی ترتیب۔

یا

پائینس کے تنہ کی لبی کرن مین سے گذرتی ہوئی نیم قطری طولی تراش کا صاف اور نشان زدہ خاکہ بناؤ اور مختلف بافتون کے افعال بیان کرو۔

امتحان بی۔ایس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

۷۔ حو رداد

مضمون نباتیات اصل پرچہ (سوم)

وقت ۳ ساعت نشانات ۹۰

ھدایت ۔ صرف پانچ سوالات کے جواب دیجائیں۔

۱ پودوں میں شعاعی ترکیب کے بارے میں ھماری معلومات کی ترقی کا ایک مختصر بیان لکھو۔

۲ پودوں میں صعود رس پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

۳ آپ تغذیہ کے دگر تغذی طریقہ سے کیا مطلب سمجھتے ھین ؟ مثالوں کے ساتھہ تفصیل سے توضیح کرو۔

۴ دو مخلوط نسل (Dihybrid) کے حوالہ سے مینڈل کے قانون وراثت کا بیان لکھو۔

۵ ارتقاء مین ناگہانی تبدل جو حصہ لیتے ھیں اس پر بحث کرو۔

۶ خشکی نباتات کے امتیازی خصائص کا بیان لکھو۔ یہہ پودے کس طرح اپنے ماحول سے توافق رکھتے ھین۔

۷ پودوں مین (Aeratıng) نظام پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

۸ ذیل پر نوٹ لکھو ۔


(الف) Nyctinasty

(ب) Determinants

(ج) Gemmules

(د) Mangrove

(ہ) Lianas



امتحان بی۔ ایس سی شعبہ سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

نباتیات اصل۔ پرچہ عملی اول — نشانات ۶۵

ہدایت:۔ تمام ترکیبات ممتحنین کے معائنہ کے لئے چھوڑ جاؤ۔

۱۔ دیے ہوئے نمونہ کی عرضی تراش لے کر ایک دُہرا رنگدار مستقل ترکیب تیار کرو۔ اس کی شناخت کر کے صاف ستھرا نشان زدہ خاکہ بناؤ۔

۲۔ خوردبین میں رکھی ہوئی مستقل تختیوں کی شناخت کرو۔ ہر ایک کا ایک سادہ خاکہ بنا کر وجہ شناخت بیان کرو۔

۳۔ شیشہ ساعت میں دیے ہوئے منظوروں کا گلیسیرین ترکیب تیار کر کے شناخت کرو۔ معمولی خاکے کھینچ کر ان پر مختصر نوٹس لکھو۔

۴۔ عملی بیاض۔

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۱۰ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

بنائیات اصل۔ پرچہ عملی دوم — نشانات (۶۵)

ہدایت: تمام ترکیبات ممتحنین کے معائنہ کے لئے چھوڑ دیے جائیں۔

۱۔ دیے ہوئے منظورہ **الف** کی عرضی تراش کا ایک دُہرا رنگدار مستقل ترکیب تیار کرو۔ وجوہ بیان کرتے ہوئے شناخت کرو۔ اور ایک سُتھرا خاکہ کھینچ کر اہم حصّوں کے نام لکھو

۲۔ **ب تا ھ** منظوروں کو اُن کے متعلقہ عائلوں میں ترتیب دو اور اُن کے تمثیلی خصائص بیان کرو۔

۳۔ **و تا ط** تختیوں کی وجوہ بیان کرتے ہوئے شناخت کرو اور اہم حصّوں کے خاکے کھینچو۔

۴۔ آپ کے سامنے ایک فعلیاتی آلہ کی ترتیب دیا گیا ہے اس کا عمل اور مقصد بیان کرو۔ اور ایک خاکہ کھینچ کر مختلف حصّوں کی توضیح کرو۔

۵۔ مستقل تختیوں اور بوٹی خانہ کے منظوروں کا معائنہ۔

امتحان بی۔ایس سی۔ شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۹ر خورداد وقت ۳ ساعت

نباتیات ذیلی۔ پرچۂ اول۔ نشانات ۷۰

ہدایت۔ صرف پانچ سوال حل کئے جائیں۔ جوابات کو اشکال کے ذریعہ واضح کیا جائے۔ سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ کلوروفائیسی (Chlorophyceæ) کے کوئی دو ارکان کی جن کا کہ آپ نے مطالعہ کیا ہو ساخت و سوانح حیات بیان کرو۔

۲۔ فیوکس (Fucus) کے حوالہ سے فیوفائیسی (Phæophyceæ) کے عام خواص اور تولیدی طریقوں کا بیان لکھو۔

۳۔ رسٹ پھپوندی (Rust fungus) کیا ہے؟ اس کے دور حیات کا ایک ترسیمی خاکہ پیش کرو اور ہندوستان میں اس کے حملہ کی مداخلت کے ضمن میں جو تدابیر اختیار کئے گئے ہیں ان کا مختصراً حوالہ دو۔

۴۔ مارسیلیا (Marsilia) کی ساخت اور سوانح حیات بیان کرو۔

۵۔ سیلاجینلا (Selaginella) اور سائیکس (Cycas) کے زواجی پودوں کا مقابلہ کرو۔

۶۔ فیونیریا (Funaria) ' سیلاجینلا (Selaginella) اور فرن (Fern) میں ستون کی ساخت کا مقابلہ کرو۔

۷۔ ذیل پر نوٹ لکھو۔

الف۔ تخم رشتہ (Protonema)

ب۔ دور زواجی (Apogamy)

ج۔ کیرینل کہفہ (Carinal Cavity)

د۔ اساس بذرہ (Basidiospore)

ھ۔ گرد دہن (Peristome)

امتحان بی۔یس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ع

۲۶- اردی بہشت

مضمون نباتیات ذیلی پرچہ دوم

وقت ۳ ساعت نشانات ۷۰

ہدایت ۔ (۱) صرف پانچ سوالات کے جواب دیے جائیں۔
(۲) جوابات کی توضیح بذریعہ اشکال ضروری ہے
(۳) تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں

۱ عائلہ پامی (Palmae) کی نباتی اور زہری خصوصیات تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔ اور اس عائلہ کی معاشی اہمیت کو مثالوں کے ذریعہ واضح کرو۔

۲ مندرجہ ذیل کو انکے متعلقہ عائلوں میں رکھو اور ہر ایک سے متعلق جو کوئی دلچسپ نقاط ہوں مختصراً بیان کرو۔

(الف) اکیشیا (Acacia)

(ب) کیلوٹروپس (Calotropis)

(ج) اسپریگس (Asparagus)

۳ مندرجہ ذیل سے کسی تین پر نوٹ لکھو:۔

(الف) خوابی حرکات

(ب) مرکزہ حرکی تقسیم

(ج) دو فردی زواجیت (Dichogamy)

(د) کیو کر بٹیسی کے عسالیج

(ھ) دروں تخم

۴ پار زیر گی عمل میں لانے والے کسی دونمونوں کی زھری میکانیت بیان کرو۔

۵ خشك نبات میں صرف پتوں کے مختلف تو افقات کو بیان کرو جو وہ خشك ماحول میں کامیاب زندگی گذارنے کے لئے اختیار کرتے ھیں۔

۶ مندرجہ ذیل سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھو :-

(الف) اختلاط نسل (Hybridisation)

(ب) گوشت خوار یا کرم خوار پودے

(ج) پودوں میں صعود رس

(د) پودوں میں خراش پزیری

۷ اکتسابی خصوصیتوں کی وراثت پر ایك مضمون لکھو ۔

۸ سریان پر جو تجربے تم نے کئے ھین بیان کرو اور بتاؤ کہ اسکی رفتار پر مختلف حالات کا کیا اثر ھوتا ھے۔

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

مضمون (نباتیات ذیلی) پرچہ (عملی گروپ الف) نشانات ۶۰

نوٹ:۔ اپنے تیار کردہ ترکیبات ممتحن کے معائنہ کے لئے چھوڑ جاؤ۔

۱۔ دئے ہوئے نمونہ کی عرضی تراش لیکر ایک دھرا رنگ دار مستقل ترکب تیار کرو اور اس کا صاف ستھرا اور نشان زدہ خاکہ بناؤ۔ ۱۲

۲۔ خردبین میں رکھی ہوئی مستقل تختیوں کی شناخت کرو۔ ہر ایک کا سادہ خاکہ بناؤ اور مختصراً وجوہ شناخت بیان کرو۔ ۱۰

۳۔ دئے ہوئے پودوں کی درجہ بندی کرو۔ اور وجوہ کے ساتھ اُن کو متعلقہ عائلوں میں ترتیب دو۔ ۲۰

۴۔ ترتیب دئے ہوئے فعلیاتی تجربہ کو مختصراً بیان کرو، یہ پودے کی زندگی کے کس مظہر کو ظاہر کرتا ہے؟ ۶

۵۔ عملی بیاض۔ ۵

۶۔ زبانی امتحان ۷

امتحان بی ایس سی (شعبۂ سائنس) سال سوم ۱۹۴۶ء

۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

(※)

نباتیات ذیلی - پرچۂ عملی برائے گروپ (ب) — نشانات ۶۰

ہدایت: - اپنے تیار کردہ ترکیبات کو ممتحنین کے معائنہ کے لئے چھوڑ جاؤ۔

(۱) دیے ہوئے نمونہ کی عرضی تراش کی ایک دُہری رنگدار مستقل تختی تیار کرو، اس کی شناخت کرو، اور صاف ستھرا نشان زدہ خاکہ بنا کر مختلف بافتوں کو ظاہر کرو۔ ۱۲

(۲) دیے ہوئے پودے کن عائلوں سے تعلق رکھتے ہیں؟ دلائل کے ساتھ بیان کرو:۔ ۲۰

(۳) دی ہوئی مستقل خوردبینی تختیوں کی شناخت کرو، وجوہ بیان کرو اور ہر ایک کا سادہ نشان زدہ خاکہ بناؤ۔ ۱۰

(۴) آپ کے سامنے رکھا ہوا فعلیاتی تجربہ پودے کے کس عمل کی وضاحت کرتا ہے۔ مختصراً بیان کرو۔ ۶

(۵) عملی بیاض۔ ۵

(۶) زبانی امتحان۔ ۷

امتحان بی۔ایس سی شعبہ سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۴ خوراد وقت ۳ ساعت

حیوانیات (اصل) پرچہ اول۔ نشانات (۹۰)

ہدایت:۔ صرف چار سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

۱۔ گھوڑے کے ارتقاء پر ایک مضمون لکھو۔

۲۔ معدہ کی خردبینی ساخت اور افعال کو بیان کرو۔

۳۔ ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھو۔

(الف) افریقہ کا حیوانیہ۔

(ب) تولید کے غیر صنفی طریقے۔

۴۔ منڈیلیت سے کیا مراد ہے؟ اس کی معاشی اہمیت کو مثالوں کے ذریعے سمجھاؤ۔

۵۔ ذیل میں سے کسی تین پر تفصیلی نوٹ لکھو:

(الف) گابجی آلہ۔

(ب) توانق۔

(ج) اچھوت پیدائش۔

(د) تغیر۔

(ہ) ڈائنوسورس (Dinosaurs)

۶۔ تفصیلی طور پر بیضہ پیدائش کے عمل کو سمجھاؤ۔

۷۔ نخاعی ڈھونیا جگر تنی ساخت کو سمجھاؤ۔

امتحان بی۔ایس۔سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۲۲ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

حیوانیات۔ اصل۔ پرچہ دوم — نشانات ۹۰

ہدایات۔ صرف چار سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ اپنے جوابات کو صاف اور بڑے خاکوں سے واضح کرو۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ مانوسسٹس کی ساخت اور سوانح حیات بیان کرو۔

۲۔ سائیکان کی اندرونی ساخت پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

۳۔ لیورفلوک کے تقلب اور سوانح حیات کو بیان کرو۔

۴۔ جونک۔ نیریز اور تارہ مچھلی کے غذا حاصل کرنے اور نقل و حرکت کے طریقے بیان کرو۔

۵۔ بچھو۔ جھینگے اور جھینگر کے اخراجی (Excretory) نظام پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

۶۔ پائیلا (Pila) اور یونیو (Unio) کے تنفسی طریقے بیان کرو۔

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر جوابات لکھو:۔

۱۔ اوبیلیا میں تبادلہ نسل

۲۔ مرجان (Coral)

۳۔ ٹروکوفور (Trochophore) سُرُوہ

۴۔ زوئیا (Zoea) سُرُوہ

۵۔ لَو خلیے (Flame cells)

امتحان بی۔ایس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۰۰ ف مطابق سنہ ۱۹۳۶ ع

۷ - حیوانیات

مضمون حیوانیات اصل (نظری) پرچہ سوم

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف چار سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔ اپنے جوابات کو اشکال کے ذریعہ واضح کرو۔

۱ اصطلاح معکوس تقلب سے تم کیا سمجھتے ہو؟ ایمیڈین کی ایک مثال پیش نظر رکھکر اپنے بیان کی توضیح کرو۔

۲ سگ ماہی یا مرل کے وریدی نظام کو بالتفصیل بیان کرو۔

۳ پرند کے تنفسی نظام کا ایک مفصل بیان لکھو اور بتاؤ کہ یہ کس طرح پرند کے طرز زندگی سے توافق کا اظہار کرتا ہے۔

۴ کیلوٹس (Calotes) کے جارحی گھیروں کا مقابلہ پرند کے جارحی گھیروں سے کرو۔

پستانیوں میں کان کی ساخت اور اس کے مختلف حصوں کے افعال کو وضاحت کیساتھ بیان کرو۔

۶ مونوٹریم اور مارسوپیئل کی امتیازی خصوصیات بیان کرو اور مونوٹریم کو ابتدائی پستانیے تصور کرنیکے وجوہات پر بحث کرو۔

۷ مندرجہ ذیل میں سے کسی چار پر نوٹ لکھو۔

(۱) ڈپنائی

(۲) اعضاء جاکبسن

(۳) پکٹن

(۴) خرگوش کا دمیغ

(۵) ریٹیٹی کی امتیازی سیرتیں

—→:o:←—

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲ر خورداد　　وقت ۴ ساعت

حیوانیات (اصل) پرچۂ عملی (شیر جبلی) اوّل　　نشانات ۶۵

گروپ (ا)

۱ - دیے ہوئے جانور کی تقطیع کرکے اس کے عصبی نظام کو واضح کرو اور ایک بڑی اور صاف شکل کھینچ کر اُن تمام حصّوں کے نام لکھو جن کو تم نے منکشف کیا ہے۔ ۳۰

۲ - جو جانور تم کو دیا گیا ہے اس کے اِبریوں (Setæ) کا ایک مستقل ترکّب تیار کرو۔ اپنے تیار کردہ ترکّب کی صاف شکل بناؤ۔ ۱۹

۳ - تم کو اتا ۸ منظورے دیے گئے ہیں۔ اُن کی شناخت کرو۔ اور ہر منظورہ کا صاف اور سادہ خاکہ بناکر مختلف حصّوں کے نام لکھو۔ ۱۶

نمبر ۱۳۴ (ب) (۲)

امتحان بی۔ ایس سی۔ شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۳؍ خورداد — وقت ۴ ساعت

حیوانیات۔ پرچہ (اصل) عملی (غیر جبلی۔ ادل) — نشانات (۶۵)

گروپ (۲)

۱۔ تم کو جو جانور دیا گیا ہے اس کی تقطیع کر کے اس کے دونوں جانب کے پاؤں عقدے اور ایک جانب کے دماغی احشائی رباط کو منکشف کرو۔ اور ایک صاف شکل کھینچ کر اُن تمام حصّوں کے نام لکھو جن کو تم نے واضح کیا ہے۔ پاؤں عقدوں کو نکال کر گلیسرین میں ترکیب تیار کرو۔ (۳۴)

۲۔ اوبیلیا کی بستی کا ایک رنگین مستقل ترکیب تیار کرو۔ ایک بڑا اور صاف خاکہ بنا کر مختلف حصّوں کے نام لکھو (۱۵)

۳۔ ۱ تا ۸ منظوروں کی شناخت کرو۔ ہر ایک کی شکل بنا کر مختلف حصّوں کے نام لکھو۔ (۱۶)

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۹۴۶ء

۳ رخورداد — وقت ۳ ساعت

حیوانیات (اصل)، پریہ عملی (کارائیا دوم) — نشانات ۶۵

گروپ (۱)

(۱) جو جانور تم کو دیا گیا ہے اس کی تشریح کرکے صرف ایک جانب پانچویں اور ساتویں دماغی اعصاب کو مکمل طور پر منکشف کرو۔ ایک بڑا اور صاف خاکہ بنا کر ان تمام اعصاب کے نام لکھو جن کو تم نے واضح کیا ہے۔ ۳۰

(۲) اناٹ دیے ہوئے منظوروں کی شناخت کرو۔ شناخت کے وجوہ اور ان کے متعلق دلچسپ امور جو تم کو معلوم ہوں لکھو۔ ۱۶

(۳) زبانی امتحان۔ ۵

(۴) عملی بیاض مستقل ترکیبات وغیرہ۔ ۱۴

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۲ر خورداد　　وقت ۳ ساعت

حیوانیات (اصل) برچۂ عملی (کارڈیٹا) دوم)　　نشانات ۶۵

گروپ (۲)

۱۔ تم کو جو کبوتر دیا گیا ہے اس کی تقطیع کر کے اس کے ظاہری اور باطنی تمام شناختوں کو منکشف کرو۔ ایک بڑا اور صاف خاکہ بنا کر ان تمام شریانوں کے نام لکھو جن کو تم نے واضح کیا ہے۔ ۳۰

۲۔ اتا ۸ منظوروں کی شناخت کرو۔ شناخت کے وجوہ اور ان کے متعلق دلچسپ اُمور جو تم کو معلوم ہوں لکھو۔ ۱۶

۳۔ زبانی امتحان ۵

۴۔ عملی بیاضیں اور مستقل ترکیبات وغیرہ۔ ۱۴

امتحان بی۔یس سی شعبہ سائنس

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ع

۲۷ - اردی بہشت

مضمون حیوانیات (ذیلی) پرچہ اول

وقت ۳ ساعت نشانات ۷۰

ھدایت — (۱) صرف پانچ سوالات کے جواب مطلوب ھیں۔ جہاں کہیں ضرورت ھو اشکال دی جائیں۔

۱ پیرامیشیم کی ساخت اور تولیدی طریقے بیان کرو۔

۲ سائیکن کی افقی تراش کو بیان کرو۔

۳ مڈوسا کی ساخت کا مقابلہ پالپ کی ساخت سے کرو۔

۴ کسی ایک ٹریماٹوڈ کی سوانح حیات جسکو تم نے پڑھا ھو بیان کرو۔

۵ زمینی کیچوے کے اخراجی اعضاء کا جونک کے اخراجی اعضاء سے مقابلہ کرو۔

۶ سیپی کے تنفسی اعضاء کی ساخت اور تنفس کے طریقہ کو بیان کرو۔

۷ جھینگر اور بچھو کے ضمیموں کا مقابلہ کرو اور ان کی تبدیلیوں کے اسباب بتاؤ۔

۸ مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھو۔

(ا) ایسکریس کی جسمی دیوار۔

(ب) تبادلہ نسل

(ج) جزحوین (Merozoites)

(د) اچھوت پیدائش

(ہ) دموی قعر (Haemocoele)

امتحان بی۔ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

حیوانیات ذیلی۔ نظری پرچہ دوم — نشانات ۷۵

ہدایات ۔ صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔ جہاں ضرورت ہو اپنے جوابات کو خاکوں کے ذریعہ واضح کرو

۱۔ ہیمی کارڈاٹی عام سیرتیں بیان کرو اور بیلانوگلوسس کی اہم خصوصیات کو بتلاؤ۔

۲۔ پٹرومائزن اور سنگ ماہی کے امتیازی خصوصیات کو مکمل طور پر بیان کرو۔

۳۔ جگر کی نیجیاتی ساخت کو بیان کرو اور اس کے افعال کو سمجھاؤ۔

۴۔ کبوتر کے شریانی نظام کو بیان کرو۔ اور اس کا مقابلہ خرگوش کے شریانی نظام سے کرو۔

۵۔ مینڈک کے غوکچہ کا حال لکھو اور ان خاص خاص تبدیلیوں کو بیان کرو جو تقلب کے دوران میں پیدا ہوتی ہیں۔

۶۔ ھوام کے عام خصوصیات کو مفصل طور پر بیان کرو۔ اور ان کی درجہ بندی کرو۔

۷۔ مندرجۂ ذیل میں سے کسی تین کے اشکال بناؤ اور ان کے

مختلف حصوں کے نام لکھو۔

(ا) کبوتر کا کان (ب) سگ ماہی کے پلیورا

(ج) مینڈک کے دماغ کا بطنی منظر (د) نر

بولی تناسلی نظام۔

۸۔ مینڈل کا کلیہ کیا ہے؟ اس کے عملی اطلاق کے متعلق

خیالات کا اظہار کرو۔

یا

اکتسابی سیرتوں کی وراثت پر ایک مضمون لکھو۔

188(A)

امتحان بی ایس سی (شعبۂ سائنس) سال سوم ۱۹۴۶ء

۵ راردی بہشت ۳ ساعت

حیوانیات ذیلی پرچۂ عملی گروپ (الف) نشانات ۶۰

(۱) دئے ہوئے کبوتر کی تقطیع کرکے اُس کی اگلی شریانوں اور شاخوں کو پوری طرح منکشف کرو۔ صاف شکل کھینچکر اس کے مختلف حصوں کے نام لکھو۔ ۲۵

(۲) دئے ہوئے کینچوے کے بیضدان کا ایک مستقل رنگین ترکب تیار کرو۔ ۱۰

(۳) دی ہوئی خوردبینی تختیوں کی شناخت کرو۔ اپنی شناخت کی وجوہات بیان کرو۔ ۵

(۴) دئے ہوئے نمونوں کی شناخت کرو۔ اور اشکال کھینچکر مختلف حصوں کے نام لکھو۔ ۱۰

(۵) عملی بیاض۔ ۵

(۶) زبانی امتحان۔ ۵

مختلف حصوں کے نام لکھو۔

(ا) کبوتر کا کان (ب) سگ ماہی کے پلیٹ کائیڈ چھلکے
(ج) مینڈک کے دماغ کا بطنی منظر (د) نر خرگوش کا
بولی تناسلی نظام۔

۸۔ مینڈل کا کلیہ کیا ہے؟ اس کے عملی اطلاق کے متعلق اپنے
خیالات کا اظہار کرو۔

یا

اکتسابی سیرتوں کی وراثت پر ایک مضمون لکھو۔

188(A)

امتحان بی ایس سی (شعبۂ سائنس) سال سوم ۱۹۴۶ء

۵ اردی بہشت ۳ ساعت

حیوانیات ذیلی پرچۂ عملی گروپ (الف) نشانات ۶۰

(۱) دئے ہوئے کبوتر کی تقطیع کرکے اُس کی اگلی شریانوں اور شاخوں کو پوری طرح منکشف کرو۔ صاف شکل کھینچکر اس کے مختلف حصوں کے نام لکھو۔ ۲۵

(۲) دئے ہوئے کینچوے کے بیضدان کا ایک مستقل رنگین ترکب تیار کرو۔ ۱۰

(۳) دی ہوئی خوردبینی تختیوں کی شناخت کرو۔ اپنی شناخت کی وجوہات بیان کرو۔ ۵

(۴) دئے ہوئے نمونوں کی شناخت کرو۔ اور اشکال کھینچکر مختلف حصوں کے نام لکھو۔ ۱۰

(۵) عملی بیاض۔ ۵

(۶) زبانی امتحان۔ ۵

188(E)

امتحان بی ایس سی (شعبۂ سائنس) سال اوّل ۱۹۴۶ء

۵ اردی بہشت ۳ ساعت

(※)

حیوانیات ذیلی۔ پرچہ عملی گروپ (ب) نشانات ۶۰

(۱) دی ہوئی جونک کی تقطیع کرکے اس کے تولیدی نظام کو منکشف کرو۔ اور ایک صاف شکل کھینچکر ان حصوں کے نام لکھو جو تم نے واضح کئے ہیں۔ ۲۵

(۲) دئے ہوئے نمونوں کی شناخت کرو اور اشکال کھینچکر مختلف حصوں کے نام لکھو۔ ۱۰

(۳) دی ہوئی خردبینی تختیوں کی شناخت کرو۔ اپنی شناخت کی وجوہات بیان کرو۔ ۵

(۴) دئے ہوئے جھینگے کے اُذنی انبان (Otocyst) کا ایک مستقل رنگین ترکب تیار کرو۔ ۱۰

(۵) عملی بیاض۔ ۵

(۶) زبانی امتحان۔ ۵

امتحان بی۔ اے / بی۔ ایس سی شعبہ فنون / سائنس سنہ ۵۵ف ۱۳ م ۱۹۴۶ء

۲۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ریاضی۔ پرچۂ اول — نشانات ۶۰ برائے بی ایس سی ۱۰۰ برائے بی۔ اے

اطلاع: — بی۔ ایس سی کے امیدوار حصۂ (الف) میں سے کوئی چھ سوال حل کریں۔ بی۔ اے کے امیدوار چھ سوال (الف) اور (ب) میں سے حل کریں۔ (ب) میں سے ایک سوال ضرور ہو۔ سب سوالات کے نشانات برابر ہیں۔

(الف)

۱ — (ا) ذیل کی مساواتیں مقطعات کی مدد سے حل کرو۔

$$۳ا + ۴ما + ۷ی = ۳۲$$
$$۵ا - ۳ما + ۳ی = ۸$$
$$۱۰ا + ۶ما - ۸ی + ۲ = ۰$$

(ب) $\begin{vmatrix} ۰ & ج & ب \\ ج & ۰ & ا \\ ب & ا & ۰ \end{vmatrix}^۲$ کو مقطعہ کی شکل میں ظاہر کرو۔

۲ - (ا) مساوات $ما^{۲} + را + ب = ۰$ کی اصلوں کے مربعوں اور مکعبوں کے حاصل جمع معلوم کرو۔

(ب) ایک مساوات بناؤ جس کی اصلیں $لا^{۳} + ولا + ب = ۰$ کی اصلوں کے فرقوں کے مربعوں کے مساوی ہوں۔

۳ - (ا) مساوات $لا^{۳} + فلا^{۲} + قلا + ر = ۰$ کا حل واضح طور پر بیان کرو۔

(ب) مساوات $لا^{۳} - ۲لا^{۲} + ۸لا = ۳$ کو حل کرو۔ عمل پورا دکھاؤ۔

۴ - (ا) ایک ملک کا حق بازگشت ۸ سال کے بعد ہونے والا ہے۔ اس کو ۲۴ ہزار روپے میں خرید کر لیا گیا ہے۔ بتاؤ کہ ۵ فیصدی شرح پر حساب سود مرکب خریدار کو کس قدر سالانہ محاصل وصول ہونا چاہیئے۔

(ب) اگر ل اور ب مثبت اور غیر مساوی ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{ل^{م} + ب^{م}}{۲} > \left(\frac{ل + ب}{۲}\right)^{م}$$

سوائے اُس صورت کے جبکہ م کوئی مثبت سکسہ واجب ہو۔

۵ - (ا) ذیل کے سلسلوں کے استقاق پر غور کرو۔

(۱) $\frac{۱}{ق_{۱}} + \frac{۱}{ق_{۲}} + \frac{۱}{ق_{۳}} + \frac{۱}{ق_{۴}} + \cdots\cdots$

(۲) $۱ + ۳لا + ۵لا^{۲} + ۷لا^{۳} + ۹لا^{۴} + \cdots\cdots$

(ب) سلسلہ $۲\times۵+۵\times۸+۸\times۱۱+۱۱\times۱۴+\cdots\cdots$
کو ن رقموں تک جمع کرو۔

۶۔ (ا) ثابت کرو کہ کوئی مستدق کسی ایسی کسر کی نسبت جس کا نسب نما مستدق کے نسب نما سے کم ہو مسلسل کسر کی قیمت کے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ نیز

مسلسل کسر $\frac{۱}{ا+}\ \frac{۱}{ا+}\ \frac{۱}{ا+}\cdots\cdots$ کا ن واں مستدق $\frac{ق_ن}{ل_ن}$ ہو تو ثابت کرو کہ

$$ق_ن = ل_{ن-۱}$$

اور $ل_ن$ کی قیمت حاصل کرو۔

(ب) $\frac{۶-۲ا^۲+ا^۳}{(۲+ا^۲)(۱-۴ا^۲)^۲}$ کو جزوی کسروں میں تحلیل کرو۔

۷۔ ثابت کرو کہ اگر ایک واقعہ دو یا زیادہ مختلف طریقوں سے واقع ہو سکتا ہو اور یہ طریقے ایک دوسرے کے منافی ہوں تو اس کے واقع ہونے کا احتمال مختلف طریقوں سے واقع ہونے کے احتمالوں کے حاصل جمع کے مساوی ہوگا۔

اگر ایک واقعہ کے واقع ہونے کا احتمال ایک امتحان میں معلوم ہو تو ان امتحانوں میں اس کے ٹھیک ایک دفعہ، دو دفعہ،

تین دفعہ'.... واقع ہونے کا احتمال جداگانہ معلوم کرو۔
ایک تھیلی میں ۸ سفید اور ۱۰ سیاہ گولیاں ہیں تھیلی میں سے ۴ گولیاں نکالی گئی ہیں، پھر ان گولیوں کو واپس رکھ کر دوبارہ ۴ گولیاں نکالی گئی ہیں۔ پہلی مرتبہ چاروں گولیوں کے سفید نکلنے کا اور دوسری مرتبہ چاروں کے سیاہ نکلنے کا احتمال کیا ہوگا؟
۸۔ مفصلہ ذیل کا حسابی اوسط اور معیاری ہٹاؤ دریافت کرو۔ نیز تعدد کا منحنی مرتسم کرو۔

نشانات	تعداد طلبا،
۱۰ — ۲۰	۵
۲۰ — ۳۰	۱۲
۳۰ — ۴۰	۱۵
۴۰ — ۵۰	۲۰
۵۰ — ۶۰	۱۰
۶۰ — ۷۰	۴
۷۰ — ۸۰	۲

(ب)

۔ مفرد ن کی بڑی سے بڑی قوت جو $\frac{ن}{۲}$ میں شامل ہے، اسے معلوم کرو۔
اگر ن طاق ہو تو ثابت کرو کہ ن ($ن^{۲}$ — ۱)، ۲۴ پر تقسیم

تقسیم ہوسکتا ہے۔ اور اگر ن جفت ہو تو ن (ن^{۲} + ۲۰)، ۴۸ پر تقسیم ہوسکتا ہے۔

۱۰۔ ثابت کرو کہ ہر مربع عدد ۵ ن یا ۵ ن ± ۱ کی شکل کا ہوتا ہے۔

۱۱۔ ثابت کرو کہ اگر اعداد ا، ب، ج، د ..... بلحاظ ایک دوسرے کے مفرد ہوں تو

فہ (ا ب ج د ....) = فہ (ا) × فہ (ب) × فہ (ج) × فہ (د) .....

اگر ا ایک عدد مفرد ہو تو ثابت کرو کہ

۱ + ا $\frac{ا - ۱}{۲}$، اور ما^{۲} − ما، ا پر تقسیم ہوسکتے ہیں۔

امتحان بی-اے بی-ایس سی شعبۂ فنون سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۲ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ریاضی۔ پرچہ دوم۔ — نشانات بی-اے (۱۰۰) / بی-ایس سی (۶۰)

ہدایت:۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں۔
حصۂ الف بی-اے اور بی-ایس سی کے لئے مشترک ہے۔
حصۂ ب صرف بی-اے کے طلبا کے لئے ہے جس میں سے کم سے کم ایک سوال لازمی ہے۔

حصۂ الف

۱۔ وہ شرط معلوم کرو کہ دوسرے درجہ کی عام مساوات دو خطوط مستقیم کو تعبیر کر سکے۔
ثابت کرو کہ مساوات لو $(لا^2 + ما^2) - ہ ب لا ما (لا^2 - ما^2) + ۲ ج لا^2 ما^2 = ۰$ سے خطوط مستقیم کے ایسے دو زوج تعبیر ہوتے ہیں جو علی التعاقم ہیں۔ نیز اگر $ہ^2 ب^2 = لا^2 + ۳$ لو ج تو یہ دو زوج منطبق ہوں گے۔

۲۔ ثابت کرو کہ اُن عمادوں کے نقطہ تقاطع کا طریق جو ایک مکافی کے

متوازی وتروں کے ایک نظام کے سروں پر کھینچے گئے ہوں ایک خطِ مستقیم ہے جو منحنی کا ایک عماد ہے۔

ثابت کرو کہ ما^{۲} - ۴ ل لا = ۰ کے ایسے وتروں کے قطبوں کا طریق جو مکافی کے عماد ہوں، (لا + ۲ ل) ما^{۲} + ۴ ل^{۳} = ۰ ہے۔

۳۔ ثابت کرو کہ

(ا) دو مزدوج نیم قطروں کے مربعوں کا مجموعہ مستقل ہوتا ہے۔

(۲) اُس متوازی الاضلاع کا رقبہ جو ایک ناقص کو مزدوج قطروں کے سروں پر مس کرے مستقل ہوتا ہے۔

اگر ناقص کے مزدوج قطروں کے ایک زوج کے سروں پر محورِ اعظم کے محاذی زاویے طہ، طہ بنیں تو ثابت کرو کہ مم^{۲} طہ + مم^{۲} طہ مستقل ہے۔

۴۔ (ا) ایک مخروطی پر کے دو دیے ہوئے نقطوں میں سے گذرنے والے خطِ مستقیم کی مساوات معلوم کرو اور کسی نقطہ پر کے مماس کی مساوات اخذ کرو۔

(ب) ذیل کی مساوات سے تعبیر ہونے والے منحنی کو مرتسم کرو۔

لا^{۲} - ۵ لاما + ما^{۲} + ۸ لا - ۲۰ ما + ۱۵ = ۰

۵۔ اس دائرہ کی مساوات رقبائی محدّدوں میں معلوم کرو جو ہ ا ے کے مثلث کے گرد کھینچا گیا ہو۔

ثابت کرو کہ مخروطی ء لا^{۲} + وما^{۲} + طی^{۲} + ۲ غ ما ی + ۲ وی لا + ۲ ظ لاما = ۰ قائم زائد ہوگا (بشمول دو عمودی خطوں کی خاص صورت کے) اگر ء + و - ۲ ظ غ ب ج جم ا = ۰۔ جہاں حوالہ کے

مثلث کے اضلاع ا، ب، ج ہیں اور زاویے ا، ب، ج۔

۶۔ نیم قطر انحنا کے لئے ضابطہ $\frac{\text{قرس}}{\text{قرسا}} = \frac{\left[1+\left(\frac{\text{قرما}}{\text{قرلا}}\right)^2\right]^{\frac{3}{2}}}{\frac{\text{قر}^2\text{ما}}{\text{قرلا}^2}}$ حاصل کرو۔

قائم زائد لاما = ج^2 کی صورت میں مرکز انحنا کے محدد اور اس کے برپیچہ کی مساوات معلوم کرو۔

۷۔ ذیل کے منحنیوں کو مرسم کرو اور اُن کے متقاربوں کو دریافت کرو۔

(۱) ما^{2}لا = ا^2 (لا − ا)۔

(۲) لا^3 + ما^3 = ۳ ا لا ما۔

۸۔ (ا) اس کے لئے شرط معلوم کرو کہ سطح مستوی ل لا + م ما + ن ی = پ اس کرہ کو مس کرے جس کی مساوات ہے

لا^2 + ما^2 + ی^2 + ۲ ا لا + ۲ ب ما + ۲ ج ی + د = ۰۔

(ب) ناقص نما $\frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2} + \frac{\text{ما}^2}{\text{ب}^2} + \frac{\text{ی}^2}{\text{ج}^2} = 1$ کے نقطہ (لا، ما، ی) پر کے عماد کی مساواتیں معلوم کرو اور ثابت کرو کہ کسی دیے ہوئے نقطہ سے ناقص نما کے چھ عماد کھینچے جا سکتے ہیں۔

۹۔ مستوی ل لا + م ما + ن ی = ۰ سے مخروطی نما ا^2 لا^2 + ب ما^2 + ج ی^2 = ۱ کی جو تراش پیدا ہوتی ہے اس کے صدر محوروں کے طول اور سمتی جیوب التمام معلوم کرو۔

ثابت کرو کہ تراش کے محور مخروط $\frac{(ب-ج)ل}{لا} + \frac{(ج-ا)م}{ما} + \frac{(ا-ب)ن}{ی} = ۰$
پر واقع ہوتے ہیں۔

۱۰۔ معلوم کرو کہ کون سے کون سے مخروطی نما خط دار (ruled) سطحیں ہیں۔

ثابت کرو کہ ایک چہ دری زائد نما پر مکونوں کے دو نظام واقع ہوتے ہیں، نیز ثابت کرو کہ کسی نظام کا کوئی مکون اُسی نظام کے اور کسی مکون کو نہیں کاٹتا اور دوسرے نظام کے سب مکونوں کو کاٹتا ہے۔

حصّۂ (ب)

۱۱۔ ثابت کرو کہ کسی مستوی چار ضلعی کے تین وتروں میں سے ہر ایک کی دوسرے دو وتروں سے موسیقی نسبت میں تقسیم ہوتی ہے۔

ایک مثلث کے راسوں میں سے گزرنے والے تین ہم نقطہ خطوط ا ا۱، ب ب۱، ج ج۱ ہیں جو مقابل کے اضلاع سے نقطوں ا۲، ب۲، ج۲ پر ملتے ہیں۔ ب ج، ب۱ ج۱ سے ا۳ پر ملتا ہے اور ج ا، ج۱ ا۱ سے ب۳ پر ملتا ہے اور ا ب، ا۱ ب۱ سے ج۳ پر ملتا ہے۔ ثابت کرو کہ (ج۳، ا۳، ا۲) = -۱، (ج ا، ب۳، ب۲) = -۱، (ا ب، ج۳، ج۲) = -۱

۱۲۔ ثابت کرو کہ اگر ایک مخروطی چھ نقطوں ا، ب، ج، د، ع، ف میں سے گزرے تو اُن ساٹھ مختلف مسدسوں (چھ ضلعی اشکال) میں سے

جو ان نقطوں سے بنائے جا سکتے ہیں ہر ایک مسدس کے مقابل کے اضلاع کے زوج ہم خط نقطوں میں قطع کریں گے۔

ثابت کرو کہ پیاسکل کے اُن ساٹھ خطوط میں سے جو مخروطی پر کے چھ نقطوں کے جواب میں ہوتے ہیں تین تین ایک ہی نقطہ میں قطع کرتے ہیں۔

۱۳۔ (ا) ثابت کرو کہ اگر دو مثلث ایک مخروطی کے لحاظ سے متکافی ہوں تو وہ منظر میں ہوتے ہیں۔

(ب) ایک دائرہ س کو ایک خط میں مقلوب کیا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ یہ خط' س اور انقلاب کے دائرہ کا بنیادی محور ہے۔

امتحان بی۔اے / بی۔ایس سی شعبۂ فنون / سائنس سنہ ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۷ رخورداد — وقت ۳ ساعت

ریاضی پرچۂ سوم (ریاضیاتی تحلیل اور احصا) — نشانات بی۔اے ۱۰۰ / بی۔ایس سی ۷۰

ہدایت:۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔

۱ - (ا) ثابت کرو کہ حقیقی عددوں کا ہر ڈیڈیکنڈ سکشن (Section) ایک حقیقی عدد ہی کو تعبیر کرتا ہے۔

(ب) اگر ف (ن) بڑھنے والا تفاعل ہو ثبت صحیح متغیر ن کا تو ثابت کرو کہ ن مائل بہ لاتناہی کے لیے ف (ن) ایک محدود انتہا کی طرف یا + ∞ کی طرف مائل ہوتا ہے۔

(ج) ثابت کرو کہ نہا ن→∞ $(1+\frac{1}{ن})^{ن}$ ایک معین محدود عدد ہے۔

۲ - (ا) اگر نہا ن→∞ ف (ن) ایک محدود مقدار ہو تو ثابت کرو کہ

کسی اختیاری مثبت مقدار صہ کے جواب میں ایک ایسا مثبت صحیح عدد ن وجود رکھتا ہے کہ ن، ن پ کی تمام قیمتوں کے لیے جو رشتہ ن پ > ن > ن کو پورا کرتی ہیں

| ف (ن پ) − ف (ن) | < صہ

اس مسئلہ کا عکس بیان کرو اور اس کو بھی ثابت کرو۔

(ب) ثابت کرو کہ کسی مشروط مستدق لامتناہی سلسلہ کی رقموں کی ترتیب کی مناسب تبدیلی سے سلسلہ کا مجموعہ کسی دی ہوئی مقدار ص کے مساوی بنایا جا سکتا ہے۔

(ج) ثابت کرو کہ لامتناہی سلسلہ $\sum_{ن=۱}^{\infty} \frac{۱}{ن (لوگ ن)^{س}}$ مستدق ہے جبکہ س > ۱ اور متسع ہے جبکہ س ≦ ۱

۳۔ (ا) باضابطہ طور پر ثابت کرو کہ دو تفاعلوں کے مجموعہ کی انتہا ان کی انتہاؤں کے مجموعہ کے مساوی ہوتی ہے۔

(ب) لا = لا پر تفاعل ف (لا) کے تفرقی سر کی تعریف کرو اور تفرقی سر کی ہندسی تعبیر بیان کرو۔

(ج) اگر ف (لا) = ۰ جبکہ لا = ۰ اور ف (لا) = لا² جب (۱/لا) جبکہ لا ≠ ۰ تو لا = ۰ پر ف (لا) کا تفرقی سر محسوب کرو۔

۴۔ (ا) دو تفاعلوں کے حاصل ضرب کے ن ویں رتبہ کا تفرقی سر معلوم کرنے کے لیے لائب نٹز کا مسئلہ بیان کرو اور ثابت کرو۔

(ب) اگر ط = جب⁻¹ لا تو ثابت کرو کہ

$$(۱ - لا^{۲}) \frac{قر^{ن+۲} ط}{قر لا^{ن+۲}} = لا \frac{قر ط}{قر لا}$$

اور اس رشتہ کی مدد سے جب⁻¹ لا کا پھیلاؤ لا کی صعودی قوتوں والے لامتناہی سلسلہ میں حاصل کرو۔

۵۔ (ا) ایک خطِ مستقیم ل کی ایک ہی جانب دو نقطے ا اور ب

واقع ہیں۔ خط ل پر نقطہ ن کا وہ مقام معلوم کرو جس کے لیے
(ا ن + ب ن) اقل ہے۔
(ب) زنجیرہ ما = ج جز $\frac{\text{لا}}{\text{ج}}$ کے کسی نقطہ ن (لا، ما) سے
لا۔ محور پر عمود ن ع نکالا گیا ہے اور ن پر کا مماس اور عمود
لا محور سے بالترتیب ت اور گ پر ملتے ہیں۔ ثابت کرو کہ

$$\text{زیرِ مماس ت ع} = \text{ج ممز} \frac{\text{لا}}{\text{ج}}$$

$$\text{زیرِ عمود ع گ} = \frac{۱}{۲} \text{جز} \frac{۲\text{لا}}{\text{ج}}$$

$$\text{اور} \quad \text{عمود ن گ} = \frac{\text{ما}^۲}{\text{ج}}$$

(ج) مکافی ما^۲ = ۴ ج لا کے عمودوں کا لفاف معلوم کرو۔
۶۔ (ا) دو متغیروں کے متجانس تفاعل ف (لا، ما) کے لیے
آئیلر کا مسئلہ بیان کرو اور ثابت کرو۔
اگر ف (لا، ما) = $\frac{\text{لا}^۲ + \text{ما}^۲}{\text{لا} + \text{ما}}$ تو لا^۲ $\frac{\text{جف}^۲\text{ف}}{\text{جف لا}^۲}$ + ۲ لا ما $\frac{\text{جف}^۲\text{ف}}{\text{جف لا جف ما}}$ + ما^۲ $\frac{\text{جف}^۲\text{ف}}{\text{جف ما}^۲}$
کی قیمت معلوم کرو۔
(ب) دو متغیروں کے تفاعل ف (لا، ما) کی اعظم اقل قیمتوں کی
تحقیق کا طریقہ صرف بیان کرو۔
مثلث ا ب ج کی سطح میں نقطہ ن کا وہ مقام معلوم کرو
جس کے لیے (ا ن^۲ + ب ن^۲ + ج ن^۲) اقل ہے۔

۷- (ا) اگر بند وقفہ (ا، ب) میں تفاعل ف (لا) مسلسل ہو تو ثابت کرو کہ وقفہ (ا، ب) میں ف (لا) کا ریمان تکملہ وجود رکھتا ہے۔

(ب) نہایہ $\lim_{ن \to \infty}$ $\left[\frac{1}{ن+1} + \frac{1}{ن+2} + \frac{1}{ن+3} \cdots + \frac{1}{ن+ن}\right]$ محسوب کرو۔

۸- (ا) تکمل بالحصص کا ضابطہ بیان کرو اور ثابت کرو۔

(ب) مندرجۂ ذیل تکملے محسوب کرو۔

(۱) $\int$ لا^{۲} جم لا فرلا (۲) $\int \frac{\text{فرلا}}{۱ - \text{جم}^{۲}\text{لا}}$

(ج) $\int_{\text{صفر}}^{\text{ط}}$ جم^{ن} لا فرلا کے لیے تحویلی ضابطہ حاصل کرو جبکہ ن مثبت صحیح عدد ہے۔

اور اس کی مدد سے $\int_{\text{صفر}}^{\text{ط}/۲}$ جم^{۴} لا فرلا کی قیمت محسوب کرو۔

۹- (ا) $\int_{\text{صفر}}^{\infty}$ ف (لا) فرلا = ل کا مفہوم واضح طور پر بیان کرو۔

$\int \frac{\text{فرلا}}{(\text{ا}^{۲} + \text{لا}^{۲})(\text{ب}^{۲} + \text{لا}^{۲})}$ کی قیمت محسوب کرو۔

(ب) ستارہ نما منحنی لا = ا جم^{۳} ظ، ما = ا جب^{۳} ظ کے محیط کا

طول محسوب کرو۔

(ج) سمپسن کے قاعدہ کی مدد سے $\int_{0}^{1} \frac{\text{فرلانگ}}{1+\text{لا}^2}$ کی تقریبی قیمت معلوم کرو۔ (تکمل کے وقفہ کو دس مساوی حصّوں میں تقسیم کیا جائے۔) اور اس تکملہ کی صحیح قیمت معلوم کرکے خطا کا اندازہ اعشاریہ کے تین مقامات تک حاصل کرو۔

۱۰۔ (ا) کرہ $\text{لا}^2 + \text{ما}^2 + \text{ی}^2 = \text{ا}^2$ اور اسطوانہ $\text{لا}^2 + \text{ما}^2 = \text{ا}\,\text{لا}$ کے مشترک حصّہ کا حجم محسوب کرو۔

(ب) ایک یکساں ٹھوس کرہ کا نصف قطر ا ہے اور کمیت م ہے۔ کرہ کے کسی قطر کے گرد کرہ کے جمود کا معیار اثر محسوب کرو۔

۱۱۔ (ا) خط تدویر $\text{لا} = \text{ا}\,(\text{ط} - \text{جب ط})$، $\text{ما} = \text{ا}\,(\text{ا} - \text{جو ط})$ کی ایک کمان کو لا۔ محور کے گرد گھمانے سے جو گردشی مجسم حاصل ہوتا ہے اس کا حجم اور اس کی سطح کا رقبہ معلوم کرو۔

(ب) ناقص $\frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2} + \frac{\text{ما}^2}{\text{ب}^2} = 1$ کی شکل کے پترے کے کسی نقطہ (لا، ما) پر سطحی کثافت ک (لا^2 + ما^2) ہو تو ربع اول کے مرکزِ ثقل کے محدّد معلوم کرو۔

امتحان بی۔اے و بی۔ایس سی شعبۂ فنون و سائنس سنہ ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ع

۹ر خورداد — وقت ۳ ساعت

ریاضی پرچہ چہارم — نشانات برائے بی۔اے (۱۰۰) / برائے بی۔ایس سی (۷۰)

نوٹ۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔ ہر حصے سے تین

حصّہ اول

۱۔ اگر ن کسر ہے تو ثابت کرو کہ (جم ط + خ جب ط)^{ن} کی ایک قیمت جم ن ط + خ جب ن ط ہوگی۔ اس کی باقی ماندہ قیمتیں دریافت کرو۔

(i) ثابت کرو کہ مساوات لا^{۱۰} + ۱۱ لا^{۵} − ۱ = ۰ کی اصلیں ہیں

$$\frac{\pm \sqrt{۵}-۱}{۲}\left[\text{جم}\frac{۲}{۵}\pi + \text{خ جب}\frac{۲}{۵}\pi\right]$$

(ii) ایک کے ساتویں جذر نکالو اور ثابت کرو کہ ان کی ن۔دیں قوتوں کا مجموعہ جہاں ن صحیح عدد ہے ہمیشہ صفر کے مساوی ہے اِلّا جبکہ ن ضعف ہے ۷ کا اور اس صورت میں یہ مجموعہ ۷ ہے۔

۲۔(i) اگر ی$_{۱}$، ی$_{۲}$، ی$_{۳}$ مثلث مساوی الساقین کے راس ہیں اور ی$_{۱}$ پر زاویہ قائمہ ہے تو ثابت کرو کہ

$$\text{ی}_{۲}^{۲} + ۲\,\text{ی}_{۳}^{۲} = ۲\,\text{ی}_{۲}(\text{ی}_{۱} + \text{ی}_{۳})$$

(ii) اگر ھ = $\sqrt{(ی-۱)(ی-۴)}$ اور ھ = ۲ جبکہ ی = ۰
تو ھ کی قیمتیں نقاط ا اور ب پر دریافت کرو جبکہ نقطہ ی
مبدا و سے ا اور ب تک مخنیات وج ا اور وف ب
پر حرکت کرتا ہے نقاط و، ا، ب، ج، ف کے محدد ہیں
(۰، ۰)، (۲، ۰)، (۶، ۰)، (۱، ۱) اور (۳، ۳) اور وج ا
اور وب ف دائرے ہیں۔

۳۔ ہم شکل تعبیر کی تعریف کرو اور دونوں مستویوں میں متناظر
طولوں اور رقبوں میں رشتہ دریافت کرو۔ ہم شکل تعبیر
ھ = جمزی پر غور کرو۔
نیز ثابت کرو کہ ہم شکل تعبیر ھ = $\frac{۴}{(ی+۱)^۲}$ سے
دائرہ |ی| = ۱ مکانی و، ۴ = ۴ (۱ - ی) میں تبدیل
ہو جاتا ہے اور دائرہ کی اندرونی سطح مکانی کی بیرونی سطح میں
تبدیل ہوتی ہے۔

۴۔ تحلیلی تفاعل کی تعریف کرو اور ف (ی) کے تحلیل ہونے
کی ضروری اور کافی شرط حاصل کرو۔ ی کی کن قیمتوں کے لیے
تفاعل ھ غیر تحلیلی ہے جبکہ ی = جنز، جم و + خ جمز، جب و
نیز جبکہ ی = جب ، جمز و + خ جم ، جنز و
نیز ثابت کرو کہ لوگ (-۱) = (۲ ک + ۱) ۳۱ خ جہاں ک
کوئی صحیح عدد ہے۔

۵۔ (i) ملتف متغیر کے معین تکملہ کی تعریف کرو اور ثابت کرو کہ

اگر فا (ی) تحلیلی تفاعل ہے اور اس کا مشتق ف (ی) ہے
تو $\int_{\text{گ}_1} ف(ی)\, \text{دری} = فا(ی_2) - فا(ی_1)$

(ii) تکملہ $\int_{\text{گ}} \frac{\text{دری}}{2ی^2 - 5ی + 2}$ کی قیمت دریافت کرو
جبکہ یہ گھیرا | ی | = ۱ پر لیا گیا ہے۔

حصۂ دوم

۶۔ پہلے رتبہ اور پہلے درجہ کی سادہ تفرقی مساوات کو حل کرنے کے تین طریقے حاصل کرو۔

حل کرو (۱) $(2لا^2 ما^2 + ما)\, \text{درلا} - (لا^3 ما - 3لا)\, \text{درما} = 0$.

(۲) $(1 - ما^2 + \frac{ما^2}{لا^2})\, ع^2 - 2\frac{ما}{لا} ع + \frac{ما^2}{لا^2} = 0$.

۷۔ ثابت کرو کہ ایک دیے ہوئے منحنیوں کے نظام $لا^2$ سے زاویہ عہ پر کاٹتے ہوئے منحنیوں کے نظام کی مساوات کس طرح حاصل کی جاتی ہے۔

(i) منحنی $\frac{لا^2}{ا^2} + \frac{ما^2}{ب^2 + ل} = 1$ کے علی التوائم مرمیات کی مساوات حاصل کرو جبکہ ل متبدل ہے۔

(ii) اس منحنی کی مساوات حاصل کرو جس کے نصف قطر المختا کا طول عمود کے طول کے مساوی ہے اور سمت بھی موافق ہے۔

۸۔ متجانس خطی مساوات کے مکمل حل پر عاملوں کی مدد سے

غور کرو۔

حل کرو (i) $(لا^{۲} عف^{۲} + ۶ لا^{۲} عف^{۳} + ۹ لا^{۲} عف^{۴} + ۳ لا عف + ۱) ما$
$= (۱ + لوک لا)^{۲}$

(ii) $۴ \frac{مرلا}{مرت} + ۹ \frac{مرما}{مرت} + ۴۴ لا + ۴۹ ما = ت$

$۳ \frac{مرلا}{مرت} + ۷ \frac{مرما}{مرت} + ۳۴ لا + ۳۸ ما = قوت$

۹۔ (۱) مساوات ذیل کو معیاری شکل میں تبدیل کر کے حل کرو۔

$لا^{۲} \frac{مر^{۲} ما}{مرلا^{۲}} - ۲ (لا^{۴} + ۱) \frac{مرما}{مرلا} + (لا^{۲} + ۲ لا + ۲) ما = ۰$

(۲) سلسلوں میں حل کرو

$۲ لا^{۲} \frac{مر^{۲} ما}{مرلا^{۲}} - لا \frac{مرما}{مرلا} + (۱ - لا^{۲}) ما = ۰$

۱۰۔ پہلے رتبہ کے خطی جزوی تفرقی مساوات کو حل کرنے کا طریقہ ثابت کرو اور اس کی ہندسی تعبیر بتاؤ۔

حل کرو:۔

(۱) $(م ی - ن ما) ع + (ن لا - ل ی) ق = ل ما - م لا$

(۲) $(لاع + ماق) ی = لاما$

امتحان بی۔اے و بی۔ایس سی شعبۂ فنون و سائنس ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۲۶، اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ریاضی - پرچہ پنجم — نشانات برائے بی۔اے (۱۰۰) برائے بی ایس سی (۷۰)

صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔ حصۂ اول سے زیادہ سے زیادہ چار اور حصۂ دوم سے زیادہ سے زیادہ تین

حصۂ اول علم حرکت

۱- دو کھردری مائل سطحوں کا ارتفاع مساوی ہے اور افق سے میلان α اور β ہے ان کو پشت بہ پشت ملا کر اس طرح رکھا گیا ہے کہ راس مشترک ہے۔ مائل رخوں پر وزن P اور Q ہیں اور انھیں ایک ہلکی رسی کے ذریعہ جو راس پر کی چرخی پر سے گزرتی ہے باندھا گیا ہے۔ اگر وزن Q نیچے کی طرف حرکت کرے تو اسراع اور رسی کا تناؤ دریافت کرو۔

تین متحرک چرخیوں کے نظام میں جب ڈوریاں انتصابی ہیں اور انھیں ایک ثابت ڈنڈے سے باندھا گیا ہے۔ زیرترین چرخی سے ۱۱۲ پونڈ کا وزن معلق ہے اور آخری چرخی پر سے گزرنے والی رسی پر ۱۵ پونڈ کی قوت لگا کر وزن کو اٹھایا جاتا ہے۔ ثابت کرو کہ اسراع $= \frac{۷}{۱۲۴}$ جبکہ چرخیوں کے وزن کو نظر انداز کیا گیا ہے۔

۲- (ا) قوتوں کے بقائی نظام کی تعریف کرو اور ثابت کرو کہ جاذبہ کی قوت کے تحت خلا میں یا چکنے سطح پر حرکت بقائی قوتوں کے تحت حرکت ہے۔

(ب) اک ذرہ چکنے کرہ کی بیرونی سطح پر پھسلتا ہے۔ کرہ کا قطر ۴ اور مرکز زمین سے ۵ کی بلندی پر ہے ذرہ بلند ترین مقام سے حالت سکون سے حرکت شروع کرتا ہے اور کرہ سے الگ ہونے کے بعد مرمی کی طرح حرکت کرتا ہے اس مرمی کا وتر خاص اور وہ مقام جہاں یہ زمین سے ٹکراتا ہے دریافت کرو۔

۳-(ا) چکنے افقی مستوی کے کسی نقطہ سے ایک ذرہ کو پھینکا گیا ہے۔ رفتار رمی و اور زاویہ رمی عہ ہے اگر ذرہ اور زمین کے درمیان لچک کی قدر ل ہو تو بتاؤ کہ اچھلنا ختم ہونے تک افقی مستوی پر ذرہ $\frac{و^2}{ج} \times \frac{جب ۲عہ}{(۱-ل)}$ فاصلہ طے کریگا

(ب) دو کروں کی کمیتیں ۳م اور ۲م ہیں اور یہ ۱۳ فٹ اور ۵ فٹ فی ثانیہ رفتاروں سے حرکت کرتے ہوئے ایک دوسرے سے ٹیڑھے ٹکراتے ہیں۔ ٹکر کے وقت مرکزوں کو ملانے والے خط سے زاویہ بالترتیب جم$^{-1}\frac{12}{13}$ اور جب$^{-1}\frac{3}{5}$ ہے۔ اگر لچک کی قدر $\frac{1}{2}$ ہے تو ٹکر کے بعد رفتاریں اور سمت حرکت دریافت کرو۔

۴- ایک ذرہ ایک ثابت نقطہ سے ہلکی ڈوری طول ل کے ذریعہ لٹک رہا ہے۔ اور جاذبہ کی قوت کے تحت سمت انتصابی کے ہر دو جانب چھوٹے زاویے عہ میں سے اہتزاز کرتا ہے۔

ثابت کرو کہ مدت اہتزاز $۲\pi\sqrt{\frac{ل}{ج}}\left(۱+\frac{عہ^2}{16}\right)$ ہے

ثانیہ والی گھڑی کو ایک پہاڑ پر لے جایا گیا ہے پہاڑ کی بلندی ۵ میل ہے۔ بتاؤ کہ گھڑی فی یوم کس قدر سست ہو جائیگی۔

نیز اگر اسے ایک کان کی تہ میں لے جایا جائے اور گھڑی فی یوم ۱۰ ثانیہ سست ہو جائے تو کان کی گہرائی دریافت کرو۔ زمین کا قطر ۸۰۰۰ میل مان لیا جائے۔

۵۔ ایک ذرہ مستوی میں مرکزی قوت کے تحت حرکت کرتا ہے۔ قطبی مخدوں میں مدار کی تفرقی مساوات حاصل کرو۔ اگر طریق قطع ناقص ہو اور مرکز کشش ماسکہ ہو تو قوت کا ضابطہ معلوم کرو۔ نیز سیاروں کی حرکت میں سورج کے گرد گردش کی مدت کے لیے ضابطہ حاصل کرو۔

اگر سورج سے مریخ کا فاصلہ زمین کے اوسط فاصلہ کا ۱٫۵۲۴ گنا ہو تو مریخ کا گردش کا وقت معلوم کرو۔

۶۔ ایک استوار جسم ایک ثابت محور کے گرد حرکت کر سکتا ہے۔ حرکت کی مساواتیں حاصل کرو نیز توانائی بالحرکت معلوم کرو۔ اگر ثابت محور افقی ہو اور بیرونی قوت صرف جاذبہ ہو تو مرکب رقاص کی مدت اہتزاز معلوم کرو۔

ایک مستطیلی سلاخ کو تمثالاً ایک دائروی قرص سے وابستہ کر کے مرکب رقاص بنایا گیا ہے۔ مناسب مقداروں کو فرض کر کے معادل سادہ رقاص کا طول معلوم کرو۔

حصۂ دوم سکونیات

۷۔ ایک استوار جسم پر تین ابعاد میں قوتوں کا کوئی نظام عمل کرتا ہے۔ توازن کی شرائط حاصل کرو۔ نیز ثابت کرو کہ توازن کی صورت میں

موہوم کام صفر ہوگا۔

ایک مستطیلی متوازی السطوح کے تین کنارے ۲ʼ، ۳ʼ، اور $2\frac{1}{2}$ʼ ہیں۔ مقابل کے کونوں پر تین تین قوتیں ان کناروں کی سمتوں میں بالترتیب ۴ پونڈ، ۵ پونڈ اور ۶ پونڈ کے مساوی عمل کرتی ہیں حاصل قوت معلوم کرو۔

۸۔ ایک یکساں زنجیر دو نقاط سے جو ایک ہی افقی خط میں ہیں جاذبہ کے زیر عمل آزادانہ لٹک رہی ہے زنجیر کا طول، وزن اور وسط میں ڈھیل تینوں معلوم ہیں۔ سہارے کے نقطوں پر تناؤ دریافت کرو۔ اگر ڈھیل بمقابلہ طول بہت قلیل مقدار ہے تو زنجیر کے منحنی کی مساوات حاصل کرو۔

تار کا وزن ایک اونس فی فٹ ہے اور اسے کس کر دو کھمبوں سے باندھ دیا گیا ہے جن کے درمیان فاصلہ ۱۰۰ گز ہے۔ اگر تار کا تناؤ ۱۵۰ پونڈ سے بڑھ نہیں سکتا تو وسط میں ڈھیل معلوم کرو۔

۹۔ دو ابعاد میں جسم کے مرکز ثقل کے لیے جملہ حاصل کرو۔ نیز احصا کی مدد سے قطاع اور قطعہ دائرہ کا ہندسی مرکز معلوم کرو جو مرکز پر زاویہ ع بناتا ہے۔

ایک ٹھوس مخروط اور ٹھوس نصف کرہ کو مساوی قاعدوں پر جوڑ کر ایک مجسم بنایا گیا ہے۔ قاعدہ کا نصف قطر ۳ʼ ہے اور مخروط کی کثافت نصف کرہ کی کثافت کا نصف ہے۔ اس جسم کو ثابت کرہ (قطر ۴ʼ) پر ٹکا دیا گیا ہے۔ قائم توازن

کے لیے مخروط کا اعظم ارتفاع دریافت کرو۔

۱۰۔(ا) ایک کھردرے پیچ کی صورت میں قوت اور بوجھ میں رشتہ حاصل کرو جبکہ بوجھ کو اوپر کی طرف یا نیچے کی طرف حرکت دی جاتی ہے۔

(ب) دو مساوی زینوں وزنی و پونڈ کو اس طرح رکھا گیا ہے کہ ان کے اوپر کے سرے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں اور نچلے سرے کھردرے اُفقی فرش پر ٹکے ہیں۔ اگر ایک زینہ کے وسط سے ایک وزن و لٹکا دیا جائے اور اس کی مقدار کو بتدریج بڑھایا جائے تو بتاؤ کہ کونسا زینہ پہلے پھسلیگا۔

امتحان بی۔اے فنون ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء
شعبہ سائنس بی۔ایس سی

وقت ۳ ساعت — ۱۰ر جوزداد

ریاضی۔ پرچہ ششم — نشانات برائے بی۔ایس سی (۷۰) برائے بی۔اے (۱۰۰)

ہدایت:۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں اور حسب ضرورت لوگارتمی جدول استعمال کی جا سکتی ہے۔ نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ ایک مثلث کا ایک کونا ایک وزندار سیال کی آزاد سطح میں ہے اور مقابل کا ضلع سطح کے متوازی ہے اس کے دباؤ کا مرکز دریافت کرو۔

ایک قائم مستدیر مخروط جس کی کثافت اضافی $\frac{1}{2}$ ہے پانی میں اس طرح تیر رہا ہے کہ اس کا محور آزاد سطح میں واقع ہے۔ مخروط کے راسی زاویہ کی قیمت معلوم کرو جب کہ اس کی ڈوبی ہوئی منحنی سطح پر کا حاصل مجموعی دباؤ قاعدہ کے مرکز میں سے گزرے۔

۲۔ ایک پتلی دائری شکل کی نلی کا نصف قطر r ہے اور وہ انتصابی وضع میں قائم کر دی جاتی ہے۔ اس کے اندر دو مائع ڈالے جاتے ہیں جو ایک دوسرے سے نہیں ملتے۔ ان

مائعوں کے کالم (Columns) دائرہ کے مرکز پر ایک ہی زاویہ طہ بناتے ہیں۔ اگر مائعوں کی کثافت اضافی بالترتیب $ث_۱$، $ث_۲$ ہو تو ثابت کرو کہ جاذبہ ارض کے زیر اثر اور ان کی حالت توازن میں ان کے ملاپ کے مقام کو دائرہ کے مرکز سے ملانے والا نصف قطر انتصابی سمت کے ساتھ ایسا زاویہ فہ بناتا ہے کہ

$$\text{مس فہ} = \frac{ث_۲ - ث_۱}{ث_۲ + ث_۱} \text{ مس } \frac{\text{طہ}}{۲}$$

۳۔ پس مرکز کی تعریف کرو اور تیرنے والے جسم کی قیام پذیری کی تعیین میں اس کا استعمال بیان کرو۔
ایک قائم مستدیر مخروط کا راسی زاویہ عہ ہے اور وہ پانی میں اس طرح تیرتا ہے کہ مخروط کا محور انتصابی اور راس پانی کی آزاد سطح سے بقدر د نیچے واقع ہے۔ اگر عہ = ۹۰° تو ثابت کرو کہ مخروط کا پس مرکز تیرنے کی سطح میں واقع ہے۔

۴۔ کرۂ ہوا کی پیش یکساں مان کر ثابت کرو کہ ہوا کی کثافت ث، ابتدائی کثافت $ث_۰$ والے مقام سے بقدر ی بلندی پر $ث_۰ و^{-\frac{ی}{ب}}$ کے مساوی ہے

جہاں ب، ش کثافت والے مقام کی بلندی ہے۔
اگر پارے کی کثافت اضافی ۱۳٫۵۹۶ ہو اور ہوا
کی کثافت پارے کے ۷۶ سمر دباؤ کے تحت
۰٫۰۰۱۲۹ ہے تو ب کی قیمت محسوب کرو۔

۵۔ الٰہ مرور اور استوائی دوربین کی تشریح وضاحت سے
کرو اور اختصار کے ساتھ بتاؤ کہ یہ دونوں آلات ہیئتی
مشاہدات میں کن مقاصد کے لئے کام میں آتے
ہیں۔

۶۔ کرۂ سماوی کا نقشہ حیدرآباد کے عرض بلد ۱۷° ۲۶′ شمال
کے لئے مقامی کوکبی وقت ۱۱ گھنٹے کے لئے کھینچ کر
حسب ذیل اجرام فلکی کے مقامات بتاؤ۔

(۱) ا صعود مستقیم ۷ گھنٹے اور میل ۔ ۳۰°

(۲) ب " " ۱۴ گھنٹے " " + ۶۰°

(۳) ج " " ۱۱ گھنٹے " " + ۱۷° ۲۶′

۷۔ سیاروں کے لئے کپلر کے قوانین حرکت بیان کرو۔

سورج سے یورینس کا فاصلہ ۱۹٫۱۹ ہیئتی اکائیاں
ہے اور یورینس سورج کے گرد ایک پورا چکر ۸۴٫۰۲
سال میں کرتا ہے۔ یورینس کے ایک چاند کا فاصلہ

یورینس سے ۰۰۲۹۳ء۰ ہیئتی اکائی ہے اور یورینس کے گرد اس کی مدت گردش ۸ ، ۷۰۶ دن ہے۔ یورینس کی کمیت کی نسبت سورج کی کمیت کے ساتھ دریافت کرو۔

۸۔ شکل سے اس امر کی توضیح کرو کہ کیوں سورج گرہن جزوی کامل یا حلقہ نما ہوتا ہے۔
ثابت کرو کہ سورج اور چاند کے مرکزوں کا درمیانی زاویہ طہ کامل سورج گرہن کے ختم یا شروع پر حسب ذیل مساوات سے حاصل ہو سکتا ہے۔

$$\text{طہ} = \text{ر} + \text{خ}_1 - \text{ر}_- \text{خ}$$

جہاں ر، اور ر چاند اور سورج کے زاویئی نصف قطر اور خ، اور خ ان کے اختلاف منظر ہیں۔

۹۔ دو ستاروں کی ظاہری قدروں اور ان کی چمکوں کے درمیان جو ربط ہے اس کو مساوات کی شکل میں بیان کرو۔
ایک دوربین سے نظر آنے والا مدھم ستارہ کی ظاہری قدر ۱۷ ہے اور قطبی ستارے کی ظاہری قدر ۲ ہے ثابت کرو کہ قطبی ستارہ اول الذکر ستارے سے دس لاکھ گنا زیادہ روشن ہے۔

۱۰۔ کروی مثلث ا ب ج میں ثابت کرو کہ

$$\text{جم ا} = \frac{\text{جم ا} - \text{جم ب جم ج}}{\text{جب ب جب ج}}$$

نیز اس ضابطہ کی مدد سے ثابت کرو کہ

جم ا جم ب = جب ا م ج - جب ب م ج

امتحان بی۔ایس سی۔شعبۂ سائنس۔ف ۱۳۵۵ھ م ۱۹۴۶ء

۹ر خورداد وقت ۳ ساعت

ریاضی ذیلی ۔ پرچۂ اول نشانات ۱۰۰

جملہ چھ سوال حل کئے جائیں۔ ہر حصہ سے دو سوال ہوں۔

حصہ (ا)

۱-(ا) سلسلہ $۱+\frac{۲\times۱}{۳\times۲}+\frac{۳\times۲}{۴\times۳}+\frac{۴\times۳}{۵\times۴}+\cdots$ تا ∞ کے استدقاق کی جانچ کرو۔

(ب) اگر ایک سلسلہ کی عام رقم $\sqrt{ن^۲+۱}-ن$ ہو تو اس کے استدقاق کی جانچ کرو۔

۲-(ا) ثابت کرو کہ ۔

$$(ا-۱)^۳=\begin{vmatrix} ا^۳ & ۳ا^۲ & ۳ا & ۱ \\ ا^۲ & ا^۲+۲ا & ۲ا+۱ & ۱ \\ ا & ۲ا+۱ & ا+۲ & ۱ \\ ۱ & ۳ & ۳ & ۱ \end{vmatrix}$$

(ب) حاصل ضرب معلوم کرو اور اس کو ایک مقطعہ کی شکل میں لکھو۔

$$\begin{vmatrix} ۴ا & ۳ب & ۲ج \\ ۲ب & ۵ج & ۹ا \\ ۳ج & ۳ا & ۷ب \end{vmatrix} \times \begin{vmatrix} ا & ب & ج \\ ب & ج & ا \\ ج & ا & ب \end{vmatrix}$$

۳۔ مساوات $لا^۳ + ۳ا^۲لا + ۳(ا^۲ - ب ج)لا + ا^۳ + ب^۳ + ج^۳ - ۳ا ب ج = ۰$ کو حل کرو۔

حصہ (ب)

۴۔(ا) (DeMoivre's Theorem) ڈی موارے کا مسئلہ ثابت کرو۔

(ب) $لا^۵ + ۱ = ۰$ کو حل کرو۔

۵۔(ا) جب کے ضعفوں کے سلسلے میں جب^۵ طہ کو پھیلاؤ۔

(ب) ثابت کرو جمز ۳لا = ۴ جمز^۳ لا − ۳ جمز لا

۶۔ حقیقی اور خیالی حصوں میں تقسیم کرو۔

$$۴^{-۱}(جم طہ + خ جب طہ)$$

حصّہ (ج)

۷۔(ا) ایک مثلث کے تین ضلعے حسب ذیل تین خطوط میں بالترتیب واقع ہیں لا۔ما + ۱ = ۰، لا + ما۔ ۷ = ۰ اور لا۔ ۳ ما + ۴ = ۰ ۔ اس مثلث کا رقبہ دریافت کرو۔

(ب) اُس دائرے کے مرکز کا طریق معلوم کرو جو نقط (۰، ۰) سے گزرتا ہے اور خط لا = ج سے ۲ل طول کا مقطوعہ قطع کرتا ہے۔

۸۔(ا) مکافی ۳ لا^{۲} + ۱۲ لا ۔ ۸ ما = ۰ کے ماسکہ کے محدد اور مرتب کی مساوات معلوم کرو۔

(ب) ثابت کرو کہ ایک مکافی کے ماسکہ سے گزرنے والے وتر کے دونوں سروں پر کے مماس زاویہ قائمہ میں ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں اور اُن کا نقطہ تقاطع مرتب پر واقع ہوتا ہے۔

۹۔ منحنی لا^{۲} ۔ ۸ لا ما ۔ ۴ ما^{۲} + ۱۰ لا + ۸ ما = ۰ کو کھینچو۔

امتحان بی۔ ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۶ اردی بہشت　　وقت ۳ ساعت

ذیلی ریاضی پرچہ دوم (احصا و تفرقی مساواتیں)　　نشانات ۷۰

ہدایت:۔ صرف سات (۷) سوال حل کیے جائیں۔

۱۔ متغیر لا کے تفاعل ف (لا) کے نقطہ لا = و پر انتہا اور تسلسل کی تعریف کرو۔
ایک ایسی مثال دو جس سے واضح ہو کہ لا = و پر تفاعل کی انتہا وجود رکھتی ہے لیکن تفاعل مسلسل نہیں ہے۔
ذیل کی انتہا میں محسوب کرو۔

(۱) $\lim_{لا \to ۱}$ جم $\frac{۱}{لا - ۱}$　(۲) $\lim_{لا \to ۰}$ $\frac{لا - جب\ لا\ جم\ لا}{لا^۳}$

(۳) $\lim_{لا \to ۰}$ (جم لا)$^{\frac{۱}{لا^۲}}$

۲۔ متغیر لا کے تفاعل ف (لا) کے کسی نقطہ پر تفرقی سر کی تعریف کرو۔ تفرقی سر کی ہندسی اور طبعیاتی تعبیر بھی بتاؤ۔

ذیل کے جملوں میں سے کسی دو کے تفرقی سر معلوم کرو۔

(۱) $\frac{\text{لا جب}^{-1}\text{لا}}{\sqrt{۱-\text{لا}^۲}} + \text{لوک}\left(\sqrt{۱-\text{لا}^۲}\right)$

(۲) $(۱+\text{لا})^{\text{لا}} + \text{لا}^{۱+\frac{۱}{\text{لا}}}$

(۳) $\frac{(\text{لا}+۲)^{\frac{۳}{۲}}}{(۳\text{لا}+۵)^{\frac{۴}{۵}}(۴\text{لا}-۱)^{\frac{۴}{۵}}}$

۳۔ (ا) ذیل کے تفاعلوں میں سے کسی دو کے ن ویں تفرقی سر معلوم کرو۔

(۱) جب ۲ لا جب ۳ لا جب ۴ لا (۲) لا^{۲} جب ۵ لا

(۳) لوک (۵ لا + ب)

(ب) فو جب لا کا پھیلاؤ چار ارقام تک معلوم کرو۔

۴۔ ستارہ نما $\frac{\text{لا}^{\frac{۲}{۳}}}{\text{ا}^{\frac{۲}{۳}}} + \frac{\text{ما}^{\frac{۲}{۳}}}{\text{ب}^{\frac{۲}{۳}}} = ۱$ کے نقط $\left(\frac{\text{ا}}{۲\sqrt{۲}}, \frac{\text{ب}}{۲\sqrt{۲}}\right)$ پر نصف قطر انحنا معلوم کرو۔

ناقص $\frac{\text{لا}^۲}{\text{ا}^۲} + \frac{\text{ما}^۲}{\text{ب}^۲} = ۱$ میں بڑے سے بڑے مستطیل کا رقبہ معلوم کرو۔

۵۔ ذیل کے تکملوں کو محسوب کرو۔

(۱) $\int \frac{\text{فرلا}}{\text{لا لوک لا}}$ (۲) $\int \frac{\text{جب لا جم لا}}{\text{جب}^۴\text{لا} + \text{جم}^۴\text{لا}}\,\text{فرلا}$

(۳) $\int \frac{1 - لا^{\frac{1}{3}} + لا^{\frac{2}{3}}}{1 + لا^{\frac{1}{2}}}$ فرلا (۴) $\int لا^{\frac{1}{2}} (1 - لا^{\frac{1}{2}})^{5}$ فرلا

۶ - محدود تکملہ $\int_{ب}^{ا}$ ف (لا) فرلا کی ہندسی تعبیر بیان کرو اور ایک مثال سے اُس کی وضاحت کرو۔
محدود تکملہ کے لیے سمپسن کا تقریبی قاعدہ تفصیل سے بیان کرو اور بتاؤ کہ اس طریقہ کا فایدہ کیا ہے۔

۷ - دائرہ لا^{2} + ما^{2} = ۱۴ ا^{2} اور مکافی ما^{2} = ۱۳ و لا کا درمیانی رقبہ محسوب کرو۔
خط تدویر لا = و (ط - جیب ط)، ما = و (۱ - جم ط) کی ایک کمان کا طول محسوب کرو۔

۸ - ناقص $\frac{لا^{2}}{و^{2}} + \frac{ما^{2}}{ب^{2}}$ = ۱ کا رقبہ محسوب کرو اور پہلے ربع کا مرکزِ ثقل معلوم کرو۔
اس ناقص کو محورِ اعظم کے گرد گھمانے سے جو مجسم پیدا ہوتا ہے اُس کا حجم دریافت کرو۔

FACULTY OF ARTS

M.A. Examination

1355 F.—1946 A.D.

KANNADA—PAPER V

(PROSODY AND POETICS)

Time—3 Hours] [*Marks* 100

[ಪ್ರತಿಯೊಂದು ಭಾಗದಲ್ಲಿ ಮೂರು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗೆ ಮಾತ್ರದಂತೆ ಒಟ್ಟಿಗೆ ಐದು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗೆ ಉತ್ತರ ಬರೆಯಿರಿ.]

A

I. ಛಂದಸ್ಸು ಎಂದರೇನು? ಅದರೊಳಗೆ ಪ್ರಮುಖಗಳಾದ ಛಂದೋ ಭೇದಗಳಾವುವು? ಆಯಾ ಭೇದಕ ಲಕ್ಷಣಗಳೊಡನೆ ಅವುಗಳನ್ನು ವಿಸ್ತರಿಸಿರಿ.

II. ಸ್ಕಂಧಜಾತಿ, ಕರ್ಣಾಟಕ ವಿಷಯಜಾತಿ, ಸರ್ವವಿಷಯ ಭಾಷಾ ಜಾತಿ ಎಂಬ ಈ ಜಾತಿ ತ್ರಯದ ಸ್ವರೂಪಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹವಾಗಿ ವಿಸ್ತರಿಸಿರಿ.

ಅಥವಾ

'ಸಮಂ ಅರ್ಧಸಮಂ ವಿಷಮಂ ಎಂದು ವೃತ್ತಂ ಮೂರು ತೆರನಕ್ಕುಂ' ಎಂಬ ಹೇಳಿಕೆಯಲ್ಲಿ ತೋರುವ ಮೂರು ಬಗೆಯ ವೃತ್ತಗಳನ್ನು ಲಕ್ಷಣ ಸಹಿತವಾಗಿ ದೃಷ್ಟಾಂತಿಸಿರಿ.

III. (*a*) 'ಪ್ರಸ್ತಾರಮಿಂತೀಕ್ರಮಂ' ಎಂದು ನಾಗವರ್ಮನು ಸೂಚಿಸುವ ಪ್ರಸ್ತಾರಕ್ರಮವನ್ನು ಸರಿಯಾಗಿ ಬರೆಯಿರಿ.

VIII. ಕೆಳಗಿನ ಪದ್ಯಕ್ಕೆ ವ್ಯಾಖ್ಯಾನವನ್ನು ಬರೆದು, ಅದು ಯಾವಬಗೆಯ ಕಾವ್ಯಕ್ಕೆ ಸೇರಿದುದು ಎಂಬುದನ್ನು ಸಾಧಾರವಾಗಿ ಸಿದ್ಧಾಂತಿಸಿರಿ :—

'ಸುಗುಣಂಗಳ್ಪುದಿದೋಜೆಗೊಲ್ದ ಚಿಕದೇವೇಂದ್ರಂ ಕಳತ್ರಕೋವಿದಂ।
ತೆಗೆದುತ್ಸಂಗದೊಳಿಟ್ಟು ಲೀಲೆಮಿಗೆ ಪಕ್ಕೋರಂಗದೊಳ್ಸಾರ್ಚಿಸೆ ॥
ಳ್ಳುಗರ್ಗೆಯ್ತಂಪವಣೊಂದೆ ಮೇಳದಿರವಂರಾಗೋಜಿತಂ ಗೆಯ್ವಿನಂ।
ಸೊಗಸಿಂಸೂಳ್ವಡಿಕುಂ ಕಳಾವತಿ ಕಳಾರಾವಂಗಳಂ ಪಾಂಗಿನಿಂ ॥'

IX. 'ಭಾವ' ದೊಳಗಿನ ಭೇದಗಳನ್ನೆಲ್ಲ ಬರೆದು, ಅದು ರಸಕ್ಕೆ ಹೇಗೆ ಪೋಷಕವಾಗುತ್ತಿದೆ ಎಂಬುದನ್ನು ವಿವೇಚಿಸಿರಿ.

ಅಥವಾ

ಸ್ಥಾಯಿಭಾವ - ಸಾತ್ತ್ವಿಕಭಾವಗಳ ಭೇದಗಳನ್ನು ವಿಶದೀಕರಿಸಿರಿ.

X. ಸ್ವಭಾವೋಕ್ತಿ, ಉಪಮಾ, ಅತಿಶಯ, ಶ್ಲೇಷ.—ಇವುಗಳೊಳಗಿನ ಭೇದಗಳೇನು? ಅರ್ಥಾಲಂಕಾರದೊಳಗೆ ಇವುಗಳೇ ಪ್ರಮುಖಗಳು ಎನ್ನಲು ಕಾರಣವೇನು?

ಅಥವಾ

ಕಾವ್ಯಲಿಂಗ, ಅಪ್ರಸ್ತುತ ಪ್ರಶಂಸೆ, ತದ್ಗುಣ, ವಿಶೇಷೋಕ್ತಿ ಎಂಬ ಅಲಂಕಾರಗಳನ್ನು ಲಕ್ಷಣಗಳೊಂದಿಗೆ ಕಾಣಿಸಿರಿ.

XI. ರಸಗಳು ಎಂಟೆಂದೂ ಒಂಬತ್ತೆಂದೂ ಭಿನ್ನಾಭಿಪ್ರಾಯ ಒದಗಲು ಕಾರಣವೇನು?

ಅಥವಾ

ಜನಕಜನ್ಯಗಳಾದ ರಸಗಳು ಆವುವು? ಆ ವಿಷಯವನ್ನು ಸರಿಯಾಗಿ ವಿಮರ್ಶಿಸಿ ಸಿದ್ಧಾಂತಿಸಿರಿ.

XII. ಕಾವ್ಯಮಾರ್ಗ ಎಂದರೇನು? ಅದರ ಪ್ರಮುಖಭೇದಗಳಾವುವು? ಸಾಧಾರವಾಗಿ ಅವನ್ನು ವಿಸ್ತರಿಸಿರಿ.

(*b*) ಕೆಳಗಕೊಟ್ಟ ಪದ್ಯದ ತಾತ್ಪರ್ಯಾಲಂಕಾರಗಳನ್ನು ಬರೆದು ವೃತ್ತದ ಲಕ್ಷಣ ಪ್ರಸ್ತಾರಗಳನ್ನು ಬರೆಯಿರಿ :—

'ಕುಂತೀಪುತ್ರಂ ಪೊಣರ್ದರಣದೊಳ್ ಪದ್ಮಜಂ ಶಾಸ್ತ್ರದೊಳ್ ಶ್ರೀ ।
ಕಾಂತಂ ನೋಡಲ್ ಪಿರಿಯಸಿರಿಯೊಳ್ ಸಿಂಧುಜಂ ಶೌಜದೊಳ್ ಕ ।
ರ್ಣಂ ತಪ್ಪಲ್ಲೆಂದೆನಿಸಸುಡಯೊಳ್ ವಿಕ್ರಮಾದಿತ್ಯನಂ ತೋ ।
ರಂತಾಂತೌದಾರತೆಯೊಳೆಸೆದಂ ಭೂಮಿ ಕಂದರ್ಪನೆಂದುಂ ॥'

IV. (*a*) ಸಾಂಗತ್ಯದಲಕ್ಷಣವು ಹೇಗೆ ಎಂಬುದನ್ನು ಬರೆದು ಲಕ್ಷಣ ಸಮನ್ವಯವಾಗುವಂತೆ ದೃಷ್ಟಾಂತಿಸಿರಿ.

(*b*) ಪಂಪಭಾರತ ದೊಳಗಿರುವ ಮುಂದೆ ಕಾಣುವ ರಗಳೆಯನ್ನು ಹಾಡಲಕ್ಕನುವಾಗುವಂತೆ ಪ್ರಸ್ತಾರದೊಡನೆ ಕಾಣಿಸಿರಿ :—

'ಅದಱಿ ಪೊಱಮಿಲ್ಲೊಲಿವಿಶಾಳ ಕನಕಕೃತಕಗಿರಿಗಳಿಂ ಫಲಪ್ರಕೀರ್ಣ
[ತರುಗಳಿಂ ।
ನನೆಯಕೊನೆಯ ತಳಿರಮುಗುಳ ವನಲತಾನಿಕುಂಜದಿಂ ಪ್ರಸೂನರಜದ
[ಪುಂಜದಿಂ ॥'

V. (*a*) ಅಕ್ಷರಗಣ-ಮಾತ್ರಾಗಣಗಳ ಲಕ್ಷಣ ಸ್ವರೂಪಗಳನ್ನು ಸ್ಫುಟವಾಗುವಂತೆ ಬರೆಯಿರಿ.

(*b*) 'ದ್ರಾವಿಡಗಣ' ಎಂದರೇನು? ವಿಸ್ತರಿಸಿರಿ.

VI. 'ನಷ್ಟ' ಎಂಬ ಪ್ರತ್ಯಯದ ಲಕ್ಷಣವನ್ನು ಸೂಚಿಸಿ ಅದರ ಪ್ರಯೋಜನವೇನು ಎಂಬುದನ್ನು ದೃಷ್ಟಾಂತಮೂಲಕವಾಗಿ ಕಾಣಿಸಿರಿ.

B

VII. ಕಾವ್ಯಗುಣ ಎಂದರೇನು ಎಂಬುದನ್ನು ಬರೆದು, ಅದರ ಭೇದವ್ಯಾಪ್ತಿಗಳ ವಿಚಾರದಲ್ಲಿ, 'ಅಪ್ರತಿಮ ವೀರಚರಿತಕಾರ'ನು ಯಾವ ಸಿದ್ಧಾಂತವನ್ನೊಂದಿದನು ಎಂಬುದನ್ನೂ ಅದರ ಸಾಧುತ್ವಾಸಾಧುತ್ವಗಳನ್ನೂ ವಿಮರ್ಶಾಪೂರ್ವಕವಾಗಿ ಬರೆಯಿರಿ.

FACULTY OF ARTS

M.A. Examination

1355 F.—1946 A.D.

KANNADA—PAPER VI

(HISTORY OF LITERATURE)

Time—3 *Hours*] [*Marks* 100

I. ಕನ್ನಡ ಸಾಹಿತ್ಯದಲ್ಲಿ ಕವಿರಾಜಮಾರ್ಗದ ಪ್ರಾಶಸ್ತ್ಯ ವೇನು? ಅದರಿಂದ ಪ್ರಾಚೀನ ಕನ್ನಡ ಮತ್ತು ಸಂಸ್ಕೃತಭಾಷಾ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳ ವಿಚಾರವಾಗಿ ಏನು ತಿಳಿದು ಬರುತ್ತದೆ?

ಇಲ್ಲವೇ

'ಕನ್ನಡ ಸಾಹಿತ್ಯವು ಹತ್ತನೆಯ ಶತಮಾನದಲ್ಲಿ ಮುಡಿಯನ್ನು ಮುಟ್ಟಿ ಅಲ್ಲಿಂದ ಇಳಿಮುಖವಾಯಿತು.'—ಈ ಹೇಳಿಕೆಯನ್ನು ಉದಾಹರಣೆಗಳೊಡನೆ ವಿಮರ್ಶೆಮಾಡಿ. 20

II. 'ವಚನ'ಗಳು ಎಂಬ ವೀರಶೈವ ಸಾಹಿತ್ಯಜಾತಿ ಹುಟ್ಟಿದ ಬಗೆ ಹೇಗೆ? ಈ ಸಾಹಿತ್ಯದ ಸಂಕ್ಷಿಪ್ತ ಚರಿತ್ರೆಯನ್ನು ಬರೆದು ಜನತೆಯ ಮೇಲೆ ಅವುಗಳಿಂದಾದ ಪರಿಣಾಮವನ್ನು ವಿವರಿಸಿರಿ.

ಇಲ್ಲವೇ

ವೀರಶೈವ ಪುರಾಣಗಳನ್ನೂ ಜೈನಪುರಾಣಗಳನ್ನೂ ಹೋಲಿಸಿ, ಇವುಗಳಲ್ಲಿ ಕಂಡುಬರುವ ಕಾವ್ಯಾಂಶ, ಪುರಾಣಾಂಶ, ಚರಿತ್ರಾಂಶಗಳಿಗೆ ಬೆಲೆ ಕಟ್ಟಿ. 20

Turn over

FACULTY OF ARTS

M.A. Examination

1355 F.—1946 A.D.

KANNADA—PAPER VII

Time—3 *Hours*] [*Marks* 100

ಸೂಚನೆ.—ಐದು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗೆ ಉತ್ತರ ಬರೆಯಿರಿ. ನಾಲ್ಕನೆಯದು ಆವಶ್ಯಕ.

I. ಶಿಲಾಹಾರರಲ್ಲಿ ಎಷ್ಟು ಶಾಖೆಗಳಿದ್ದುವು. ಅವುಗಳ ಇತಿವೃತ್ತವನ್ನು ಸಂಕ್ಷೇಪವಾಗಿ ವಿವರಿಸಿ.

II. ಬಾದಾಮಿಯ ಚಾಲುಕ್ಯ ಮನೆತನಕ್ಕೂ ಕಲ್ಯಾಣದ ಚಾಲುಕ್ಯರಿಗೂ ಇದ್ದ ಸಂಬಂಧವನ್ನು ವಾಙ್ಮಯ ಮತ್ತು ಶಾಸನಗಳ ಆಧಾರದಿಂದ ನಿರ್ಧರಿಸಿರಿ.

ಅಥವಾ

ಪಂಪನ ಪೋಷಕನಾದ ಅರಿಕೇಸರಿಯ ಮನೆತನದ ಚರಿತ್ರೆಗೆ ಉಪಲಬ್ಧವಾದ ಸಾಮಗ್ರಿಗಳನ್ನು ಹೇಳಿ ಅವುಗಳಿಂದ ಆಮನೆತನದ ಇತಿಹಾಸವನ್ನು ಸಂಕ್ಷೇಪವಾಗಿ ವಿವರಿಸಿ.

III. ರಾಯಚೂರು ಜಿಲ್ಲೆಯಲ್ಲಿ ಶೋಧಿಸಲ್ಪಟ್ಟ ಪ್ರಾಗೈತಿಹಾಸಿಕ ಮತ್ತು ಸಾತವಾಹನರ ಕಾಲದ ಅವಶೇಷಗಳುಳ್ಳ ಸ್ಥಾನಗಳನ್ನು ಹೇಳಿ ಮಸ್ಕಿಯಲ್ಲಿ ದೊರೆತ ವಸ್ತುಗಳ ಮಹತ್ವವನ್ನು ತಿಳಿಸಿ.

III. ಕುಮಾರವ್ಯಾಸನ ಅಥವಾ ಹರಿಹರನ ಕಾಲವನ್ನು ಚರ್ಚಿಸಿ ಸಿದ್ಧಾಂತಮಾಡಿ. 20

IV. ಮೈಸೂರಿನ ಒಡೆಯರ ಕಾಲದಲ್ಲಿ ಕನ್ನಡ ಸಾಹಿತ್ಯ ಬೆಳೆದ ಬಗೆಯನ್ನು ನಿರೂಪಿಸಿ.

ಇಲ್ಲವೇ

ಕನ್ನಡ ಗದ್ಯ ಸಾಹಿತ್ಯದ ಸಂಕ್ಷಿಪ್ತ ಚರಿತ್ರೆಯನ್ನು ಬರೆದು ಅದರ ವೈವಿಧ್ಯಕ್ಕೆ ಕಾರಣವನ್ನು ಊಹಿಸಿ. 20

V. ಇವುಗಳನ್ನು ಕುರಿತು ಟಿಪ್ಪಣಿ ಬರೆಯಿರಿ :—

(*a*) ಚೆತ್ತಾಣ ಬೆದಂಡೆಗಳ ಅಥವಾ ಕಂದ, ತ್ರಿಪದಿಗಳ ಹುಟ್ಟು, ರೂಪನಿಷ್ಪತ್ತಿ, ಲಕ್ಷಣ.

(*b*) ಕನ್ನಡ ಸಾಹಿತ್ಯದಲ್ಲಿ ನಾಟಕಗಳ ಅಭಾವ, ಚಂಪೂಗಳ ವಿಪುಲತೆ.

(*c*) ಹಳಗನ್ನಡದಲ್ಲಿನ ಶಾಸ್ತ್ರ ಗ್ರಂಥಗಳು. 20

VIII. ಕರ್ನಾಟಕದ ವಾಸ್ತುಶಿಲ್ಪದ ಬೆಳೆವಣಿಗೆಯನ್ನು ಸಂಕ್ಷೇಪವಾಗಿ ವಿವರಿಸಿ ಚಾಲುಕ್ಯ ಪದ್ಧತಿಯ ಲಕ್ಷಣಗಳನ್ನು ಹೇಳಿರಿ.

ಅಥವಾ

ಕರ್ನಾಟಕದ 'ಡಬ್ಬುಗಲ್ಲುಗುಡಿ' (Dolmens) ಗಳ ಉತ್ಪತ್ತಿ, ಉದ್ದೇಶ ವ್ಯಾಪ್ತಿಗಳನ್ನು ಹೈದ್ರಾಬಾದ ಪ್ರಾಂತದ ಉದಾಹರಣೆಗಳಿಂದ ಸ್ಪಷ್ಟೀಕರಿಸಿರಿ.

IX. (*a*) ಕರ್ನಾಟಕದಲ್ಲಿ ಶೋಧಿಸಲ್ಪಟ್ಟ ಪ್ರಾಚೀನ ರೇಖಾಮಯ ಮತ್ತು ಬಣ್ಣದ ಚಿತ್ರಗಳನ್ನು ಕುರಿತು ಟಿಪ್ಪಣಿ ಬರೆಯಿರಿ.

(*b*) ಕೆಳಗಿನವುಗಳ ಮೇಲೆ ಟಿಪ್ಪಣಿ ಬರೆಯಿರಿ :—

1. ಎರಡಟ್ಟಿನೂರು
2. ವೆಂಗಿವಿಷಯ
3. ಎಡೆದೊಟ್ಟಿನಾಡು
4. ಕುಂತಳವಿಷಯ
5. ಸಬ್ಬಿಸಹಸ್ರ.

IV. 'ಕರ್ನಾಟಕ'ದ ವ್ಯುತ್ಪತ್ತಿಯನ್ನು ಹೇಳಿ ಅದರ ಪ್ರಾಚೀನ ಭೌಗೋಲಿಕ ವ್ಯಾಪ್ತಿಯನ್ನು ಆಧಾರಪೂರ್ವಕವಾಗಿ ಚರ್ಚಿಸಿ.

ಅಥವಾ

'ಕಾವೇರಿಯಿಂದಮಾಗೋದಾವರಿವರಮಿರ್ದನಾಡದಾ ಕನ್ನಡ ದೊಳ್' ಎಂದು ಕವಿರಾಜಮಾರ್ಗದಲ್ಲಿ ಹೇಳಿದ ಮಾತಿನ ಸತ್ಯತೆಯನ್ನು ಶಾಸನ ಮತ್ತು ವಾಙ್ಮಯಗಳ ಪ್ರಮಾಣಗಳಿಂದ ಚರ್ಚಿಸಿ.

V. ಮುಂಬಯಿ ಕರ್ನಾಟಕದ ಪ್ರಾಚೀನ ಸಂಸ್ಕೃತಿಯ ಕುರುಹುಗಳನ್ನು ವಿವರಿಸಿ ಮದ್ರಾಸು, ಮೈಸೂರು, ಹೈದರಾಬಾದ್ ಪ್ರಾಂತಗಳ ಕರ್ನಾಟಕದ ಕುರುಹುಗಳೊಡನೆ ಅವುಗಳನ್ನು ಹೋಲಿಸಿ ನಿಮ್ಮ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಬರೆಯಿರಿ.

ಅಥವಾ

ಕರ್ನಾಟಕದ ೧೧–೧೨ನೆಯ ಶತಮಾನದ ವಿದ್ಯಾಕೇಂದ್ರಗಳನ್ನು ಹೇಳಿ ಅವುಗಳ ಶಿಕ್ಷಣ ಕ್ರಮ, ಆಡಳಿತ, ಇತ್ಯಾದಿಗಳನ್ನು ಕುರಿತು ಬರೆಯಿರಿ.

VI. ತುಳುಮನೆ ತನದ ಕೃಷ್ಣದೇವರಾಯನು ಕರ್ನಾಟಕನೋ ಆಂಧ್ರನೋ ಚರ್ಚಿಸಿ ಸಮರ್ಪಕವಾದದ್ದನ್ನು ನಿರ್ಧರಿಸಿರಿ.

ಅಥವಾ

ವಿಜಯನಗರ ಸಾಮ್ರಾಜ್ಯದ ಉತ್ಪತ್ತಿಯನ್ನು ಕುರಿತು ವಿದ್ವಾಂಸರಲ್ಲಿದ್ದ ಭಿನ್ನಾಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಆಧಾರಪೂರ್ವಕವಾಗಿ ವಿವರಿಸಿ.

VII. ಕನ್ನಡಲಿಪಿ ಬ್ರಾಹ್ಮೀ ಲಿಪಿಯಿಂದ ಹುಟ್ಟಿತೆಂಬ ವಿಧಾನವನ್ನು ಚರ್ಚಿಸಿ ೧೩–೧೪ನೆಯ ಶತಮಾನಗಳಲ್ಲಿದ್ದ ಅದರ ವ್ಯಾಪ್ತಿಯನ್ನು ವಿವರಿಸಿರಿ.

ಅಥವಾ

೬–೭ನೆಯ ಶತಮಾನದ ಚಲುಕ್ಯ (ಕನ್ನಡ) ಲಿಪಿಯ ಮಹತ್ವದ ಲಕ್ಷಣಗಳನ್ನು ಆಕೃತಿಗಳೊಂದಿಗೆ ವಿವರಿಸಿರಿ.

FACULTY OF ARTS

M.A. Examination

1355 F.—1946 A.D.

KANNADA—PAPER VIII

(ESSAY)

Time—3 Hours] [*Marks* 100

[ಸೂಚನೆ.—ಒಂದೊಂದು ಭಾಗದಿಂದ ಒಂದೊಂದು ವಿಷಯವನ್ನಾಯ್ದು ಒಟ್ಟಿನಲ್ಲಿ ಮೂರು ಪ್ರಬಂಧಗಳನ್ನು ಬರೆಯಿರಿ.]

PART I

I. ಕನ್ನಡಸಾಹಿತ್ಯದ ಸ್ವರ್ಣಯುಗವಾವುದು? ನಿಮ್ಮ ಅಭಿಪ್ರಾಯಕ್ಕೆ ಕಾರಣಗಳೇನು?

II. ವಚನಸಾಹಿತ್ಯದ ವೈಶಿಷ್ಟ್ಯವೇನೆಂಬುದನ್ನು ವಿಮರ್ಶಿಸಿ.

III. ದಾಸಸಾಹಿತ್ಯದ ಮುಖ್ಯಾಂಶಗಳಾವುವು? ವಿಭಜಿಸಿ. 35

PART II

IV. 'ಕಲೆಗಾಗಿಕಲೆ' ಎಂಬುದು ಸತ್ಯವೆ? ಸೋದಾಹರಣವಾಗಿ ಚರ್ಚಿಸಿ.

V. ಶೈಲಿಯೆಂದರೇನು? ಅದನ್ನು ಪರಿಕಿಸುವ ಹೆಗ್ಗುರುತುಗಳಾವುವು?

VI. ಕನ್ನಡದ ಛಂದಸ್ಸಿನ ವೈಖರಿ ಯೇನು? 30

Turn over

امتحان ام۔اے (ابتدائی) شعبہ فنون سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ء

---

۱۵ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

مضمون :- تاریخ پرچہ (قدیم سیاسی ۱۹۴۷ء) — نشانات (۱۰۰)

ہدایت - صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں

۱- ڈی ٹیکول کو دستور انگلستان سے متعلق بہت شبہات ہیں۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ دستور انگلستان کا وجود ہی نہیں ہے۔ دنیا کے اور دساتیر کو سامنے رکھ کر تم اپنی رائے دو۔

۲- ویب نے انگلستان کی حکومت کو تاجدار جمہوریہ Crowned Republic کی جدید اصطلاح سے تعبیر کیا تھا۔ بادشاہ کی حیثیت اور اس کے تمام اختیارات کا جائزہ لے کر بتاؤ کہ آیا یہ قول صورت حال کے مطابق ہے۔

۳- سوستان کو دنیا کا سیاسی تجربہ خانہ کہا گیا ہے۔ اس ملک نے دستور کے کن تجربوں سے دنیا کو روشناس کیا اور ان سے کیا فائدے پہنچے؟

۴- جرمنی کے وائمار Weimar دستور میں عاملہ کو کیونکر مرتب کیا گیا تھا۔ کیا اس عاملہ میں آمریت کے میلانات پہلے سے موجود تھے؟

۵- موجودہ روسی مملکت میں مرکزی مقننہ کو کس طرح مرتب کیا گیا ہے۔ اس کے اراکین کس طرح منتخب ہو کر آتے ہیں؟

۶- ریاستہائے متحدہ امریکہ کے دستور کو "متوازن" کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں "روک اور توازن" کا اصول کارفرما ہے۔ اس سے

PART III

VII. 'ಪದ್ಯಂ ವಧ್ಯಂ, ಗದ್ಯಂ ಹೃದ್ಯಂ' ಎಂಬುದು 'ಜಾವುಂಡ ರಾಯಪುರಾಣ' 'ಚಿಕದೇವರಾಜ ವಂಶಾವಳಿ'ಗಳಿಗೆ ಹೋಲುವುದೆ? ಈ ವಿಷಯವಾಗಿ ನಿಮ್ಮ ಮಾನದಂಡವಾವುದು?

VIII. ನೀವು ಓದಿದಗ್ರಂಥಗಳ ಆಧಾರದಿಂದ ಕನ್ನಡಕ್ಕಿದ್ದ ಸಂಸ್ಕೃತದ ಋಣವನ್ನು ನಿರ್ಣಯಿಸಿ.

IX. ಕನ್ನಡಕ್ಕಾದ ಪಾಶ್ಚಾತ್ಯ ಸಂಸ್ಕಾರವನ್ನು ಕುರಿತು ಒಂದು ಪ್ರಬಂಧವನ್ನು ಬರೆಯಿರಿ. 35

امتحان ایم ۔ اے (ابتدائی) شعبہ فنون
سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ ۔ پرچہ دوم (نظریات سیاسی از سنہ ۱۵۰۰ع)
مضمون معاشیات ۔ پرچۂ سوم (ب)

وقت ۔ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف پانچ سوالوں کا جواب مطلوب ہیں ۔

(۱) مندرجہ ذیل مقولوں میں کسی دو کی تشریح کرو ۔

(الف) 'For though they that speak of this subject, use to confound *jus* and *lex*, right and law; yet they ought to be distinguished.' (Hobbes.)

(ب) 'Men being, as has been said, by nature all free, equal, and independent, no one can be put out of this estate, and subjected to the political power of another, without his own consent.' (Locke.)

(ج) 'Sovereignty being simply the exercise of the general will can never be alienated, and the sovereign, who is only a collective being, can only be represented by himself. Power can be transmitted, but not will.' (Rousseau)

(د) 'If all mankind minus one were of one opinion, and only one person were of the contrary opinion, mankind would be no more justified in silencing that one person, than he, if he had the power would be justified in silencing mankind.' (J. S. Mill.)

(ہ) 'Will, not force, is the basis of the state.' (Green.)

امتحان ایم ۔ اے (ابتدائی) شعبہ فنون
سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ ۔ پرچہ دوم (نظریات سیاسی از سنہ ۱۵۰۰ع)
مضمن معاشیات ۔ پرچۂ سوم (ب)

وقت ۔ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ صرف پانچ سوالوں کا جواب مطلوب ہیں ۔

(۱) مندرجہ ذیل مقولوں میں کسی دو کی تشریح کرو :—

(الف) 'For though they that speak of this subject, use to confound *jus* and *lex*, right and law; yet they ought to be distinguished.' (Hobbes.)

(ب) 'Men being, as has been said, by nature all free, equal, and independent, no one can be put out of this estate, and subjected to the political power of another, without his own consent.' (Locke.)

(ج) 'Sovereignty being simply the exercise of the general will can never be alienated, and the sovereign, who is only a collective being, can only be represented by himself. Power can be transmitted, but not will.' (Rousseau)

(د) 'If all mankind minus one were of one opinion, and only one person were of the contrary opinion, mankind would be no more justified in silencing that one person, than he, if he had the power would be justified in silencing mankind.' (J. S. Mill.)

(ہ) 'Will, not force, is the basis of the state.' (Green.)

کیا مطلب ہے وضاحت سے بیان کرو۔

۷۔ حسب ذیل قول کی وضاحت کرو۔

American cabinet is a mere creation of President's will. It is an extra statutory and extra Constitutional body" (President Taft).

۸۔ دنیا کے نمایاں وفاقی دساتیر کو سامنے رکھ کر اس اصول پر بحث کرو۔

"Federation is Union, not Unity."

۹۔ فرانس کے ایوان اعلیٰ سے متعلق ایک امریکی عالم نے کہا تھا کہ "یہ سنات ایسی ذی اثر جماعتوں سے مرکب ہے کہ دنیا کی کسی قانون ساز جماعت میں اس سے بہتر افراد نہیں مل سکتے" امریکہ کے سنات اور جرمنی کے رائشس رٹ Reichrath سے مقابلہ کر کے اپنی رائے ظاہر کرو۔

۱۰۔ ذیل کے فقرے پر تبصرہ کرو۔

"Democracy has been tried and found wanting"

216-(Hist) & 226-B(Eco)

امتحان ایم۔اے (ابتدائی) شعبہ فنون

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون (تاریخ) پرچہ (دوم) نظریات سیاسی از سنہ ۱۵۰۰ع

مضمون معاشیات پرچہ (۲-وم ب)

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایات — صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱- مندرجہ ذیل مقولوں میں کسی دو کی تشریح کرو:-

(الف) "For though they that speak of this subject, use to confound *jus* and *lex*, right and law; yet they ought to be distingiushed." (Hobbes)

(ب) "Men being, as has been said, by nature all free, equal, and independent, no one can be put out of this estate, and subjected to the political power of another, without his own consent" (Locke).

(ج) "Sovereignty being simply the exercise of the general will can never be alienated, and the sovereign, who is only a collective being, can only be represented by himself Power can be transmitted, but not will." (Rousseau)

(د) "If all mankind minus one were of one opinion, and only one person were of the contrary opinion, mankind would be no more justified in silencing that one person, than he, if he had the power would be justified in silencing mankind." (J. S. Mill)

(ہ) "Will, not force, is the basis of the state." (Green)

۲- یہ کہاں تک صحیح ہے کہ اصلاح نے مملکت کی قوت کو استحکام پونہچایا؟

۳- سیاسی نظریوں کے ارتقاء میں بودین (Bodin) کی اہمیت بیان کرو۔

۴- ہابز اور لاک کے نظریہ اقتدار اعلی کا مقابلہ کرو۔ اور یہ دکھاؤ کہ روسو نے ان دونوں نظریوں کو اپنے فلسفہ میں جمع کر دیا۔

(۲) یہ کہاں تک صحیح ہے کہ اصلاح نے مملکت کی قوت کو استحکام پہونچایا ؟

(۳) سیاسی نظریوں کے ارتقاء میں بوڈن (Bodin) کی اہمیت بیان کرو۔

(۴) ہابز اور لاک کے نظریہ اقتدار اعلیٰ کا مقابلہ کرو ۔ اور یہ دکھاؤ کہ روسو نے ان دونوں نظریوں کو اپنے فلسفہ میں جمع کردیا ۔

(۵) مانٹسکیو کے طرز استدلال کی وضاحت کرو اور بتاؤ کہ اس نے نظریہ سیاسیات میں کیا اضافہ کیا ؟

(۶) ہیگل نے آزادی کے کیا معنی لئے ہیں ؟ اسکے فلسفہ میں شخصی آزادی کا کیا مرتبہ ہے ؟

(۷) اصول افادیت کے مطابق اطاعت مملکت کی تشریح کرو اور اس نظریہ کی تنقید کرو۔

(۸) گرین نے اپنے فلسفہ میں انسانی حقوق کے حوالہ کو کن دلیلوں سے ثابت کیا ہے ؟ ان حقوق کا سماج اور مملکت سے کیا تعلق ہے ؟

(۹) مارکس کے نظریہ مملکت پر بحث کرو۔

امتحان ایم۔ اے (ابتدائی) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تاریخ۔ پرچۂ سوم (تاریخ ہند عہد وسطیٰ) — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں

(۱) وضاحت سے بیان کرو کہ سلطان ناصرالدین محمود کی تخت نشینی کے وقت سلطنت دہلی کی سیاسی اور انتظامی کیفیت کیا تھی۔ حکومت کی کمزوری کے خاص اسباب کیا تھے؟

(۲) تنقیدی نظر سے بیان کرو کہ ترکان جھلگانہ کے مقاصد اور اغراض کیا تھے اور کس حد تک انھوں نے مرکزی حکومت کی طاقت کو کمزور کیا۔

(۳) حسب ذیل میں سے کسی تین کے حالات اور کارناموں کو مختصر طور سے بیان کرو:۔ ملک اعزالدین بلبن (بلبن بزرگ)۔ عمادالدین ریحان قتلغ خاں۔ شیر خاں۔

(۴) بحیثیت ملک نائب کے غیاث الدین بلبن کے کارناموں اور پالیسی پر تنقیدی طور سے بحث کرو۔

(۵) مندرجہ ذیل مقالات پر بحث کرو:۔

۵- مانٹسکیو کے طرز استدلال کی وضاحت کرو اور بتاو کہ اس نے نظری سیاسیات میں کیا اضافہ کیا ؟

۶- ہیگل نے آزادی کے کیا معنی لئے ہیں ؟ اس کے فلسفہ میں شخصی آزادی کا کیا مرتبہ ہے ؟

۷- اصول افادیت کے مطابق اطاعت مملکت کی تشریح کرو اور اس نظریہ کی تنقید کرو۔

۸- گرین نے اپنے فلسفہ میں انسانی حقوق کے جواز کو کن دلیلوں سے ثابت کیا ہے ؟ ان حقوق کا سماج اور مملکت سے کیا تعلق ہے ؟

۹- مارکس کے نظریہ مملکت پر بحث کرو۔

امتحان ایم۔ اے (ابتدائی) شعبہ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تاریخ (پرچہ سوم) (تاریخ ہند عہد حالیہ) — نشانات ۱۰۰

ہدایت :۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) دوسری جنگ افغانستان کے ضمن میں لارڈ لٹن کی حکمت عملی پر تنقید کرتے ہوئے لارڈ ڈرپن نے ایک موقع پر کہا تھا کہ وہ چاند پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔" رپن نے تلافی مافات کی کیا کوشش کی ؟

(۲) ہندوستان کی عام سیاسی حالت کا جائزہ لیتے ہوئے رپن نے ۱۸۸۲ء میں وزیر ہند کے لیے جو یادداشت تیار کی تھی اس میں کس قسم کے خیالات کا اظہار کیا گیا تھا۔ اور کیا اس کو پڑھنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ اس ملک کے مسائل کو ٹھیک سمجھ تھا۔

(۳) پنجدہ کے واقعہ کی فوجی اور سیاسی اہمیت واضح کرو۔ جنرل کمارائف نے افغانوں کے خلاف جو طرز عمل اختیار کیا وہ کہاں تک حق بجانب کہا جا سکتا ہے۔

(۴) تیسری جنگ برما کے اسباب و نتائج پر مفصل بحث کرو۔

(۵) انڈین نیشنل کانگریس کا قیام کن حالات میں عمل میں آیا اور اسکی بنا ڈالنے میں کن کن لوگوں نے خاص طور پر حصہ لیا۔

(۶) لارڈ کرزن نے شمال مغربی سرحد کے مسائل کو حل کرنے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں اور آیندہ ان پر کہاں تک عمل کیا گیا۔

(ا) "انبیاء کے اخلاق اور اولیاء کے اوصاف میں سے جو کچھ حق تعالیٰ نے سلطان ناصرالدین کی معظم ذات میں ودیعت کئے ہیں، گذرے زمانہ کے سلطانوں میں سے کسی اور کی ذات میں جمع نہ ہوئے تھے۔" (طبقات ناصری)

(ب) "اس زمانہ میں نیابتِ ملک غیاث الدین بلبن کا عہدہ تھا اور وہ سلطان ناصرالدین کو نمونہ کی طور سے رکھتا تھا۔" (تاریخ فیروز شاہی)

(۶) ضیاء الدین برنی کے بیان سے غیاث الدین بلبن کے ذاتی اخلاق اور عادات اور اس کی حکمت عملی کا کیا پتہ چلتا ہے؟ تمھارے خیال میں برنی کی رائے کہاں تک قابلِ اعتماد ہے؟

(۷) بنگال میں طغرل کی بغاوت کا مختصر حال لکھو۔ تمھاری رائے میں بلبن کی سیاست کہاں تک جائز تھی؟

(۸) سلطان محمد خاں شہید کے اخلاق اور واقعاتِ زندگی کا اجمالاً ذکر کرو۔

(۹) ان صوفیائے کرام اور اہلِ قلم کے کچھ حالات لکھو جو سلطان ناصرالدین اور بلبن کے عہد میں موجود تھے۔

امتحان ایم۔ اے (ابتدائی) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تاریخ اسلام۔ (ہشام سے مروان ثانی تک) پرچۂ چہارم۔ نشانات ۱۰۰

ہدایت: صرف پانچ سوالوں کے جواب درکار ہیں۔

(۱) بنی مضر اور بنی حمیر کے قدیمی اختلافات کے اسباب بیان کرو اور یہ واضح کرو کہ عہد بنی امیہ کے زوال میں ان اسباب کا کتنا حصہ ہے۔

(۲) "بالآخر یہ ہوا کہ باوجود ان ساری خوبیوں کے جن کا ہشام بن عبدالملک یقیناً مالک تھا، خاندان بنی امیہ کا اثر و اقتدار برابر گھٹتا ہی گیا" اس مقولہ کی وضاحت کرو۔

(۳) مسلمانوں اور چارلس مارٹل کے درمیان جو رزم آرائیاں ہوئیں ان کے اسباب و واقعات لکھو۔

(۴) ہشام بن عبدالملک نے بنی ہاشم کے خلاف کیا حکمت عملی اختیار کی اور آئندہ رفتار واقعات پر اس کا کیا اثر ہوا؟

(۵) آفریقہ پر عربوں کے اقتدار کے مقابلہ میں بربروں کا کیا طرز عمل رہا؟ اور بنی امیہ کے آخری دور میں اس طرز عمل میں کیا تبدیلی ہوئی۔

(۶) مروان ثانی کو "الحمار" کے لقب سے کیوں یاد کیا جاتا ہے؟ اس کی سیرت کے چند ممتاز پہلوؤں پر روشنی ڈالو۔

(۷) لارڈ کرزن نے مندرجہ ذیل الفاظ کس موقع پر استعمال کیے تھے اور ان سے دیسی ریاستوں کے متعلق اس کے کس قسم کے خیالات کا اظہار ہوتا ہے:۔

"The Sovereignty of the Crown is everywhere unchallenged. It has itself laid down the limitations of its own prerogative."

(۸) مسلمانوں نے مسلم لیگ کے قیام کی ضرورت کو کب اور کیوں محسوس کیا۔ اس ادارہ کی ابتدائی تاریخ میں کن لوگوں نے خاص حصہ لیا۔

(۹) قانون حکومت ہند ۱۹۱۹ء کو اپنے پیش نظر رکھتے ہوئے مندرجۂ ذیل قول پر بحث کرو:۔

"مرکزی حکومت کی تشکیل میں ذمہ داری کا کوئی عنصر موجود نہیں۔ گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل کی اصلی ذمہ داری پارلیمنٹ کے روبرو ہے نہ کہ جماعت مقننہ کے سامنے۔"

امتحان ایم۔اے شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۹ مراردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تاریخ پرچہ چہارم (تاریخ تمدن ہند۔عہدِ حالیہ) — نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱ ۔ ۱۸۵۸ء سے قبل ہندوستان کے معاملہ میں پارلیمنٹی مداخلت سے آئینی اصولِ حکمرانی کی اہمیت کس طرح واضح ہوتی ہے؟

۲ ۔ کمپنی کی سیاست کاری سے جو اثرات ملک اور سماج پر پڑے وہ کس نوعیت کے تھے؟

۳ ۔ ہندو عورت کے مذہبی، سماجی اور معاشی حقوق کے مدِ نظر راجا رام موہن رائے نے رسم ستی کو کس طرح ناجائز قرار دیا؟

۴ ۔ راجا رام موہن رائے کی آزاد پریس سے متعلق جو عرضداشتیں تھیں کیا وہ "The Areopagitica of Inian History" تصوّر کی جاسکتی ہیں؟

۵ ۔ سر چارلس ووڈ کا ۱۸۵۴ء کا مسودہ تعلیم کیا ہندوستانی نظامِ تعلیم کا ایک تعمیری دُور سمجھا جاسکتا ہے؟

۶ ۔ کیا سر سید احمد خاں نے ہندوستان میں ایک نئے جدید تمدن کی داغ بیل ڈالی تھی؟

(۷) مروان ثانی کے عہد میں خوارج نے کیا مسلک اختیار کیا اور اس کے کیا نتائج پیدا ہوئے ؟

(۸) ہشام کی وفات کے وقت ہسپانیہ میں اسلامی سلطنت کے حدود کیا تھے ؟ ان کو ایک نقشے کے ذریعہ واضح کرو اور اس میں مختلف صوبہ جات، ان کے صدر مقامات اور دیگر مشہور شہروں کی نشاندہی کرو۔

(۹) ذیل کے اسماء میں سے کسی چار پر مختصر نوٹ لکھو :—

(۱) محمد الامام (۲) عبدالرحمن غافقی (۳) یزید الناقص
(۴) نصر بن سیار (۵) عین الحجار (۶) ابومسلم خراسانی

امتحان ام۔اے (آخری) شعبۂ فنون سنہ ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۳ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تاریخ - پرچہ اول (عام مضمون نویسی) نشانات ۱۰۰

ذیل کے عنوانوں میں سے کسی ایک پر بسیط مضمون لکھو۔

۱۔ متحدہ اقوام کی تنظیم (United Nations Organization) اور امن عالم

۲۔ "Modern political trend is, not dependence, but inter-dependence."

۳۔ ہندوستان کا دستوری مسئلہ اور حالیہ برطانوی تجاویز۔

۷ ۔ مسلمانوں کے مذہبی تخیلات کی تبدیلی میں سرسید احمد خاں کا نمایاں کارنامہ کیا رہا ؟

۸ ۔ ۱۸۵۷ء سے لے کر ۱۸۸۵ء تک ہندی سیاست اور انگریزی حکومت کے مابین کس نوعیت کا تصادم رہا ؟

۹ ۔ کیا یہ صحیح ہے کہ ہندی فرقہ واریت رجعت پسند تحریکوں کا نتیجہ ہے ؟

امتحان ایم اے شعبہ فنون

۲۴ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۵ ف

مضمون تاریخ پرچہ دوم قانون حکومت ہند ۱۹۳۵ع
قلمرو اور اسلامی نظریات سیاسی

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ حصہ اول میں سے تین اور حصہ (ب) میں سے دو سوال حل کئے جائیں

(حصہ الف)

۱ قانون حکومت ہند ۱۹۳۵ع کے بموجب مرکزی مقننہ کے اختیارات قانون ساری پر کس قسم کے قیود عائد کئے گئے ہیں۔ کیا اس قسم کے قیود کسی اور قلمرو کے دستور میں پائے جاتے ہیں؟

۲ قانون حکومت ہند ۱۹۳۵ع کی رو سے مرکزی وفاقی حکومت اور صوبوں کے درمیان انتظامی اور مالیاتی تعلقات کی نوعیت کیا ہوگی؟

۳ وفاق میں شرکت کرنے والی ریاستوں کے ان انتظامی امور میں جو دستاویز شرکت کے ذریعہ وفاقی حکومت سے متعلق نہیں کئے گئے ہیں، والسرائے بہ حیثیت قوت بالا دست کے نمائندے کے کس حد تک مداخلت کا مجاز ہوگا؟

۴ مسٹر بالفور کی مندرجہ ذیل رائے پر تبصرہ کرتے ہوئے بتاؤ کہ قلمروی حکومتوں کے نشوونما کے باعث کس طرح

۳ مالگزاری کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل علاقوں سے متعلق کیا احکامات ہیں :-

(۱) حرم

(۲) حجاز

(۳) ماسوا

۴ مندرجہ ذیل پر مفصل نوٹ لکھو :-

(۱) بیت المال

(۲) کاتب دیوان

(۳) صوبوں کی حد بندی کا دفتر ۔

تاج کی حیثیت بہ مقابلہ سابق زیادہ بلند اور مضبوط ہوگئی ہے۔

"In my judgement, the Crown in our Coustitution is not diminishing but an increasing factor. It is increasing with the growth of those free self-governing countries, those new Commonwealths beyond the seas which are bound to us by the person of the Sovereign who is the living symbol of the unity of the Empire"

۵ گزشتہ ۲۰ سال مین کنیڈا نے خارجی امور مین کس حد تک اپنے آپ کو برطانوی دفتر خارجہ سے بے نیاز کرلیا ہے۔ کیا اسکی اس حکمت عملی کی وجہ سے یہ اندیشہ حق بجانب کہا جا سکتا ہے کہ اسکا مستقبل بہ مقابلہ برطانیہ کے امریکہ سے وابستہ ہے؟

۶ انگلستان اور اسکے مختلف قلمروں کے درمیان جو تعلقات ہیں ان کا مقابلہ کرو۔

(حصہ ب)

۱ امام کی ضرورت اور اسکے تقرر کے سلسلہ میں امام الماوردی کے جو خیالات ہیں ان پر تبصرہ کرو۔

۲ صوبہ‌داروں کے فرایض اور اختیارات کا مفصل ذکر کرو۔

امتحان ایم۔ اے شعبۂ تاریخ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۲۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

اثریات۔ پرچہ ۱ — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ صرف پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ علم اثریات کے مقاصد بیان کرو۔ اس سے ہمیں ملکی تاریخ کے سمجھنے میں کس طرح مدد ملتی ہے؟

۲۔ قدیم تصاویر اور اسنادات کو محفوظ کرنے کے طریقے بیان کرو۔

۳۔ مسجد اور مندر کے خصوصیات کیا ہیں؟ جن اصولوں پر یہ بنائے جاتے ہیں ان سے بنانے والوں کے اخلاقی اور تمدنی تخیلات کا کس طرح اندازہ ہوتا ہے؟

۴۔ تمدنی، معاشی اور مذہبی تاریخ کی تدوین میں اسنادات سے کیا مدد ملتی ہے؟ مدلل بیان کرو۔

۵۔ اسلامی فن تعمیر میں اس قدر چیزیں غیر مسلم اقوام سے اخذ کیگئی ہیں کہ بعض اہل فن کی رائے میں مسلمان کسی مخصوص فن تعمیر کے مالک نہ تھے۔ اس پر تنقید کیجئے۔

۶۔ مسلم فن تعمیر مسجد اور مقبرہ پر منحصر ہے۔ اس بیان پر دکن کے اسلامی آثار و عمارات کو مدنظر رکھ کر تنقید کیجئے۔

۷۔ ہندوستان میں تصویر کاری کے فن کی تاریخ بیان کرو۔

امتحان ایم اے (آخری) شعبۂ تاریخ آثاریات ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت وقت ۳ ساعت

مبادیات کتبیات و مسکوکیات۔ پرچۂ دوم۔ نشانات ۱۰۰

ہدایت: ہر حصہ میں سے کم از کم ایک سوال حل کیا جائے اور جملہ پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

حصّہ۔ الف

(۱) کتبیات سے ماضی کو روشنی میں لانے میں کیا مدد ملتی ہے۔ اپنے جوابات کو دکن کی مثالیں دیکر واضح کرو۔

(۲) دکن کے اسلامی کتبات کی کیا خصوصیات ہیں اور ان میں کونسی زبانیں استعمال کی گئی ہیں۔

(۳) ہجری سنہ۔ مشہور سنہ اور سنہ جلوس پر نوٹ لکھو۔

حصّہ۔ ب

(۴) مسکوکیات سے ماضی کی تاریخ مدون کرنے اور اس کی صحت کرنے میں کس طرح مدد ملتی ہے۔

(۵) دکن کے اسلامی سکوں پر ایک نوٹ تحریر کرو۔

(۶) بہمنی اور قطب شاہی سلاطین کے سکوں کا فرق بتاؤ۔

۸۔ ایکٹ ۷ بابت ۱۹۰۴ء عیسوی کے مطابق آثار قدیمہ کی کیا تعریف ہے مزید برآں حفاظت آثار ہائے قدیمہ کے متعلق حکومت ہند و حکومت آصفیہ کی پالیسی پر بحث کیجئے۔

۹۔ اسلامی عہد کی عمارات کی مرمت کن اصولوں پر کرنی چاہیے، اور ان کو کس حد تک از سر نو تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ ۱۰ مدلل بیان کرو۔

حصّہ۔ ج

ذیل کے کسی ایک سکے کے رخ اول اور رخ دوم کی عبارت اور ترجمہ لکھو نیز یہ بتاؤ کہ ان سے تاریخی واقعات پر کیا روشنی پڑتی ہے اور کسی ایک کتبے کی عبارت اور ترجمہ لکھو نیز تشریح کرو۔

نوٹ

کتبات اور سکوں کی تصاویر دیکھو صفحہ
(۳) و صفحہ (۴) پر

امتحان ایم۔اے (آخری) شعبۂ تاریخ۔اثریات۔ ۱۳۵۵ف/۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

عملی کام — پرچۂ سوم — نشانات ۱۰۰

ہدایت: صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) اثریات میں عملی کام (Field Work) کی کیا اہمیت ہے۔ ۲۰

(۲) دکن میں قرون وسطیٰ کے کس مقام کو تم کس وجہ سے کھدائی کے لئے بہترین خیال کرتے ہو۔ اور وہاں کن اشیاء کے ملنے کی توقع ہوسکتی ہے اور کھدائی کے لئے تم کیا طریقے اختیار کروگے؟ ۲۰

(۳) ذیل کے عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی نظر ڈالو جواب میں اپنے دیکھے ہوئے مقامات کا بطور خاص ذکر کرو۔ ۲۰

(۱) بہمنی فن تعمیر
(۲) قطب شاہی فن تعمیر
(۳) قرون وسطیٰ کے ذرائع آب رسانی
(۴) ملک عنبر کی عمارتیں

(۴) رابعہ دورانی کے مقبرہ کا آگرہ کے تاج سے مقابلہ کرو اور دونوں کا فرق بتاؤ۔ ۲۰

(٨)

(٩)

امتحان ایم ۔ اے (ابتدائي) شعبه فنون
سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون (معاشیات) ۔ پرچه اول (اصول معاشیات)

وقت ۔ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :۔ صرف پانچ سوالون کے جوابات دو ۔ سب سوالون کے نشانات برابر هین ۔

(۱) یه کہا گیا هے که قانون بدل نه صرف آجر کے ذریعے عمل مین لایاجاتا هے ۔ بلکه آجر پر بهي اِسکا عمل هوتا هے ۔ کیا یه لظریه صحیح هے ؟ اگر هے تو اس قانون کا آجر پر کیسے عمل هوتا هے ۔

(۲) " اجرت قدر کا پیمانه " اور ماخذ هے " ۔ اس مقوله کي روشني مین یه واضح کرو که قانوني طور پر اجرتون کے معین کرنے کے کیا اثرات مترتب هوتے هین ۔

(۳) معاشي قوانین کا مفهوم واضح کرو ۔ کیا " اضافیت " ان قوانین کي لازمي خصوصیت هے ۔

(۴) قیمتوں پر حکومتي نگرانی کے آپ کس حدتک حامي هین ؟

قیمتوں کي نگراني کن اصولوں پر هوني چاهئے اور اس کے لئے کیا ذرائع اختیار کئے جانے چاهئین ۔

Turn over

(۵) دکن میں قرون وسطیٰ کے جو باغ پائے جاتے ہیں ان کو تفصیلی طور پر بیان کرو۔

(۶) کتبوں کے چربے تیار کرنے کا طریقہ تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔

(۷) تمھاری پیمائش کی ہوئی عمارتوں میں سے کسی ایک کو بیان کرو اور اس کی مساحتیں بتاؤ۔

(۸) ابتدائی آصف جاہی عہد کے فن تعمیر کی خصوصیات بیان کرو۔

امتحان یم ـ اے (ابتدائي) شعبه فنون
سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون (معشیات) ـ پرچه دوم (معاشي تخیل کي تاریخ)

وقت ـ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :ـــ صرف پانچ سوالوں کا جواب دو - سب سوالوں
کے نشانات برابر هیں -

(۱) مارکس کے نظریه قدر متزایه کی مفصل تشریح کرو -

(۲) جرمن تاریخی اسکول پر ایک مفصل تنقیدي نوٹ لکھو -

(۳) رکارڈو بے معاشیات کي کیا خدمت کی هے اسکے اهم نظریوں پر تبصرہ کرو -

(۴) نظریه لگان کي تاریخي نشو و نما پر ایک تنقیدي مفصل نوٹ لکھو -

(۵) نظریه سود کي تاریخي نشو و نما پر ایک مفصل نوٹ لکھو -

(۶) تجاریت کا نظام کن اصولوں پر مبني تها اسکا اثر اسوقت کے معاشرہ پر کیا پڑا -

Turn over

(۵) معاشرتي مصارف (Socialcosts) کي تشريح کرو - ان مصارف کو کس طرح پر کم سے کم کيا جاسکتا ھے -

(٦) ' Rent is leading species of a genus and not a genus by itself .'

اس مقولے پر تنقيد کرو - اور اس کے نظرائي اور عملي پہلوں کی تشريح کرو -

(۷) مالتھس کے نظريہ آبادی پر تنقيدي نوٹ لکھو۔

(۸) زراعت ميں آجر کا کام کسطرح خوش اسلوبي سے ادا کيا جاسکتا ھے - اور ہندوستان ميں اِسکي انجام دہي کيلئے کيا وسائل اختيار کرنے کی ضرورت ھے -

(۹) کينز کے نظريہ سود کي وضاحت کرو - موجودہ جنگ سے اس نظريہ کو کس حدتک تقويت حاصل ہوي ہے -

(۱۰) جديد مباحث کي روشني ميں معاشيات کے صحيح موضوع بحث اور طريق تحقيق پر ايک تنقيدي نوٹ لکھو -

امتحان ـ ایم ـ اے (ابتدائي) معاشیات شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

وقت ـ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

مضمون ـ (عمرانیات) پرچه سوم (الف)

صرف پانچ سوالون کے جوابات مطلوب هین ـ

(۱) جغرافي جبریت (determinism) یا معاشي جبریت کا کیا مفهوم هے ؟ هندوستاني تیوهاروں سے جغرافي اور معاشي ' اثرات کي اهمیت کا کیا اندازه هوتا هے ؟

(۲) " خود عمرانیات اور سماجي نفسیات معترف هیں که ان کی تعلیمات صرف ایک قلیل تعدادي جماعت پر اثر انداز هو سکتي هیں ' کیوں که هر ملک و زمانے کي عظیم اکثریت سماجیت کي بلکل طابع هے " ـ اس قول کي تشریح و تنقید کیجئے ـ

(۳) اقل انساني حقوق کے منوانے ـ میں فکروں اور انقلابوں کا کیا حصه هے ؟ اس طرح جواب دیجئے که اساسي انساني حقوق کي نوعیت معلوم هوجائے ـ

Turn over

(۷) اشتراکیت کے اہم اصول کیا ہیں - مارکسي اشتراکیت اور اُس سے پہلے کے اشتراکیں کے اصولوں میں کیا فرق ھے -

(۸) اسنادي اسکول معاشیات کے عروج و زوال اور پھر عرج کے اسباب پر روشني ڈالو -

(۹) نظریہ بین‌الاقوامي تقسیم عمل کے اہم مفروضات کیا تھے اور یہ اسوقت کس حدتک عملي طور پر درست ہیں -

(۱۰) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر نوٹ لکھو -
مارشل - کینز - ادم اسمتھ - فان تھونن - شمدي - کیري -

امتحان ایم ۔ اے (ابتدائي) شعبه فنون
سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون تاریخ ۔ پرچه دوم (نظریات سیاسي از سنه ۱۵۰۰ع)
مضمن معاشیات ۔ پرچهٔ سوم (ب)

وقت ۔ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت ۔ صرف پانچ سوالون کا جواب مطلوب هین ۔

(۱) مندرجه ذیل مقولون مین کسی دو کی تشریح کرو :—

(الف) 'For though they that speak of this subject, use to confound *jus* and *lex*, right and law; yet they ought to be distinguished.' (Hobbes.)

(ب) 'Men being, as has been said, by nature all free, equal, and independent, no one can be put out of this estate, and subjected to the political power of another, without his own consent.' (Locke.)

(ج) 'Sovereignty being simply the exercise of the general will can never be alienated, and the sovereign, who is only a collective being, can only be represented by himself. Power can be transmitted, but not will.' (Rousseau)

(د) 'If all mankind minus one were of one opinion, and only one person were of the contrary opinion, mankind would be no more justified in silencing that one person, than he, if he had the power would be justified in silencing mankind.' (J. S. Mill.)

(ه) 'Will, not force, is the basis of the state.' (Green.)

(۴) جماعت بندي يا آبادي کي جماعت واري تقسيم کن طريقوں پر هوتي هے ؟ تفصيل سے وضاحت کيجئے تاکه جماعت بندي کي قسموں کا علم هوسکے -

(۵) پهلي اور خاص کر دوسري عالمي جنگ کي وجه سے کون کون سے سماجي مسئلے پيدا يا نمايان هوئے ؟ ان مسئلوں کو حل کرنے کي کيا تدبيريں اختيار کي جارهي هيں ؟

(۶) نقل و حمل ' آمد و رفت اور مراسلت کي بڑهتي هوي سهولتيں کيا کيا تمدني اور سماجي تبديليان پيدا کرچکي يا کر رهي هيں ؟ زياده تر هندوستان کي مثاليں دے کر جواب دیجئے -

(۷) "گمراهوں کے حقيقي سدهار کي حدتک پوليس کي ضابطه پرستي اور عدالتوں کے بے لوچ فيصلوں سے بدرجها زياده موثر تنبيهي هدايت پرول (parole) اور سزا يافتوں کي امداد اور همدردانه ديکه بهال هے" - اس قول کا تشريحي اور تنقيدي تبصرہ کيجئے -

(۸) حسب ذيل ميں سے کسي ايک پر مختصر مگر جامع مضمون لکهئے :-

(ا) سماجي مصلح کي حيثيت سے مهاتما گاندهي کا مرتبه -

(ب) تمدّني نقاد کي حيثيت سے اقبال کا مرتبه -

امتحان ایم ۔ اے (ابتدائي) شعبه فنون

مضمون ۔ (معاشیات) پرچه سوم (معاشی تاریخ)

وقت ۔ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت :۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب دو ۔ هر حصے میں سے کم ازکم ایك سوال کا جواب ضروری هے ۔

حصهٔ اول

(۱) یه بیان کس حد تك صحیح هے که امریکي خانه جنگی کو جنوبی اور شمالی ریاستوں کے معاشی مفادات کے تصادم کا نتیجه قرار دیاجاسکتا هے ۔ اس جنگ کے معاشي نتائج کیا تھے ؟

(۲) امریکه میں مزدور تحریك کی ترقي کا مختصر حال لکھو یهاں کے مزدور سبھاؤں کي نوعیت کس حد تك جرمنی کے مزدور سبھاؤں سے مختلف تھی ۔

(۳) امریکه اور جرمني کي حکومتوں کا ریلوں کی ملکیت اور انتظام کے متعلق جو طور عمل رها انکا باهمي مقابله و موازنه کرو ۔

(۴) امریکه کے صنعتي اتحاد کي ترقي کا حال اختصار کے ساتھ بیان کرو اور اس سلسله میں جو اهم قوانین ۱۸۹۰ تا ۱۹۱۴ صنعتي اتحادات کے خلاف نافذ کئے گئے ان پر تنقیدي نوٹ لکھو ۔

Turn over

(۲) یہ کہاں تک صحیح ہے کہ اصلاح نے مملکت کی قوت کو استحکام بہونچایا ؟

(۳) سیاسی نظریوں کے ارتقاء میں بوڈن (Bodin) کی اہمیت بیان کرو۔

(۴) ہابز اور لاک کے نظریہ اقتدار اعلیٰ کا مقابلہ کرو ۔ اور یہ دکھاؤ کہ روسو نے ان دونوں نظریوں کو اپنے فلسفہ میں جمع کردیا۔

(۵) مونٹیسکیو کے طرز استدلال کی وضاحت کرو اور بتاؤ کہ اس نے نظری سیاسیات میں کیا اضافہ کیا ؟

(۶) ہیگل نے آزادی کے کیا معنی لئے ہیں ؟ اسکے فلسفہ میں شخصی آزادی کا کیا مرتبہ ہے ؟

(۷) اصول اوڈیت کے مطابق اطاعت مملکت کی تشریح کرو اور اس نظریہ کی تنقید کرو۔

(۸) جرمن نے اپنے فلسفہ میں انسانی حقوق کے حوار کو کن دلیلوں سے ثابت کیا ہے ؟ ان حقوق کا سماج اور مملکت سے کیا تعلق ہے ؟

(۹) مارکس کے نظریہ مملکت پر بحث کرو۔

امتحان بم - اے (ابتدائي) شعبه فنون
سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون (معاشيات) - پرچه چهارم (زرد بنک کاري)

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف پانچ سوالون کا جواب دیجئے سب سوالون کے نشانات برابر هین -

(۱) دسمبر سنه ۱۹۴۵ع کے طے شده امریکي - برطانوي معاهدهٔ قرض کا هندوستان کي بیروني تجارت پر کیا اثر هوگا - اس معاهدے سے هندوستان کي صنعتي ترقي کو کیا نقصان پهنچے گا - ان نقصانات کو دور کرنے کي تدا بیر تجویز کرو -

(۲) زر کي خارجي شرح مبادله کس طرح متعیّن هوتي هے - کیا نظریهٔ مساوات قوت خرید (Purchasing Power Parity) اس مسئلے کا تسلّي بخش حل هے - اپنے جواب کے ثبوت مین دلائل پیش کرو -

(۳) " جب تک که معیار طلا دنیا مین قائم رها اس کي خوبیون کي وجه سے بین‌الاقوامي ادائیون مین آساني رهي " معیار طلا کي وه خوبیاں بیان کرو جن کا ذکر مندرجه بالا مقوله مین کیا گیا هے - کیا تمهاري رائے مین

حصۂ دوم

(۵) انیسویں صدی میں جرمنی کے تجارتی مسلک کے مختلف پہلوؤں کو واضح کرو اور اس سلسلہ میں "اتحاد کٹومٹ کری" (Zollverein) نے جو خدمات انجام دئے ان پر بحث کرو۔

(۶) جرمنی کی معاشی زندگی کو پہلی جنگ عظیم نے کیسے متاثر کیا۔

(۷) جرمنی میں معاشرتی قانون سازی کے آغاز و نشونما پر ایک تنقیدی نوٹ لکھو۔

حصۂ سوم

(۸) واضح کرو کہ جاپان کی زرعی ترقی میں حکومت کا کیا حصہ رہا۔

(۹) سنہ ۱۹۱۴ ع سے جاپان کی تجارت خارجہ میں جو تیز رفتار ترقی ہوئی اسکے اسباب بیان کرو۔

(۱۰) سنہ ۱۸۷۱ ع کے بعد سے جاپان کے نظام زر میں جو اہم تبدیلیاں ہوئی ہیں ان کی وضاحت کرو۔

(۸) تامیں تجارت (Tariff Protection) کن صورتوں میں مناسب ہوسکتا ہے۔

دوران جنگ میں ہندوستان میں جو صنعتیں وجود میں آئیں یا جن کی توسیع ہوئی ان کے مسئلے پر غور کرنے کے لئے نومبر سنہ ۱۹۴۵ ع میں حکومت ہند نے ایک عارضی ٹیرف بورڈ قائم کیا ہے کیا تمہاری رائے میں اس بورڈ کی تنقیحات (Terms of Reference) کی بنا پر ان صنعتوں کی قابل اطمینان حفاظت ہوسکتی ہے؟

(۹) تسلّی بخش زرکا غذی کی خصوصیات بیان کرو۔ ہندوستان کی کرینسی میں یہ خوبیاں کس حد تک پائی جاتی ہیں؟

(۱۰) زر کے آغاز۔ اور اسکے فرائی کے مختلف نظریوں پر تبصرہ کرو۔

سنہ ۱۹۲۵ع اور سنہ ۱۹۳۱ع کے درمیان معیار طلا میں یہ خوبیاں موجود تھیں ؟

(۴) مرکزي بینک اعتبار کے نظام (Credit System) کو کس طرح قابو میں رکھتا ھے ۔ ھندوستان کے رزروبینک نے اِن فرائض کو کس حد تک خوبي سے انجام دیا ھے ۔ اپنے جواب کي تائید میں مثالیں پیش کرو ۔

(۵) برطانیہ کے مرکزي بینک کے قومیانے (Nationalisation) کا صنعت ۔ تجارت اور مالیت پر کیا اثر پڑے گا ۔ کیا تم ھندوستان کے رزرو بینک کے لئے بھي اسي پالیسي کي سفارش کرتے ھو ۔ اپنے جواب کي موافقت میں دلائل پیش کرو ۔

(٦) ذیل میں کسي ایک ماھر کے تجارتي چکر کے نظرے پر مفصل تبصرہ کرو ۔

(۱) ہاٹري (R. G. Hawtery)

(۲) ہایک (F. A. Von Hayek)

(۳) کینس (J. M. Keynes)

(۷) تجارتي چکر کے اُتار و چڑھاو کي شدّت کم کرنے کے عملي طریقوں پر بحث کرو ۔ دوسرے ملکوں کے تجربات کي روشني میں حکومت ہند کے لئے کسي ایک عملي پالیسي کا خاکہ تیار کرو ۔

امتحان ایم - اے (آخري) شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشیات - پرچه اول (هندوستان کے معاشي مسایل)

وقت - ۳ ساعت　　نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف چار سوالون کا جواب دو - سب سوالون کے نشانات برابر هین -

(۱) هندوستان کی معاشي ترقي کے لئے جو اهم منصوبے تیار هوئے هیں انکے اهم نکات بیان کرو اور ان پر تبصره کرو -

(۲) هندوستان میں آجکل یه جرچا هو رها هے که زرعی اجناس کي قیمتون کو استوار رکھا جائے - تمهاري رائے میں یه کس حد تک قابل عمل هے اور اس میں کیا دشواریاں هیں -

(۳) حیدرآباد میں معاشي ترقي کے لئے جو لایحه عمل تیار کیا گیا هے اس پر بحث کرو -

(۴) هندوستان میں امداد باهمي کی تحریک آیندہ کن اصولوں پر چلاني چاهئے -

Turn over

امتحان ایم - اے (آخري) شعبه فنون

سنه ۱۳۵۵ف مطابق سنه ۱۹۴۶ع

مضمون معاشیات - پرچه دوم (مضمون نگاري)

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

هدایت :- مندرجه ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھو۔

(۱) قوي اوٗر بین‌الاقوامي معاشیات -

(۲) حسب ذیل سے سود کا رشته :-

(۱) بچت (saving) -

(۲) قرضه کي مانگ -

(۳) نظام زر کے طریقے مثلاً مقدار زر کا مصنوعي ذرائع سے بڑھانا گھٹانا وغیره -

(۳) دوسري جنگ عظیم کي وجه سے هندوستان کا لیندار (creditor) بن جانا اوٗر هندوستان کے حق میں سٹرلینگ کا جمع هونا اوٗر اُسکے مسئله -

(۴) هندوستان اوٗر معاشرتي بیمه کا مسئله -

(۵) دنیا کي موجوده غذا کي صورت حال اوٗر اس کا ممکنه حل -

(۵) تمہاري رائے میں آیندہ روپے کي شرح مبادلہ کیا ہونی چاہئے اور کیوں -

(٦) کیا تمہاري رائے میں ہندوستان کو زورعي لحاظ سے بالخصوص غذائی لحاظ سے خود مکتفي بنانے سے ملک کی غذائي صورت میں پھر امن کے زمانہ میں بہتر ہوسکے گي -

(۷) ہندوستان کي تجارت خارجہ کے مستقبل پر ایک مفصل نوٹ لکھو -

(۸) ہندوستان نے جنگ کے دوران میں اسقدر زیادہ اسٹرلنگ تمسکات کسطرح جمع کرلیے ہیں ان کا ملک کي بحث پر کیا اثر پڑا ھے اور آیندہ کیا اثر پڑنے کا امکان ھے -

امتحان ایم اے شعبۂ فنون (ابتدائی) ۱۳۵۵ھ م ۱۹۳۶ء

۱۵ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

مضمون فلسفہ۔ (تصوف) — نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف تین سوالوں کا جواب دو۔ اول لازم ہے جس کے نشانات (۴۰) ہیں۔ باقیوں کے (۳۰) ہیں۔

۱۔ خالق کی مخلوق کے ساتھ ذاتی قرب و معیت جس کو عینیت بھی کہا جاتا ہے۔ اس کو صوفیائے اسلام خود قرآنی آیات و نصوص سے کس طرح ثابت کرتے ہیں؟ ساتھ ہی اسی عینیت کے ساتھ غیریت بھی کیسے قائم رہتی ہے؟ اپنی رائے اور تنقید کے ساتھ دونوں جزو پر بحث کرو۔

نیز اگر کوئی شخص قربِ ذات کے اس مسئلہ یا سر کو بطور ایک فلسفہ کے پوری طرح جان اور سمجھ لے یا خود قرآن و حدیث ہی سے سمجھ کر مان لے۔ بلکہ مجاہدہ سے انفس و آفاق میں یافت و شہود کا مقام حاصل کرے۔ لیکن خود قرآن کو کلام اللہ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو رسول اللہ نہ تسلیم کرے تو کیا وہ مقربِ مقبول نہ ہوگا؟

۲۔ اقتضاءِ ذات کے مسئلہ کو اسی طرح سمجھاؤ۔ اس کی رو سے صوفیائے خیر و شر جبر و قدر کے عقدہ کو کس طرح حل کرنا چاہا ہے اور وہ تمہارے نزدیک کہاں تک تشفی بخش ہے؟

نیز خود یہ اقتضاذات مخلوق ہیں یا غیر مخلوق؟ اگر غیر مخلوق تو

امتحان ایم۔اے (ابتدائی) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۶ اردی بہشت　　وقت ۳ ساعت

مضمون فلسفہ۔ پرچہ دوم خاص فلسفی کانٹ۔　　نشانات (۱۰۰)

نوٹ:۔ صرف چار سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ "تنقید عقل محض" کا بنیادی سوال کیا ہے۔ عقلیت اور تجربیت کے مقابلے میں کانٹ کے انتقادی نقطۂ نظر کو واضح کرو اور بتلاؤ کہ ماورائی طریقہ کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں۔

۲۔ کیا زماں اور مکاں علم کے معروضات ہیں۔ کن وجوہات کی بنا پر کانٹ نے ان کو حضوری قرار دیا ہے۔ زماں اور مکاں سے متعلق کانٹ اور لائبنیز کے خیالات کا مقابلہ کرو۔

۳۔ ماورائی جدلیات سے کانٹ کا کیا منشا ہے۔ عقل کے تضادات (antinomies) کو تفصیل سے بیان کرو اور بتلاؤ کہ عقل ان تضادات میں کیوں گرفتار ہو جاتی ہے۔

۴۔ کانٹ نے خدا کو تصور کیوں قرار دیا ہے۔ کیا اس تصور کا کلی دارومدار موضوع کے علم ہی پر ہے۔ تصور (Idea) اور نصب العین (Ideal) میں کیا فرق ہے۔ کانٹ کے نظریہ تصورات کو واضح کرو اور بتلاؤ کہ یہ فلاطون کے نظریہ سے کس حد تک مشابہت رکھتا ہے۔

"اللہ خالق کل شیئ" کی کلیت کیسے باقی رہی؟ اس کے علاوہ فرض کرو کہ کینین کا اقتضاء ذات جس طرح ملیریا کے لئے مفید ہوتا ہے اسی طرح تلخ بھی ہوتا ہے تو کیا اللہ تعالیٰ اس پر قادر نہ تھا کہ ایک اقتضاء میں تلخی کو حذف کر کے پیدا فرماتا۔ تو یہ قدرت مطلقہ کے منافی معلوم ہوتا ہے؟ اور اگر یہ اقتضا کو پیدا کرنے ہی پر مجبور ہے تو مجبور ہونا لازم آتا ہے۔

۳۔ متاخرین صوفیہ میں حضرت شاہ ولی اللہؒ اور شاہ اسمٰعیلؒ کا دعویٰ ہے کہ وحدتِ وجود و وحدت شہود میں کوئی معنوی و بنیادی فرق نہیں۔ تمہارا کیا خیال ہے تفصیل و تنقید کے ساتھ بتاؤ۔

۴۔ ظاہریت و باطنیت، حال و قال، یا شریعت و طریقت میں جو بعد و تضاد مشہود ہو گیا ہے اس کی حقیقت کیا ہے؟ اور کیا شریعت کی نفی کے ساتھ طریقت یا خدا رسی ناممکن ہے؟ کیوں؟

۵۔ اسلامی تصوف کا دیگر مذاہب و فلاسفہ کی اشراقیت یا سرئیت (مسٹسزم) سے مقابلہ و موازنہ کرو۔ اور بتاؤ کہ بیرونی اثرات تصوف کی راہ سے خالص اسلامی تعلیمات پر کیا پڑے ہیں؟ نیز اسلامی تصوف اور اشراقیت دونوں کے اخذ و ذریعۂ علم میں بنیادی فرق کیا ہے؟

امتحان ایم۔ اے (ابتدائی) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف/۱۹۴۶ء

۱۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ - پرچۂ سوم مابعد الطبیعیات نشانات ۱۰۰

ہدایت: صرف چار سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ "کانٹ سے پہلے فلسفیوں نے 'نفوس مقیدہ' اور 'نفس مطلق' میں فرق کیا تھا۔ کانٹ کا خیال ہے کہ نفس مقید کا تصور شعور ذات کی تفصیلات کو وضاحت کے ساتھ بیان نہیں کر سکتا' اسلئے اس نے نفس تجربی اور نفس ماورائی میں امتیاز قائم کیا' لیکن خود یہ امتیاز مبہم اور مذبذب ہے۔"
نفس تجربی اور ماورائی کے درمیان جو امتیاز قائم کیا گیا ہے اس کو وضاحت کے ساتھ پیش کرتے ہوئے مندرجۂ بالا رائے کی تائید یا تردید میں اپنی رائے دلائل کے ساتھ پیش کرو۔

۲۔ فشٹے نے شئی کماہی کے وجود کو کن دلائل سے باطل کیا ہے اور تمھیں اس سے کہاں تک اتفاق ہے وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

۳۔ ہیگل کی رائے میں حقیقت انتہائی کو نہ مقید ذوات کا ایک "مجموعہ" قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ مقید و مربوط حقائق کا ایک "نظام" اس کے ثبوت میں ہیگل نے کیا دلائل پیش کئے ہیں وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

۵۔ کانٹ کے فلسفہ اخلاق کی مابعد الطبیعیاتی بنیادوں کو واضح کرو اور بتلاؤ کہ کس حد تک فشتے کے افکار کانٹ کے فلسفہ عملی کا جائز نتیجہ قرار دیے جا سکتے ہیں۔

۶۔ حسن اور جمال کا کانٹ نے کس طرح تعین کیا ہے حسن اور آرٹ سے متعلق کانٹ کے خیالات پر ناقدانہ نظر ڈالو۔

امتحان ایم۔اے (ابتدائی) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت وقت ۳ ساعت

فلسفہ۔ پرچہ چہارم۔ مضمون نشانات ۱۰۰

ہدایات۔ مندرجہ ذیل عنوانوں میں سے کسی پر مضمون لکھیے۔

۱۔ علت اور علت غائی

۲۔ تصوریت اور کانٹ

۳۔ معیار اخلاق۔

۴۔ صفات الٰہی

۵۔ خلق و تکوین

۶۔ غزالی اور فلسفہ

۴۔ شوپنور کی رائے میں تصورات کے اس عالم شہود کے ماوراء کونسی اساسی اور عمیق حقیقت پائی جاتی ہے؟ ہمیں اس کا عرفان کس طرح حاصل ہوتا ہے؟ ہمارے جسم کا اس حقیقت سے کیا ربط و تعلق ہے، اختصار کے ساتھ بیان کرو؟

۵۔ "زمانۂ حال کی تصوریت کا سارا رجحان شخصی تصوریت (Personalistic Idialism) کی جانب ہے" اس قول کی توضیح و تائید میں اپنے خیالات کا اظہار کرو۔

۶۔ حقیقت جدیدہ کے حامی کہتے ہیں کہ تصوریہ نے اپنی ذات کے سوا دوسری ذوات کے وجود کو یا تو محض فرض کر لیا ہے یا پھر بر بنائے تمثیل مان رکھا ہے، یہ دراصل ان کے بنیادی اصول کے قطعاً منافی ہیں۔ کیا تمھیں زمانۂ حال کے تصوریہ کے ہاں اس کا کوئی معقول جواب مل سکتا ہے؟ وضاحت کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

۷۔ ہمیں اپنی ذات کا جو علم حاصل ہے اس کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ حالت تغیر میں ہے لیکن مطلقیہ کا دعویٰ ہے کہ حقیقت مطلقہ عدم التغیر ہے، اس طرح مطلقیہ کے لئے تغیر محض ایک التباس قرار پاتا ہے۔ اس سلسلہ میں تصوریت مطلقہ کے حامیوں نے حقیقت مطلقہ کو عدم التغیر قرار دینے کے باوجود نفس تغیر کو حقیقی ثابت کرنے کی جو کوشش ہے اس کو وضاحت کے ساتھ بیان کرو اور بتلاؤ کہ تمھیں اس سے کس حد تک اتفاق ہے۔

امتحان ایم۔اے ابتدائی شعبہ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۰ اردی بہشت وقت ۳ ساعت

فلسفہ - پرچہ پنجم (نفسیات) نشانات ۱۰۰

نوٹ - چار سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱۔ نفسیاتی مواد کے ماخذ کیا ہیں اس عنوان پر ایک مختصر مضمون لکھو۔ ۲۰

۲۔ جیمس کے نظریہ تلازم تصورات سے بحث کرو۔ ۲۰

۳۔ فرائڈ کے نظام نفسیات کے بنیادی تصورات سے بحث کرو۔ ۲۰

۴ اکتساب حیوانی کے متعلق نظریہ بصیرت سعی وخطا کے نظریہ سے کن امور میں مختلف ہے؟ ۲۰

۵۔ نفسیات میں 'مقصد' کے تصور پر ایک تنقیدی بیان لکھو۔ میکڈوگل کن وجوہ کی بنا پر ٹروپاٹی (tropiotic) نظریے کے بجائے خائی (hormic) نظریہ کو قبول کرتا ہے۔ ۲۰

۶۔ وجودیاتی نفسیات کے نقطۂ نظر کو وضاحت سے بیان کرو اور اس کے حاصل کردہ بعض اہم نتائج بتلاؤ۔ ۲۰

۷۔ مشروط فعل اضطراری کے متعلق پاولاو کا تصور کیا ہے؟ اس کی رائے میں یہ کس طرح قائم ہوتا ہے؟ ۲۰

امتحان ایم۔ اے (ابتدائی) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ۔ پرچۂ ششم (فلسفہ مذہب) — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ فقط تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ نشانات سب کے لیے مساوی ہیں۔

۱۔ بعض حکما، مذہب کا خیال ہے کہ خدا اوصاف کمال یا اقدارِ مطلقہ (جمال۔ حق۔ خیر) کا جامع ہے اور انھیں اقدار کے بقا کا عقیدہ مذہبی ایمان کہلاتا ہے بتاؤ کہ ان اقدار کا ایک ذاتِ مطلق پر اطلاق کرنے میں کیا نفسیاتی اور منطقی دقتیں پیش آتی ہیں۔

۲۔ مادی اور میکانکی فطرت خیر و شر سے بے تعلق معلوم ہوتی ہے روحانی اقدار اور ارادے کا اختیار اس فطرت کے ساتھ کس طرح ہم آہنگ ہو سکتا ہے۔

۳۔ کیا تم کانٹ سے اس امر میں اتفاق کرتے ہو کہ خدا کے متعلق ہر قسم کا استدلال متضاد دلائل کو مساوی طور پر قبول اور رد کر سکتا ہے اس لیے خدا کی ذات کی نسبت دلائل مہیا کرنا ایک فعل عبث ہے اگر یہ صحیح ہے تو کیا عقل اور ایمان میں کسی قسم کا رابطہ پیدا نہیں ہو سکتا۔

۴۔ مذہبی وجدان اور فلسفہ مذہب اس امر میں متفق معلوم ہوتے ہیں کہ

۸۔ کردارئین کی رائے میں مشاہدہ خارجی امور واقعی کا ایک صاف سیدھا مطالعہ ہے اس رائے کو قبول کرنے میں کیا دشواری حائل ہے ؟

امتحان ایم اے (آخری) شعبہ فنون

۲۳ - اردی بہشت سنہ ۱۳۵۵ ف

مضمون فلسفہ پرچہ ۱ - تاریخ فلسفہ - لاک سے کانٹ تک

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت - مفصلہ ذیل سوالات میں سے تین سوالوں کا جواب دیجیے

۱ لاک کو تجربیہ میں شمار کیا جاے یا عقلیہ میں اپنی راے کو دلائل کے ساتھہ بیان کرو -

۲ برکلے نے اپنا نظریہ تصوریت کس طرح لاک کے فلسفہ سے اخذ کیا ہے تفصیل کے ساتھہ بیان کرو -

۳ ہیوم کی تشکیک فلسفہ ماسبق سے کیونکر پیدا ہوئی؟ کیا تمہاری راے میں یہ قابل قبول بھی ہے؟

۴ کانٹ نے کیا جواب ہیوم کی تشکیک کا دیا؟ کیا کانٹ کا جواب شافی ہے؟

۵ برکلے کی تصوریت اور کانٹ کی تصوریت میں کیا فرق ہے؟ وضاحت سے بیان کرو -

۶ ڈیکارٹ اور لاک سے لے کر کانٹ تک اصل مسئلہ فلسفہ جدید کا کیا ہے؟ اس کی وضاحت کرو -

عرفانِ نفس سے عرفانِ خدا حاصل ہوتا ہے ایک سے دوسرے کی طرف جو راستہ جاتا ہے اس کی تشریح کرو۔

۵۔ ہر علم کے لیے کچھ اصول متعارفہ کچھ بدیہی حقایق یا مسلّمات ہوتے ہیں جن کو پہلے بے دلیل تسلیم کیے بغیر اس علم کی طرف کوئی قدم نہیں اٹھ سکتا اس لحاظ سے سائنس اور مذہب دونوں کی اساس کسی نہ کسی قسم کا ایمان ہے۔ سائنس کے مسلّمات اور مذہب کے مسلّمات کو الگ الگ بیان کر کے ان کا باہمی تعلق بتاؤ۔

امتحان ایم۔اے (آخری) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۳ اردی بہشت وقت ۳ ساعت

تاریخ فلسفہ۔ کانٹ سے ہیگل تک نشانات ۱۰۰

فقط تین سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ نشانات سب کے لیے مساوی ہیں۔

۱۔ کانٹ کا بیان ہے کہ ہیوم نے اس کو ادعائی خواب سے بیدار کیا۔ ہیوم کہتا تھا کہ اشیاء صرف احساسات ہی کا مجموعہ ہیں۔ کانٹ کی رائے اشیاء احساسات اور اضافات سے ملکر بنی ہیں۔ اس پر مبسوط بحث کرکے بتاؤ کہ کہاں تک تمہارے نزدیک کانٹ ہیوم کے اعتراض کا تسلی بخش جواب دے سکا ہے۔

۲۔ "کانٹ نے عقل نظری، عقل عملی، احساس جمال اور مذہبی ایمان کو بنیادی طور پر ایک دوسرے سے الگ کر دیا اور اس کے بعد ان کو ایک وحدت میں منسلک نہ کر سکا۔" اس کی تشریح کرو۔

۳۔ فشٹے کس استدلال سے انا سے غیر انا کو اخذ کرتا ہے اگر اخلاقی جد و جہد کے ذریعے سے ارتقاء ذات مقصد حیات ہے تو کیا اس کا اطلاق انا ءِ انفرادی ہی پر ہوتا ہے یا انا ءِ مطلق پر بھی۔ نیز یہ بھی بتاؤ کہ وہ کونسی اقدار ہیں جن کی تکمیل مقصود ہے۔ فشٹے کے فلسفہ خودی کو اچھی طرح بیان کرو۔

امتحان ایم۔اے (آخری) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۴ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ ہیوم — نشانات ۱۰۰

ہدایت :۔ صرف تین سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ "جدید فلسفیوں میں ہیوم ہی وہ پہلا مفکر ہے جس نے ربط علیت پر احتیاط کے ساتھ غور کیا ہے اور اس کا نظریۂ علیت اس کے فلسفہ کا ایک دائمی قیمت رکھنے والا کارنامہ ہے"
ہیوم کے اس شہرۂ آفاق نظریہ کو اختصار کے ساتھ پیش کرتے ہوئے بتلاؤ کہ تمھیں ہیوم کے ساتھ کس حد تک اتفاق ہے اور کس حد تک تم اس سے اختلاف کرتے ہو۔

۲۔ کن خصوصیات کی بنا پر ہیوم نے "ارتسامات" کو "تصورات" سے ممیز کیا ہے ؟ کیا یہ صحیح ہے کہ ہمیں ارتسامات اور ان کی نقول (تصورات) کے سوا کسی اور قسم کا تجربہ ہو ہی نہیں سکتا؟ دلائل کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

۳۔ "نفس مختلف ادراکات کے ایک ڈھیر یا مجموعہ کے سوا کچھ نہیں جن کو خاص خاص علائق باہم متحد کر دیتے ہیں اور غلطی سے ان کے متعلق یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ وہ کامل بساطت یا وحدت

۴ - ارسطو اور افلاطون کے ہاں خدا عقل مطلق ہے اور ہیگل کے ہاں بھی لیکن عقل کا تصور جداگانہ ہونے کی وجہ سے یہ دو فلسفے ایک دوسرے سے بہت بعید ہیں - ان دونوں فلسفوں میں عقل کے تصور میں جو فرق و امتیاز ہے اس کو اچھی طرح واضح کرو -

۵ - ہیگل نے ریاست کو فرد سے ماورے عقل کل کا مظہر قرار دیا اور اس کی مستقل حقیقت کے مقابلے میں افراد کا وجود مجازی رہ گیا. اس مسئلے میں ہیگل کے افکار کو بیان کرکے یہ بتاؤ کہ کہاں تک نازیوں کا فلسفہ سیاست اسی کی پیداوار تھا -

امتحان ایم۔اے (آخری) شعبۂ فنون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۴ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فلسفہ (شوپنہور) — نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ صرف تین سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ اپنے اس بنیادی اصول کو پیش کرتے ہوئے کہ "دنیا میرا تصور ہے" شوپنہور نے جسم انسانی کی کیا توجیہہ کی ہے؟ کیا تمھیں اس میں کوئی مغالطہ نظر آتا ہے؟ وضاحت کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

۲۔ شوپنہور نے "ارادۂ مطلق" کے مختلف مظاہر کیا بیان کیے ہیں تفصیل کے ساتھ پیش کرو۔ اور ہر ایک کی ایک مثال بھی دو۔

۳۔ شوپنہور کی تنویت کی بنیاد کس تصور پر قایم ہے؟ کیا یا اس کے اس نظریہ سے تمھیں اتفاق ہے؟ دلائل کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

۴۔ "انکار حیات" کے مختلف طریقے کیا ہیں؟ کیا خودکشی ایک ایسا طریقہ ہے؟ کیا شوپنہور خودکشی کا مشورہ دے سکتا ہے؟ دلائل کیساتھ اپنی رائے پیش کرو۔

۵۔ فن (Art) کے متعلق شوپنہور کا جو نظریہ ہے اسکو وضاحت کے ساتھ پیش کرتے ہوئے اس کا مقابلہ شلنگ کے خیالات سے کرو اور بتاؤ کہ تمہاری رائے میں ان دونوں میں سے قابل ترجیح کونسا ہے،

رکھتے ہیں۔"

نفس کے متعلق اس تصور کو ہیوم کن دلائل کی بنا پر ثابت کرتا ہے؟ ان دلائل کی تردید تم کس طرح کر سکتے ہو اختصار کے ساتھ بیان کرو۔

۴۔ ہیوم کا خیال ہے کہ علم انسانی پر جب نظر انتقاد ڈالی جاتی ہے تو وہ محض ظنی چیز بن جاتا ہے۔ کیا تمھیں ہیوم کی ارتبائیت سے اتفاق ہے؟ وضاحت کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کرو۔

۵۔ مذہبی عقائد کی صحت کے متعلق ہیوم کے خیالات کیا ہیں تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔

امتحان ایم۔اے۔(آخری) شعبہ فنون ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۷ خرداد وقت ۳ ساعت

ریاضی۔ پرچہ اول نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف ۵ سوال حل کئے جائیں۔

۱۔ اگر ع مفرد عدد ہو تو لگرانج کا مسئلہ یعنی (لا+۱) (لا+۲) ..... (لا+ع-۱)

$= لا^{ع-۱} + أ_۱ لا^{ع-۲} + ... + أ_{ع-۱}$ ثابت کرو

جہاں $أ_۱ ، أ_۲ ..... أ_{ع-۱}$ سب کے سب ع کے ضعف ہیں۔ اس کی مدد سے فیرما اور ولسن کا مسئلہ ثابت کرو۔

نیز ثابت کرو کہ $لـ^{ع-۲} + لـ^{۲(ع-۲)} + ... + ۱ \equiv ۰$ (مقیاس ع) جبکہ ع مفرد ہے اور $لـ^{۱۲} + ۱ \equiv ۰$ (مق ۱۹)

۲۔ (۱) معادلات $۵۶ لا - ۱ \equiv ۰$ (مق ۱۷) کا عام حل معلوم کرو۔

(۲) اگر $د_۱ ، د_۲ ..... د_ن$ کے اجزاء ضربی ہوں تو ثابت کرو کہ

$ن = فہ(د_۱) + فہ(د_۲) + ...$

(۳) ثابت کرو کہ مربع عدد ($د^۲$) اگر مثلثی عدد [یعنی $\frac{ن(ن+۱)}{۲}$] ہو

۵۔ (ا) دور قمی مساوات کی خاص اصلوں کی تعریف کرو۔ اور ثابت کرو کہ لا^{۱} ۔ ۱ = ۰ کو صرف دو درجی مساواتوں سے حل کیا جا سکتا ہے اور حل کرو۔

(ب) متشاکل تفاعل 3 عہ^{۲} بہ (جہ۔گہ)^{۲} کی قیمت معلوم کرو جبکہ یہ اصلیں ہیں مساوات لا^{۳} + ۴ لا^{۲} + ۶ لا + ۴ = ۰ کی۔

۶۔ (ا) چار درجی مساوات کے حل کرنے کے دو طریقوں کو حاصل کرو اور ہر صورت میں تحویلی کبعی کو معیاری شکل میں بیان کرو۔

(ب) اسٹرم کے مسئلہ سے مساوات

۲ لا^{۶} − ۱۸ لا^{۵} + ۶۰ لا^{۴} − ۱۲۰ لا^{۳} − ۳۰ لا^{۲} + ۱۸ لا − ۵ = ۰

کی اصلوں کا محل وقوع معلوم کرو۔

۷۔ (ا) بتاؤ کہ دوسرے درجے کی خطی تفرقی مساوات کو معیاری شکل $\frac{د^{۲} ما}{د لا^{۲}} + ع ما = ۰$ میں کس طرح بدلا جاتا ہے اور ثابت کرو کہ ع متغیر لا کے خطی ابدال کے لئے غیر متبدل ہے اگر ع$_{۱}$، ع$_{۲}$ اس کے دو حل ہوں اور س = $\frac{ع_{۱}}{ع_{۲}}$ تو ثابت کرو کہ

$$\frac{س''}{س} - \frac{۳}{۴}\left(\frac{س'}{س}\right)^{۲} = ۲ ع$$

(ب) حل کرو (ا) $\frac{د^{۲} ما}{د لا^{۲}} + ۲$ لا $\frac{فرما}{فرلا} + (م^{۲} - ن^{۲})$ ما = ۰

بھی ہوں تو یہ $\frac{۱}{۱ - ۶ لا + لا^۲}$ کے پھیلاؤ میں لا کی قوتوں
کے سروں کے مربع ہوں گے۔

۳۔ اگر $\frac{ب_۱}{ل + ۱} + \frac{ب_۲}{ل + ۲} + \dots$ کا ہر ایک عنصر $\frac{و_۱}{ل + ۱}$، ....
کسر واجب ہو جس کے شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں تو
ثابت کرو کہ کسر مسلسل غیر متبائن مقدار ہے۔

(۵) مندرجہ ذيل ميں سے کسي ايک عنوان پر اسباق کي ايک اسکيم مرتب کيجئے اور اپني اسکيم کے کسي سبق پر تدريسي اشارات قلمبند کيجئے :-

(الف) تيرنے والے اجسام کے متعلق کليات ۔

(ب) امونيا کي تياري ۔

(ج) برق کے کيميائي استعمالات ۔

(د) جانوروں ميں عمل تنفس ۔

(ھ) زيرگي ۔

امتحان ڈپلوما اِن - ایجوکیشن فن تعلیم
سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون طریقۂ تعلیم ریاضیات - پرچہ (e) IV

وقت - ۱½ ساعت نشانات ۵۰

ہدایت :- صرف تین سوال حل کئے جائیں -

(۱) تحتانی جماعتوں میں ریاضی کی تعلیم کے مقاصد پر بحث کیجئے اور ان مقاصد کو ملحوظ رکھکر تحتانی جماعتوں کے لئے ابتدائی ریاضی کے موروں نصاب کا خاکہ مرتب کیجئے -

یا

ثانوی مدرسوں میں ریاضی کی تعلیم کے حوالہ سے مندرجہ ذیل مقولہ پر مفصل بحث کیجئے :-

'Mathematics is a response to the practical needs of human life as well as a product of the human mind in its search for abstract truth.'

(۲) ادنیٰ ثانوی جماعتوں میں وجدانی علم ہندسہ (Intuitive Geometry) کی تعلیم کے مقاصد اور تدریس کے طریقہ پر مفصل بحث کیجئے -

(۵) مندرجہ ذیل عنوانوں میں سے کسی ایک کی اسکیم دیکر کسی سبق پر تفصیلی اشارات لکھئے :—

(الف) اکبر کی اصلاحات -

(ب) میسور کی جوتھی لڑائی -

(ج) شیرشاہ سوری -

(د) برطانوی ہند میں جمہوری ترقی از سنہ ۱۹۱۰ع -

امتحان ڈپلوما اِن - ایجوکیشن شعبہ تعلیم
سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون طریقۂ تعلیم جغرافیہ - پرچہ (d) IV

وقت - ۱½ ساعت نشانات ۵۰

ہدایت :- صرف تین سوال کے جواب دیجئے -

(۱) آپ کیا طریقے اختیار کرینگے کہ طلبا کسی ملک کے نقشہ کو دیکھکر حالات ملک معلوم کرسکیں -

(۲) جغرافیہ کے کامیاب مدرس بننے کے لئے کن خصوصیات کی ضرورت ہے ؟

(۳) تدریس میں عملی جغرافیہ کی کیا اہمیت ہے ؟ چند موروں مثالوں کے ذریعۂ اپنے جواب کی توضیح کیجئے -

(۴) تدریس جغرافیہ میں جو عام خامیاں پائی جاتی ہیں ان کی اصلاح کے لئے تجاویز بتلائیے -

(۳) بتائیے کہ آپ ثانوی مدرسوں کے طالب علم پر یہ کس طرح واضح کرینگے کہ ریاضیاتی طریقے زندگی کے حقیقی مسئلوں کو حل کرنے میں بہت کارآمد ثابت ہوتے ہیں - اپنے جواب کو واضح کرنے کے لئے موزوں مثالیں پیش کیجئے -

(۴) بتائیے کہ اعلیٰ ثانوی جماعتوں میں ریاضی کی تدریس میں منصوبی طریقہ سے کس طرح اور کس حد تک استفادہ کیا جاسکتا ہے -

یا

ریاضی کی تعلیم میں سقراطی توضیحات کی ضرورت، اہمیت اور طریقہ استعمال پر مفصل بحث کیجئے -

(۵) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تقریباً چھ اسباق کا ایک اسکیم مرتب کیجئے اور ان اسباق میں سے کسی ایک پر تفصیلی اشارے لکھئے :-

(۱) خطی ہمراہ مساواتیں -

(۲) دائرہ کے خواص -

(۳) سود مرکب -

امتحان ڈپلوما اِن - ایجوکیشن شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون طریقۂ ہائے تعلیم - پرچہ اُردو (f) 17

وقت - ۱½ ساعت نشانات ۵۰

ہدایت :- صرف تین سوال حل کئے جائیں -

(۱) بعض کي رائے ہے کہ پرانے اداروں کے برعکس موجودہ زمانہ میں اُردو زبان کي تدریس نہ تو زباندانی میں معین ہوتي ہے - نہ صحیح ادبي ذوق کي تربیت کرتی ہے - آپکا کیا خیال ہے ؟ اس سلسلہ میں عملي تجاویز بھي پیش کیجئے -

(۲) اُردو زبان کی اچھی درسي کتاب کي کیا خصوصیات ہوني چاہئیں ؟ روزانہ کي تدریس میں ایک عام درسي کتاب کي خامیوں کي آپ کسطرح تلافی کریں گے ؟

(۳) قواعد کے طریقۂ تعلیم کے خاص اُصول کیا ہیں ؟ اور روزانہ کي تدریس میں اُن کو کس طرح عمل میں لانا چاہئے ؟ اسکا جواب اپني تدریسي تجربہ کے ماتحت دیجئے -

(۴) اُردو ادب پر کسي ایسے کامیاب سبق کا بیان اشارات کے انداز میں لکھئے جو آپ نے پڑھایا ہو نیز اس کي کامیابي کے وجوہ تفصیلي طور پر لکھئے -

یا

(۵) مندرجہ ذیل میں سے کسی ثانوی جماعت کے لئے اشارات سبق تیار کیجئے —

(۱) بین‌الاقوامی خط تاریخ ۔

(۲) خطوط مساوی تپش ۔

(۳) ہندوستان کی معدنی پیداوار ۔

(۴) برطانیہ کی تجارت ۔

امتحان ڈپ ایڈ شعبہ تعلیم
سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون جدید نظامات تعلیم و مسائل حاضرہ - پرچہ (a) V

وقت - ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف پانچ سوالات کا جواب دیا جائے -

(۱) ہندوستان میں تکنیکل تعلیم کی تنظیم جدید کے متعلق سارجنٹ اسکیم میں کیا اہم سفارشات کی گئی ہیں - ممالک محروسہ سرکار عالی میں ان کو روبہ عمل لانے میں کیا دشواریاں ہیں -

(۲) انگلستان کے پبلک اسکولوں پر ایک تنقیدی نوٹ لکھئے -

(۳) امریکہ میں طلبہ کی صحت کے کیا انتظامات ہیں -

(۴) ہندوستان کے دیہاتی مدارس تحتانیہ میں تضئیع کے کیا اسباب ہیں اور اس کے انسداد کے لئے کیا تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہے ؟

(۵) تعلیماتی امور میں انگلستان کی مقامی مجلسوں کے فرائض اور اختیارات بیان کیجئے -

مندرجہ ذیل غزل پر نویں درجے کے لئے اشارات سبق لکھئے :—

بزم شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کُھلا
رکھیو یا رب یہ در گنجینۂ گوہر کُھلا *

شب ہوئی پھر انجم رخشندہ کا منظر کُھلا
اس تکلف سے کہ گویا بت کدہ کا در کُھلا *

گرچہ ہوں دیوانہ پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب
آستیں میں شپنہ پنہاں ہاتھ میں خنجر کُھلا

ہے خیال حسن میں حسن عمل کا سا خیال
خُلد کا اک در ہی میری گور کے اندر کُھلا *

منہ نہ کُھلنے پر وہ عالم ہی کہ دیکھا ہی نہیں
زلف سے بڑھکر نقاب اُس شوخ کے منہ پر اکُھلا *

دیر رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا
جتنے عرصے میں مرا لپٹا ہوا بستر کُھلا *

(۵) مفصلہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھئے :—

(الف) مدرسہ کا اخبار یا رسالہ ۔

(ب) خاموش خوانی کی اہمیت ۔

(ج) ہجے ہجو کی تعلیم ۔

(د) غریبوں کے محلہ میں اُردو کی تعلیم ۔

(ہ) ابتدائی منزل میں تقریری و تحریری انشا ۔

امتحان ڈپلوما اِن ایجوکیشن شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

مضمون اعلیٰ نفسیات تعلیمی – پرچہ (b) V

وقت ۔ ۳ ساعت　　نشانات ۷۵

نوٹ :- کوئی پانچ سوالات حل کئے جائیں۔

(۱) کسی مضمون مدرسہ میں آپ کس طرح معیاری آزمائش مرتب کرینگے ۔ خاموش مطالعہ یا حساب کے حوالے سے اپنے جواب کی وضاحت کیجئے ۔

(۲) نشانات کی تغیر پذیری کے ممکنہ اسباب کی وضاحت کرتے ہوئے بتائے کہ طریقۂ نشاندہی کو کسطرح زیادہ قابل اعتماد بنایا جاسکتا ھے ۔

(۳) حیوانی اکتساب اوْر بصیرتی اکتساب کی نمایاں خصوصیات کا باہمی مقابلہ کرتے ہوئے مدرسہ کے کارتدریس میں ہر دو کے واجبی استعمال کی وضاحت کیجئے ۔

(۴) حقیقی تکان اوْر تکان کاذب کا باہمی فرق واضح کیجئے ۔ ہر دو میں امتیاز کرنے کے لئے آپ کونسے طریقوں سے کام لینگے ۔

(٦) امریکہ کے نظام تعلیم ثانوی کی خصوصیات بیان کیجئے -

(٧) ان لڑکوں کے لئے جنکی عمر گیارہ اور بارہ سال کے درمیان ہے انگلستان میں کس قسم کے مدارس مہیا کئے گئے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے مقاصد کیا ہیں ؟

(٨) انگلستان کے قانون تعلیم سنہ ١٩٢١ع کے نمایاں خط و خال بیان کیجئے -

(٩) مفصلہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھئے :-

(الف) امریکہ میں پیشہ تعلیم -

(ب) انگلستان کے تسلسلی مدارس -

(ج) ڈون پبلک اسکول -

(د) انگلستان کے اصلاحی مدارس
Reformatory Schools.

(ہ) جامعہ ملیہ دہلی -

امتحان ۔ ڈپلوما ان ایجوکیشن شعبہ تعلیم

مضمون ۔ اختیاري ۔ پرچہ تعلیم اطفال (ج) V

وقت ۔ ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایت :۔ کوئی پانچ سوال حل کئے جائیں ۔

(۱) کمسن بچوں کي تعلیم و تربیت کے بارے میں فروبل کا حصہ واضح طور پر بیان کرتے ہوے اس کے طریقۂ تعلیم کی کمزوریاں ظاہر کیجئے ۔

(۲) ناقص العقول بچوں سے کیا مراد ہے ؟ ایسے بچوں کي تشخیص کس طرح کي جاتی ہے اور ان کي موزوں تعلیم کے لئے کیا انتظام ہو سکتا ہے ؟

(۳) چار اور پانچ سال کے بچوں کی تعلیم کا مدّعا کیا ہونا چاہئے ؟ مقروں مثالوں سے واضح کیجئے کہ یہ کیونکر حاصل ہوسکتا ہے ۔

(۴) پانچ تا سات سال کي عمر کے طلبا کے لئے ابتدائي کھیل کا طریقہ اور بعد کے رسمي تدریس کے طریقہ کو کس طرح وابستہ جاسکتا ہے مثالیں دیکر ظاہر کیجئے ۔

(۵) جذبات اور سیرت کي پیمائش سے متعلق جو قابل ذکر مساعي عمل میں آئي ہیں - ان کا مختصر حال بیان کرتے ہوئے ان کي موزونیت سے بحث کیجئے -

(٦) سابق میں تعلیم غیر سائینسي ہونیکے کیا اسباب تھے - اب اسکے سائینسي پہلو کو تقویت دینے کے لئے کونسي تدابیر اختیار کي جارہي ہیں -

(۷) ذہني آزمائشات کے ارتقاء کا سرسري سا خاکہ پیش کرتے ہوئے اس خصوص میں بي نے سیمان آزمائشات (Binet-simon) کا واجبي مقام تنقیدي پیرایہ میں ظاہر کیجئے -

(۸) مندرجہ ذیل میں سے کسي تین پر مختصر نوٹ لکھئے :—

(الف) امکاني خطا (Probable Error)

(ب) تعدیلي منحني (Normal curve)

(ج) دو اجزائي نظریۂ ذہانت
(Two Factor Theory of Intelligence)

(د) پیشہ ورانہ رہنمائي (Vocational guidance)

امتحان ایم۔ ایڈ شعبۂ تعلیم ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۲۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

اصول تعلیم پرچۂ اول — نشانات ۱۰۰

ھدایت :۔ صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے، دو حصۂ (الف) میں سے اور دو حصۂ (ب) میں سے۔

(الف)

۱۔ "تعلیم" سے کیا مراد ہے؟ ماہیت اور مقصد تعلیم کے متعلق اپنا خیال بیان کیجیے۔

۲۔ کہتے ہیں کہ "All learning is specific" کیا آپ اس سے متفق ہیں؟ ہر گھڑی بدلنے والے جماعتی ماحول میں اس اصول کو ماننے کا اثر تعلیم پر کیا ہونا چاہیے؟

۳۔ آپ اگر کسی ایسی کمیٹی کے رکن ہوں جسے ممالک محروسہ سرکار عالی کے مدارس ثانوی و سطانی کا نصاب تعلیم از سر نو مقرر کرنا ہو تو آپ کے پیش نظر کیا اصول رہینگے؟

۴۔ تعلیم کے مقاصد کی تکمیل میں مدرس کا کیا مقام ہے؟ مدرس کی کامیابی کے لیے اس میں کونسی خصوصیات کا ہونا ضروری ہے؟

(۵) سات تا نو سال کے بچوں کے نفسي خصوصیات بیان کرکے بتائے کہ ان کے اغراض کي تکمیل کے لئے مدرسہ کے مشاغل کا موزوں انتظام کس طرح کیا جاسکتا ھے ۔

(٦) بچوں میں قوت استدلال کي نشو و نما کا حال مغربی مثالیں کے ساتھہ بیان کیجئے ۔

(۷) نو عمر خطا کاري کے اہم اسباب کیا ہوتے ہیں ؟ ان کے مضر اثرات کو کیونکر رفع کیا جاسکتا ھے ؟

(۸) ذیل سے کسي تین پر نوٹ لکھئے :-

(۱) اعداد و شماري طریقہ ۔

(۲) مسائلی بچے ۔ (Problem children)

(۳) مانٹیسوري آلات ۔

(۴) دستي کام کي اہمیت ۔

(۵) ذہانت کے عملي آزمائشات ۔
(Performance Tests of Intelligence)

امتحان یم۔ایڈ شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ع

۲۷ - اردی بہشت

مضمون طریقہ تعلیم سائنس — پرچہ دوم

وقت ۳ ساعت — نشانات ۱۰۰

نوٹ — کل چار سوالات حل کئے جائیں۔

۱ "Since it is now generally accepted that there is no special word leading to culture and that a boy or girl can become educated in the real sense as easily through the medium of a course in technology or applied science as one in arts, the task of harmonising culture and vocational education ceases to present Serious difficulties." (Sargent Report).

تدریس سائنس کے نقطۂ نظر سے اس پر بحث کیجئے۔

۲ سائینسی مشاہدہ کے معنی کیا ھین؟ کس لئے سائینسی مشاھدہ کی تربیت ضروری ھے؟ مدرس سائینس ۱۔ کسی دیہی مدرسہ ۲۔ کسی بڑے شہری مدرسہ کے طلبہ میں اس قوت کی نشوونما کے لئے کون کون سے وسائل بروے کار لا سکتا ھے؟

۳ مابعد جنگ کے زمانے کے لئے مضامین سائینس کی تدریس مین آپ کن تبدیلیو کی تجویز پیش کرینگے؟

۴ سائینس کی تدریس کے سلسلہ مین انکشافی (Heuristic) طریقہ کی تائیدجو پروفیسر ارم اسٹرانگ نے کی ھے اس کی تائید یا خلاف مین استدلال پیش کیجئے۔کس حد تک مذکورہ

۵۔ اصول اور طریق تعلیم پر مندرجۂ ذیل اشخاص میں سے کسی ایک کا اثر تفصیل سے بیان کیجیے اور اس کے مسلک پر تنقیدی تبصرہ کیجیے :۔

(۱) ہربارٹ (۲) فروئبل (۳) ڈیوی

(ب)

۶۔ معاشرہ کی زندگی میں تعلیم کا کیا خاص وظیفہ ہے ؟ اس کے اداروں میں مدرسہ کے سپرد کیا مخصوص کام ہونا چاہیے ؟

۷۔ تعلیم کا تعلق حکومت سے کیا ہونا چاہیے ؟ کیا تعلیم کے لیے حکومت کے اغراض کو قدر اعلیٰ قرار دیا جاسکتا ہے یا کوئی اور معیار پیش نظر رکھنا ضروری ہے ؟

۸۔ ہندوستان کی تعلیمی تنظیم سے متعلق جو تجویز سارجنٹ اسکیم کے نام سے مشہور ہے اس پر اپنی رائے مع وجوہ بیان کیجیے۔

۹۔ مختلف مذاہب کو ماننے والی ملی جلی آبادی میں سرکاری مدارس کو مذہبی تعلیم کا انتظام کرنا چاہیے یا نہیں ؟ مذہبی تعلیم آپ کے خیال میں ضروری ہے یا نہیں ؟ اگر ضروری ہے تو اس کا بہترین طریقہ کیا ہے ؟ اس کا انتظام حکومت کے ہاتھ میں ہونا چاہیے یا مذہبی جمعیۃ کے ؟

۱۰۔ مدرسہ معاشرہ کے دوسرے اداروں کے کام میں کیا مدد پہنچا سکتا ہے ؟ کس حد تک اسے یہ کام کرنے چاہییں اور کس طرح ؟

امتحان ایم۔ایڈ (شعبہ تعلیم) سنہ ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

طریقہ ہائے تعلیم ۔ (ریاضی) — ۱۰۰ نشانات

نوٹ:۔ صرف چار سوال حل کیے جائیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ "اعلیٰ ثانوی جماعتوں کے ریاضیاتی نصاب میں احصاء (Calculus) کو شامل کر لیا جائے تو مدارس کے ریاضی کا معیار بلند ہوگا۔" کیا اسے (ا) نصاب میں داخل کیا جائے (ب) خارج از نصاب رکھا جائے۔ مدلل رائے ظاہر کیجئے۔

۲۔ اعلیٰ ثانوی امتحان کی ضروریات کی تکمیل آپ کے مجوزہ تدریس ریاضیات کی تجاویز سے ٹکرا جاتی ہے۔ اگر یہ صحیح ہے تو اسکی وجہ کیا ہے؟ آپ کی رائے کے مطابق اعلیٰ ثانوی کے نصاب کی اصلاح کے کیا طریقے ہو سکتے ہیں۔

۳۔ جگہ اور فاصلہ کا ابتدائی مطالعہ عملی تعمیر اور روزمرہ زندگی کے کام مسائل کے آزمائشی تلاش سے ہونا چاہئے۔ مثالوں کے ذریعہ اپنے جواب کو واضح کیجئے۔

۴۔ اساتذہ عموماً یہ محسوس کرنے میں ناکام رہے کہ رسمی (formal) علم ہندسہ کے تعریفات، متعارفہ اور ثبوت، قوت متخیلہ کے آخری منازل کے نتائج ہیں۔ اور یہ آغاز ہی میں جستجو و تلاش کا

طریقہ کو سائینس کی تدریس میں ڈالٹن پلان کہا جا سکتا ھے ؟

۵ مذکورۂ ذیل مضامین کی تعلیم کا اغاز کن جماعتون میں کیا جائیگا ؟

الف مطالعۂ قدرت ۔ ب ۔ طبیعیاتی پیمایشات ۔ ج ۔ مبادیات حرارت ۔ د ۔ میکانیات ۔

مدلّل وجوہ کے ذریعہ اپنے بیان کی تائید کیجئے ۔

٦ مطالعۂ قدرت کی تدریس مین عجائب خانون اور تعلیمی سیاحت کی قدر و قیمت سے بحث کیجئے ۔ اس قسم کی سیاحت پر روانہ ھونے سے قبل طلبہ اور مدرس کے لئے کسی قسم کی تیاری ضروری ھے ؟

امتحان ایم۔ایڈ شعبۂ تعلیم ۱۳۵۵ف/۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

(:)

طریقہ تدریس تاریخ — نشانات ۱۰۰

تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔ کوئی چار سوال حل کیجئے

۱۔ شہریت اور بین الاقوامی نقطہ نگاہ کے باہمی تعلق کی وضاحت کیجئے۔ کیا شہریت کی تدریس کے ذریعے سے ان دونوں نظریوں کو باہم مربوط کیا جاسکتا ہے یا نصاب تاریخ میں از سر نو ترتیب اس نہج پر لازمی ہوگی کہ اس میں دنیا کی تاریخ کو اہمیت دی جائے۔

۲۔ مفصل بحث کیجئے کہ کس حد تک شہریت کی تدریس تعلیم کے مسلمہ مقاصد کے ہم آہنگ ہے۔

۳۔ تاریخ کے مطالعے اور تدریس کے سلسلے میں انفرادی کام کے حدود اور مضمرات کی تفصیل پیش کیجئے + اس مطالعہ اور تحریری کام کو بیان کیجئے جو آپ میٹری کیولیشن کے طالب علم کو ہندوستان کے مغل شاہنشاہوں کے سلسلے میں بتائیں گے۔

۴۔ مبسوط بحث کیجئے کہ تاریخ کا امتحان صرف واقعات کی جانچ تک کیوں محدود ہو کر رہ جاتا ہے اور اس طرح اپنے مقصد کو فوت کر دیتا ہے + اس کوتاہی اور خامی کے اصلاح کے ذرائع بتائیے + نیز کوئی تین سوال وضع کیجئے جو آپ میٹری کیولیشن کے طلبا کے لیے موزوں تصور کرتے ہیں۔

مادہ پیدا نہیں کرتے۔ اس کے پیش نظر طلبا میں علم ہندسہ سے دلچسپی پیدا کرنے کے لیے کیا ذرایع اختیار کیے جائیں۔

۵۔ مدرسہ کی کونسی جماعت سے جبر و مقابلہ کی تدریس شروع کی جائے اور کس طرح؟ پہلے دو سال کے لیے کوئی موزوں نصابی کام کا خاکہ مرتب کیجیے۔ اور بتلائیے کہ اس کو مساحت، حساب اور علم ہندسہ کے ساتھ کس طرح منسلک کیا جائے۔

۶۔ چند موزوں اشارے تیار کیجیے جس کے ذریعہ آپ اپنی جماعت کو کسرات کی تعلیم صحیح طریقہ پر دینگے۔

۷۔ ریاضی کے نصابی کتب کا صحیح مقصد علاوہ مشقی سوالات کی فہرست پیش کرنے کے اور کیا ہو سکتا ہے۔ اعلیٰ جماعتوں کے نصابی کتب اور ادنیٰ جماعتوں کے نصابی کتب میں فرق بتلاتے ہوئے بحث کیجیے۔

۸۔ مندرجہ ذیل مقولہ پر مفصل بحث کیجیے۔

امتحانات ایسے وسائل ہیں جن سے نصاب کی خوبیاں اور کمزوریاں اور مختلف اقسام کے مضمون سے متعلقہ مشکلات معلوم ہو جاتی ہیں۔ جن کی بدولت ہم عملی طور پر ایک نصاب تعلیم تیار کر سکتے ہیں۔

امتحان ایم ایڈ شعبہ تعلیم سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ م

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

طریقہ تعلیم اردو — نشانات ۱۰۰

نوٹ: صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ سب سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ اگر آپ کے ذمہ طبقہ ثانویہ کے اردو کے نصاب کی ترتیب ہو تو آپ کن اصولوں کو پیش نظر رکھ کر نظموں کا انتخاب کریں گے اور کس جماعت میں کس قسم اور کس معیار کی نظمیں شریک کریں گے۔ اپنے انتخاب کی تائید میں وجوہ پیش کیجیے۔

۲۔ انشاء کی تصحیح کا حقیقی منشا کیا ہے۔ اردو مضمونوں کے جانچنے اور تصحیح کرنے کے طریقوں پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

۳۔ فرینکلن کا قول ہے "حسن ادا کی خاطر میں نے ایڈیسن (Addison) کی نگاتار تقلید کی ہے" اس مقولہ پر تبصرہ کرکے واضح کیجیے کہ اردو مضمون نگاری میں نمونہ مضمون (ماڈل) کے اغراض و مقاصد کیا ہیں اور ان سے کس حد تک اور کس طریقے سے کام لیا جا سکتا ہے۔ ایک نمونہ مضمون لے کر یہ دکھائیے کہ آپ اس سے کمرہ جماعت میں کس طرح کام لیں گے۔

۴۔ یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ قواعد طبقہ ثانیہ کے نصاب کا

۵ ۔ مدرسے کے نصاب میں مضمون تاریخ کی کیا حیثیت ہونی چاہیے ؟ مدنظر رہے کہ اگر تاریخ کو سائنس شمار کیا جاتا ہے تو یہ ایک ایسی سائنس ہے جو بچوں کے احاطۂ تفہیم سے باہر ہے اور اس لیے اس کی تدریس کو اس نوع کے دماغ کے لیے مختص کرنا چاہیے جو اسے سمجھ سکتے ہیں اور جو مستقبل کے "مشینی ذہن" کی تخلیق کے کام کو سرانجام دے سکتے ہیں۔

۶ ۔ تاریخ کی تدریس اور قصہ گوئی بڑی حد تک ایک دوسرے سے قریبی تعلق رکھتے ہیں۔ دونوں کے مشترک اجزا کا اظہار کرکے ان پر مبسوط بحث کیجیے ؛ نیز ان نفسیاتی مضمرات کی تفصیل پیش کیجیے جو ۱۲ سے ۱۶ سال تک کے طلبا کو تاریخ پڑھانے کے طریقوں پر اثر انداز ہوں گے۔

۷ ۔ مفصل بحث کیجیے

جب "شعور وقت" کا تاریخ پر ردعمل نفسیاتی نقطہ نگاہ سے زیر غور آتا ہے تو وقت کی سماجی ترتیب اتنی اہم نہیں ہوتی جتنی کہ وقت کی انفرادی تفہیم۔

۸ ۔ بچوں میں "شعور وقت" کی ابتدا کب ہوتی ہے ؟ اگر اس شعور کی صحیح ترتیب کی جائے تو سن بلوغ تک یہ کن چیزوں کی تخلیق کا موجب ہو سکتا ہے۔

FACULTY OF EDUCATION.
M. Ed. EXAMINATION.

SUBJECT ENGLISH — PAPER METHOD.

Time 3 hours. — *Marks. 100*

N. B.—Answer any four questions

1. It is said that a study of the pronunciation of the mother tonque is the indispensable foundation for the acquisition of the correct pronuuciation of foreign languages. Discuss.

2. "If literature is to take its cue from life and living, it must have regard to the course of life and accommodate itself to that." Discuss this statement and show how you will be guided in your choice of literary material for pupils of either class VIII or X Illustrate your answer.

3. Estimate the value of dramatics and dramatic expression and discuss the methods you would adopt with a view to promoting these among school children.

4 "Grammar should not be taught at all by any formal method, as any one who reads good English will unconsciously and inevitably pick up as much grammar as he has any need to know." Criticise this and suggest ways and

نہایت غیر مقبول مضمون ہے اور ثانوی طبقے میں بھی اسے کچھ زیادہ پسند نہیں کیا جاتا۔" قواعد کی تعلیم کے متعلق جو تحقیقات اور بحثیں ہوئی ہیں ان کی روشنی میں اس بیان پر تنقید و تبصرہ کیجیے کہ ہمارے مدارس میں قواعد اردو کی تعلیم کس حد تک جائز قرار پا سکتی ہے اور اس کی تدریس کے لیے مختلف طبقوں میں کونسا طریقہ مفید ہو سکتا ہے۔

۵۔ توضیحات کی نفسیاتی اساس پر روشنی ڈال کر اس کی قسمیں بہ صراحت تحریر کیجیے اور لکھیے کہ اردو ادب و قواعد کے اسباق میں کس قسم کی توضیحات سے کس موقعہ پر کام لیا جا سکتا ہے۔

۶۔ زبان کی اہمیت اور گفتگو کے نفسیاتی مقدمات پر مفصل بحث کیجیے۔

۷۔ اردو زبان کی توسیع و ترقی کے لیے مدارس کی انجمنیں کیا خدمت انجام دے سکتی ہیں۔ چند انجمنوں کے اغراض و مقاصد اور طریقۂ کار پر روشنی ڈالیے۔

امتحان ایم۔ ایڈ شعبۂ تعلیم ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

طریق تعلیم۔ پرچۂ جغرافیہ — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ چار سوال حل کیے جائیں۔

(۱) جغرافی قابو ("Geographic Control") سے کیا مراد ہے؟ اس مفہوم کو طلباء کے ذہن نشین کرانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کی جائیں گی؟

(۲) سطح زمین پر "دور فرسودگی" ("Erosion Cycle") کا درس دہم جماعت کے طلباء کے لیے کن طریق پر اور کن کن آلات تعلیمی اور تمثیلات کے ذریعہ موثر بنایا جائیگا واضح کیجیے۔

(۳) زمین کے "ناتی نقشہ" (Relief Map) میں ظاہر کرنے کے کون کون سے طریقے ہیں اور آپ کی رائے میں سب سے بہتر طریقہ کون سا ہے؟ ادنیٰ ثانوی جماعتوں کو ابھار کا درس دیتے وقت عملی طور پر کیا ترتیب آپ کے پیش نظر رہیگی؟

(۴) تظلیل کسے کہتے ہیں؟ تظلیل مخروطی کا استعمال کن نقشوں کے لیے ہوتا ہے؟ اس تظلیل کے عام فوائد اور کوتاہیوں کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

means to popularise the teaching of grammar in schools Draw up a syllabus for either Class V or Class VIII.

5. What principles would guide you in the selection of books on English language & literature for the school library and what devices will you employ for encouraging pupils to make greater use of the books in the library.

6. An important aim of teachig pœtry is cultivation of appreciation. How far is this practicable in Indian high schools and what methods would you adopt in achieving this aim ?

امتحان ایم۔ایڈ شعبہ تعلیم ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۸ راردی بہشت — وقت ۳ ساعت

خاص تاریخ تعلیمی تصورات — نشانات ۱۰۰

نوٹ :۔ صرف چار سوالات حل کیے جائیں۔

۱۔ "کومی نی یس (Comenius) نے یہ واضح کر دیا کہ تعلیم مصنوعی اور رعایتی عمل نہو بلکہ فطری عمل ہو اور انسان کی فطرت اور سرشت کے عین مطابق ہو۔" مقررہ مثالوں کے ذریعہ اسکی وضاحت کیجئے اور موجودہ تعلیمی تصورات سے اس کا جو تعلق ہے اسکو بھی واضح کیجئے۔

۲۔ "رُوسو کے تعلیمی نظریے کی خصوصیت جس پر سخت تنقید کیگئی ہے وہ تہذیب اور تمام سماجی پابندیوں اور اقتدار سے بغاوت ہے" "گریو" بحث کیجئے اور مقررہ مثالوں کے ذریعہ اپنے دلائل کی وضاحت کیجئے۔

۳۔ "پستالوزی کے اصول کی اہمیت اسمیں ہے کہ اس میں عنصری اصول تعلیم اور تعلیمی اصلاح کے تمام اجزا موجود ہیں۔" مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجئے۔

۴۔ فروبل اور ماتیسٹوری کی مجوزہ تعلیم کے اختلافات کا ذکر کرتے ہوئے یہ بھی واضح کیجئے کہ موجودہ نظریہ تعلیم کے ارتقا میں فروبل کے تعلیمی خیالات کا کیا حصہ ہے۔

۵۔ اسپنسر کے خیال کے مطابق اصلی زندگی کن چیزوں پر مشتمل ہے اور اہمیت کے لحاظ سے اُن کی کس طرح تربیت کیجانی چاہیئے۔

۶۔ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیئے :۔

(۵) ہمارے اعلیٰ ثانوی طبقہ میں جغرافیہ کی تعلیم کی اصلاح کے لیے چند ایسی تجاویز پیش کیجیے جو آپ کے ذاتی مشاہدہ اور تجربہ پر مبنی ہوں۔

(۶) ثانوی تعلیم میں جغرافیہ اور دیگر مضامین کے باہمی ارتباط کی ضرورت اور اہمیت کو ظاہر کیجیے اور کسی ایک مضمون سے ارتباط کو مثال کے ذریعہ واضح کیجیے۔

(۷) تعلیمی سیاحت اور عینی مشاہدہ کو تدریس جغرافیہ کا ایک اہم جز کیوں سمجھا جاتا ہے؟ اس کے فوائد بیان کیجیے اور بتائیے کہ مختلف مدارج تعلیم میں ان مقاصد کی تکمیل کن طریقوں سے کی جائیگی۔

(۸) قدیم اور جدید امتحانات کے حسن و قبح سے مختصراً بحث کرتے ہوئے یہ بتلائیے کہ تعلیم مضمون جغرافیہ کی جانچ کیسے کی جائیگی۔

امتحان ایم۔ایڈ شعبہ تعلیم ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت وقت ۳ ساعت

خاص ۔ تعلیمی آزمائشات مع آزمائشات وپیمائشات۔ نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔کوئی چار سوال حل کیے جائیں۔

۱۔ توارث اور ماحول سے متعلق پیچیدہ مسائل حل کرنے میں مدد ملنے کی خاطر توام پر کی ہوئی چند تحقیقات بیان کیجئے۔

۲۔ ذہنی قویٰ کی مقامیت (Localisation) کو قبول کرنا گویا فیکلٹی نفسیات کو پچھلے دروازے سے داخل کرنا ہے اس خیال پر تنقیدی بحث کیجئے۔

۳۔ ظاہر کیجئے کہ ذہانت کی ماہیت کے نظریے اور ذہنی آزمائشات کا استعمال ان دونوں کا باہمی عمل و ردِعمل کیونکر اور کس حد تک ہوا ہے۔

۴۔ جذبات سے متعلق تحقیقات کے مختلف طریقے بیان کرتے ہوئے آپ کی رائے میں جو طریقہ زیادہ نتیجہ خیز ثابت ہوا ہو اس کی وضاحت کیجئے۔

۵۔ کرداریت پسند نفسیات داں 'جبلت' کے خیال کو استعمال کرنے سے کیوں پرہیز کرتے ہیں؟ اس کا بدل وہ کیا پیش کرتے ہیں؟

(1) Emile (2) The Great Didactic (3) The pedagogies of Kindergarten (4) How Gertrude teaches her children . (5) The Tractate on Education (6) What Knowledge is of Most Worth (7) The Schools of Tomorrow

۷۔ سارجنٹ اسکیم کی اہم سفارشات بابت سماجی اور تفریحی مشاغل کی وضاحت کیجئے اور بتایئے کہ ان پر جو تنقیدیں کیگئی ہیں وہ کس حد تک درست ہیں ؟

۸ - وردھا اسکیم اور آبٹ اینڈ وُڈ رپورٹ کی کن تجاویز کو سارجنٹ اسکیم میں شریک کر لیا گیا۔ وضاحت سے بیان کیجئے۔

(ج) ۲۷۴

امتحان ایم - ایڈ شعبہ تعلیم ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

خاص اولی تعلیم اطفال — نشانات ۱۰۰

نوٹ :- صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں :-

۱ - کھیل کے چند جدید نظریوں پر تبصرہ کرتے ہوئے بتایئے کہ بچوں کی تعلیم و تربیت میں اس کا کیا درجہ ہے۔

۲ - کمسن اطفال کی تعلیم و تربیت میں تعلیمی دستی کام (Educational Handwork) کی کیا اہمیت ہے۔ جماعت ہائے ادنیٰ تحتانیہ (Lower Primary) کے لیے ماڈلنگ یا ڈرائنگ کا تدریجی نقاب مع ضروری تدریسی اصولوں کے درج کیجیے۔

۳ - کمسنوں کی غلطیوں اور خطاؤں کے تدارک میں عام طور پر جو غلطیاں کی جاتی ہیں۔ ان کی وضاحت کرتے ہوئے اصلاحی مشورے اور تجاویز پیش کیجیے۔

۴ - ذہنی عمر اور ذہنی خارج قسمت سے کیا مراد ہے۔ تعلیمی اغراض کے لیے ذہنی آزمایشوں سے کس طرح اور کس حد تک کام لیا جاسکتا ہے۔

۶۔ اکتساب اور جذبات کی نفسیات سے متعلق معلومات میں مشروط اعمال کے طریقے نے کس طرح اضافہ کیا ہے؟

۷۔ ذیل سے کسی تین پر نوٹ لکھیے:۔

(ا) نوعمر خطا کاری۔

(ب) نفسی خواص کا توارث۔

(ج) شخصیت کی آزمائش۔

(د) فعلیاتی خطوط مائل۔ (gradients)

(و) فرق کی امکانی خطا۔

امتحان بی۔ای (پہلا) شعبۂ انجنیری ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۳ رخورداد — وقت ۳ ساعت

ریاضی نظری — نشانات ۱۰۰

ہدایت: ۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔ کسی حصہ سے تین سے زاید سوالات منتخب نہ کرو۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

حصہ (۱)

۱ ۔ (ا) معلوم کرو کہ ذیل میں دیا ہوا سلسلہ مستدق ہے یا متسع

$$\frac{1}{\lfloor 1} + \frac{3}{\lfloor 2} + \frac{5}{\lfloor 3} + \frac{7}{\lfloor 4} + \cdots\cdots\cdots + \infty$$

(ب) ثابت کرو کہ

$$\left(\frac{7}{11}\right)^2 : \infty \cdots\cdots + \frac{4}{7\times6\times3} + \frac{3}{6\times5\times2} + \frac{2}{5\times4\times1}$$

۲ ۔ (ا) مساواتوں کی جملہ اصلیں معلوم کرو،

$$لا^6 + 5لا^2 + 3لا - ؟ = \text{صفر}$$

۵ ۔ کن وجوہ کی بناء پر تدریس پر سماجی رنگ چڑھانے کی آج کل زیادہ ضرورت محسوس ہو رہی ہے ۔ اس خصوص میں صبیانی (Infant) اور تحتانی جماعتوں کی تدریس میں آپ کونسے مخصوص طریقوں اور ذرایع سے کام لینگے ۔

۶ ۔ حقیقی تکان اور تکان کاذب (Boredom) میں امتیاز کرنے کے لیے کون کونسے تجرباتی طریقے اور عملی تدابیر تجویز کیے گئے ہیں ۔ ہر ایک کی موزونیت اور عملی افادیت سے مدلل پیرایہ میں بحث کیجیے ۔

۷ ۔ ہمارے ہاں تنظیم مابعد جنگ میں صبیانی تعلیم (Infant Education) کا کیا درجہ ہونا چاہیے ۔ اس کا سرسری سا خاکہ پیش کرتے ہوئے مندرجۂ ذیل کی واضح طور پر تشریح کیجیے :-

"The Child needs experience more than instruction"

"بچے کو درس سے زیادہ تجربہ حاصل کرنے کی ضرورت ہے"

۸ ۔ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھئے :-

(الف) قصہ گوئی کی فنیت (Technique of Story Telling)

(ب) مبادر اطفال سے نپٹنے کے مخصوص طریقے

(Special methods of dealing with precocious children)

(ج) نشوونما کی پہلی شرط کچاپن (immaturity) ہے

(د) ذہانت کے اہم عناصر (Chief elements of intelligence)

حصہ (۲)

۶ - (ا) میاکلارن کا مسئلہ بیان کرو اور اُس کو سمجھاؤ۔
(ب) میاکلارن کے مسئلہ کی مدد سے لوک $_{ق}$ (۱ + لا) کے لیے ایک سلسلہ لا کی صعودی قوتوں کے رقوم میں حاصل کرو،
اس کی مدد سے لوک $_{ق}\left(\frac{۱+لا}{۱-لا}\right)$ کے لیے ایک سلسلہ حاصل کرو۔
اب لوک $_{ق}$ ۴ کی قیمت اعشاریہ کے چوتھے مقام تک صحیح معلوم کرو (لا = $\frac{۳}{۵}$ رکھو)

۷ - حسبِ ذیل غیر معیّن تکملوں کی قیمت معلوم کرو :-

(۱) $\int \frac{فرطہ}{۵+۳\,جم\,طہ}$ ، (۲) $\int \frac{فرلا}{جمزلا}$ ،

(۳) $\int \frac{\sqrt{۱-لا}}{(لا-۲)^{\frac{۳}{۲}}}$ فرلا، (۴) $\int \sqrt{\frac{۱-لا}{۱+لا}}$ فرلا

۸ - (ا) ابتدائی اصولوں سے $\frac{۱}{\sqrt{۱-لا}}$ کا بہ لحاظ لا پہلا مشتق معلوم کرو۔
(ب) بہ لحاظ لا ذیل کے تفاعلوں کے مشتق معلوم کرو

(۱) $لا^{۴}$ $ق^{۳لا}$ جب ۲ لا ، (۲) مس$^{-۱}$ $\frac{لا}{\sqrt{۱-لا^{۲}}}$ ،

(۳) جب^{۳} و لا جم^{۲} ب لا

(ب) ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\frac{\pi}{11} + \text{جم}\frac{\pi 3}{11} + \text{جم}\frac{\pi 5}{11} + \text{جم}\frac{\pi 7}{11} + \text{جم}\frac{\pi 9}{11} + \text{جم}\pi = -\frac{1}{2}$$

۳ - (ا) اگر مس (طہ + خ فہ) = جم عہ + خ جب عہ ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{طہ} = \frac{\text{ن}\,\pi}{2} + \frac{\pi}{4} \quad \text{اور} \quad \text{فہ} = \frac{1}{2}\,\text{لوک مس}\left(\frac{\pi}{4} + \frac{\text{عہ}}{2}\right)$$

(ب) حسب ذیل سلسلہ کو جمع کرو

جز لا + جز (لا + ما) + جز (لا + ۲ما) + ... جز (لا + ن - ۱ ما)

۴ - ایک دائرہ محور لا کو دو نقاط میں قطع کرتا ہے جن کے درمیان فاصلہ ۴ √۳ ہے - یہ دائرہ نقاط (۴، ۵) اور (۵، ۱۰) میں سے بھی گزرتا ہے - بتاؤ کہ ان شرائط کو پورے کرنے والے دو دائرے ہیں - ان دائروں کی مساواتیں معلوم کرو -

۵ - (ا) ثابت کرو کہ ایک مکافی ما² = ۸ لا کے ماسکی وتروں کے وسطی نقاط کا طریق ایک دوسرا مکافی ہے -

(ب) اس ناقص کی مساوات معلوم کرو - جس کا ماسکہ نقطہ (۱، ۲) ہو اور جس کا متناظر مرتب خط ۲لا - ۳ما + ۶ = صفر ہو اور جس کا خروج المرکز $\frac{2}{3}$ ہو، خط ما = ا لا + ۲ میں ا کی قیمت یا قیمتیں معلوم کرو تاکہ یہ خط یا خطوطِ ناقص کے مماس ہوں - نیز نقطہ یا نقاطِ تماس کے محدد معلوم کرو -

امتحان بی۔ ای (اول) شعبہ انجینیرنگ سنہ ۱۹۴۶ء


۴ مرقومہ داد — وقت ۳ ساعت

ریاضی عملی۔ — نشانات (۱۰۰)

ہدایت :۔ صرف پانچ سوال حل کئے جائیں

۱ - قوتوں کے ایک ہم مستوی متراکز یا غیر متراکز نظام کے تعادل کو جانچنے کے مختلف طریقے کیا کیا ہیں :
ایک انتصابی دروازہ ۱۲ فٹ چوڑا اور ۱۰ فٹ اونچا ہے اور اس کا وزن ۳۶۰ پونڈ ہے۔ قبضے اوپر اور نیچے سے ایک ایک فٹ پر ہیں اور دروازہ پر انتصابی رد عمل مساوی ہیں۔ قبضوں کے حاصل رد عمل مقدار اور سمت میں معلوم کرو۔

۲ - دی ہوئی قینچی کے سہاروں کے رد عمل متوازی مان کر یہ رد عمل اور قینچی کے ارکان کے زور معلوم کرو۔



۹۔(ا) پانی کے ایک حوض کی گہرائی چار فٹ ہے، اس حوض کے بازو مستطیل ہیں اور ان کا طول ۱۲ فٹ ہے۔ سرے منحرف ہیں۔ اُوپر ۶ فٹ چوڑا اور پیندے پر ۲ فٹ چوڑے ہیں۔ اگر اس حوض کو پانی سے بھرا جا رہا ہو تو اس میں پانی کی مقدار معلوم کرو جبکہ حوض بہ لحاظ گہرائی $\frac{3}{4}$ پر ہے۔ اگر پانی کی رسد کی شرح $\frac{1}{2}$ مکعب فٹ فی ثانیہ ہو تو پانی کی سطح کے بلند ہونے کی شرح معلوم کرو۔

(ب) حسبِ ذیل کی قیمت محسوب کرو:۔

(۱) $\int_{\text{صفر}}^{\text{۲}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{\text{۲}}+۸}$ ، (۲) $\int_{\text{صفر}}^{\text{۱}} \frac{\text{لا}+۱}{\text{لا}^{\text{۲}}+۱}$ فرلا


۶ - (ا) مختصر طور پر بیان کرو کہ اگر ایک ٹھوس جسم جو ایک مستوی سطح اور ایک منحنی سطح سے گھرا ہوا ہے۔ پانی میں ڈوبا ہوا ہو تو اس کی منحنی سطح پر حاصل دباؤ کس طرح معلوم کیا جائے گا۔

(ب) ایک جہاز جو میٹھے پانی میں خط آب کے نزدیک ۲۰ ٹن سے ایک انچ ڈوبتا ہے سو دن کے سفر کے بعد جس میں کوئلہ کا صرفہ ۶۰ ٹن فی یوم رہا سمندر میں ۲ فٹ ابھر آیا۔ اگر میٹھے پانی کا وزن ۶۲٫۵ پونڈ فی مکعب فٹ اور سمندر کے پانی کا ۶۴ پونڈ فی مکعب فٹ ہو تو جہاز کا ابتدائی وزن محسوب کرو۔

۷ - (ا) بار پیما کے ذریعہ مقامات کی بلندی معلوم کرنے کا ضابطہ حاصل کرو۔

(ب) پارے کے ایک بار پیما میں کچھ ہوا رہ گئی ہے۔ جب صحیح بار پیما ۳۰" اور ۲۹٫۴۶" پر ہوتا ہے تو یہ ناقص بار پیما ۲۹" اور ۲۸٫۵" پر ہوتا ہے۔ اگر ناقص بار پیما ۲۹" پر ہو تو اس کے لئے تصحیح معلوم کرو۔

۳۔ (ا) ایک متجانس ٹھوس نصف کرہ کا مرکز ثقل معلوم کرو۔
(ب) ذیل کی شکل کا جس کی موٹائی ہر جگہ ۱ انچ ہے۔ مرکز ہندسی معلوم کرو۔



۴۔ وزن و کے ایک جسم کو ایک افقی قوت کے ذریعہ ایک سطح پر جس کا میلان افق سے طہ ہے اوپر ڈکھیلا جا رہا ہے رگڑ کا زاویہ فہ ہے۔ کم سے کم کتنی افقی قوت درکار ہوگی؟ سطح مائل کو ایک مشین سمجھ کر اس کی استعداد معلوم کرو۔ طہ کی کس قیمت کے لئے یہ استعداد اعظم ہوگی۔

۵۔ ایک تالاب کا کٹہ ٹھوس چنائی کا ہے جس کی کثافت کا اور رگڑ کی قدر مہ ہے۔ چوٹی کی چوڑائی ۲ فٹ اور پانی کے رخ کا پہلو انتصابی اور ن فٹ گہرا ہے۔ بیرونی پہلو کا ڈھال کیسا ہونا چاہئے تاکہ کٹہ (ا) قاعدے پر سے پھسل نہ جائے۔ (ب) الٹ نہ جائے۔

امتحان بی۔ ای (پہلا) شعبۂ انجنیری ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۳۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

پیمایش نظری — نشانات ۱۰۰

ہدایت ۔ نمبر ۱ ۔ سب سوالات کے نشانات برابر ہیں ۔
نمبر ۲ ۔ صرف پانچ سوالات کا جواب لکھو ۔

۱ ۔ ۲ مربع میل رقبہ کی ایک قطعہ اراضی کی پیمایش کر کے نقشہ تیار کیا گیا جس پر غلطی سے اسکیل کا اندراج ۱۲ انچ = ۱ میل ہوا۔ اس اسکیل کی بنا پر اس اراضی کا رقبہ ۳ $\frac{5}{9}$ مربع میل آتا ہے تو بتلاؤ نقشۂ مذکور کا صحیح اسکیل کیا ہے ۔ اس اسکیل کو بناؤ جس میں گنٹر جریب اور وس لڑی ناپ سکیں ۔

۲ ۔ (الف) چین سروے کی بنیاد کن اصولوں پر ہے بیان کرو۔
(ب) ایک قطعہ اراضی کی پیمایش کرنا ہے جس میں پورب پچھم ڈھال ہے ۔ ایسی حالت میں چین لائن مقرر کرنے میں کن امور کا لحاظ کرنا پڑیگا ۔ اور چین لائن اور آفسٹ کس طرح ناپینگے ؟

۳ ۔ (الف) پرزمٹک کمپاس میں منشور شیشی کس کام آتا ہے اور حلقہ پر اعداد معکوس کندہ ہونیکی کیا ضرورت ہے ۔
(ب) کمپاس سے سروے کرنے میں کون کون سی غلطیاں لاحق ہوئی ہیں ۔ ان غلطیوں سے بچنے کیلئے کون سی تدبیریں اختیار کرنی چاہئے ۔

۴۔ ایک بنڈ ٹراورس کمپاس سے کی گئی اُسکے خطوں کی بیرنگ ذیل میں درج ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقامی کشش کے سبب بعض بیرنگ غلط ہیں۔ (الف) ہر خط کی مقناطیسی بیرنگ دریافت کرو (ب) اگر کمپاس کے مقناطیسی سوئی کا میلان ۱° ۳۰' پچھم ہے تو ہر خط کی جغرافیائی بیرنگ دریافت کرو

خط	اگلی بیرنگ	پچھلی بیرنگ
ا ب	۸۱° ۰'	۲۶۲° ۳۰'
ب ج	۳۴۴ ۳۰	۱۶۳ ۰
ج د	۳۰۰ ۰	۱۲۰ ۰
د ہ	۲۲۴ ۰	۴۶ ۰
ہ ا	۱۳۵ ۳۰	۳۱۳ ۳۰

۵۔ کسی لیول کا اسکیچ بناؤ۔ اُس کے مختلف پرزوں کا نام لکھو۔ اور ہر پرزہ کی ضرورت کو تحریر کرو۔

۶۔ (الف) کنٹور (ہم ارتفاع خط) کس کو کہتے ہیں۔ کنٹور سروے کن کاموں کے لئے عمل میں لایا جاتا ہے۔

(ب) کنٹور کے نقشہ پر جو منسلک ہے نقطہ آ نشان کیا ہوا ہے۔ اس نقطہ سے ایک سڑک کے لئے خط لگاؤ جس میں ڈھال ۲۵ فٹ میں ۱ فٹ سے زیادہ نہو۔

(ج) کنٹور نقشہ میں ب ج ایک ۲۰ فٹ چوڑی سڑک کا مرکزی خط دیا ہوا ہے سطح سڑک کا R. L. ۲۴ ہے اگر سڑک کے گل اندازی کی سلامی ۳ میں ۱ ہو تو سڑک مذکور کا نصف پلین مرکزی خط سے بہاؤ کے اوپر کی طرف کا حصہ بناؤ۔ جس میں گل اندازی کا حد نمایاں ہو۔

۷۔ (الف) تھیوڈولائٹ سے ٹراورس کرنے میں کبھی تو مقناطیسی سوئی کی مدد سے سروے کرتے ہیں اور کبھی اندرونی زاویوں کے ناپ سے ہر دو قاعدے کے حسن و قبح کو مفصل طور پر لکھو۔

(ب) کسی نقطہ س پر تھیوڈولائٹ نصب کر کے تین زاویے یکے بعد دیگر پڑھے گئے۔ زاویوں کے پڑھنے کا جو طریقہ اختیار کیا گیا وہ ذیل میں درج ہے۔


A ورنیر کو صفر پر لگا کر پچھلے اسٹیشن کو مشاہدہ کیا۔ اس کے بعد دوربین کو ٹرانزٹ (transt) کر کے اور ورنیر کو ڈھیلا کر کے اگلے مقامہ کا مشاہدہ کیا اب تختی پر زاویہ کا عدد پڑھ لیا گیا ہر زاویہ کے پڑھنے میں یہی طریقہ اختیار کیا گیا ان زاویوں کی قرأت ذیل میں درج ہے۔

اس ب	=	۲۸۵° ۳۰′
ب س ج	=	۲۷۸° ۴۵
ج س ا	=	۳۳۵° ۶

بتلاؤ اس تھیوڈولائٹ کی مستقل ترتیبیں (permanent adjust) درست ہیں یا نہیں اگر نہیں ہیں تو کونسی ترتیب غلط ہے۔ کس قدر غلطی ہے۔ بتاؤ اس آلہ کو کیونکر درست کرینگے۔

نقشہ متعلقہ سوال (۷)

اسکیل ۱ انچ = ۴۰ فیٹ



امتحان بی۔ ای۔ اول شعبہ انجینیری۔ سنہ ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۵ر خورداد وقت ۳ ساعت

اشیاء تعمیر و تعمیر نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ صرف ۶ سوالات حل کئے جائیں ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں کتنی قسم کے پتھر ملتے ہیں۔ تعمیری نقطۂ نظر سے ان کی خصوصیات بالتفصیل بیان کرو۔

۲۔ مختلف قسم کے چونوں کے متعلق تشریح کرو۔ موقعہ تعمیر پر اور تجربہ خانہ میں کس طرح جانچو گے۔

۳۔ ٹیپ کاری اور استر کاری کی تخصیصات سپرد قلم کرو۔

یا

تعمیر کے لئے اینٹ اور پتھر کی تخصیصات سپرد قلم کرو۔

۴۔ تعمیری کاموں میں کونسے رنگ زیادہ استعمال ہوتے ہیں اور روغنی لون (Oil Paint) اور رنگین وسٹمپر (Coloured Distemper) کس طرح کئے جاتے ہیں تفصیل سے بیان کرو۔

۵۔ (الف) ایک کمرہ ۱۶′ × ۱۴′ کا ہے سنگ سیلو

امتحان بی۔ای اول شعبہ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ء

۱۸ شہریور — وقت ۳ ساعت

اشیاء تعمیر و تعمیر — نشانات (۱۰۰)

نوٹ۔ حصۂ اول میں سے صرف (۲) سوالات حل کیے جائیں
حصۂ دوم میں سے صرف (۳) " " " "
جملہ (۵) سوالات حل کیے جائیں

حصۂ اول

۱۔ (الف) بنیاد، دیوار اور ستون کے لیے کان سے پتھر حاصل کرنے کے مختلف طریقے تفصیل سے بیان کرو۔
کسی قسم کے پتھر کو عمارت یا سڑک کے لیے کن وجوہات کی بنا پر غیر موزوں قرار دوگے۔ (۱۴)

(ب) حسب ذیل کو مختصراً مع اجزا اور استعمال کے بیان کرو۔ (۶)

(۱) نیس (Gneiss) (۲) (Laterite)
(۳) (Syenite) (۴) ڈھلواں لوہا (Wrought iron)

۲۔ (الف) اینٹ کی تیاری کا طریقہ بیان کرو۔ اچھی اینٹ کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں۔ (۸)

کا فرش بچھانا ہے اسی فرش (Shahabad Stone)
کا ایک سطحی نقشہ اوڑ (Mason) کی ہدایت کے لئے تیار کرو۔
(ب) اسی کمرہ کے لئے کمانچوں کے چھت کی صاف آڑی تراش
(ابعاد کے ساتھ) کھینچو۔

۶۔ (الف) اینٹ کی بندش کتنی قسم کی ہوتی ہے۔ کونسی
بندش اچھی ہے اور کیوں ؟
(ب) ۲½ x ۲½ کے اینٹ کے سقفوں کے لئے انگلش
(English) اور فلیمش (Flemish) بندش
کے دو، دو ورس صاف خاکہ میں بتلاؤ۔

۷۔ (الف) کمانوں کی تعمیر کس طرح کیجاتی ہے۔ تشریح کرو۔
(ب) سہ مرکزی و چہار مرکزی کمانوں کے صاف خاکے

بتلاؤ۔ (۱۲)

(ب) سپاٹ چھت (مدراسی چھت) بنانے کا طریقہ صاف خاکہ کی مدد سے بیان کرو۔ (۸)

۷۔ (الف) تعمیر شدہ پتھر چنائی، اینٹ چنائی اور استر کاری کے اچھے ہونے کی تصدیق مقام تعمیر پر تم کس طرح کرو گے۔ (۱۲)

(ب) رنگین کھپرے کی تیاری اور ان کی بھٹوائی پر مختصر نوٹ لکھو۔ (۸)

(ب) تعمیر عمارت کے لیے چونا کس طرح حاصل اور تیار کیا جاتا ہے۔ دیوار، چھت، استر کاری اور آب روک تعمیرات میں گچ (Mortar) میں مسالوں کا کیا تناسب اختیار کرنا چاہیے۔ (۱۲)

۳۔ (الف) ممالک محروسہ سرکار عالی کے مختلف مقامات کے چوبینہ کے نام مع مقام دستیابی درج کرو۔ تعمیر عمارت کے کام میں استعمال ہونے والے کسی دو کو تفصیل سے بیان کرو۔ (۱۴)

(ب) چوبینہ کو کس طرح محفوظ کیا جاتا ہے؟ ایک رائج الوقت طریقہ کو بیان کرو۔ (۶)

حصۂ دوم

۴۔ (الف) مختلف قسم کی بنیادوں کے نام لکھو، عام طور سے ان کی بھروائی کس طرح کی جاتی ہے۔ (۱۰)

(ب) کالی مٹی میں جو ۶ فٹ سے زیادہ عمیق ہے بنیاد بنانے کا طریقہ تفصیل سے سپرد قلم کرو (۱۰)

۵۔ مختلف اقسام کے ردّے دار اور غیر ردّے دار پتھر، چنائی کے خاکے کھینچو اور ہر دو اقسام کی چنائی کی تخصیصات لکھو۔ (۲۰)

۶۔ (الف) منگلوری کھپریل (Mangalore tile) چھت کا ایک خاکہ کھینچو اور اس کے ہر حصّہ کو نمایاں طور سے

امتحان بی۔ ای (دوسرا) شعبۂ انجینری ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۵ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

نظری ریاضی — نشانات (۱۰۰)

کل ۵ سوال حل کیے جائیں۔

۱ - کرہ کی مثلث حل کرو، دیے گئے ہیں۔
أ = ۲° ۴۲′ ، ب = ۳° ۴۳′ ، ج = ۳° ۲۹′ ۔
أ، ب اور ج کو مشاہدہ کرنے میں اگر ہر ایک میں ایک فی صد کی خطا ہو تو زاویہ أ کی خطا محسوب کرو۔

۲ - (أ) ایک کرہ لا² + ما² + ی² = ۲۵، ایک مستوی ۲لا + ۳ما + ۴ی = ۱ سے قطع ہوتا ہے۔ تراشی دائرہ کی مساوات اور رقبہ معلوم کرو۔
(ب) ۲لا² - ۶ما² + ۳ی² = ۵ کی وہ مماسی مستوی دریافت کرو جو خط لا + ۹ = ۳ی = ۰ = ۳لا - ۳ما + ۶ی - ۵ میں سے گزرتے ہیں۔

۳ - (أ) س ایک ثابت نقطہ ہے اور پ ایک ثابت خط مستقیم پر کوئی ایک نقطہ ہے۔ پ سے س پ کے عمود دار کھینچے ہوئے خطوط کا لفاف (envelope) دریافت کرو۔
(ب) منحنی لا = أ (مم ط + ط جب ط)، ما = أ (جب ط - ط مم ط) کا evolute دریافت کرو۔

۷ - (ا) حل کرو $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ما}\right) = \text{لا}(\text{لا} + \text{ما})$

(ب) اگر $\frac{\text{جف}^{۲}\text{ی}}{\text{جف لا جف ما}} = ۰$ ثابت کرو

ی = ف (لا) + فَ (ما)

۸ - (ا) تفرقی مساوات ذیل کی توضیح کرو۔

پ پَ + ق قَ = س جہاں پ، ق اور س لا، ما، ی کے تفاعلیں ہیں اور پَ = $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}}$، قَ = $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف ما}}$

(ب) وہ سطحیں دریافت کرو جن کے مماسی مستوی محور دی سے، ایک مستقل طول ک کا مقطوعہ (intercept) قطع کرتی ہیں۔

۴ - (ا) مندرجۂ ذیل جدول میں لا اور ما کی قیمتیں درج کی گئی ہیں۔ ترسیمی طریقہ سے ثابت کرو کہ لا اور ما کے درمیان رشتہ کا قانون تقریباً ما = ا قوب لا سے ظاہر ہوتا ہے۔ نیز ا اور ب کی قیمتیں بھی محسوب کرو:۔

لا	-۱	۰	۱	۲	۳	۴	۵
ما	۱٫۷۱	۳٫۱	۴٫۹	۸٫۲	۱۳٫۳	۲۲٫۵	۳۵

(ب) ما = لوک مس $\left(\frac{\pi}{4} + \frac{\text{لا}}{2}\right)$ کی ترسیم کھینچو۔

۵ - تکمل کرو (ا) $\int \frac{۳\text{لا} - ۵}{۲\text{لا}^۲ + ۶\text{لا} + ۱}$ فرلا (۲) $\int \frac{\text{فرلا}}{(\text{ا}^۲ - \text{لا}^۲)^{\frac{۳}{۲}}}$

(۳) $\int_{\text{صفر}}^{\frac{\pi}{۲}} \text{جب}^۲ \text{ط جم}^۲ \text{ط فرط}$ (۴) $\int_{-\infty}^{\infty} \frac{\text{لا}^۴}{(\text{ا}^۲ + \text{لا}^۲)^۳}$ فرلا

۶ - (ا) سمپسن (Simpson) کے قاعدہ سے حسبِ ذیل (definite) محدود تکمل کی تقریبی قیمت دریافت کرو:۔

$\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ لوک (۱ + جب لا) فرلا

(ب) منحنی لا = ا جم^{۳}ط، ما = ا جب^{۳}ط محور لا کے گرد گردش کرتی ہے۔ اس گردش سے جو شکل بنتی ہے اس کا حجم دریافت کرو۔

امتحان بی۔ ای۔ دوسرا۔ شعبۂ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۷ ارد بہشت — وقت ۳ ساعت

عملی ریاضی — نشانات (۱۰۰)

جملہ چھ سوال حل کیے جائیں کسی حصّہ سے دو سے زیادہ نہ ہوں۔

حصۂ اول

۱۔ ایک زنجیر کا وزن ۲۰ پونڈ ہے اور اس کے سروں پر ۱۰ اور ۱۵ پونڈ کے وزن باندھ کر اس کو ایک چکنی چرخی پر توازن کی حالت میں لٹکایا گیا ہے۔ زنجیر میں اعظم تناؤ معلوم کرو۔

۲۔ ایک ۳۰ فٹ لمبی اور ۳۰۰ پونڈ وزنی سیڑھی کا ایک سرا ایک چکنی دیوار پر ہے اور دوسرا زمین پر۔ دیوار کے پائین سے ۱۰ فٹ کے فاصلہ پر ہے جہاں ایک انتصابی کھونٹی اسے پھسلنے سے روکتی ہے۔ زمین اور دیوار کے ردِّ عمل معلوم کرو۔

۳۔ ایک سیدھی لکڑی کے دونوں سروں پر الگ الگ ڈوری باندھی گئی ہے اور ان کے ذریعہ لکڑی کو ایک کھونٹی سے لٹکایا گیا ہے۔ ایک ڈوری کا طول دوسری کا دوگنا ہے اور دونوں کا درمیانی زاویہ ۹۰° ہے۔ دونوں ڈوریوں کے تناؤ دریافت کرو۔

ساتھ دروازے کا زاویہ ۶۰° ہے۔ اگر پانی کی سطح دروازے کے بالائی کنارے سے ۱۰ فٹ اوپر ہو تو حسب ذیل معلوم کرو:۔

(۱) دروازہ پر دباؤ کا معیار

(۲) دباؤ کا افقی حصّہ۔

(۳) دباؤ کا انتصابی حصّہ۔

(۴) دباؤ کے مرکز کا پانی کی سطح سے عمودی فاصلہ

۸۔ ایک استوانی پیپا پانی میں تیرتا ہے۔ اس کا قطر ۵ فٹ، ارتفاع ۱۰ فٹ اور وزن ۳۰۰۰ پونڈ ہے۔ مرکز ثقل قاعدہ سے ۳ فٹ اونچا ہے۔ توازنی صورت کے لیے مرکز ثقل کا اعظم ارتفاع معلوم کرو جب کہ ۸۰۰ پونڈ کا وزن اس کی چوٹی پر رکھا گیا ہو۔ سمندر کے پانی کا وزن ۶۴ پونڈ فی مکعب فٹ لیا جائے۔

۹۔ شعری قوت (force of capillarity) سے کیا مُراد ہے۔ ایک چھوٹے قطر کی نلی کے لیے ضروری جملہ اخذ کرو۔

سطحی تناؤ ۳۴۵۰۰۰ پونڈ فی انچ اختیار کر کے ایک $\frac{3}{16}$" قطر کی نلی میں شعری قوت معلوم کرو۔

حصۂ دوم

۴۔ ایک موٹر بس سکون کی حالت سے رفتار میں آتی ہے۔ ابتدائی اسراع ۲ فٹ فی ثانیہ فی ثانیہ ہے اور اس میں رفتار کے اضافے کے تناسب سے کمی ہوتے ہوئے ۱ فٹ فی ثانیہ فی ثانیہ ہو جاتا ہے جبکہ اس کی رفتار ۱۰ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔ اس رفتار پر پہنچنے کا وقت معلوم کرو۔

۵۔ ایک لٹھا ہتوڑا (Pile Driver) جس کا وزن ۲۰۰ پونڈ ہے ۵ فٹ کی اونچائی سے ایک ۶۰۰ پونڈ وزنی لٹھے (pile) کے اوپر گرتا ہے۔ اگر اس سے لٹھا زمین میں ۲ انچ دھنسے تو اس کی حرکت کو اوسط مزاحمت معلوم کرو اگر فرض کیا جائے کہ ضرب کے بعد ہتوڑا نہیں اُچھلتا۔

۶۔ معیار جمود اور گردش کے نصف قطر
(moment of Inertia and radius of gyration)
کو واضح طور پر بیان کرو۔

ایک قائم مخروط کا ارتفاع ۸ اور اس کے مدور قاعدے کا نصف قطر ۲ ہے۔ محور کے گرد اس کا گردش کا نصف قطر معلوم کرو۔

حصۂ سوم

۷۔ ایک مائل مستطیل دروازہ ۱۰ فٹ × ۶ فٹ ایک ٹانکی میں پانی کو روکتا ہے۔ ۶ فٹ والا کنارہ افقی ہے۔ افق کے


امتحان بی۔ای (دوم) انجینیری ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

مضبوطی اشیاء و نظریۂ تعمیر — نشانات ۱۰۰

صرف پانچ سوالات حل کیے جائیں۔

۱۔ دو پوشش تختی کے الصاق جوڑ کے لیے جس میں باہر کی قطار کی گہائی داخلی قطاروں کی دوگن ہے جیسا کہ خاکہ میں دکھایا گیا ہے۔ مختلف مزاحمتوں کے لیے جملے تحریر کرو۔ قرض کے لحاظ سے اس جوڑ کی استعداد کیا ہے۔ ۲۰



۲۔ ۳۰ ٹن کے ہموار پھیلے ہوئے بوجھ کا طول ۱۲ فٹ ہے یہ ۶۰ فٹ فصل کے ایک گرڈر پر بائیں سے دائیں جانب حرکت کرتا ہے۔ اس کے لیے خمیدگی کے معیارِ اثر اور قرضی قوت کے لیے شکلیں ترسیم کرو جبکہ :-

(اس میں دیوار کا وزن شامل ہے) ۔ چنائی کا وزن ۱۴۵ پونڈ فی مکعب فٹ ۔ مٹی کا وزن ۱۰۰ پونڈ فی مکعب فٹ، ٹھیراؤ کا زاویہ ۲۷°


۵۔ برآمدہ بیرم شہتیر کے پیٹے کے کسی نقطہ پر لداؤ کے ایک نظام کے تحت ۱۵ ٹن فی مربع انچ کا فشاری زور پیدا ہوتا ہے اور خمیدگی کے معیارِ اثر سے ۵٫۸ ٹن فی مربع انچ کا تنشی زور پیدا ہوتا ہے اور اس ہی نقطہ پر ۳ ٹن فی مربع انچ کا قرضی زور ہے۔ اس نقطہ پر اعظم راست زور اور اس کی سمت معلوم کرو۔

۶۔ ہموار تراش کے برآمدہ بیرم کے سرے پر ۳ ٹن کا بوجھ ہے اور اُس پر ہموار پھیلا ہوا بوجھ ۸ ٹن ہے۔ طول = ۱۴′، تراش کی گہرائی ۱۸″، خمیدگی کے باعث اعظم زور ۵ ٹن فی مربع انچ۔ ی = ۱۳۰۰۰ ٹن/″ آزاد سرے پر انصراف محسوب کرو۔

(الف) بوجھ کا پچھلا سرا بائیں سہارے سے ۱۰ فٹ پر ہے۔

(ب) بوجھ کا ۴ فٹ لمبا حصّہ دائیں سہارے سے آگے گذر چکا ہے۔ ۲۰

۳۔ ایک چوکھٹے دار تعمیر اور اس پر لداؤ خاکہ میں دکھائے گئے ہیں۔ ترسیمی یا کسی دوسرے طریقہ سے اس کے تمام ارکان میں زور دریافت کرو۔ نیز یہ بتاؤ کہ اس کے کونسے ارکان فشار میں ہیں۔ ۲۰



۴۔ ابتدائی اصولوں سے بنیاد کی گہرائی معلوم کرنے کے لیے ضابطہ حاصل کرو۔

پتھر کی چنائی کی بنیاد کے لیے ضروری گہرائی محسوب کرو جبکہ وہ ۴ فٹ چوڑی ہے اور ایک ایسی دیوار کو سہارتی ہے جس پر ۷ ٹن فی طولی فٹ بوجھ ہے

زائد امتحان بی ای (دوسرا) شعبۂ انجنیری ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۱۹ شہریور — وقت ۳ ساعت

نظریہ تعمیر و اشیائی مضبوطی — نشانات ۱۰۰

نوٹ:- صرف پانچ سوالات حل کیے جائیں۔ جملہ سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(۱) تہیرے ریوٹ کیے ہوئے آغوش جوڑ کے لیے جس میں ریوٹوں کی ترتیب کج مج ہے، تنشی، قرصی اور کچل مزاحمتوں کے حلے لکھو۔ اس جوڑ کی قرص کے لحاظ سے استعداد کیا ہے۔

(۲) ۷۰ فٹ فصل کے ایک گرڈر پر ۶ اور ۱۰ ٹن کے دو مرتکز بوجھ جن کے درمیان ۱۰ فٹ کا مستقل فاصلہ ہے حرکت کرتے ہیں۔ تمام فصل پر اعظم قیمتوں کے لیے خمیدگی کے معیارِ اثر اور قرصی قوت کی شکلیں ترسیم کرو۔ اگر تصادم کو نظر انداز کر دیا جائے تو بتاؤ کہ اس گرڈر کو کس اعظم خمیدگی کے معیارِ اثر کے لیے تجویز کیا جائیگا۔

(۳) خاکہ میں ایک وضع کی چھت قینچی دیگئی ہے ترسیمی طریقہ سے اس کے



تمام ارکان میں صرف ہوا کی وجہ سے زور معلوم کرو جبکہ ہوا بائیں سے

امتحان بی۔ای۔ دوسرا امتحان شعبۂ انجنیری ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۶ اردی بہشت — وقت سہ ساعت

ماقوائیات النظری ۔ پرچہ نظری ۔ — نشانات ۱۰۰

نوٹ ۔ صرف پانچ سوال حل کئے جائیں ۔

۱۔ (ا) برنولی کا کلیہ بیان کیجئے ۔ وینچوری پیما میں اس کلیہ کے اطلاق کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے وہ ضابطہ حاصل کیجئے جس پر یہ آلہ مبنی ہے ۔

(ب) تین انچ قطر کے نل میں لگے ہوئے ایک وینچوری پیما کا تنگ دہانہ ایک انچ قطر کا ہے ۔ اگر وینچوری پیما میں ارتفاع آب (۲، ۱۶) انچ ہو اور آلہ کے مستقل کی قیمت ۰، ۹۷ ہو تو پانی کے بہاؤ کی مقدار فی منٹ محسوب کرو ۔

۲۔ (ا) دو برتن بازو بازو رکھے ہیں ۔ اور یہ دونوں ایک منفذ کے کے ذریعہ ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں ۔ اگر برتنوں کے رقبے A_1 اور A_2 ہوں اور منفذ کا رقبہ a ہو اور ابتداء میں برتنوں کے پانی کے لیول کا فرق G ہو تو وہ وقت محسوب کرو جو پانی کی سطحوں کی بلندیوں کا فرق G سے G_1 ہونے میں صرف ہو ۔

(ب) ایک ٹنکی جو ۱۰ فٹ لمبی اور ۵ فٹ چوڑی ہے، ایک

دائیں جانب چل رہی ہے۔ دیگر معطیات حسبِ ذیل ہیں :-
فصل ۴۰ ؍ اٹھان (Rise) ۱۰ ؍ قینچیوں کے درمیان فاصلہ۔ افقی ہوا کا افقی دباؤ ۴۰ پونڈ فی مربع فٹ۔ قینچی کا دایاں سرا ثابت ہے اور بایاں سرا آزاد ہے۔

(۴) کسی شے میں زور پڑ رہا ہے۔ اس شے میں کسی مستوی پر حاصل زور کی حدت ۵ ٹن فی مربع انچ ہے یہ زور تنشی ہے اور متذکرہ مستوی کے عمود سے ۳۰ درجے کا زاویہ بناتا ہے۔ اس کے علی القوائم مستوی پر جو زور پیدا ہو رہا ہے اس کا عمودی تنشی جز تین ٹن فی مربع انچ ہے۔ دوسرے مستوی پر زور کا حاصل محسوب کرو اور صدر مستویوں اور زوروں کو دریافت کرو۔

(۵) ایک آ شہتیر ۲″ × ۴″ × ۱۶ پونڈ (آ = ۲۱ء۳۹ انچ⁴) برآمدہ بیرم کی طرح استعمال کیا گیا ہے۔ اس کا فصل ۶ فٹ ہے۔ اس پر ہموار پھیلا ہوا بوجھ کتنا رکھا جا سکتا ہے کہ اس میں فصل کے $\frac{1}{240}$ سے زائد انصراف نہ پیدا ہو۔ ی = ۱۳۰۰۰ ٹن فی مربع انچ۔

انصراف کے لیے جو ضابطہ استعمال کیا جائے اس کو اخذ کرو۔

(۶) $\frac{1}{2}$ انچ قطر کی ایک سلاخ ۱ ٹن کے برقرار بوجھ کے تحت $\frac{1}{8}$″ کھنچ جاتی ہے۔ اگر اس سلاخ میں ۱۰۰ پونڈ کے وزن کے ۴۱۵ انچ گرنے سے کھنچاؤ واقع ہو تو محسوب کرو کہ اس میں کتنا زور پیدا ہو گا۔ فرض کرو کہ سلاخ میں ابتداءً کوئی زور نہیں ہے۔ ی = ۳۰ × ۱۰⁶ پونڈ فی مربع انچ۔

۴۔ دو حوضوں کو ایک میل لمبے نل سے ملایا گیا ہے۔ نل کا پہلا نصف حصہ ۶" قطر کا ہے اور دفعتاً کم ہو کر باقی نصف میں ۳" ہو جاتا ہے۔ اوپر کے حوض میں نچلے حوض کے بالمقابل ۱۰۰ فٹ زاید بلندی پر پانی کی سطح ہے۔ پانی کے بہاؤ کے دوران میں جو نقصانات ارتفاع میں ہوتے ہیں ان کی جدول تیار کرو۔ اس میں داخلہ کے وقت ارتفاع کے نقصان کو بھی شامل کر لیا جائے۔ اگر رگڑ کی قدر ۰٫۰۱ اختیار کی جائے تو اس نل کا اخراج گیلن فی گھنٹہ کیا ہوگا۔

۵۔ ایک حوض کا رقبہ نو لاکھ مربع فٹ ہے اور اس کے ایک پہلو میں ۱۵ فٹ لمبی چادر لگی ہے۔ دریافت کرو کہ چادر کی سل پر پانی کا لیول ۲ فٹ سے ۱ فٹ ہونے کے لئے کتنا وقت صرف ہوگا۔ جو ضابطہ استعمال کیا جائے اُس کو ثابت بھی کرو۔

۶۔ (ا) کھلے نالوں کے ذریعہ پانی کے بہاؤ پر تفصیلی بحث کرو۔ ہیجانی بہاؤ سے کیا مراد ہے اور (critical) رفتار کس کو کہتے ہیں۔

(ب) ندیوں کے بہاؤ کے ناپنے کے چند ایک طریقے بیان کرو۔

۷۔ (ا) مندرجہ ذیل کی تشریح کرو:۔

غرقاب چادر۔ اوگی آبشار یا چادر۔ سکڑاؤ اور اخراج کی قدریں۔ رفتار آمد۔ نہروں کی کفایتی تراشیں۔

(ب) ایک نالے کی گہرائی تین فٹ ہے اور اس کی اوسط رفتار ۱۲ فٹ فی ثانیہ۔ ایک ایسے کنوے کی بلندی دریافت کرو

پردی کے ذریعہ ایسے دو حصوں میں منقسم ہوتی ہے جن میں سے ایک حصہ کا رقبہ دوسرے حصہ کے رقبہ سے تگنا ہے۔ پردی میں ایک مربع منفذ ہے جس کا کنارہ تین انچ ہے۔ اس منفذ کے ذریعہ پانی ایک حصہ سے دوسرے حصے میں منتقل ہو سکتا ہے۔ اگر چھوٹے حصے میں پانی کی سطح بڑے حصہ کی سطح کے مقابلہ میں دس فٹ بلند تر ہو تو وہ وقفہ محسوب کرو جس میں پانی کی سطحوں کا فرق صرف دو فٹ ہو جائے۔ منفذ میں سے اخراج کی قدر کے لئے مناسب قیمت لیجائے۔

۳۔ ماقوائی ڈھال سے کیا مراد ہے اور عملی طور پر اس سے کیا کام لیا جاتا ہے۔ جبکہ نل میں سے پانی بہ رہا ہو، اس کے ارتفاع میں جو نقصانات متعدد وجوہات سے پیدا ہو سکتے ہیں ان کو تفصیل سے بیان کرو۔

اخذ کرو کہ $ف_ا = \frac{۴ ف ل ر^۲}{۲ ج ق}$ جہاں :—

$ف_ا$ = ارتفاع کا نقصان بوجہ رگڑ۔

ف = رگڑ کا مستقل

ل = نل کا طول۔

ر = پانی کی رفتار۔

ق = نل کا قطر

ج = جاذبۂ ارض۔

امتحان بی۔ای (دوم) شعبۂ انجینیری ۱۳۵۵ف/۱۹۴۶ء

(+)

۲۲ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

۱ طلاقی حرحرکیات و نظریہ مشین — نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ ہر حصہ سے تین سوال حل کیے جائیں سب سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

حصۂ ۱

۱۔ ڈیزل اور اوٹو انجن میں کیا فرق ہے واضح کرو۔ بتاؤ کہ ایک کو دوسرے پر کیوں ترجیح دی جاتی ہے ایک اندرونی احتراقی انجن کی مکمل ایک گھنٹے تک آزمائش کی گئی اور اس سے متعلق تفصیلات مندرجۂ ذیل ہیں۔ م۔ ا۔ ط = ۲۵، ب۔ ا۔ ط = ۲۱، صرف شدہ تیل ایندھن، = ۳۵ ا گیلن، تیل کی کثافت اضافی = ۰٫۷۵، تیل کی ادنیٰ حراری قیمت = ۱۸٫۷۰۰ ب۔ ح۔ ا فی پونڈ، پیراہن کو ٹھنڈا رکھنے والے پانی کی ہوئی مقدار ۵۲۰۰ پونڈ، پانی کی داخلی تپش = ۶۰° ف، خارجی تپش = ۱۵۰° ف، اور اخراجی گیسوں کو ایک حرارہ پیما میں سے گزارنے پر ۹۲۰ پونڈ پانی کی تپش میں ۶۰° ف سے ۱۴۵° ف تک

جس کے ذریعہ پانی کو چھ فٹ اونچا کیا جا سکے۔ [فرض کیا جائے
کہ ندی کی تہ میں کنوے کی بالائی سمت پر آٹ جمع ہو جاتی ہے]

پرگرم وسیر شدہ بھاپ کے لیے جدول

دباؤ (پونڈ فی مربع انچ)		درجہ ف میں	بھاپ کا حجم	حسی حرارت فی پونڈ	مجموعی حرارت فی پونڈ	ناکارگی (پانی)	کل ناکارگی (بھاپ)	کیفیت بھاپ
گیج	مطلق	پتن سیر شدہ یا پرگرمی	مکعب فٹ فی پونڈ	ب - ح - ق	ب - ح - و	ف پ	ف	
۱۷۵٫۵	۱۹۰	۳۷۷٫۵	۲٫۴۰۹	۳۵۰٫۶۹	۱۲۰۲٫۶۷	٫۵۳۹۲	۱٫۵۵۶۷	خشک سیر شدہ
〃	〃	۵۷۷٫۵	۳٫۱۴۵	۳۵۰٫۶۹	۱۳۱۴٫۸	٫۵۳۹۲	۱٫۶۷۷۳	پرگرم
۶۵٫۳	۸۰	۳۱۱٫۶۹	۵٫۴۶۶	۲۸۱٫۶۹	۱۱۸۶٫۱	٫۴۵۳۳	۱٫۶۲۵۴	خشک سیر شدہ
〃	〃	۵۰۰	۷٫۰۰۴	〃	۱۲۸۴٫۸	〃	۱٫۷۴۰۰	پرگرم
〃	〃	۵۱۰	۷٫۰۸۲	〃	۱۲۸۹٫۶۹	〃	۱٫۷۴۵۳	〃
〃	〃	۵۲۰	۷٫۱۶۱	〃	۱۲۹۴٫۶۹	〃	۱٫۷۵۰۵	〃
〃	〃	۵۳۰	۷٫۲۳۸	〃	۱۳۰۰٫۶۰	〃	۱٫۷۵۵۶	〃
〃	〃	۵۴۰	۷٫۳۱۶	〃	۱۳۰۵٫۶۰	〃	۱٫۷۶۰۶	〃
〃	〃	۵۵۰	۷٫۳۹۴	〃	۱۳۱۰٫۶۰	〃	۱٫۷۶۵۶	〃
〃	〃	۵۶۰	۷٫۴۷۲	〃	۱۳۱۵٫۶۰	〃	۱٫۷۷۰۵	〃
〃	〃	۵۷۰	۷٫۵۵۰	〃	۱۳۲۰٫۶۰	〃	۱٫۷۷۵۴	〃
〃	〃	۵۸۰	۷٫۶۲۸	〃	۱۳۲۴٫۹	〃	۱٫۷۸۰۲	〃
〃	〃	۵۹۰	۷٫۷۰۶	〃	۱۳۲۹٫۶۹	〃	۱٫۷۸۴۹	〃
〃	〃	۶۰۰	۷٫۷۸۴	〃	۱۳۳۴٫۶۹	〃	۱٫۷۸۹۶	〃

اضافہ ہوا۔

انجن کی حیلی اور حراری استعداد محسوب کرو اور فی منٹ حرارت کی تقسیم کے لیے ایک حرارتی توازن کا تختہ تیار کرو۔

۲۔ فصل کے حجم کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک یک منزلہ فشار زندہ کی حجمی استعداد کے لیے جملہ اخذ کرو۔

ایک منزلہ فشار زندہ کے استوانہ کا قطر معلوم کرو۔ جب کہ اس کے فصل کا حجم (ضرب کے حجم کا) دس (۱۰) فی صد ہے۔ اس مشین کے ذریعہ فی ضرب ایک مکعب فٹ آزاد ہوا ۳۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق دباؤ تک حرارتی طریقے سے پچکائی جارہی ہے۔ ضرب کمال کو قطر کے مساوی تصوّر کیا جائے۔

۳۔ بھاپ کی خشکی کی مقدار معلوم کرنے کا ایک طریقہ بیان کرو۔ احتیاطیں جن کو خاص طور پر ملحوظ رکھنا چاہیے بیان کرو۔

بھاپ کو جو ۱۹۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق دباؤ اور پر گرمی کے ۴۰۰° ف پر ہے ایک تنگ نلی کواڑی میں سے گزار کر اس کے دباؤ کو ۸۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق دباؤ تک گھٹایا جارہا ہے۔ ادنی دباؤ بھاپ کی تپش کیا ہوگی؟ اگر نل میں سے آخرالذکر بھاپ ۱۵ پونڈ فی ثانیہ کی شرح سے گزر رہی ہو تو نل کا قطر معلوم کرو تاکہ بھاپ کی رفتار (تسوافٹ) فی ثانیہ سے زیادہ نہ ہو۔

۴۔ مندرجۂ ذیل کی تعریف اور وضاحت کرو:۔

(۱) حرارگزاری پھیلاؤ، (۲) ناکارگی، (۳) اطلاقی حرحرکیات کا دوسرا کلیہ، (۴) کلیہ جول اور (۵) کارکردگی کی قدر۔

مندرجۂ ذیل شرائط کے تکمل کے لیے ایک کیم منحنی نصف پیمانہ پر کھینچو۔ کیم دھرے کا قطر $1\frac{1}{2}$ انچ، دھرے کے گرد کی دھات کی قل موٹائی $= \frac{3}{4}$ انچ رولر کا قطر $\frac{3}{8}$ انچ۔

اس کیم کے ذریعہ ایک پھسل ڈنڈے کو ہموار رفتار سے انتصابی سمت میں ۳ انچ تک اٹھایا جا رہا ہے۔ واپسی کی رفتار ہموار اور اُٹھاو کی رفتار کی نصف ہے۔ ضرب کے خط کو خارج کرنے پر وہ کیم دھرے کے مرکز میں سے گزرتا ہے۔

۴۔ ایک انجن ۹۰ گ۔ ف۔م رفتار پر ۳۰۰ اسپی طاقت پیدا کرتا ہے۔ گھماؤ کے معیار کے نقشے سے یہ معلوم ہوا ہے کہ توانائی کا تغیر ہر گردش میں پیدا شدہ توانائی کے ۲۰ فی صد ہوتا ہے۔ اگر رفتار کے تغیر کی قدر $\frac{1}{150}$ تک ہی محدود ہو اور اُڑ پہیہ کے گردش کا نصف قطر ۶ فٹ ہو تو اُڑ پہیہ کا وزن معلوم کرو۔

حصۂ ب

۱ ۔ کمانی کے ذریعہ بوجھ کیے ہوئے (Hartnell) ہارٹنیل قسم کے ایک ناظم کی درمیانی کمانی پیچکائی ہوئی ہے ۔ درمیانی محور سے گولوں کے مرکزوں کے اعظم اور اقل فاصلے بالترتیب ۵ انچ اور ۳ انچ ہیں۔ محور گردش سے بل کرینک بیرم (Bell Crank Lever) کے پنچول کا فاصلہ ۴ انچ ہے ۔ اُفقی اور انتصابی بازوؤں کے طول بالترتیب ۳ انچ اور ۲٫۵ انچ ہیں ہر گولے کا وزن ۵ پونڈ ہے ۔ کمانی کا ابتدائی بوجھ (جب کہ آستین ادنیٰ وضع میں ہوتی ہے) اور کمانی کا مستقل فی انچ پیچکاؤ معلوم کرو جب کہ آستین ۲۵۰ گ ۔ ف ۔ م کی رفتار پر درمیانی وضع سے اُوپر اٹھنا شروع کرتی ہے اور اسی ناظم کے ذریعہ رفتار کا صرف ۵ (پانچ) فی صد اعظم تغیر عمل میں آتا ہے ۔ رگڑ کے اثر کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے ۔

۲ ۔ ایک بھیسل کوارڑی کا زاویہ سبقت ۴۰° ہے اور نقطہ کاٹ اور رہائی دونوں ضربوں کے لیے بالترتیب ضرب کے ۶ ر اور ۹۵ ر پر عمل میں آتے ہیں ۔ اگر انجن کے ڈھاکن سرے کے لیے بھاپ کا اعظم پھیلاؤ ۲۵ ر ۱ انچ ہو اور جوڑ ڈنڈا ، کرینک کا چارگنا ہو تو کوارڑی کا پھیلاؤ ، بھاپ ، اخراجی آغوش اور پیش قدمی دونوں سروں کے لیے معلوم کرو ۔

۳ ۔ کیم کے ذرائع بیان کرو ۔

زائد امتحان بی۔ ای آخری (میکانی) ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۲۱ شہریور　　وقت ۳ ساعت

اطلاقی حرکیات　　نشانات ۱۰۰

ھدایت:۔ (۱) صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(۲) بھاپ جدول، ح۔ ف کے تختہ اور پھسل پٹی کے استعمال کی اجازت ہے۔

(۱) ہوا کو ۱۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق دباؤ اور ۵۰° ف پر ایک استوانہ میں چوسا جاتا ہے اور پھر حرنا گزاری طور پر ۱۳۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق دباؤ تک پچکایا جاتا ہے۔ آخرالذکر دباؤ پر اس ہوا کو استوانے سے ایک قابلہ میں خارج کیا جاتا ہے، پچکائی ہوئی ہوا قابلہ میں ۵۰° ف تک ٹھنڈی کی جاتی ہے۔ اس آلہ میں مستقل دباؤ برقرار رکھنے کے لیے یہاں سے ہوا کی اتنی ہی مقدار بہ لحاظ وزن نکال لی جاتی ہے جتنی کہ اس میں داخل ہوتی ہے۔ ہوا کی اس مقدار کو ہم تبشی طور پر ۱۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق تک پھیلایا جاتا ہے۔ محسوب کرو کہ

(ا) فشارندہ میں فی مکعب فٹ آزاد ہوا کے کام کا صرفہ کیا ہے۔

(ب) ایک مکعب فٹ ہوا سے پھیلاؤ میں حاصل شدہ کام۔

(ج) ہوا کی تپش جبکہ وہ فشارندہ سے قابلہ میں داخل ہوتی ہے۔

کام کر رہا ہو، پچکاؤ کا قانون د حم$^{۱/۲}$ = مستقل اور پچکاؤ کے دباؤ کے حدود ۱۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق سے ۱۵۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق ہیں۔ تجویز کے لیے فشارہ کی اوسط رفتار ۶۰۰ فٹ فی منٹ لی جائے اور فصل کے حجم کو نظر انداز کیا جائے۔

(۵) (Anthracite) کوئلے کے ایک نمونہ کی فی صد تشریح بہ لحاظ وزن حسب صراحت ذیل ہے۔ C = ۹۰ فی صد، H = ۳٫۳ فی صد، O = ۳٫۶۰ فی صد، N = ۰٫۸ فی صد، S = ۰٫۹ فی صد اور راکھ ۲٫۶۰ فی صد۔ اس ایندھن کے ایک پونڈ کے مکمل احتراق کے لیے ہوا کی اقل مقدار محسوب کرو۔ اگر ہوا کی رسد اس اقل مقدار سے ۵۰ فی صد زیادہ ہو تو خشک (Flue Gases) کی تشریح بہ لحاظ حجم معلوم کرو۔ (ہوا کی تشریح بہ لحاظ وزن، N = ۷۷ فی صد، O = ۲۳ فی صد)۔

(۶) ثابت کرو کہ آٹو دور پر عمل پیرا ایک اندرونی احتراقی انجن کی نظری استعداد

$$۱ - \left(\frac{۱}{ب}\right)^{۰٫۴}$$

ہے، جہاں ب = نسبت پچکاؤ، ایک اندرونی احتراقی انجن کی استعداد معلوم کرو جبکہ اس کا ضرب ۶" اور فشارہ کا قطر ۱۲" اور فصل کا حجم ۴۸۵ مکعب انچ ہے، نیز گیس کا صرف فی مظہر اسپی طاقت فی گھنٹہ معلوم کرو اگر گیس کی حراری قیمت ۲۶۰ م۔ح۔ا فی مکعب فٹ اور انجن کی استعدادی نسبت ۵۶ فی صد ہو۔

(۷) امونیہ بتریدی مشین کے ممبر دسیں تپش ۱۵° ف اور پچکاؤ کے بعد تپش ۹۰° ف ہے۔ بخار تکثیف کرنے کے آلہ (Cooler) میں بخار کو

(۲) مرکب بھاپ انجن کے اعلیٰ دباؤ استوانہ کا داخلی دباؤ ۷۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق (صخ = ۸۵۵ ب ح ۲۰، اور تپش سیرشدنی ۳۶۸٫۵ ف) اور ادنیٰ دباؤ استوانہ کا اخراجی دباؤ ۲ پونڈ فی مربع انچ مطلق (تپش سیرشدنی = ۱۲۶° ف) ہے۔ اعلیٰ دباؤ استوانہ کا رجعی دباؤ (Back Pressure) اور ادنیٰ دباؤ استوانہ کا داخلی دباؤ ۵۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق (تپش سیرشدنی ۲۸۱° ف) ہے۔ بھرن پانی کو دو منزلوں میں گرم کیا جاتا ہے۔ اس پانی کو گرم کرنے کے لیے پہلے منزلہ میں بھاپ ادنیٰ دباؤ استوانہ کے بھاپ مخزن (Steam Chest) سے حاصل کی جاتی ہے اور دوسرے منزلہ میں جوشارہ سے حاصل کردہ بھاپ کو استعمال کیا جاتا ہے یہ فرض کرتے ہوئے کہ پھیلاؤ حرنا گزاری اور حرارت کا کوئی نقصان واقع نہیں ہوتا ہے۔ اُوپر کے دور کے لیے بھاپ انجن کی استعداد اور بھرن پانی کے گرم کرنے کے مذکورہ انتظام سے اضافہ استعداد معلوم کرو۔

(۳) ایک ڈی لاوال تربین کے بھاپ مخزن میں دباؤ ۱۴۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق اور تربین کا خارجی دباؤ ۳ پونڈ فی مربع انچ مطلق ہے۔ بھاپ ابتداء میں خشک سیرشدہ ہے۔ پرون کی محیطی رفتار ۱۲۰۰ فٹ فی ثانیہ اور منفذ پرون کی حرکت کی سمت سے ۲۰° پر مائل ہے۔ متشاکل پرون کے زاویے، فی ثانیہ فی پونڈ بھاپ پرون پر کیا ہوا کام، پرون سے اخراج پر بھاپ کی مطلق رفتار اور پرون کی استعداد محسوب کرو۔ رگڑ کے نقصانات کو نظرانداز کرو اور پھیلاؤ کو حرنا گزاری تصور کرو۔

(۴) دوعملی فشارندہ کے استوانہ کے ابعاد معلوم کرو جبکہ اس کی مظہر اسپی طاقت ۵۰ اور وہ بطور ایک سادہ فشارندہ کے ۱۲۰ گردشیں فی منٹ پر

امتحان بی۔ای۔ دوسرا شعبہ سیول انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ء

۲۰ زاوی ہشت — وقت ۳ ساعت

سپائرلش۔ پیچہ نظری — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ کسی پانچ سوال کا جواب تحریر کرو۔

۱ کسی فاصلہ پیما کی مستقل مقدار کیسے معلوم کرتے ہیں؟

۲ اور ب کسی سیدھی سڑک پر دو مقام ہیں۔ جن کی قرأت ایک ایسے مقام ج سے لی گئی جو سڑک مذکور سے دور ہے۔ لیول کی قرأتیں ذیل میں درج ہیں۔

جہت	گز کی قرأت	زاویہ انتصابی	مقام
۳۵۰° - ۳۰°	۷٫۸۵ ۵٫۸۴ ۳٫۶۷	۵° - ۰' - ۰"	ا
۳۰° - ۸۰°	۸٫۶۴ ۳٫۰۵ ۱٫۴۶	۵° - ۳۰°	ب

۹۰° ف پر تکثیف کیا جاتا ہے۔ اس عمل کے بعد بخار ایک پھیلاؤ استوانہ میں سے گذارا جاتا ہے۔ کارکردگی کی قدر معلوم کرو جبکہ حرنا گذاری پچکاؤ کے اختتام پر بخار

(ا) عین خشک سیر شدہ ہے

(ب) ۸۵ء۰ خشک ہے

امونیہ مائع کی حرارت نوعی ۱ء۱ اور اس کی تبخیری مخفی حرارت ۵۶۰ء۸ - ت° ف لی جائے۔

(۸) ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھو۔

(ا) بھاپ تربیتوں میں جو اہم نقصانات ہوتے ہیں۔

(ب) پروڈیوسر (Produce) گیس کا نظریہ۔

(ج) گیس انجنوں کے ضبط رفتار کے مروجہ طریقے۔

بناتے ہیں لکھو۔

تخمۂ متوی کے پیمائش میں کون کون سی غلطیاں عموماً ہوتی ہیں اور ان کے اصلاح کے طریقے مع نقشہ بیان کرو۔

۶۔ مذکورہ ذیل کے کیا مفہوم ہیں مختصر طور سے لکھو۔

(ا) نصف النہار کے استدقاق۔

(ب) استوائی سال۔

(ج) نقطۃ الراس

(د) تفصیلی پیمائش (Cadastral)

(ن) فاصلہ پیما۔

(ل) دُبِّ اکبر (Ursæ Majoris)

(ی) مروری منحنی۔

اوپر کی قراتوں سے سڑک کا ڈھال نکالو۔

۲ - ۲ ب اور ب س دو سیدھی سڑکیں نقطہ ب پر ملتی ہیں اور ۱۲۰° کا اندرونی زاویہ بناتی ہیں۔ ان سڑکوں کے درمیان ایک ایسی قوس لگاؤ جس کا قطر ۸۰۰ فٹ ہو۔ ایسے قوس کو زمین پر لگانے کے لئے جن جن ناپوں کی ضرورت ہو اُن کو حساب کر کے لکھو اور اُس کے لئے فیلڈ بک بناؤ۔

۳ (ا) مثلثاتی پیمائش کرنیکے کیا اصول ہیں؟ اُس کے لئے بنیادی خط کیونکر پوری صحت کے ساتھ ناپتے ہیں۔ مختصر طور پر مع نقشہ بیان کرو۔

(ب) ایک یکساں ڈھال دار زمین پر سو فٹ کے فولادی فیتے کی مدد سے بنیادی خط ناپا گیا۔ فیتہ دس پاؤنڈ کی قوت سے کھینچا گیا تھا۔ اور اُس خط کا ناپ ۱۷۲۵ فٹ لمبائی میں ہوا۔ اُس وقت ہوا کی گرمی ۳۴ درجہ فارنہائیٹ تھی۔ فیتہ صحیح ناپ ۶۲ درجہ تپش پر اور دس پاؤنڈ کے کھچاؤ سے دیتا ہے۔ اس خط کے دونوں سروں کے لیول کا فرق ۳۰ فٹ ہے۔ فولادی فیتہ کے پھیلاؤ کی شرح ۰۰۰۰۰۶ فی درجہ فارنہائیٹ ہے۔ ان حالات میں خط بنیادی کا افقی طول نکالو۔

۴ - السمت (Azimuth) کے صحیح طور سے دریافت کرنے کے کون کون طریقے ہیں لکھو۔ اُن میں سے کسی دو کو بالتفصیل اور مع نقشہ کے بیان کرو۔

۵ - تختہ مستوی کے ذریعہ ہم ارتفاعی خطوں کا نقشہ کیونکر

امتحان بی۔ای۔ دوم۔شعبہ انجینیری ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۲۱۔اردی بہشت وقت ۳ ساعت

سول انجینیری تجویز نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ جملہ (۱۰۰) نشانات کے سوال حل کیے جائیں
برطانوی معیاری تراشوں کی جدولیں استعمال کی جاسکتی ہیں۔

۱۔ دھکے کے بغیر اور دھکے کے ساتھ آنے والے زندہ بوجھ کا معادل مردہ بوجھ کتنا ہوتا ہے۔
حسب ذیل اشیا کی تنشی اور فشاری مضبوطیاں کیا ہیں اور ہر ایک کے لیے جزو تحفظ (factor of safety) کیا اختیار کیا جاتا ہے۔
(۱) تعمیری فولا (۲) ڈھلا لوہا (۳) چوبینہ (۴) پتھر کی چنائی (۵) اینٹ کی چنائی (۶) مٹی۔ (۱۰)

۲۔ ۹" چوڑی اور $\frac{1}{4}$" موٹی تختی کے لیے ایک دوہری پوشش کا الصاقی (Butt) روٹ دار جوڑ تجویز کرو۔ (۳۰)

۳۔ ۴۰ فٹ فصل کے ایک ڈھالیہ (shed) کے لیے مولادی قینچیاں درکار ہیں۔ اپنی مرضی سے کوئی سی قسم اختیار کرکے اس کو صرف مردہ بوجھ کے لحاظ سے تجویز کرو۔ تمام ارکان کے لیے I تراش اختیار کی جائے روٹوں کی تجویز کی ضرورت نہیں (۳۰)

۴۔ ۴۰' گہرے تالاب کے لیے چنائی کے کٹہ کی ایک موزون تراش

امتحان بی ای دوسرا (میکانی) شعبۂ انجینیری ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۲۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تجویز مشین و نقشہ کشی — نشانات ۱۰۰

ہدایت:- آخری سوال لازمی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی اور تین سوالات حل کیے جائیں۔

۱- جزو تحفظ کی تعریف کرو۔ اور بتلاؤ کہ کن وجوہ کے لیے اس کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔

ذیل کی ضروریات کے لیے فولاد کا ایک دُھرا تجویز کرو:-

ترسیل کردہ اسپی طاقت = ۵۰

گردش فی منٹ = ۱۵۰

$$\frac{\text{خاؤ کا معیارِ اثر دھرے پر}}{\text{مروڑ کا معیارِ اثر دھوے پر}} = ۰.۷۵$$

فولاد کی انتہائی مضبوطی = ۲۸ ٹن فی مربع انچ

جزو تحفظ = ۷ ۲۰

۲- ذیل کے حالات کے لیے ایک تسمہ کی تجویز کرو:-

ترسیل کردہ اسپی طاقت = ۲۵

چلانے والی چرخی کا قطر = ۱۸ انچ

تجویز کرو۔ ضابطے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ تراش کو قیام پذیری کے لیے جانچو۔ (۲۰)

۵۔ سب میں اوپر کی منزل کے ایک ۱۸ٔ × ۱۴ٔ کے کمرے کی کمانچہ (Jach arch) چھت کے لیے فولادی شہتیروں کڑیوں وغیرہ کی تجویز کرو۔ ان کی لاگت فی سو مربع فٹ چھت کیا ہوگی۔ اگر فولاد کا نرخ ۳½ فی ہنڈرڈ ویٹ ہو۔ (۲۰)

۶۔ ایک ۱½ فٹ موٹی دیوار کے لیے جس پر بوجھ اس کے ذاتی وزن سمیت ۳ ٹن فی طولی فٹ ہے بنیاد تجویز کرو اور اس کی قیام پذیری کی جانچ کرو۔ بنیاد کی تہ پر زمین ایک ٹن فی مربع فٹ برداشت کر سکتی ہے۔ (۲۰)

دکھایا گیا ہے۔ پلیٹوں کی چوڑائی ۹ انچ اور موٹائی $\frac{5}{8}$ انچ ہے۔ ریٹوں میں جزئی زور (Shear Stress) = ۰٫۸ × پلیٹوں میں تنشی زور (Tensile Stress) ۔ دوسرے جزمیں ریٹوں کی مزاحمت = ۱٫۷۵ × اکہرے جز میں ریٹوں کی مزاحمت۔ پلیٹوں کی انتہائی مضبوطی ۲۸ ٹن فی مربع انچ اور ریٹوں کی انتہائی مضبوطی جز میں ۲۳ ٹن فی مربع انچ لی جائے۔ ریٹوں کا موزوں قطر اور جوڑ کی قلیل ترین استعداد (Efficiency) دریافت کرو۔ ۲۰


۔ ڈھلواں فولاد کے سپر گیرس (Spur Gears) کے جفت کی تجویز کرو۔ جس کے ذریعہ ۲۰۰ اسپی طاقت منتقل ہوسکے۔ گیرس کا تناسب ۲ : ۱ ہے۔ چھوٹے پہیہ کی چال ۲۰۰ گردش فی منٹ ہے۔ دندھروں کا درمیانی فاصلہ تقریباً ۳ فٹ ہے۔ ۴۰


دوسری چرخی کا قطر = ۶ انچ
چرخیوں کا مرکزی فاصلہ = ۳۶ انچ
تسمہ کے مادے کا وزن = ۶۰ پونڈ فی مکعب فٹ
تسمہ کی موٹائی = ۰٫۲۵ انچ
چلانے والی چرخی کی چال = ۲۵۰ گردش فی منٹ
تسمہ کے مادے کی انتہائی مضبوطی = ۳۵۰۰ پونڈ فی مربع انچ
جزو نمحفظ = ۷

۳- چار ضربی یک استوانی گیس انجن ۲۵۰ گردش فی منٹ کی چال پر ۱۵ اسپی طاقت پیدا کرتا ہے۔ اڑھ پہیہ کا وزن اس طرح تجویز کرو کہ چال کا عمومی تغیر ۳ فی صد سے بڑھنے نہ پائے۔

اڑھ پہیے کے گھاؤ کا نصف قطر ۳ فٹ لیا جائے۔

۴- ذیل کی شکل میں ۱۲ ریوٹوں (Rivets) کا ایک جوڑ





امتحان بی۔ ای (دوسرا میکانی) شعبۂ انجنیری ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۲۰ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

برقی انجنیری۔ پرچہ اول — نشانات ۱۰۰

نوٹ :— ہر حصہ سے صرف دو سوال حل کیے جائیں۔ سب سوال مساوی ہیں۔

حصّہ (الف)

۱۔ کرکوف کے کلیوں کو بیان کرو اور ان کی توضیح کرو۔

مزاحمت کی پیمایش تین ایم پیما اور وولٹ پیما کے طریقے میں دو الحاق (ا) اور (ب) استعمال کیے گئے ہیں جن کے خاکے ذیل میں درج ہیں۔ خاکہ (ا) کی صورت میں روڈ ایمپیر اور فوہ ۱۸۰ وولٹ ناپے گئے۔ اگر مزاحمت کی قیمت

$\frac{\text{وولٹ}}{\text{ایمپیر}}$ = اوم سے محسوب کی جائے تو اس قیمت میں فی صد غلطی کیا ہوگی نیز مزاحمت "ز" کی صحیح قیمت معلوم کرو خاکہ (ب) کی صورت میں وولٹ پیما کی قرارت کیا ہوگی جب ایم پیما ۲ ایمپیر رو بتلاتا ہے۔

حصہ (ب)

۴۔ (الف) ابتدائی اصولوں سے راست رو کی مشین میں پیدا ہونے والے مروڑ کے لئے جملہ اخذ کرو۔
(ب) راست رو کی موٹر کے والہ سے اصطلاح "جیلی خصوصیت" کا کیا مطلب ہے اختصار سے سمجھاؤ۔


۵۔ راست رو کی ۲۵۰ وولٹ عاطف موٹر کے لئے ایک محرک کو تجویز کرنا مقصود ہے۔ اعظم رو ۶۷ ایمپیر اور اقل رو اس قیمت کی ۳/۴ ہے۔ ناظر کی مزاحمت ۵ ½ اوہم ہے محرک کے حصوں کی تعداد اور ان میں سے ہر ایک حصہ کی مزاحمت محسوب کرو۔ جو ضابطہ استعمال کیا جائے اس کو اخذ کرو۔

۶۔ راست رو عاطف مکون کے کھلے دور اور بوجھ کی خصوصیات سمجھاؤ۔ وضاحت سے سمجھاؤ کہ کیوں صرف عاطف مکون ثانوی خانوں کو بار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔


حصہ (ج)

۷۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی (۳) تین پر مختصر نوٹ لکھو۔
(۱) ناظر کا رد عمل (۲) درمیانی قطب (۳) تقلیب (۴) مالیت کا قوہ (۵) فاصل مزاحمت (مکون کی)

ا



ب



۲۔ متحرک آہنی ایم پیما کے عمل کو صاف ستھرے خاکوں کی مدد سے سمجھاؤ۔

۱۰ اوم والا ایک وولٹ پیما کا لچھا ۰٫۴۵ وولٹ (۴۵ ملی وولٹ) قوہ کے تحت پورے پیمانہ کا انصراف دیتا ہے۔ لچھے کی موثر گہرائی ۲٫۵ سمر چوڑائی ۲٫۵ سمر اور اس میں ۱۰۰ چکر ہیں۔ پورے پیمانے کے انصراف پر کمانی کو قابو میں رکھنے والا مروڑ ۰٫۵ گرام سمر ہے فضاء میں مقناطیسی کثافتِ بہاؤ دریافت کرو۔

۳۔ اختناق کی تعریف کرو۔ ثابت کرو کہ جب کسی مادہ میں مقناطیسیت کے دوری تغیرات عائد کیے جاتے ہیں۔ تو توانائی کا نقصان اختناقی حلقے کے رقبہ کے متناسب ہوتا ہے۔ نفوذ پزیری کی تعریف کرو۔

امتحان بی۔ ای (تیسرا) شعبۂ انجنیری (سیول و میکانی) سنہ ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۱۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

مضبوطی اشیاء و نظریۂ تعمیر — نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ صرف پانچ سوال کے حل درکار ہیں، لیکن کسی ایک حصہ سے تین سے زیادہ سوال انتخاب نہ کیے جائیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

حصہ (ا)


۱۔ نرم فولاد کا ایک I ۔ تراشی گرڈر ۲ فصلوں ا ب اور ب ج پر مسلسل ہے۔ ان فصلوں کا طول بالترتیب ۲۵ فٹ اور ۲۰ فٹ ہے۔ تراش کی گہرائی ۳۰ انچ، چوڑائی ۸ انچ، بیٹھا تختی کی موٹائی ۱ انچ اور کور تختیوں کی موٹائی ½ ۱ انچ فی تختی ہے۔ وہ اعظم پھیلا ہوا بوجھ محسوب کرو کہ گرڈر پر جس کے لداؤ سے اعظم زور ½ ۵ ٹن فی مربع انچ سے متجاوز نہ ہو۔

۲۔ ایک لانبے ستون کے لیے آئیلر کا خم آور بوجھ کا ضابطہ حاصل کرو جبکہ اس کا نچلا سرا (direction-fixed) اور بالائی سرا صرف (position-fixed) ہو۔ اصطلاح (Slenderness Ratio) کی وضاحت کرو۔

۸۔ کیبلوں کا معاشیاتی کلیہ بیان کرو اور اس کی تشریح کرو۔
۵۰۰ وولٹ قوہ کے تحت ۱۰۰ کلو واٹ کا ایک مستقل بوجھ پہنچانے کے لیے ۲ موصل والے ۵ ؍ میل طول کے طناب کی تجویز کرنا مقصود ہے۔ طناب کی قیمت معہ تنصیبی اخراجات ۱۵ (۶ قہ + ۳ ؍ ۱) روپیہ فی گز ہے۔ قہ ہر موصل کا رقبہ مربع انچوں میں ہے۔ سود اور فرسودگی ۱۰ فی صد ہوتی ہے (بشمول اخراجات کی) اور ضایع شدہ توانائی ۵ ؍ آنہ فی اکائی کے معاوضہ سے حاصل ہوتی ہے۔ تار کی سب سے کفایتی جسامت اور اس کے متناظر قوہ کا گراف محسوب کرو۔ ایک میل طول والے اور ایک مربع انچ تراش کے طناب کی مزاحمت ۰٫۴۴ اوم فرض کی جائے۔


۹۔ سمجھاؤ کہ سوئن برن (Swinburne) کے آزمایش سے راست رو کے مشین کی استعداد کس طرح حاصل کی جاتی ہے۔
ایک عاطف موٹر جب اس پر بوجھ نہ ہو ۴۸۰ وولٹ قوہ کے تحت ۲٫۵ ایمپیر رو لیتی ہے۔ میدانی لچھے کی مزاحمت ۸۰۰ اوم اور ناظر کی مزاحمت ۶ ؍ اوم اور برشوں پر قوہ کا ڈھلاؤ ۱ وولٹ ہے۔
اس موٹر کی استعداد محسوب کرو جب اس کا حاصل ۲۵ ب ط ہے۔ اس صورت میں برشوں پر ڈھلاؤ ۲ وولٹ ہے۔

نقطہ 'ف' پر ایک بوجھ 'و' ایسی مقدار کا آویزان ہے اور



سلاخوں کی تجویز اس طرح کی گئی ہے کہ تمام بندھن سلاخوں میں ۷ ٹن فی مربع انچ اور تمام داب روک ارکان میں ۵ ٹن فی مربع انچ زور پیدا ہوتا ہے۔ ترسیمی طریقہ سے نقطہ 'ف' کا انصراف معلوم کرو جبکہ ے = ۱۳٫۰۰۰ ٹن فی مربع انچ۔

۶۔ جب کہ ایک ٹن کا متحرک بوجھ دیے ہوئے (Braced Girder) پر سے گذرتا ہے تو سلاخوں اب اور اج میں پیدا شدہ



قوتوں کا تغیر بتانے کے لیے پیمانہ پر اشکال کھینچو۔ بتاؤ کہ ان اشکال کی مدد سے اب اور اج میں پیدا شدہ اعظم زور جبکہ گرڈر پر

ایک ڈھلوان لوہے کے ۱۶ فٹ لانبے ستون کے دونوں سرے بہ لحاظ سمت ثابت ہیں ستون کے بیرونی اور اندرونی قطر بالترتیب ۸" اور ۶" ہیں۔ رینکن۔ گورڈن ضابطہ سے اس ستون کی انتہائی مضبوطی معلوم کرو جبکہ م = ۳۶ ٹن فی مربع انچ اور م = $\frac{1}{1600}$

۳۔ لامی کا موٹی دیوار کے استوانوں سے متعلق نظریہ اس حالت کے لیے بیان کرتے ہوئے بیرونی و اندرونی سطحوں پر زور معلوم کرو جبکہ ان مقامات پر نصف قطر ۴ اور ۳ ہوں اور بیرونی و اندرونی دباؤ بالترتیب ۲ اور ۱ ہیں۔

فولادی صدر نل کا اندرونی قطر ۶" اور دیوار کی موٹائی $\frac{1}{2}$۱ انچ ہے۔ اگر مجملی زور ۶,۰۰۰ پونڈ فی مربع انچ سے متجاوز ہونے نہ پائے تو جائز اعظم اندرونی دباؤ معلوم کرو۔

۴۔ ہموار ترانش کے ایک شہتیر کا طول ۳۰ فٹ ہے اور اس کو ۲۰ فٹ درمیانی فصل کے دو سہاروں پر اس طرح سہارا گیا ہے کہ سیدھے جانب کے سہارے سے پیشتر کا دایاں سرا ۱۰ فٹ باہر نکلا ہوا ہے۔ شہتیر کے پورے طول پر ہموار بوجھ پھیلا ہوا ہے۔ اگر سہارے سے باہر نکلے ہوئے سرے کا انصراف ۰٫۶ انچ ہو تو سہاروں کے درمیانی نقطہ پر انصراف معلوم کرو۔

حصۂ (ب)

۵۔ ایک برآمدہ بیرم فریم کے ابعاد نقشے میں دیے گئے ہیں۔

معلوم کرو (۱) اُفقی ڈھکیل (۲) انتصابی تعامل (۳) ہروزن کے مقام پر خماؤ کے معیار (۴) اعظم مثبت خماؤ کا معیار اور (۵) ہروزن کے مقام پر محوری ڈھکیل کیا ہیں۔

۸۔ ایک (Suspension) زنجیر کے کسی تراشش پر تناؤ کے لیے جملہ حاصل کرو جبکہ زنجیر کا اختیار کردہ منحنی مکافی اور اس پر لداؤ ہموار پھیلے ہوئے بوجھ کا ہے۔ جملہ حاصل کرنے میں یہ فرض کرو کہ زنجیر کا ذاتی وزن بہ لحاظ اس ہموار پھیلے ہوئے بوجھ کے جس کو کہ وہ سہارتی ہے قابلِ لحاظ ہی نہیں ہے۔

محسوب کرو کہ ایک (Suspension) پل کے زنجیروں میں جن کی تعداد ۴ ہے اعظم اور اقل تناؤ کیا ہونگے اگر اس پل کی فصل ۶۰۰ فٹ اور (dip) ۶۴ فٹ اور اس پر ½ اٹن فی طولی فٹ کے ہموار پھیلے ہوئے بوجھ کا لداؤ ہے اور زنجیر کا وزن نظر انداز کیا جاسکتا ہے۔

۲ ٹن فی طولی فٹ کا ہموار پھیلاؤ بوجھ جس کا طول گرڈر کے طول سے زیادہ ہے گزرتا ہے کس طرح معلوم کیا جا سکتا ہے۔ جبکہ ایسا بوجھ گزرے اور صدر گرڈر تعداد میں دو ہوں تو متذکرہ ارکان میں پیدا شدہ اعظم قوتیں معلوم کرو۔

۷۔ تحلیلی طریقہ سے ثابت کرو کہ ۲۔ قبضہ مکانی کمان کی صورت میں جبکہ اس کے کسی تراش پر جمود کا معیار آچ قط طہ ہے (جہاں آچ = چوٹی کے تراش کا جمود کا معیار اور طہ = نقطہ زیر بحث پر کمان کے مماس کا زاویہ اُفقی کے ساتھ ہے) اُفقی ڈھکیل ذیل کے جملے سے حاصل ہوتی ہے

$$ڈ = \frac{۵}{۸} \frac{و}{ل_۱^۳ ا} ل (ل + ل_۱)(ل^۲ + ل ل_۱ + ل_۱^۲)$$

ل = کمان کی فصل، و = واحد مرتکز بوجھ "

ا = کمان کی چوٹی کا ارتفاع،

ل = مرتکز بوجھ کا بائیں سرے سے فاصلہ۔

یا

مثلاً فی کمان پر جس کی فصل ۳۲ فٹ اور ارتفاع ۴ فٹ ہے ۴ ٹن کے ۲ مرتکز بوجھ کمر سے بائیں جانب بالترتیب ۸ فٹ اور ۲۴ فٹ افقی فاصلہ پر عمل کرتے ہیں اور کمان صرف سروں پر قبضہ دار ہے۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ کمان کی کسی تراش پر جمود کا معیار اثر آچ قط طہ ہے (جہاں آچ = چوٹی پر کمان کی تراش کا جمود کا معیار اور طہ زیر بحث نقطہ پر کمان کے محور کے مماس کا اُفقی سمت کے ساتھ زاویہ)

امتحان بی۔ ای سوم شعبۂ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ء

۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

محکم کنکریٹ۔ — نشانات (۱۰۰)

۱۔ کیا سیمنٹ قدرتی مصنوعی شے ہے اگر یہ پہلی نوعیت کی ہے تو بتاؤ کہ یہ ہندوستان میں کہاں اور کیسے پائی جاتی ہے اور اگر یہ مصنوعی شے ہے تو بتاؤ کہ اس کو تجارتی پیمانہ پر بنانے کا طریقہ کیا ہے؟ ہندوستان میں یہ کن کن مقامات پر تیار کی جاتی ہے۔ ۱۰

۲۔ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو۔


کن مختلف اشیاء سے سیمنٹ کنکریٹ محکم کی جا سکتی ہے ان میں سے ہر ایک سے محکم کرنے کے فوائد بہ اختصار بیان کرو۔

یا

خاکوں کی مدد سے مختصر طور پر بیان کرو کہ تجربہ خانہ میں سیمنٹ پر کون کون سے تجربے کئے جاتے ہیں۔ ۱۰

۳۔ خاکہ میں دیے ہوئے ہال کے لئے سلوں اور شہتیروں اور ۱۰ فٹ بلند ستونوں کی تجویز کرو جب کہ زندہ بوجھ

پائی جاتی ہے




یا


کاؤنٹر فورٹس کے ساتھ ایک پشتہ دیوار کی تجویز کرو۔ کاؤنٹر فورٹس ۱۰ فٹ مرکزوں پر ہوں گے۔ دیوار کی بلندی ۱۵ فٹ۔ یہ مورم کی بھرت کو سہارتی ہے۔

۴۰

نوٹ۔ خشتی اور قرضی مضبوطی اور ان وغیرہ کی قیمتیں طلبہ خود اختیار کریں۔

۴۰ پونڈ فی مربع فٹ ہے۔





۴۰

۴۔ ذیل میں سے کسی ایک کو حل کرو۔

ایک نالہ کی تراشں دی گئی ہے اس پر محکم کنکریٹ کے پُل کی تجویز کرو۔ زندہ بوجھ ۴۰۰ پونڈ فی مربع فٹ اختیار کیا جائے۔ نالہ کی تہہ کی سطح سے ۸ فٹ گہرائی پر عمدہ چٹانی مٹی

امتحان بی۔ای۔ سوم (سول) شعبۂ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

آبپاشی و قوت آب — نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ پانچ سوال حل کیے جائیں جن میں سوال نمبر (۱) لازمی ہے نشانات سب کے مساوی ہیں۔

۱۔ ایک طاقت نہر (Power canal) کے لیے تراش تجویز کرو جو حسب ذیل شرائط کو پورا کرے۔

(۱) طاقت پیدا شدنی ۵۰۰۰ کیلوواٹ

(۲) قابل حصول ارتفاع ۱۰۰ فٹ

(۳) اعظم بار (Peak load) اوسط سے ۵۰ فی صدی زیادہ

(۴) کون کی استعداد ۹۰ فی صدی

(۵) نہر کی استرکاری چونا کنکریٹ سے

(۶) نہر کا ڈھال ۵۰۰۰ میں ۱

۲۔ چنائی کے ایک چھلک کٹہ کی تجویز کرو جس کی بلندی ۵۰ فٹ اور جس پر پانی کا ارتفاع ۴۵ فٹ ہو۔ بنیاد سخت مورم کی ہے۔ اور دہلیز دندانہ دار (dentated) ہے۔ اٹھاؤ (uplift) پانی کے دباؤ کا ۲۵ فی صدی مانا جائے۔

امتحان بی۔ای سوم (سول)

سنہ ۱۳۵۵ ف م سنہ ۱۹۴۶ ع

۲۲ - اردی بہشت

مضمون آبرسانی و حفظانی انجینیری

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

ہدایات ۔ نمبر ۱ و ۵ لازمی ہیں ۔ ان کے علاوہ کوئی تین سوال حل کیجیے جائیں ۔ لیکن کسی حصہ سے مجموعی طور پر تین سے زیادہ نہ ہوں ۔

حصہ اول

۱ تقطیر کے عمل کو بیان کرو ۔ بیس ہزار کی آبادی کو مقطر پانی کی فراہمی کے لئے ایک سست ریگ مقطارہ کی تہ (Slow Sand Filter bed) کی تجویز کرو۔ ۲۶

یا

مائع کلورین کے ذریعہ پانی کی جراثیم کشی (Sterilization) کے عمل کو بیان کرو اور استعمال ہونے والے آلات کا خاکہ کھینچو ۔ کلورین کی کس قدر فاضل مقدار کی اجازت ہے اور اس کا امتحان کس طرح کیا جاتا ہے ۔ خالص اور خوش گوار پانی کی خصوصیات کیا ہیں ۔

۲ ایک ڈھلے لوہے کے نل میں سیسہ کا جوڑ کس طرح بٹھایا جاتا ہے ۔ پانی کے اندر کام کرتے ہوئے کون سی احتیاطی تدابیر ضروری ہیں ۔ ۱۶

۳- اگر آبپاشی کا ایک منصوبہ ایک ذخیرہ آب پر مشتمل ہو اور اس کے لیے پیمائش کرنے کے لیے کہا جائے تو آپ اسے کس طور پر عمل میں لائیں گے اور ابتدائی مراحل میں اور آخری مراحل میں کیا مواد اکٹھا کریں گے۔

۴- اگر بارش کے ۴۰ سال کے اعداد موجود ہوں تو قابل بھروسہ ماحصل (dependable yield) کس طرح معلوم کیا جائیگا۔ قابل بھروسہ ماحصل کی تشریح کرو۔

۵- چنائی کے کٹہ کے مختلف اجزا کیا ہوتے ہیں۔ ان میں ہر ایک کا مقصد بیان کرو۔

۶- چھلک کٹہ کے نیچے جو تحفظی کام (Protective works) اختیار کیے جاتے ہیں ان کی مختلف قسمیں کیا ہیں اور بنیاد کے تعلق سے ان کے استعمال کی تشریح کرو۔

امتحان بی۔ای۔ آخری شعبہ سیول انجینیری ۱۳۵۵ سنہ م ۱۹۴۶ء

۱۴ اردی بہشت وقت ۳½ ساعت

سڑکیں اور پُل نشانات ۵۰

(نوٹ:- ۶ نشانات صفائی کے لئے محفوظ ہیں)

۱ - فرض کیجئے کہ کسی پُل کے ٹوٹ جانے اور اس کے ایک حصّے کے بہہ جانے کی اطلاع وصول ہوئی۔ تفصیلی طور پر بیان کیجئے کہ آپ کن کن امور کی دریافت اور تحقیق کریں گے تاکہ اس حادثہ کے اسباب معلوم کریں۔ ۲۰

یا

ایک محکم کنکریٹ کے (Slab) کا پلیہ تجویز کیجئے۔ جس کے پایہ اور پیل پایہ چنائی کے ہوں۔ اس کے تین خانے ہوں گے۔ ہر خانہ کا فصل ۱۰ فٹ اور پایوں کی بلندی نالہ کی تہ سے ۶ فٹ اور بنیاد ۵ فٹ عمیق رکھی جائیگی طولی اور آڑی، تراش کے ذریعہ جملہ ابعاد واضح کئے جائیں۔ ۲۰

۲ - سڑک کی سطح کے لئے روڑی کی پانی سے ہم بستگی بھاپ بیلن کے ذریعہ کرنے کا طریقہ بیان کیجئے۔ دوران کار میں کیا احتیاطیں کی جائیں تاکہ عمدہ سطح تیار ہوسکے؟ ۱۲

۳ ایک ۶ انچہ ڈھلے لوھے کے صدر نل سے پون انچ کا (Con-nection) کس طرح دیا جائیگا۔ کون سے مسالے اور اوزار استعمال میں آئینگے۔ ۱۶

۴ کسی تین کا مختصر بیان لکھو اور کسی ایک کا واضح خاکہ کھینچو۔
(۱) (Ball Cock) (۲) دو عملہ ھوا کواڑی (Double acting air value)
(۳) (Screw Down tap) (۴) طوم کواڑی (Sluice value) ۱۶

۵ بیس (۲۰) افراد کے ایک خاندان کے لئے ایک (Sceptic Tank) کی تجویز کرو۔ اس کا خاکہ کھینچو۔ اور سمجھاؤ کہ (Sceptic Tank) کس طرح عمل کرتا ھے۔ ۲۶

۶ ایک پبلک خودکار فلش پیشاب خانہ (Public automatic flushing urinal) کا سطحی خاکہ اور روکار کھینچو حس مین چھہ نشستین ھوں۔ ۱۶

۷ کسی تین کا بیان لکھو اور کسی ایک کا واضح خاکہ کھینچو۔
(۱) گلی پھندا (Gully Trap) (۲) (Ventilating Shaft)
(۳) (Flushing Tank) (۴) مانس موکھا (Manhole) ۱۶

امتحان بی۔ای آخری شعبہ سیول انجینیری ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۱ اردی بہشت — وقت ۱½ ساعت

ریلوے انجینیری — نشانات ۵۰

کوئی تین سوالات حل کیے جائیں۔

۱۔ (ا) مستقل راستے کے بنانے کے مختلف طریقے معہ تراشی نقشہ جات بیان کرو۔

(ب) ریلوے سلیپر (Ry Sleeper) کے اقسام بیان کرو اور مندرجۂ ذیل امور کے متعلق ان کی موزونیت کا مقابلہ کرو:۔

(۱) وضع۔ (۲) وزن۔ (۳) استعمال کی سہولت۔ (۴) ابتدائی خرچ۔ (۵) متوالی خرچ۔ (۶) ناکارہ سلیپر کی قیمت۔

۲۔ ایک چوڑی گیج کی لائن سے دو درجہ کا منحنی بناتے ہوئے ایک ۱۲ میں ۱ کا "ٹرن آوٹ" (1 in 12 turnout) بناتا ہے۔ اس کا نقشہ معہ ناپ کے صاف طور سے بناؤ۔

۳۔ (ا) مختلف قسم کے سگنل جو ریلوے میں مستعمل ہیں اُن کا نقشہ معہ ناپ کے بناؤ۔ سگنل کے تمام پرزوں کا نام اور ہر پرزے کا فعل بیان کرو۔

(ب) "انٹرلاکینگ" (Inter locking) سگنل کا مقصد کیا ہے۔ خاکوں کے ساتھ وضاحت کرو۔ اس قسم کے سگنل کے فوائد

۲

یا

روڑی کی سڑک کی نگہداشت کس طرح کی جاتی ہے؟ سطح کی تجدید اور ترمیم کے کیا اصول ہیں؟ ۱۲

۳- روڑی کی ایک مجوزہ سڑک کے تفصیلات آڑی، تراش کے ذریعہ تفصیلی طور پر بتلائیے۔ سڑک کی سطح کا جملہ عرض ۲۴ فٹ اور سطح کے بیچ کے روڑی کے حصے کا عرض ۱۲ فٹ رکھا جائے۔ ۱۲

یا

سیمنٹ کی ایک شہری سڑک کا تراش بتلایا جائے جس میں بیچ کے سیمنٹ کے حصّہ کا عرض ۲۰ فٹ ہے۔ ۱۲


امتحان بی۔ای۔ سوم میکانی شعبۂ انجنیری ۱۹۴۶ء

۱۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

نظریہ مشین — نشانات

صرف پانچ سوال حل کیے جائیں۔ سب سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ تیز واپسی میکانیت کی بتائی ہوئی وضع (شکل ۱) کے لیے رفتار اور اسراع کے اشکال کھینچو جب کرنک ب ج ۶۰ گ ف م کی ہم وار چال سے موافق سمت ساعت گردش کر رہا ہے۔



شکل (۱)

کماچہ دار بیرم ا د اور کرنک ب ج بالترتیب ا اور ب کے گرد

کیا ہیں۔ ان کے عمل کے طریقہ کو تفصیل سے بیان کرو۔

۴۔ مستقل راستہ میں عام طور پر کیا خرابیاں پائی جاتی ہیں اور اُن کو کس طرح دور کیا جاتا ہے تفصیل سے بیان کرو۔

۰۵° سے ہٹے ہوئے ہیں اور ان کے متکافی اوزان بالترتیب ۲۵۲۰ اور ۴۰۲۲ پونڈ ہیں۔ دوسرے دو کرنک ۱ اور ۴ کے متکافی اوزان اور ان کے اضافی ہٹاؤ معلوم کرو تاکہ سب متکافی اوزان ابتدائی جفت اور قوتوں کے لیے متوازن ہوں۔ کرنک شافٹ کے مرکزی خط کے ساتھ ناپے ہوئے کرنکوں کے درمیانی فاصلے ۱ اور ۲ کے درمیان ۳۷٫۵ انچ ۲ اور ۳ کے درمیان ۶۰ انچ اور ۳ اور ۴ کے درمیان ۴۵ انچ ہیں

۵۔ ایک موٹر کار کے گردشی اجزاء ۱۲۰ پونڈ وزن اور ۸ انچ گردشی نصف قطر (Radius of Gyration) والے ایک اڑہیئے کے مساوی ہیں۔ موٹر کار ۲۰ میل فی ساعت کی رفتار سے مڑتی ہے اور مڑنے نصف قطر ۶۰ فٹ ہے۔ انجن کی ذیل کی وضعوں میں (Gyroscopic) گردشی جفت کی مقدار اور اس کا موٹر پر کا اثر معلوم کرو (ا) جب انجن کا دھرا موٹر کے طولی محور (Longitudinal axis) میں مقیم ہے اور آگے سے پیچھے کی طرف دیکھنے پر موٹر کی گردش موافق سمتِ ساعت ہے۔ انجن کی رفتار ۸۰۰ گ ف م (ب) انجن کا دھرا موٹر کے عرضاً (Transversely across) رکھا گیا ہے اور بائیں ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی طرف دیکھنے پر انجن کی گردش موافق سمتِ ساعت ہے۔

۶۔ ہموار گردشی رفتار سے حرکت کرنے والے ایک "کیام" کے ذریعہ ایک کواڑی کی متکافی حرکتِ عمل میں لائی گئی ہے۔ کواڑی کے

گردش کرتے ہیں ۔ ب ج = ۴ انچ ، د ھ = ۶ انچ ، ھ کا خط ضرب
ا ب کے علی القوائم اور لو سے ۱۲ انچ کے انتصابی فاصلہ پر واقع ہے
پیمانہ ۱ انچ = ۵ انچ فی ثانیہ اور ۱ انچ = ۲۵ انچ فی ثانیہ فی ثانیہ

۲ - اڑپہیہ کے فرائض بیان کرو اور بتاؤ کہ گھماؤ کے معیارِ اثر کے نقشہ کی مدد سے اس کی کمیت اور ابعاد کو کس طرح محسوب کیا جاسکتا ہے۔

۹۰ گ ۔ ف ۔ م کی رفتار سے چلنے پر ایک اڑپہیہ کی ذخیرہ کردہ توانائی ۳۰۰۰ فٹ پونڈ ہے ۔ مزید بوجھ عائد کرنے کی وجہ سے اس کی رفتار ۶۰ گ ۔ ف ۔ م تک ۲ ثانیوں میں گھٹا دی جاتی ہے۔
ذخیرہ کردہ توانائی میں تخفیف اور اڑپہیہ کے اس کمی رفتار کے دوران میں پیدا شدہ اوسط اسپی طاقت محسوب کرو۔

۳ - مقصودہ وضع میں میکانیت کو رکھنے کے لیے ناظم کے ہر گولے پر قطراً عائد کردہ قوت کے مشاہدہ سے کمانی ناظم کے لوگوں کو ضبط میں رکھنے والا کمانیوں کا اثر معلوم کیا جاسکتا ہے ۔ یہ قوت ۱۵ اقہ ۔ ۳۰ پونڈ کے مساوی ہوتی ہے جہاں قہ گولے کی گردش کا نصف قطر ہے ۔

ہر گولے کا وزن ۶ پونڈ اور گ ۔ ف ۔ م ۲۷۰ رہنے پر گردش کا نصف قطر معلوم کرو اور نیز کمانی کی ابتدائی قوت میں اضافہ تاکہ ناظم (Isochronous) بن جائے ۔ اس صورت میں رفتار کیا ہوگی ؟

۴ - ۴ کرنک والے انجن کے درمیانی دو کرنک ۲ اور ۳ ایک دوسرے سے

محور کے گرد آزادانہ گردش کرتا ہے۔ پہیہ د کا محور ا، ب اور ج کے مشترکہ محور کے گرد گردش کر سکتا ہے۔ پہیہ ھ، د سے گیر کرتا ہے۔ پہیوں کے قطر ا، ۸ انچ، ب اور ج، ۵ انچ، د، ۳ انچ، اور ھ، ۴ انچ ہیں۔

ھ اپنی ثابت محور کے گرد ۶۰۰ گ۔ ف۔ م کرنے پر درج ذیل معلوم کرو۔

(ا) ج کی رفتار اگر د کا محور ثابت ہو۔

(ب) پہیہ ج کو ثابت کرنے پر د کی اپنی محور کے گرد کی رفتار۔

(ج) پہیہ ج کو ثابت کرنے پر د کے محور کی ا، ب اور ج کے مشترکہ محور کے گرد کی رفتار

۶۰۰ گ۔ ف۔ م پر چلنے والے ایک دھرے پر دو گیر پہیے ا اور ب ہیں۔ اس دھرے سے متوازی رکھے ہوئے دوسرے ایک دھرے پر دو گیر پہیے ج اور د ہیں جن کا مقام حسبِ خواہش بدلا جا سکتا ہے اور جو بالترتیب ا اور ب سے گیر کر کے دوسرے دھرے کو دو رفتاریں دیتے ہیں۔ دوسرے دھرے کی رفتاریں ٹھیک ۳۷۵ اور تقریباً ۲۲۰ گ ف م ہیں۔ دونوں دھروں کا درمیانی فاصلہ تقریباً ۶۷۵ انچ ہے اور ہر گیر پہیے کے دانتوں کی قطری گہائی ۴ ہے۔

تمام گیر پہیوں کے دانتوں کی تعداد اور دھروں کے درمیان کا صحیح فاصلہ معلوم کرو۔

ثابت کرو کہ گیر پہیوں کے جوڑے کے دانتوں کے درمیان گہائی کی رفتار نقطہ تماس اور گہائی نقطہ کے درمیانی فاصلہ کے متناسب ہے۔


(Stem) کے سرے پر ایک منحنی سطح سے کیام کا تماس رکھا جاتا ہے۔ اس سطح کا نصف قطر ۳" ہے اور اس سطح کے منحنی کا مرکز کواڑی کی (Stem) کے مرکزی خط پر واقع ہے۔ کواڑی کی حرکت سادہ موسیقی، اس کا اٹھاؤ ۱/۲ ۱ انچ اور اس کی حرکت کا خط کیام کے مرکز گردش میں سے گزرتا ہے۔ کیام کا اقل نصف قطر ۲ انچ لیتے ہوئے ذیل کی شرائط کی تکمیل کے لیے کیام پروفائل (Profile) کھینچو۔

کیام کا طے کردہ زاویہ	۷۰°	۲۰°	۵۰°	۲۲۰°
کواڑی کی حرکت	اٹھاؤ	پوری طرح کھلا	گراؤ	پوری طرح بند

۷۔ موٹر کو موڑنے کی ایسی میکانیت کو خاکہ کھینچ کر بیان کرو جس میں موٹر کو موڑتے وقت چاروں پہیّوں کے محور ایک ہی نقطہ پر ملتے ہیں۔ صحیح قسم کی حرکت کے لیے اس نقطہ کا تعین کرو اور بتاؤ کہ یہ شرط ہر صورت میں تکمیل پاتی ہے۔

۸۔ شکل (ب) میں بتائے ہوئے پہیّے ا، ب اور ج کا محور مشترک ہے اور ا اور ب ایک ہی دھرے پر کس دیے ہوئے اور مرکب ہیں۔ پہیّہ د، ب اور ج سے گیر کرتا ہے۔ اور اپنی

شکل (ب)



امتحان بی۔ای (آخری) میکانی شعبۂ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۱۹ مارچ ہفتہ وقت ۳ ساعت

اطلاقی حرحرکیات (پرچہ سوم) نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ (۱) بھیل ٹپی بھاپ جدول اور ح۔ف کے نقشے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔

(۲) کوئی چھ سوال حل کرو۔ تمام سوالات کے نشان مساوی ہیں چار نشان عام صفائی اور صاف ستھرے خاکوں کے لئے محفوظ ہیں۔

۱ ۔ ایک امونیہ تبریدی مشین کے سرد آلہ میں تپش ۵° ف اور بچکاؤ کے بعد کی تپش ۹۰° ف ہے۔ سرد آلہ میں بخار کو ۹۰° ف پر تکثیف کیا جاتا ہے جس کے بعد بخار ایک پھیلاؤ کوڑی میں سے گزرتا ہے۔ کارکردگی کی قدر معلوم کرو۔ جب کہ حرناگزاری بچکاؤ کے اختتام پر بخار (ر) عین خشک اور سیر شدہ ہے اور (ب) ۸۵ فیصد سیر شدہ ہے۔ مائع امونیہ کی نوعی حرارت ۱٫۱ اور تبخیر کی مخفی حرارت ۵۶۶ - ۸۰ ث (ف) لی جائے۔

۲ ۔ ۹۰۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق پر ۲ پونڈ ہوا کو جس کا حجم ایک مکعب فٹ ہے اس کے تین گنے حجم تک ہم تپشی طور پر پھیلایا جاتا ہے۔ اس ہوا کو اب ۵۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق تک حرناگزاری طور پر مزید پھیلایا جاتا ہے۔ اس نقطہ سے ہوا کو ہم تپشی طور پر ایسے حجم تک بچکایا جاتا ہے کہ جس حجم سے مزید حرناگزاری بچکاؤ پر وہ اپنا ابتدائی حجم، دباؤ اور تپش

۵۔ کرٹس قسم کی دھکا تربین میں دو درجے ہیں، ہر درجہ میں منقذوں کا ایک سٹ، تین گردش کرنے والے اور دو ساکن پروں کے سلسلے ہیں۔ منقذوں کے پہلے سٹ میں خشک سیر شدہ بھاپ کو ۲۰۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق سے ۴۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق تک پھیلایا جاتا ہے۔ متحرک پروں کی حرکت کی سمت سے منقذ ۲۰° پر مائل ہیں اور اول الذکر کی رفتار ۵۰۰ فٹ فی ثانیہ ہے۔ پہلے درجہ کے تینوں متحرک اور دونوں ساکن پروں کے زاویے اور آخری متحرک پرہ سے نکلنے والی بھاپ کی مطلق رفتار معلوم کرو۔ ایک سٹ میں تمام متحرک پروں کے داخلی اور خارجی زاویے وہی قرار دو۔

۶۔ پھیلاؤ کے دوران میں حجم میں فی اکائی اضافہ کے لئے حرارت کے انجذاب اور استرداد کی شرح کے لئے جملہ حاصل کرو۔ ان حالتوں کی تشریح کرو جبکہ پھیلاؤ (ا) ہم تپشی اور (ب) دحم^ن = مستقل^ن قانون کے تحت عمل میں آتا ہے۔ دوسری صورت میں تم حاصل کردہ جملہ سے کیا نتیجہ اخذ کرو گے جبکہ "ن" کی قیمت "جہ" سے زائد یا کم ہے۔ کسی گیس کا پھیلاؤ دحم^۱٫۳۵ = مستقل، قانون کے تحت عمل میں آ رہا ہے۔ (جہ = ۱٫۳۸) حرارت کے انجذاب یا استرداد کی شرح اس وقت معلوم کرو جبکہ د = ۱۲۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق۔

۷۔ پٹرول موٹر کے استوانوں کا ضرب اور قطر بالترتیب ۱۲۰ مم اور ۹۰ مم ہے اور نسبت پچکاؤ ۴٫۴، داخلی کواڑی ۰٫۵، ضرب پر بند ہوتی ہے اور اس وقت چارج کی تپش اور دباؤ بالترتیب ۵° سنٹی اور ۱۴٫۹ پونڈ

دوبارہ حاصل کر لیتا ہے کُل بیرونی کام اس نقطہ پر جہاں حرنا گزاری پچکاؤ شروع ہوا تھا۔ دباؤ، حجم اور تپش، دو میں ردکردہ حرارت اور اور اس کی حراری استعداد معلوم کرو، فرض کرو کہ $\text{خ}_{\text{ح}}$ = ۰٫۲۳۸، $\text{خ}_{\text{م}}$ = ۰٫۱۷۱ اور ج = ۱۴۰۰ فٹ پونڈ فی م ج ۔ا

۳ ۔ خشک دودکش گیس کی فی صد تشریح بلحاظ حجم ذیل میں دیگئی ہے۔

CO_2	۱۱٫۹ فیصد
CO	۰٫۱ ″
O_2	۶٫۲ ″
N_2	۸۱٫۸ ″

فی پونڈ کوئلہ بھٹی میں ہوا کی کشیدہ مقدار معلوم کرو۔ فرض کرو کہ کوئلہ میں ۸۶٫۸ فیصد کاربن ہے۔

۴ ۔ انجن کے استوانہ میں ۶۰ پونڈ فی مربع انچ مطلق پر خشک بھاپ کو داخل کیا جاتا ہے۔ بھاپ کی کل رسد کا ۲۰ فیصد داخلہ کے دوران میں تکثیف ہو جاتا ہے۔ پھیلاؤ کے دوران میں جیسے کہ تپش گرتی جذب شدہ حرارت کا ۱/۳ حصہ ہموار شرح سے واپس ہوتا ہے۔ اگر پھیلاؤ مکمل ہو اور عقبی دباؤ ۱۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق تو پھیلاؤ کے آخر میں خشکی کی کسر معلوم کرو اور خارجی بھاپ کو کیفی لحاظ سے ہم جنسی تصور کرتے ہوئے خارجی ضرب کے اختتام پر خشکی کی کسر محسوب کرو۔ فصل کے حجم اور حرارت کے عام نقصانوں کو نظر انداز کیا جائے اور پانی کی نوعی حرارت کو مستقل اور اکائی فرض کیا جائے۔

امتحان بی۔ای (آخری) میکانی شعبہ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۲۲ ر اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ماقوائی مشنری۔ — نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ (۱) کل چھ سوال حل کیے جائیں۔ (۲) کسی ایک حصہ سے بھی دو سے زائد نہ ہوں۔

حصۂ اول

۱۔ جبکہ ایک دھارجس کا تراشی رقبہ "ا" مربع انچ اور رفتار "ر" فٹ فی ثانیہ ہے ایک چکنے پرے سے سماسی طور پر ٹکراتی ہے اور اس طرح اس کی سمت میں زاویہ "ف" کا انحراف عمل میں آتا ہے تو پرہ پر پیدا شدہ قوت کی سمت اور مقدار کے لیے جملے حاصل کرو۔

قوت کی مقدار اور سمت محسوب کرو جبکہ "ا" = (۳) مربع انچ، "ر" = ۱۰۰ فٹ فی ثانیہ اور "ف" = ۱۲۰°

۲۔ ایک پرہ کی رفتار (۵۰) فٹ فی ثانیہ ہے۔ پانی پرہ کی سمت حرکت کے لحاظ سے پرہ پر (۳۰°) پر ٹکراتا ہے اور (۱۴۵°) پر پرہ کو چھوڑتا ہے اگر داخلہ پر پانی کی مطلق رفتار (۱۰۰) فٹ فی ثانیہ ہے تو حسبِ ذیل محسوب کرو۔

(۱) داخلی اور خارجی نقاط پر پرے کے سروں کے زاویے۔

(۲) فی مکعب فٹ پانی پرہ پر کیا ہوا کام

(۳) استعداد

فی مربع انچ مطلق ہے۔ خارجی کواڑی ۸۵،۰ ضرب پر کھلتی ہے اور اس نقطہ پر دباؤ ۱۵ پونڈ فی مربع انچ مطلق پایا جاتا ہے۔ سالمی سکڑاؤ کی مقدار کو ۲ فیصد فرض کرتے ہوئے اخراجی کواڑی کی کھلائی کے وقت استوانے کے مافیہ contents کی تپش معلوم کرو۔ اور فی منٹ اخراج کے ذریعے ردکردہ حرارت کا اندازہ کرو۔ اگر موٹر کے چار استوانے ہوں اور اس کی چال ۱۰۰۰ اگ ف م ہو نوعی حرارت کو اوسطاً ۲۴ر۰ لیا جائے۔

۸۔ ذیل میں سے کسی چار پر مختصر نوٹ لکھو۔

(ا) تبریدی عامل کا انتخاب

(ب) انجن کا انتخاب۔ ڈیزل یا پٹرول، تجارتی گاڑی۔ بس یا لاری میں استعمال کے لئے۔

(ج) بھاپ ترمینوں کی چال کا انضباط

(د) produeer gas کا نظریہ۔

(ھ) رسی بریک کے ذریعہ کسی انجن کی بریک اسپی طاقت کی تعیین۔

محسوب کرو۔

حصۂ سوم

۷۔ صاف ستھرے نقشے کھینچ کر حسب ذیل کا عمل بیان کرو اور ان کی تجویز کے اساس کو سمجھاؤ۔

(۱) ماقوائی توچ

(۲) ماقوائی جامع

(۳) دھار پمپ

(۴) کثیر درجی پمپ

۸۔ سنکافی اور مرکز گریز پمپ کی اضافی خوبیاں بیان کرو جب ذیل حالات جبکہ پائے جائیں تو کون سے پمپ کو ترجیح دیجائے گی۔

(۱) ادنیٰ اٹھان ۔ کثیر اخراج

(۲) اعلیٰ اٹھان ۔ قلیل اخراج

(۳) جبکہ پانی میں ملبا، ریت وغیرہ شامل ہو۔

ایک مرکز گریز پمپ کے اندرونی و بیرونی قطر بالترتیب ($1\frac{1}{2}$) فٹ اور ($2\frac{1}{2}$) فٹ ہیں اور اس پمپ پر کوئی بھنوری کوشک یا قائد پرے منصب نہیں ہے۔ (۶۰۱) فٹ اور (۱۵) فٹ ارتفاع کے خلاف پانی پمپ کرنے کی ابتداء کے لیے پمپ کی دونوں چالوں کی نسبت معلوم کرو۔

۹۔ بالائی ٹانکی میں کنویں سے پانی پمپ کرنے کے لیے ایک مرکز گریز پمپ استعمال ہو رہا ہے۔ حسب ذیل تفصیلات معلوم ہیں۔

(۱) داخلی تحویلی ارتفاع = (۱۳۰)' پمپ کے مرکز کا تحویلی ارتفاع = (۱۵۰)'

۳۔ ایک جہاز کی رفتار جس کو کہ دھار کے ذریعے چلایا جا رہا ہے (۱۰) میل فی گھنٹہ ہے جبکہ خارج ہونے والے پانی کی رفتار (۴۰) فٹ فی ثانیہ ہے اگر دھار کا قطر (۶) انچ ہے تو حسب ذیل محسوب کرو۔

(۱) جہاز پر قوت تحریک (Propelling Force)

(۲) جہاز کو چلانے میں دھار کی صرف شدہ توانائی۔

(۳) دھار کی استعداد

حصۂ دوم

۴۔ ماقوائی ترہین کے دو اصلی اقسام کے صاف ستھرے تراشی خاکے کھینچو اور ان ترہینوں کا مقابلہ کرو۔

ان کے خصوصی استعمال بیان کرو اور ان کی استعدادیں درج کرو۔

۵۔ مختلف قسم کے ڈرافٹ نلوں کے صاف ستھرے نقشے کھینچو اور ان کے ابعاد و پھیلاؤ (Flare) پر اثر انداز ہونے والے اجزاء سے بحث کرو۔

۶۔ اصلی ترہین کی کارکردگی کا پیش اندازہ لگانے کے لیے اس کے ماڈل پر کیا تجربے کیے جائیں گے مختصراً بیان کرو۔

ایک فٹ قطر کے ماڈل ترہین پر تجربے سے پتہ چلا کہ (۵۰) گ ف م پر (۲۰) اسپی طاقت (۲۰) فٹ ارتفاع کے تحت پیدا ہوتے ہیں اور اس وقت اعظم استعداد (۸۰) فی صد ہے۔

محسوب کرو کہ (۱۰۰) فٹ ارتفاع کے تحت (۲۰۰۰) اسپی طاقت کی تکوین کے لیے اصلی ترہین کا قطر اور گ ف م کیا ہوں گے۔ اصلی ترہین اور ماڈل میں پانی کی صرف شدہ مقداروں کی نسبت بھی

امتحان بی۔ای (آخری) میکانی شعبہ انجینیری سنہ ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۲۱ر اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

برقی انجینیری۔ متبادل رو — نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ حصہ "ا" لازمی ہے حصص ب اور ج سے فی حصہ کوئی دو سوال حل کیے جائیں۔

حصۂ (ا)

۱۔ سمتیہ نقشوں کی مدد سے بتاؤ کہ کس طرح ایک برائے کسائی ہوئی ہم وقتی موٹر کو طاقتی جزو کی اصلاح کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے (۱۴)

۲۔ (ا) سمتیہ نقشوں کے ذریعہ واضح کرو کہ کس طرح طناب کے کھلے ہوئے سرے پر وولیٹیج اس کے ترسیلی سرے سے زائد ہونے کا امکان ہے۔

(ب) مختصراً بیان کرو کہ برقی طاقت کے ترسیلی تاروں کی (۱) بار وولیٹیج اور (۲) بے حد زیادہ رو سے کیونکر حفاظت کیجاتی ہے (۱۶)

۳۔ سمتیہ نقشوں کی مدد سے بتاؤ کہ کس طرح دو واٹ پیماؤں کے ذریعہ ۳ ہیئتی متبادل رو نظام میں طاقت کی پیمایش کیجا سکتی ہے (۱۴)

حصۂ (ب)

۴۔ کھلے دور کی صورت میں ایک یک ہیئتی مبدل جس کی نسبت

اور نکاسی تحویلی ارتفاع (۲۵۰') ہے۔

(۲) نکاسی نل میں رفتار (۵) فٹ فی ثانیہ اور دوار میں سے نصف قطری سمت میں رفتار (۵) فٹ فی ثانیہ۔

(۳) خارجی سرے پر پرہ کے مماس اور پیپہ کے مماس کے درمیان زاویہ (۱۲۵°)

دوار کے اندرونی و بیرونی محیط پر دباؤ کے ارتفاع محسوب کرو۔

حصّہ "ج"

۷۔ ایک لچھا جس کی مزاحمت (۶) اوم ہے اور امالیت (۰.۰۴) ہنری ہے ایک دوسرے لچھے کے ساتھ جس کی مزاحمت ۵ اوم اور امالیت (۰.۰۶) ہنری ہے متوازی جوڑا گیا ہے۔ جبکہ یہ اجتماع ایک (۱۰) اوم کی مزاحمت اور (۳۰۰) مائیکرو فارڈ کی گنجائش والے مکثفہ کے ہم سلسلہ جوڑا گیا ہے اور ان سب کی (۲۰۰) وولٹ، (۵۰) تعدد فی ثانیہ والے صدر تاروں کے عرضی لگا یا گیا ہو تو کل رو اور اس کا ہیئتی زاویہ معلوم کرو۔ (۱۴)

۸۔ کسی بوجھ میں (۱۰) کلو واٹ کا صرفہ (۸۰) فیصد تاخیری جزو پر ہوتا ہے۔ طاقتی جزو کو (۹۰) فیصد تک بڑھانے کے لئے کس مقدار کا مکثفہ استعمال کرنا چاہئے۔ اس نظام کے لئے وولٹیج (۴۴۰) اور تعدد (۵۰) دور فی ثانیہ ہے۔ (۱۴)

۹۔ دو متوازی جوڑے ہوئے مبدلوں میں بوجھ کی تقسیم کا تعین کرنے کے لئے ترسیمی عمل بتاؤ اور تقسیم کے تعین کرنے کے طریقہ کو مختصراً بیان کرو۔ (۱۴)

(۲۵) کو (۱۱) ہے (۲۰۰۰) وولٹ پر (۰٫۱۷) ایمپیئر رو حاصل کرتا ہے اور اس کا طاقتی جزو (۰٫۳) ہے۔ جبکہ (۱۰۰) ایمپیئر کی کامل بوجھی رو قصر کردہ ثانوی پیچھے میں بہتی ہے تو اصلی پیچھے کا ورٹیج (۶۰) اور مبدل کا طاقتی جزو (۰٫۳۵) ہوتا ہے۔

جم فہ کی قیمت (۰٫۸) کے لیے کامل بوجھی استعداد محسوب کرو (۱۴)

۵۔ ایک ۳ ہیئتی ڈلٹا جوڑے ہوئے (۲۰۰) وولٹ امالی موٹر کی فی ہیئت کامل بوجھی رو (۳۰) ایمپیئر ہے۔ اسٹیٹر اور روٹر کی مزاحمتیں علی الترتیب (۰٫۷) اور (۰٫۵) اوم فی ہیئت ہے۔

بلا بوجھی تجربہ کی صورت میں موٹر (۲۰۰) وولٹ پر (۵) ایمپیئر حاصل کرتی ہے اور رو کا زاویہ تاخیر (۷۵°) ہے۔ اس وولٹیج پر قصر دور تجربہ میں رو (۸۰) ایمپیئر اور زاویہ تاخیر (۶۵°) ہے۔

موٹر کے لیے دائری شکل کھینچو اور کامل بوجھ سے متعلق اس کی مدد سے حسب ذیل تفصیلات محسوب کرو :—

(ا) حاصل فی ہیئت (ب) کل حاصل (ج) استعداد
(د) طاقتی جزو (ھ) پھسل (۱۴)

۶۔ (ا) حسب ذیل جملہ پر مختصراً بحث کرو۔

"ایسے امالی موٹر کی ضبط چال جس کے دوار کی مزاحمت زیادہ بالکل ناتشفی بخش ہوگی"۔

(ب) بتاؤ کہ امالی موٹر کے دوار میں اگر مزاحمت شامل کی جائے تو وہ کمتر چال پر اعظم مروڑ پیدا کریگی۔ (۱۴)

امتحان ال ال۔بی (ابتدائی) شعبہ قانون

سنہ ۱۳۵۵ ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

۲ - خوردداد

مضمون (قانون روما) پرچہ (اول)

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ ۔ صرف پانچ سوالات حل کیجئے جائیں ۔ سوال نمبر (۴) کا جواب لازمی ہے ۔

۱ ان طریقوں کو تفصیلا بیان کیا جائے جن سے شہنشاہ سلطنت روما قانون وضع اور شائع کرسکتا تھا۔

۲ الواح اثنا عشر (Twelve Tables) سے مجموعہ قانون روما (Corpus juris civilis) تک قانون روما کی تاریخ کو کس طرح تقسیم کیا جاسکتا ہے ۔ ہر زمانے کے امتیازی خصوصیات کو بیان کیا جائے۔

۳ مالش دیوانی با شرط حلف (Sacramentum) کے ضابطہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ۔

۴ اصطلاحات ذیل کی تعریف کی جائے ۔

(الف) (Familiae emptor) مشتری خاندان

(ب) (Jus civil) قانون ملک

(ج) (Jus gentium) قانون اجانب

(د) (Heres) وارث

امتحان ایل ایل ۔ بی (ابتدائی) شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۲۷ راردی بہشت وقت ۳ ساعت

قانونِ دستوری ۔ پرچۂ دوم نشانات (۱۰۰)

نوٹ ۔ ذیل کے دس سوالات میں سے کسی چھ کے جوابات ادا کیے جائیں فی سوال مفروضہ نمبرات (۱۵) مقرر ہیں اور بقیہ (۱۰) مجموعی سعی جوابات کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔

ان معلومات دستوری سے جن کا اظہار جوابات میں کیا جاوے جہاں تک ممکن ہو اس کی وضاحت کی جاوے کہ ہم کو مملکت آصفیہ میں کس طریق پر اور کس حد تک ان سے مستفید ہونا چاہیے۔

۱ ۔ اصطلاح "قانون دستوری" کا مفہوم انگلستان میں کیا ہے؟ کیا یہ کہیں مدون ہے یا کسی خاص وقت پر نافذ کیا گیا ہے؟ (۱۵)

۲ ۔ انگلستان میں Cabinet Government کا تصور کیجیے۔ کیا تمہارے نزدیک یہ ۱۶۸۸ء کے انقلاب کی پیداوار ہے؟ (۱۵)

۳ ۔ انگلستان میں آزادی تقریر و تحریر کے کیا قانونی حدود ہیں۔ اپنے جواب کے مدنظر حسبِ ذیل مقدمات کا تصفیہ کرو۔

(۱) زید عوام میں تقریر کرتے ہوئے اپنے سیاسی مخالف مزدور وزیر (Labourite Minister) کو جھوٹا کہتا ہے۔

(۲) بکر ایک یہودی ربی (Rabbi) نے سینیگاگ میں

(۵) شئی قابل تجارت (Res mancipi)

۵ مفروضہ قانونی (Legal fiction) سے کیا مراد ہے ۔تمثیلات سے واضح کیا جائے کہ قانون روما یا انگریزی قانون میں اس کا استعمال کیسے ہوتا ہے ۔

۶ غلام کی حیثیت قانون روما میں کیا تھی ۔ اس کی آزادی کے کیا طریقے تھے۔

۷ جسٹینین کے زمانے میں پسر خاندان (Filius familias) کے مالکانہ حقوق کیا ہوا کرتے تھے ۔

۸ قانون روما کے اشکال ازدواج بیان کر کے ہر ایک کے قانونی نتائج کو بیان کیا جائے۔

۹ نابالغ اور اس کے اولیا کے متعلق قانون روما کیا کہتا ہے اس کو بہ تفصیل بیان کیا جائے۔

—:o:—

۹- انگلستان میں ذرائع آمدنی کیا ہیں اور ان کے صحیح مصرف پر قابو رکھنے میں باشندگان انگلستان کا اقتدار کن قوانین و روایات کے تحت قائم ہے ؟ (۱۵)

۱۰ - انگریزی قانون کے مطابق تاج کے خلاف رعایا کو حسب ذیل صورتوں میں کیا دادرسی حاصل ہے ؟

(۱) تاج کا خلاف ورزی معاہدہ کرنا۔

(۲) تاج کا کسی کو قانونی نقصان پہنچانا۔

(۳) تاج کا قوانین مدونہ (Statute Laws) کی خلاف ورزی کرنا۔ (۱۵)

وعظ کرتے ہوئے عربوں کے خلاف جنگ کی تبلیغ کی۔
(۳) بعد صلح جنگ حالیہ خالد نے ایک کتاب لکھی جس میں انڈونیشیا کے خلاف جنگ کو برطانیہ کا سخت جرم قرار دیا ہے۔ (۱۵)

۴۔ برطانیہ میں حقیقی اقتدار اعلیٰ کن کن ادارجات میں مرکوز ہے اور ان میں توازن قائم رکھنے کے لیے کون کون سے قوانین نافذ کیے گئے ہیں اور کون کون سے روایات قائم ہوگئے ہیں (۱۵)

۵۔ باوجود یورپ کے دور انقلاب کے انگلستان میں تقریباً ایک ہزار سال سے پادشاہت قائم رہنے کا قانون دستور انگلستان کس حد تک ذمہ دار ہے؟ (۱۵)

۶۔ "Non Sovereign" اقتدار اعلیٰ نہ رکھنے والی قانون ساز جماعت کس کو کہتے ہیں اور اس کی نوعیت کیا ہوا کرتی ہے بصراحت بتلاؤ؟ (۱۵)

۷۔ قوانین نافذ الوقت کے ذریعہ انگلستان میں مذہب (Church) اور بادشاہ وسلطنت کے کیا تعلقات قائم کیے گئے ہیں اور ان کی خلاف ورزی کی صورت میں قوانین موضوعہ (Statutes) کے ذریعہ کیا سزائیں رکھی گئی ہیں؟ (۱۵)

۸۔ تم وفاقی حکومت (Federal Government) کا کیا مفہوم سمجھتے ہو؟ شرائط، مقاصد اور اہم خصوصیات وفاقیت (Fedrilism) کا تفصیل سے بیان کرو اور وفاقی Federal اور وحدانی طرز حکومت (Unitary System of Government) میں فرق بتلاؤ؟ (۱۵)

امتحان ایل ایل بی (ابتدائی) شعبہ قانون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

قانون معاہدہ۔ — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں
سب کے نشانات مساوی ہیں
جوابات خوشخط۔ مختصر اور واضح ہونا چاہیئے۔
مضمون مدلل اور مطلب خیز ہو

۱۔ ذیل میں تفریق کیجیئے:۔(الف) (Agreement and Contract)
اقرار اور معاہدہ۔(ب) (Fraud & Misrepresentation)
فریب اور غلط بیانی۔(ج) سادہ یا زبانی معاہدہ اور
مہری معاہدہ۔

۲۔ (الف) مختصراً لکھیئے کہ کن مختلف طریقوں پر اختتام معاہدہ عمل میں آتا ہے اور ہر ایک کے طریقۂ اختتام کی مثال دیجیئے۔
(ب) (Tender) پیش کرنے سے کیا مراد ہے؟ حسب وضاحت سے بیان کیجیئے۔

۳۔ (الف) کن صورتوں میں ایک اصل مالک (Principal) اپنے کارندے (agent) کے افعال کا ذمہ دار ہوتا ہے؟

زید عمرو کو وہ ایک ہزار روپیہ واپس کریگا جو کہ عمرو نے دئے تھے اور نیز اپنی جیت میں سے نصف روپیہ بھی دیگا گر ہارنے کی صورت میں وہ عمرو کو پہلے سے ایک ہزار روپیہ واپس کریگا۔ زید بازی میں پانچسو روپیہ جیتتا ہے گر صرف ایک ہزار روپیہ عمرو کو واپس کرتا ہے اور پانچسو کا نصف دینے سے اس بنا پر انکار کرتا ہے کہ بازی لگانے کا معاہدہ (Wagering Contract) ناجائز ہے۔

مذکورہ بالا معاملات میں زید کی قانونی حیثیت پر بحث کیجئے۔

۶۔ اُن پردہ نشین عورتوں کے لئے جو کہ معاہدہ کرتی ہیں قانون نے کیا تحفظات رکھے ہیں؟ کیا آپ کے خیال میں ان کے حقوق کی نگرانی کے لئے یہ کافی ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو آپ اور کیا مزید تحفظات تجویز کرتے ہیں؟

۷۔ (Breach by anticipation) خلاف ورزئی معاہدہ بذریعۂ پیش بینی یا توقع سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟ وجہ بیان کیجئے کہ قبل از خلاف ورزئی واقعی قانون مدعی کو دعوی کرنے کا حق کیوں دیتا ہے اور مثالیں لکھئے۔

(الف) (Ratification) یعنی توثیق یا منظوری کے شرائط بتائیے۔

(ب) کیا مالک اپنے ایجنٹ کے ان افعال کو جو دھوکے سے (Fraudulently) اور بلا مالک کے علم و اختیار کئے جائیں منظور کرسکتا ہے؟ اور کونسے افعال ایسے ہیں جو کہ منظور نہیں کئے

(ب) نیلام کنندہ کے اختیارات (Auctioneer's Authority) کے کیا حدود ہیں؟ کیا وہ اپنے اختیارات کسی اور شخص کے تفویض کر سکتا ہے؟

۴۔ (الف) ان مخصوص مواقع کو گنائیے جن میں کہ قانون وہی وجوبات (Obligations) عاید کرتا ہے جو کہ معاہدہ سے عائد ہوتے ہیں گو ان مواقع میں در اصل کوئی معاہدہ نہیں ہوتا۔

(ب) زید کے اصطبل میں عمرو کا بھاگا ہوا گھوڑا کسی طرح سے آجاتا ہے جس کی ٹانگ میں چوٹ ہے۔ زید اپنے پاس سے پچاس روپیہ اس کی خوراک اور علاج میں صرف کرتا ہے اب عمرو کو پتہ چلتا ہے اور وہ اپنا گھوڑا زید سے طلب کرتا ہے۔ زید اس وقت تک گھوڑا دینے سے انکار کرتا ہے جب تک کہ عمرو اس کو پچاس روپیہ نہ دیدے۔ بتائیے کہ یہ معاملہ کس طرح سے فیصل ہونا چاہئے۔

۵۔ (الف) زید جو کہ گورنمنٹ کی ملازمت کے لئے کوشاں ہے عمرو سے (جو کہ ایک درویش ہے) یہ وعدہ کرتا ہے کہ وہ عمرو کو پانچسو روپیہ دیگا اگر وہ زید کے لئے بذریعہ دعاء وظائف کوشش کرے اور اس کو ملازمت مل جائے۔ عمرو دعاء وظائف کرتا ہے اور زید کو ملازمت مل جاتی ہے اور جب عمرو پانچسو روپیہ زر معاہدہ و نیز پچاس روپیہ جو کہ اخراجات وظائف میں صرف ہوئے طلب کرتا ہے تو زید دینے سے انکار کرتا ہے۔

(ب) عمرو اپنے ایجنٹ زید کو ایک ہزار روپیہ دیکر گھوڑا دوڑ میں بازی لگانے کے لئے بھیجتا ہے اور ان میں یہ معاہدہ ہوتا ہے کہ

امتحان ایل ایل بی۔ ابتدائی شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ٹارٹ و حقوق آسائش۔ پرچہ چہارم — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ صرف چھ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب کے نشانات مساوی ہیں۔ یعنے ۱۶۔ چار نشانات تحریر کی صفائی اور خوشخطی کے لئے محفوظ ہیں۔

۱۔ ٹارٹ کی تعریف کرو۔ اور اس میں اور خلاف ورزئی معاہدہ اور جرم میں فرق کی بھی صراحت کرو۔

۲۔ غفلت کی تعریف ضروری اجزا کی صراحت کے ساتھ کرو۔ اور مثالیں بھی دو۔

۳۔ مداخلت بیجا کی ماہیت بیان کرو۔ اور مثالیں بھی دو۔ نیز مداخلت بیجا کے دعوؤں میں مدعی کی حقیقت کو واضح طور پر بیان کرو۔

۴۔ امر باعث تکلیف کس کو کہتے ہیں۔ اس کی ماہیت لکھو۔ اور اس خصوص میں مالک اراضی کی ذمہ داری کی بھی صراحت کرو۔

۵۔ ٹارٹ کے عدالتی اور غیر عدالتی چارہ کار بیان کرو۔

۶۔ حقوق آسائش (Easements) اور (Profits) کا فرق مثالوں کے ساتھ بیان کرو۔

۷۔ بینہ حق روشنی کی ماہیت کیا ہے۔ وضاحت سے لکھو۔

جا سکتے ؟

۶ (الف) اس قانونی اصول پر بحث کیجئے کہ کوئی بائع (seller) اپنے خریدار کو اس سے بڑھکر حقیقتیں (better title) نہیں دے سکتا جو کہ اسے (بائع کو) خود حاصل ہوں۔

(ب) کیا اس اصول کے مستثنیات بھی ہیں؟ اور اگر ہیں تو کیا ہیں؟

امتحان ایل ایل۔ بی (ابتدائی) شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۲۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

قانون شہادت ۔ پرچہ پنجم — نشانات ۱۰۰

ہدایت :۔ صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔
ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ (الف) قانون شہادت کن کارروائیوں سے متعلق ہے اور کن کارروائیوں سے متعلق نہیں ہے۔ اور اس کی کیا مصلحت ہے۔
(ب) (۱) شہادت اور (۲) ثبوت کا مفہوم بتائیے۔

۲۔ (الف) کیا کسی گواہ کی رائے واقعہ متعلقہ ہوتی ہے۔
(ب) چند ماہرین فن کی مثالیں دیجیے جن کی رائے واقعہ متعلقہ ہو سکے۔

۳۔ (الف) بلا واسطہ شہادت سے کیا مراد ہے اور کیا بالواسطہ شہادت بھی قابل قبول ہے۔
(ب) سنی سنائی شہادت سے کیا مراد ہے اور کیا وہ قبول کی جا سکتی ہے۔

۴۔ ٹارٹ کے دعوؤں پر مرور زمانہ کا کیا اثر ہوتا ہے۔
مختصراً لکھو۔

اُس دستاویز کی بناء پر دعویٰ ہونے کی صورت میں زید یہ جوابدہی کرتا ہے کہ مکان خالد کا ہے اور نہ خالد نے اُسے مکان کرایہ پر دیا تھا بلکہ مکان زید ہی کا ہے جس پر وہ پہلے ہی سے قابض ہے اور دستاویز مصلحتاً فرضی تکمیل پایا ہے - کیا زید ایسی جوابدہی کرسکتا ہے ؟

۴۔ (الف) حسب ذیل عبارت کی تشریح کیجئے۔

"جبکہ کسی دستاویز کی نسبت یہ بیان کیا جائے کہ اُس پر کسی شخص نے دستخط کئے ہیں یا اُس کو کسی شخص نے کلاً یا جزاً لکھا ہے تو یہ ثابت ہونا چاہئے کہ وہ دستخط یا خط اُس کا ہے"۔

(ب) گواہ حاشیہ دستاویز کس کو کہتے ہیں اور اس کی شہادت کی کیا وقعت ہے۔

۵۔ (الف) ایسی کہنہ دستاویزات کے جن کے گواہان دستاویز وغیرہ زندہ نہ ہوں ثابت کرنے کے لئے قانون شہادت نے کیا سہولت دی ہے۔

(ب) ایک دستاویز کی تکمیل کے (۲۵) سال بعد وہ عدالت میں پیش ہوئی اور قبل اس کے کہ مقدمہ میں کوئی شہادت پیش ہو مقدمہ کا دوران (۱۰) سال ہو گیا۔ اس صورت پر اُس دستاویز کے ثبوت سے متعلق کیا عمل ہو سکتا ہے۔

۶۔ تشریح کیجئے:۔

جب دستاویزی شہادت پیش ہو سکتی ہو تو زبانی شہادت نہ لی جائے گی۔

۷۔ (الف) امر مانع تقریر مخالف کا کیا مفہوم ہے۔

(ب) زید نے خالد کے حق میں ایک دستاویز لکھدی جس میں یہ درج ہے کہ زید نے خالد کا مکان کرایہ پر لیا ہے

امتحان ایل ایل بی ابتدائی شعبہ قانون سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ء

---

۳۱ اردی بہشت ۔ وقت ۳ ساعت

تعزیرات و ضابطہ فوجداری ۔ پرچہ ششم ۔ نشانات ۱۰۰

---

۱ (الف) اصطلاحات ذیل کی تعریف کرو۔ ۱۲

جائداد منقولہ ۔ کسی فعل کو بددیانتی سے کھونا ۔
مقدمہ حکمنامہ گرفتاری ۔ جرم قابل دست اندازی ۔

(ب) "جرم" کی تعریف مجموعہ تعزیرات سرکار عالی میں کیا اور مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں کیا کی گئی ہے ۔ اگر ان دونوں تعریفوں میں کوئی فرق ہے تو بتاؤ کہ اس فرق کا کیا اثر ہے ۔ ۸

۲ ۔ ان جرائم کے نام بتاؤ جن کے مقابلے میں قانون نے حفاظت خود اختیاری جائداد کا حق دیا ہے اور اس کی وضاحت کرو کہ ان جرائم کی کن کن صورتوں میں ایسا حق مجرم کو عمداً ہلاک کرنے سے بھی متعلق ہو سکتا ہے ۔ ۲۰

۳ ۔ سرکار عالی کے ایک معتمد نے ایک فرمان مبارک کے شمشیر گوانے کی عزت حاصل کی ۔ زید پر اس فرمان مبارک کی خلاف ورزی کا الزام بجرم دفعہ (۱۶۴) مجموعہ تعزیرات سرکار عالی عاید کیا گیا زید کی جانب سے مندرجہ ذیل

نہیں ہو سکتی۔

ان مرسہ عذرات کا تصفیہ بہ تحریر وجوہ و دلائل کرو اور اگر تمھاری رائے میں عذر نمبر (۳) قابل منظوری ہے تو یہ بھی بتاؤ کہ آیا اجازت بارگاہ خسروی سے حاصل کرنی ضروری ہے یا کسی سرکاری عہدہ دار کی اجازت کافی ہے۔ بصورت آخر اس عہدہ دار سرکاری کی صراحت کرو جو ارجاع مقدمہ کی منظوری دینے کا مجاز ہو۔ ۲۰

۴۔ الف۔ جرم سرقہ کے اجزا بتاؤ اور اس کی وضاحت کرو کہ آیا برقی قوت کمال کی تعریف میں داخل ہے اور اس کا سرقہ ہو سکتا ہے یا نہیں۔ ۱۰

ب۔ کسی دیوی کے نام پر کوئی بلا ہوا چوپایہ چھوڑ دیا جائے تو بتاؤ کہ کسی صورت میں اس کا بددیانتی سے اپنے گھر لیجانا سرقہ کی تعریف میں داخل ہوتا ہے یا نہیں اور جن صورتوں میں سرقہ کا جرم اس فعل پر عائد نہ ہو سکے۔ تو بتاؤ کہ کوئی اور جرم اس سے متعلق کیا جا سکتا ہے یا نہیں اور ہو سکتا ہے تو کونسا جرم۔ ۱۰

۵۔ الف۔ اگر مجموعہ تعزیرات سرکار عالی میں اعانت و اقدام خودکشی کو بالتصراحت جرم قرار نہ دیا گیا ہوتا تو بتاؤ کہ اعانت و اقدام جرائم کی سزا کے لیے جو عام دفعات وضع کی گئی ہیں ان کے تحت اعانت یا اقدام خودکشی کے لیے سزا تجویز کی جا سکتی تھی یا نہیں۔ جواب مع وجوہ

عذرات کیے گئے۔

(۱) دفعہ (۱۶۴) تعزیرات ملزمین سرکار کے احکام کی خلاف ورزی سے متعلق ہے تو کہ فرامین معاملک کی خلاف ورزی سے اس لیے دفعہ مذکور کا جرم ملزم پر عائد نہیں ہو سکتا البتہ اگر فرمان مبارک میں کسی سزا کا تعین فرمایا گیا ہو تو چونکہ فرمان مبارک خود ایک مستقل قانون کی حیثیت رکھتا ہے اس لیے خلاف ورزی ثابت ہونے کی صورت میں اُس سزا کا وہ مستوجب قرار دیا جا سکتا ہے۔

(۲) جرم تحت دفعہ مذکور صرف اُس صورت میں عائد ہو سکتا ہے جب کہ حاکم مجاز کے حکم کی خلاف ورزی اُن اشخاص کو جو کسی کار جائز میں مصروف ہوں مزاحمت یا رنج یا مضرت پہنچانے یا پہنچانے کی طرف متحرک ہو یا مزاحمت یا رنج یا مضرت کے خطرہ کا باعث ہو اس لیے محض خلاف ورزی کے ثابت ہو جانے پر جرم عائد نہیں ہو سکتا تاوقتیکہ اِن امور کا واضح ثبوت مسل میں موجود نہ ہو۔

(۳) جرم دفعہ مذکور کی تحقیقات بغیر اجازت محکومہ دفعہ (۱۹۶) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار کی

ہوسکتا ہے یا نہیں۔

۸۔ تفصیل سے بتاؤ کہ کن صورتوں میں قانون نے اس کی اجازت دی ہے کہ ملزم کی گرفتاری سے پہلے اور نیز اُس وقت جب کہ ملزم کا نام معلوم ہی نہ ہوا ہو گواہان تائید الزام کے بیانات قلمبند کر لیے جائیں اور اس کی بھی صراحت کرو کہ جو بیانات ان حالات میں قلمبند کیے گئے ہوں وہ کن صورتوں میں ملزم یا ایسے شخص کے خلاف جس پر بعد کو اُس جرم کا الزام قائم کیا جائے بطورِ شہادت پیش کیے جا سکیں گے

کے ادا کیا جائے۔ ۱۰

ب۔ ہندہ کی اُس کے شوہر سے لڑائی ہوئی جس کی وجہ سے وہ یہ کہتی ہوئی بادلی کی طرف دوڑی کہ وہ اس میں گر کر ہلاک ہو جاتی ہے۔ ابھی وہ بادلی تک پہنچنے نہ پائی تھی کہ لوگوں نے اُس کو پکڑ لیا جس کی وجہ سے وہ اپنے ارادہ میں کامیاب نہ ہو سکی۔ بتاؤ کہ ہندہ کا فعل مجموعہ تعزیرات سرکار عالی کی رو سے جرم ہے یا نہیں۔ ۱۰

۶۔ زید اور بکر نے ایک سازش کی پیش رفت میں ایک ایک مغنیہ کے فعل سے پانچ مختلف مقامات پر سرقہ کا ارتکاب کیا۔ ان پانچوں جرائم کی یکجائی تحقیقات ایک ناظم فوجداری درجہ اول کے اجلاس پر ہوئی جس نے تمام جرائم کو ثابت قرار دے کر ہر ایک کی پاداش میں ایک ایک سال قید کی سزا ملزمین کے حق میں تجویز کی اور پانچوں سزاؤں کے یکے بعد دیگرے رواں ہونیکا حکم دیا گیا۔ باظہار وجوہ بتاؤ کہ یہ یکجائی تحقیقات قانوناً جائز اور سزائے مجوزہ اندرون اختیار ناظم مذکور تھی یا نہیں۔ ۲۰

۷۔ الف۔ شریک جرم سے وعدہ معافی کرنے کے متعلق مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں کیا احکام ہیں۔ ۱۰

ب کسی شریک جرم سے اگر وعدہ معافی نہ کیا گیا ہو یا ایسا وعدہ معافی کیا گیا ہو جو قانوناً جائز نہ ہو تو بتاؤ کہ اُس کے دیگر شرکار کے مقابلے میں یا اُن کی تائید میں اُس کا بیان بطور گواہ کے قلمبند

امتحان ال ال بی آخری شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف سنہ ۱۹۴۶ء

۲۶ مرداد بہشت — وقت ۳ ساعت

شرع اسلام پرچہ اول — نشانات ۱۰۰

صرف چھ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ سوال نمبر ۱ کا جواب لازمی ہے۔ سب سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ شریعت اسلام کے ماخذ کیا ہیں ہر ایک پر مختصر نوٹ لکھو۔

۲۔ شرع محمدی میں وراثت کا کیا اصول ہے فقہ حنفیہ اور فقہ امامیہ میں وراثت کی ترتیب کیسے قایم کی گئی ہے۔ واضح کرو۔

۳۔ ایک حنفی المذہب عورت فوت ہوئی ورثا میں اسکا شوہر مرّاں، بھائی اور بہن موجود ہیں واضح کیجئے کہ متوفیہ کے متروکہ میں ہر ایک کا حصہ شرعی کیا ہوگا بھائی اور بہن کس حیثیت سے حصہ پائینگے۔

۴۔ طلاق سے کیا مراد ہے اس کے اقسام بیان کیجئے۔ بہ تعلق فقہ حنفیہ و فقہ امامیہ طلاق کے طریقوں کی توضیح کیجئے۔

۵۔ تعریف و توضیح کیجئے۔

ہبہ۔ مہر معجل۔ خیار البلوغ۔ اقرار بالنسب۔ خلع۔

۶۔ وقف سے کیا مراد ہے اسکی تکمیل کے لئے اجزائے ضروری کیا ہیں بیان کیجئے۔

۷۔ محرمات نکاح کون کونسے ہیں واضح کیجئے۔

امتحان ایل۔ایل۔بی (آخری) شعبہ قانون سنہ ۱۳۵۵ م سنہ ۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

دہرم شاستر (پرچہ دوم) — نشانات (۱۰۰)

نوٹ:۔ صرف چھ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ ماخذ دہرم شاستر پر ایک مضمون لکھئے۔

۲۔ دہرم شاستر کے مختلف مکاتب بیان کیجئے

۳۔ متاکشرا ین متوفی کے سانودک کس پشت سے کس پشت تک کے رشتہ داروں تک محدود ہیں اور بحالت عدم موجودگی سانودک کس درجہ (کلاس) کے رشتہ داراں کو متوفی کی جائداد ملے گی۔

۴۔ ایک ہندو تابع متاکشرا نے ایک سوتیلے چچا اور ایک حقیقی چچازاد بھائی کو چھوڑ کر انتقال کیا۔ کس کو جائداد ورا ثتاً ملے گی اور کیوں۔

۵۔ سوہن ولد موہن باشندۂ بنارس نے اپنی علاتی بہن (بنت موہن) کا ایک پسر و نیز موہن کا چچازاد بھائی چھوڑا۔ سوہن کی جائداد کس کو ملے گی اور کیوں۔

۶۔ متاکشرا کے مطابق ہم درجہ (کلاس) بندھوؤں میں جبکہ دو ویدارا ں کی متوفی سے رشتہ کی دوری مساوی پشت (ڈگری) کی ہو تو اس امر

۸۔ حق شفعہ کو واضح کیجئے اور یہ بتلائیے کہ کن شرایط کی تکمیل حق شفعہ کے نفاذ کے لئے ضروری ہے اور کن صورتوں میں ایسا حق ساقط ہوجاتا ہے۔

امتحان ایل ایل۔ بی (آخری) شعبہ قانون ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت ... وقت ۳ ساعت

امانت و وادرسی خاص۔ پرچہ سوم ... نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ حصہ اول میں سے تین سوالات حل کیے جائیں۔ مگر سوال نمبر (۲) کا جواب لازمی ہے اور حصہ دوم میں سے بھی تین سوالات کے جواب دیے جائیں۔ البتہ سوال نمبر (۸) کا جواب ضروری ہے۔

حصہ اول۔ قانون امانت

۱۔ امانت کا قائم ہونا کب متصور ہوتا ہے اور اس کے قائم کرنیکے لیے کیا ضابطہ ہے۔

۲۔ کیا انتقالات ذیل سے امانت قائم ہو جاتی ہے۔

(الف) زید ایک جائداد بکر کے حق میں ان الفاظ سے منتقل کرتا ہے "مجھے پوری امید ہے کہ بکر اس کو خالد کے فائدہ کے لیے استعمال میں لائیگا"

(ب) زید کچھ جائداد بکر کو "اس توقع کے ساتھ کہ وہ اس جائداد کو خاندان میں جاری رکھیگا" دیتا ہے۔

(ج) زید اس تمنا کے ساتھ بکر کو جائداد دیتا ہے کہ وہ اس جائداد کا بڑا حصہ خالد کے بچوں میں تقسیم کریگا۔

کے طے کرنے کا کہ کس کو فوقیت ہے کیا معیار ہے مثال آتما بندھو ول میں دیکھئے۔

۷۔ متاکشرا اور دائی بھاگ میں وراثت کے متعلق خاص فرق بتلائیے۔

۸۔ خاندان مشترکہ اہل ہنود میں پدر نے قرضہ لیا جو نہ خلاف قانون اور نہ بد اخلاقی کے واسطے تھا۔ بروقت تقسیم جائداد مشترکہ اس قرضہ کی ادائی کا کوئی لحاظ نہیں کیا گیا۔ اس قرضہ کی ذمہ داری پسراں پر بقدر اس جائداد کے جو کہ اُن کو بٹوارہ میں ملی ہے باقی ہے یا نہیں؟

۹۔ اوّیوہارک (Avyavaharika) قرضہ جات پدری پر ایک مضمون لکھئے۔

۱۰۔ ایک ہندو نے اپنی بیوی کو یہ اجازت دی کہ میرے انتقال کے دس سال کے اندر میرے بھائی کے پسران میں سے کسی ایک کو متبنیٰ کر سکتی ہے۔ بیوہ نے شوہر کے انتقال کے دس سال کے ذرا بعد دیور کے بیٹوں میں سے ایک کو متبنیٰ کیا۔ بحث کیجئے کہ تبنیت جائز ہے یا ناجائز۔

قانونی کی قانونی ذمہ داری بیان کی جائے۔

۸۔ اگر آپ نے ایسی جائداد کے بیع یا پٹہ یا کرایہ پر دینے کا معاہدہ کیا ہو جس پر آپ کو کامل حقیت حاصل نہ ہو تو خریدار۔ یا پٹہ دار یا کرایہ دار کو کیا حقوق حاصل ہونگے۔

زید کا اکلوتا لڑکا بکر عمرو سے یہ معاہدہ کرتا ہے کہ وہ اپنے باپ کا وارث ہونے پر جائداد موقوفہ حیات مگر عمرو کے حق میں منتقل کریگا بکر کے وارث ہوتے ہی عمرو معاہدہ کی تعمیل کے لیے نالش کرتا ہے کیا دعوے ڈگری ہوگا۔

۹۔ کیا عدالت تعمیل منتقل کا حکم محض اس وجہ سے دینے پر مجبور ہے کہ ایسا حکم دینا جائز ہے۔

۱۰۔ استقرار حق کی نالش سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ کن صورتوں میں ایسی نالش کی جاسکتی ہے۔ تمثیلات دیے جائیں۔

(د) زید ایک دوکان اور تجارتی ذخیرہ بکر کو اس شرط پر دیتا ہے کہ وہ زید کا قرضہ ادا کریگا اور بقیہ خالد کو دیگا۔

۳۔ وہ کونسی صورتیں ہیں جن میں قطع نظر فریقین کے ارادہ کے قانون یہ قیاس کرتا ہے کہ امانت قائم ہوگئی۔

۴۔ وجوب کے ایسے دو تمثیلات بحوالہ نظائر دیے جائیں جن کی نوعیت امانت کی ہوتی ہے۔

۵۔ امانت صریحی، معنوی اور تعبیری کے اختلافات کو بیان کرکے ان کے تمثیلات دیے جائیں۔

حصہ دوم۔ دادرسی خاص

۶۔ اس اصول کی وضاحت کیجیے اور تمثیل دیجیے کہ دادرسی خاص محض قانون تعزیری کی تعمیل کے لیے نہیں دی جاسکتی۔

زید نے عدالت میں یہ درخواست دی کہ بکر اس کے متعلق توہین آمیز بیانات شائع کرنے والا ہے اور یہ کہ ایسے بیانات کی اشاعت سے منع کیا جائے۔ کیا ایسا حکم صادر کرنا قانون تعزیری کی تعمیل ہے اور کیوں؟

۷۔ کیا معاہدۂ بیع کے مکمل ہوتے ہی مشتری کو جائداد مبیعہ میں جملہ حقوق حاصل ہوجاتے ہیں اور نقصانات کا بار اسی کے ذمہ ہوجاتا ہے۔

زید اور عمرو کے مابین معاہدہ ہوا کہ عمرو بیس ہزار روپے ادا کریگا اور زید عمرو کو اس کی حیات تک پانسو روپے سالانہ دیتا رہیگا معاہدہ کے دوسرے دن عمر گھوڑے سے گر کر مرگیا۔ عمرو کے قائم مقام

امتحان ال ال۔بی (آخری) شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف/۱۹۴۶ء

۳۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

قانون انتقال جائداد قانونِ مالگزاری و عملیات پرچہ چہارم — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ کوئی (۶) سوال حل کیجیے۔

۱۔ حسبِ ذیل اصطلاحات قانون انتقال جائداد کی تعریف کیجیے اور وضاحت کی غرض سے تمثیلات دیجیے۔

(۱) رہن بیع بالوفا (۲) پٹہ (۳) مواخذہ (۴) تبادلہ اشیاء

۲۔ (الف) کیا قانونِ انتقال جائداد کے احکام اُن پٹہ جات سے متعلق ہیں جو زراعت کے اغراض کے لیے دیے جائیں۔

(ب) ایسے پٹہ جات کی منتقلی کے لیے قانون مالگذاری میں کیا قواعد ہیں۔

۳۔ جائداد غیر منقولہ کا پٹہ بلحاظِ احکام قانونِ انتقال جائداد کن صورتوں میں فسخ ہو جاتا ہے۔

۴۔ (الف) اگر دورانِ رہن میں مرہونہ جائداد میں مرتہن کوئی اضافہ کرے تو ایسے اضافے پر انفکاک رہن کے وقت راہن کے کیا حقوق ہیں۔

(ب) اگر سادہ رہن کے دوران میں مرہونہ جائداد تلف

امتحان ایل ایل۔ بی (آخری) شعبۂ قانون سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ء

۲۹، اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

ضابطہ دیوانی وغیرہ - پرچۂ پنجم (ضابطہ دیوانی و قانون عدالتہائے دیوانی و قانون میعاد سماعت) نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ سوالات مندرجۂ ذیل میں سے چھ سوالات کو حل کیجئے جن میں سے پہلے اور نویں سوالات کا جواب ادا کرنا لازمی ہے۔

۱۔ عدالت ملک غیر کا فیصلہ کن صورتوں میں قطعی نہیں ہوتا؟ (۱۸)

۲۔ تعمیل طلب نامہ کے لیے جوان طلبانہ مدعی علیہ کے مکان پر پہنچا۔ (۱۶) مدعی علیہ مکان پر موجود نہ تھا۔ جوان طلبانہ نے طلب نامہ مدعی علیہ کی بیوی کے حوالہ کیا۔ بتلائیے کہ کیا یہ تعمیل کافی ہے؟

۳۔ مجرا دہی کے معنی آپ کیا سمجھتے ہیں یہ کب اور کن حالات (۱۶) میں طلب کی جا سکتی ہے؟

۴۔ امور تنفیذ طلب کس مواد سے پیدا ہوتے ہیں اور قانون (۱۶) نے ان کی کیا تقسیم کی ہے؟

۵۔ حکم امتناعی عارضی کسے کہتے ہیں اور کن صورتوں میں وہ (۱۶) صادر کیا جا سکتا ہے۔

۶۔ زر نقد کی ڈگریوں میں اقساط مقرر کرنے کا اختیار عدالت (۱۶) دیوانی کو کن قیود کے ساتھ ہے؟

۷۔ عدالت دار القضاء بلدہ کے مخصوص اختیارات کیا کیا ہیں (۱۶)

ہو جائے تو مرتہن کے کیا حقوق ہیں۔

۵۔ (الف) اراضی انعام زر خرید سے کیا مراد ہے۔ کیا ایسی اراضیات کی منتقلی کی اجازت ہے۔

(ب) اگر کوئی معطی لہ متبنیٰ لینا چاہے تو کیا کارروائی ہوگی اور کہاں؟

۶۔ (الف) گائران کسے کہتے ہیں۔ کیا گائران کی اراضی کو کاشت پر دیا جاسکتا ہے۔

(ب) تشکیدار اور آسامی تشکی میں کیا فرق ہے۔

۷۔ بقایا مالگزاری وصول کرنے کے تدابیر بیان کیجیے۔

امتحان ال ال۔بی (آخری) شعبہ قانون

سنہ ۱۳۵۵ف مطابق سنہ ۱۹۴۶ع

۲۔ حو ر د ا د

مضمون اصول قانون و قانون بین الممالک — پرچہ ششم

وقت ۳ ساعت — نشانات ۱۰۰

نوٹ — (۱) صرف چھ سوالات کے جواب دیئے جائیں، جس ہر حصہ سے
(۲) سب سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

حصـــہ اول

۱ "اگر قانون کے فوائد کثیر ہیں تو قوانین کی کثرت کی خرابیاں بھی یکجہ کم نہیں" اس مقولہ پر معہ تمثیلات تبصرہ کیجئے۔

۲ مندرجہ ذیل عام اصول کے مستثنیات کیا ہیں
"حقوق متعلقہ جائیداد قابل توریث اور حقوق شخصی نا قابل توریث ہیں۔"

۳ کیا قانون ضابطہ (Procedure) و قانون داد رسی (Remedies) مماثل ہیں؟

۴ مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھئے
(الف) قانون سے لاعلمی کوئی عذر نہیں
(ب) ضرورت کے لئے کوئی قانون نہیں

۵ قدرتی شخص اور قانونی شخص میں کیا فرق ہے؟

۷۔ وہ کن شرائط کے ساتھ قائم کیے گئے ہیں ؟

۸۔ وہ کونسے مقدمات ہیں جن سے احکام قانون میعاد سماعت (۱۶)
متعلق نہیں ہوتے ؟

۹۔ قانون ناقابلیت سے کیا مُراد ہے اور اس کا میعاد مقررہ (۱۸)
قانون میعاد سماعت پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

امتحان ال ال ام ابتدائی شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تقابلی اصول قانون پرچہ اول — نشانات ۱۰۰

ہدایت: ۔ کوئی چار سوال کیے جائیں ۔

۱ ۔ ان مقولوں پر تبصرہ کیجئے ۔

(الف) "تقابلی اصول قانون کا واحد نہیں تو اہم مقصد یہ ہوتا ہے کہ قانون سازی اور قانون کی عملی اصلاح میں سہولت پیدا کی جائے" (مین)

(ب) "تقابلی طریقے میں مکان (Space) سے بحث ہوتی ہے اور تاریخی طریقے میں زمان (Time) سے" (برائیس)

۲ ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ "اخلاق اور قانون میں ایک مغائرت اور بعض وقت ایک باہمی مخالفت (contradiction) پائی جاتی ہے" اس پر بحث کرکے بتایئے کہ قانون اور اخلاق میں آپس کا کیا تعلق پایا جاتا ہے ۔

۳ ۔ "فلسفۂ قانون قدرت کے پیش نظر یہ مرحلہ تھا کہ ایک قانون قدرت کا قیام عمل میں لایا جائے یعنی ایک مطلق (absolute) اور منصفانہ اور

حصـــہ دوم

۶ سلطنت حیدرآباد کی بین الاقوامی قانونی حیثیت کیا ہے؟

۷ کیا مجرمین جنگ کے خلاف مقدمے قانون بین الممالک کے موجب صحیح ہیں؟

۸ کیا قانون بین الممالک منظم بغاوت کو تسلیم کرتا ہے۔

۹ سیاسی ملزمین کی تحویل کا مطالبہ کن شرائط کے تحت کیا جاسکتا ہے

۱۰ قانون بین الممالک کے ماخذ (Sources) اور تہدیدات (Sanctions) کیا ہیں؟

۷۔ مندرجۂ ذیل مقولوں کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے :۔

(الف) "اگر انگلستانی عدالت میں کسی رواج کا وجود اور اس کا واجب العمل ہونا قابل اطمینان شہادت سے ثابت ہو جائیں تو عدالت کا کام صرف یہ ہے کہ اس رواج کو قانون نافذ الوقت تسلیم کر لے" (آیلن)

(ب) "عدالتی فیصلے کے طریقے کو یا تو استخراجی (deductive) سمجھا جا سکتا ہے یا استقرائی (inductive)" (آیلن)

۸۔ مندرجہ ذیل مقولوں کی تنقید کیجئے۔

(الف) "انگریزی قانون کی طرح شرع شریف میں جائداد کو اولاً اور فطرۃً انفرادی چیز سمجھا جاتا ہے، اس کے برخلاف دھرم شاستر میں اسے ایک عادتی واقعہ خیال کیا جاتا ہے کہ کوئی جائداد پورے خاندان کی ملکیت ہو اور نسل ہا نسل تک افراد خاندان کی مادی و روحانی مشترکہ ضرورتوں کے لئے مشترکہ سرمائے کے طور پر محفوظ رکھی گئی ہو" (ولسن)

(ب) "میں نہیں خیال کرتا کہ مسلمان مقننوں کی لکھی ہوئی کسی بھی مشہور کتاب فقہ میں ایسی کسی خالص مصنوعی چیز کا ذکر یا تصور تک ہو جیسی کہ قانون انگلستان نے جاگیر Estates کے نام سے پیدا کی اور تسلیم کی ہے" (جسٹس بین بمقدمہ جینا بائی بنام سیٹھنا۔ انڈین لا رپورٹس ۔ ۳۴ بمبئی ۶۰۴)

مثالی (Model) قانون، وہ چیز جسے
بدرجۂ اولیٰ قانون کہا جا سکے" (بروتس ہائیمر)
اس کی تشریح کیجئے اور بتایئے کہ یہاں جس قسم کے قانون قدرت
کے نظریے کا ذکر ہوا ہے وہ کن اسباب سے ناکام رہا۔

۴۔ کرکنوف نے قانون کی جو تعریف و تحدید کی ہے اس کی تنقید
کیجئے اور بتایئے کہ اس مولف کو کس قسم کے مقننوں میں شامل
کیا جائیگا۔

۵۔ مندرجۂ ذیل بیان کی توضیح کرکے اس پر بحث کیجئے۔

"گذشتہ صدی کے اواخر اور حالیہ صدی کے اوائل میں
غور و فکر کا ایک نیا طریقہ پیدا ہوا۔ مقنن یہ خیال کرنے لگے
کہ انسانی احتیاجات اور ضروریات کا لحاظ ہونا چاہیئے
نہ کہ انسانی خواہشوں اور مشیتوں (Wills) کا۔
وہ اب مطالبات یا احتیاجات یا ضروریات کو اسی طرح
جانچنے اور پرکھنے لگے جس طرح وہ سابق میں مشیتوں کو
جانچتے یا ان میں تطابق پیدا کرتے تھے (reconciled)
چنانچہ وہ خیال کرنے لگے کہ قانون کی
غایت اپنی خودی کو زیادہ سے زیادہ جتانا نہیں ہے
بلکہ ضروریات کی زیادہ سے زیادہ تکمیل ہے" (پاونڈ)

۶۔ کہا جاتا ہے کہ قانون کی ترقی کا اہم ترین ذریعہ قانون داں رہے
ہیں نہ کہ قانون ساز۔ شرع شریف اور دھرم شاستر کے ارتقاء کے
خصوصی حوالے سے اس خیال پر بحث کیجئے۔

امتحان ال ایل ایم (ابتدائی) شعبۂ قانون ۱۹۳۵ء م ۱۳۴۶ھ

۲۷ راردی بہشت — وقت ۳ ساعت

متقابلہ دستور — نشانات ۱۰۰

نوٹ :- سب سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔ جن میں سے کوئی چار سوال حل کیے جائیں۔

۱ - ایک رومن قانون داں کے لیے اہم اصول قانون یہ تھا کہ بادشاہ کی مرضی قانون ہے۔ ماگنا کارٹا (Magna Carta) میں جو اصول مضمر تھا وہ یہ ہے کہ بادشاہ اور اُس کی رعایا قانون کے محکوم ہیں۔ وضاحت کیجیے کہ موخرالذکر نظریہ کی بدولت قانون کی برتری (Supremacy of the law) کس طرح قایم ہوئی۔

۲ - لارڈ رائیٹ (Lord wright) کا مقولہ ہے :

It is not strictly true to say that our Government is a government by the people of the people for the people. The people cannot govern. ..A government must have regard to them or it cannot continue, but must give place to others.

آپکو اس سے کس حد تک اتفاق ہے۔

۹۔ برادں کے اس مقولے پر بحث کرو کہ " زمانۂ جدید کی قانون سازی میں آدمیوں کی اس کوشش کا مظاہرہ ہوتا ہے کہ ایک ایسے مطمح نظر کا اظہار کریں جو بلند تر اقسامِ نیت (motive) کو پسند آتا ہے اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مطمح نظر قومی فکر و حیات میں ایک قوت کی حیثیت رکھتا ہے "۔

۶ ۔ سوویٹ (Soviet) دستور میں جائداد، مباحث، روابط اور شخصی آزادی سے متعلق جو فقرات ہیں، اُن کی پابندی حکومت پر لازم نہیں آتی بلکہ اُن کی تکمیل سماجی ضروریات کے مدِنظر سوویٹ تصوّر پر منحصر ہے۔ اس تصوّر اور دیگر دساتیر کے تصوّر کے اساسی فرق کا تقابل کیا جائے۔

۷ ۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کے تحت وفاقی عدالت (Federal Court) کے اختیارات اور فرائض کیا ہیں۔

۳ - بقول لاسکی (Lasky) جدید مملکت ایک مقتدر اعلیٰ مملکت ہے۔ ریاست ہائے ہند میں سیاسی اعلیٰ تر اقتدار (Paramountcy) کا جو نظریہ اور عمل ہے اُس کی روشنی میں کس حد تک متذکرۂ صدر بیان کو واجبی تصوّر کیا جا سکتا ہے۔

۴ - ماتحت عہدہ داران عاملہ (Civil Service) کی حیثیت کی وضاحت کیجیے اور اُس میں بطور خاص انگلنڈ، جرمنی، فرانس، یونائیٹیڈ اسٹیٹس، برطانوی ہند اور حیدر آباد کو ملحوظ رکھا جائے۔

۵ - کمیٹی اصلاحات نے ریاست حیدر آباد کے دستور کا حسبِ ذیل تصوّر پیش کیا ہے: "مملکت کا صدر اپنی ذات میں عوام کی بلا واسطہ نیابت کرتا ہے اور اُس کا تعلق عوام کے ساتھ نمایندہ جماعتوں کے ارکین کے تعلق کے بہ نسبت زیادہ فطری زیادہ مستقل اور زیادہ گہرا ہوتا ہے اور عوام کے اقتدارِ اعلیٰ کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ اس لیے اس قسم کے نظامِ سیاسی میں صدر مملکت ایک طرف تو (۱) قانون سازی کے دائرہ میں توثیق اور امتناع (ویٹو) کے اختیارات کا حامل ہوتا ہے اور دوسری طرف (۲) عاملانہ حکومت کے دائرہ میں کابینہ کی تخلیق اور شکست کا مخصوص اختیار بھی اُس کو حاصل ہوتا ہے۔... یہ اقتدارِ اعلیٰ .... دستور کی بنیاد ہے اور اُس کی حفاظت ضروری ہے" اس طرزِ حکومت اور جمہوری طرزِ حکومت کے امتیازی خصوصیتوں کا تجزیہ اُس کمیٹی کی رپورٹ کی روشنی میں کیا جائے۔

امتحان ایل ایل۔ایم (ابتدائی) شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۸ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

شرع شریف - پرچۂ سوم - نشانات ۱۰۰

نوٹ: صرف چار سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ "قرون وسطیٰ کے ابتدائی زمانہ میں عرب ہی ایک ایسی قوم تھی جس نے تصور قانون کو ترقی دے کر اور اُس کی علمی تحقیق کرکے ایسے نتائج پیدا کئے کہ اُن کا اُن کی عظمت کے لحاظ سے رومیوں کے نتائج سے مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ اُن رومیوں کے نتائج سے جن کو دنیا کا شارع کہا جاتا ہے"۔
مقولہ بالا پر کسی قدر تفصیل سے تنقید کرو۔ اور شرع شریف کے اُن اہم تصورات و نتائج قانونی کا بھی مختصراً ذکر کرو جو آپ کے نزدیک متذکرہ صدر عظمت کے حامل ہیں۔

۲۔ شرع شریف کے ماخذ کیا ہیں۔ اور سنی اماموں میں اختلافات کے وجوہات کیا۔ شرع شریف کی ترقی، قانونی نقطۂ نظر سے رُک جانے کے وجوہات آپ کی رائے میں کیا ہیں۔

۳۔ ذوالفرایض وعصبات یا ذوقرابت کی وراثت کے اصول وضاحت سے بیان کرو۔ اور ان کے متعلق فقہ حنفی و امامیہ کا

امتحان ایل ایل ایم (ابتدائی) شعبہ قانون ۱۳۵۵ھ م ۱۹۳۶ء

۲۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

دہرم شاستر — نشانات ۱۰۰

نوٹ: صرف چار سوالات کے جوابات ادا کرنا چاہیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ یگنہ والکیہ کہتا ہے کہ قبضہ پر حقیت حاوی ہے تاوقتیکہ قبضہ موروثی نہ ہو۔ اس پر نارد، ویاس، اپرارک کاتیائن اور متاکشرا کی رو سے تنقیدی نظر سے بحث کیجیے۔ دہرم شاستر کے اس اصول کا مقابلہ دیگر نظامات علم قانون کے جو ہم شبیہ اصول ہیں اُن سے بھی کیجیے۔

۲۔ متاکشرا کی رو سے جو بندھو ہیں اُن کی ترتیب وراثت میں روحانی فائدہ کے نظریہ کا کس حد تک دخل جائز رکھا گیا ہے۔ اس پر پریوی کونسل کے خاص اور چیدہ مقدموں کو، نیز سمرتیوں اور شروح کو مدنظر رکھتے ہوئے بحث کیجیے۔

۳۔ یہ لکھا گیا ہے کہ عورتیں عام طور پر پرانے زمانہ میں وراثت سے محروم رکھی جاتی تھیں۔ اس پر بودھیائن کی پیش کردہ سوتر اور سمرتیاں اور شروح کو مدنظر رکھتے ہوئے تنقیدی نظر ڈالیے۔ یہ بھی

فرق بھی لکھو۔

۴۔ فقہ حنفی و امامیہ کی رو سے طلاق کتنے طریقوں پر دی جاسکتی ہے؟ طلاق سے جو حقوق پیدا یا ختم ہوتے ہیں اُن کو بالاستیعاب لکھو۔

۵۔ وقف کی تعریف کرو۔ شرائط صحت وقف بیان کرو۔ اور یہ بھی بیان کرو کہ مختلف اساتذہ کے نزدیک وقف کب مکمل ہوتا ہے۔ وقف بذریعہ وصیت اور وقف بالاولاد پر بلحاظ نظایر کوئی قیود ہوں تو انھیں بھی مختصراً بیان کرو۔

۶۔ مقولات ذیل پر تنقید کرو۔ اور جہاں ضرورت ہو مثالیں بھی دو:۔

(الف) "ان الھدایۃ کالقرآن قد نسخت ما کان فی الشرع من قبل کتب"۔ یعنے ہدایہ نے مثل قرآن کے فقہ پر جو کتابیں اس سے قبل تھیں منسوخ کردی ہیں۔

(ب) شرع شریف غیر صحیح النسب قرار دینے میں بہت محتاط ہے۔

(ج) "غیر جانبداری سے دیکھا جائے تو شرع شریف میں تعدد ازدواج کی اجازت اور طلاق دینے میں سہولت مطابق انصاف نہیں ہے"۔

(د) "نظریہ استحسان و استصلاح سے شرع شریف کے اصولوں کو نصفتانہ ترقی دی گئی"۔

(ہ) "حق نمایندگی شرع شریف میں قطعاً نہیں پایا جاتا"۔

۷۔ شرع شریف میں بیع سلم اور بیع الکالی بالکالی کا کیا مفہوم ہے۔ مختصراً لکھو۔

امتحان ایل ایل ۔ ایم (ابتدائی) شعبۂ قانون سنہ ۱۳۵۵ھ سنہ ۱۹۴۶ء

۲۰ خورداد وقت ۳ ساعت

تصادم قوانین - پرچہ پنجم نشانات (۱۰۰)

ہدایت - صرف چار سوالات کے جوابات ادا کیے جائیں۔

۱ - حسب ذیل اصطلاحات و تصورات قانونی کی مختصراً وضاحت کیجئے۔

(الف) (Lex Fori) (لیکس فورائی)

(ب) (Lex Causae) (لیکس کوزائی)

(ج) سکونت

(د) (Animus Manendi) (انیمس مینانڈی)

(ہ) (Lex Loci-delicti) (لیکس کوکائی ڈیلیکٹائی)

۲ - (الف) انگلستان میں شخصی قانون بین الاقوام کے کس اصول یا اصولوں کی بناء پر مادی جائداد منقولہ کا انتقال عمل میں آتا ہے۔

(ب) ایک روسی سیاح نے لکڑی کا بار (Cargo of timber) روس سے ایک پروشین (Prussian) جہاز پر انگریزی تاجر کے نام انگلستان روانہ کیا۔ ساحل ناروے کے قریب جہاز کو نقصان پہنچا۔ جہاز کے کپتان کی تحریک کی بناء پر ناروے میں جو نیلام منعقد ہوا اس میں مسمی زید کو لکڑی فروخت کی گئی۔ عدالت ناروے میں منجانب (Under Writers) انڈر رائٹرس

لکھیے کہ ہندوستان کے واضعان قانون نے عورتوں کی وراثت کے بارے میں ۱۹۲۹ء سے لیکر اب تک نئی نئی اصلاحات کرنیکی کون کون کوششیں کی ہیں۔

۴۔ بیوہ کا اختیار تبنیت کب ختم ہو جاتا ہے۔ اس پر پریوی کونسل کے چیدہ نظائر کو مدنظر رکھتے ہوئے بحث کیجیے۔

۵۔ یہ کہا جاتا ہے کہ مشترکہ خاندان کی جائداد جو بقبضۂ آخری بچ ماندہ شریک خاندان مشترکہ ہو وہ حسب دفعہ ۳ (۱) ایکٹ نمبر ۱۸ سنہ ۱۹۳۷ء اسکی جائداد غیر مشترکہ نہیں مانی جاسکتی۔ اس پر اپنی مدلل رائے ظاہر کیجیے۔

۶۔ اس پر پریوی کونسل کے فیصلہ جات سے بحث کیجیے۔

"ہندوستان کی چند عدالتوں نے یہ فرض کرلیا ہے کہ لارڈ ویسٹ بری نے جو عبارت استعمال کی ہے۔ اُس سے ضمناً یہ مطلب ہے کہ علیحدگی صرف رضامندی ہی سے ہوسکتی ہے۔ امراء پریوی کونسل کو کوئی شک نہیں کہ یہ رائے غلط ہے۔" اس اصول کو کہ علیحدگی یکطرفہ اعلانِ ارادہ سے عمل میں آتی ہے سنسکرت شروح سے کہاں تک مدد ملتی ہے۔

۷۔ نظریۂ مملکت کے متعلق مختلف ہندو مولفوں کے تصورات سے بحث کرکے اس کا مقابلہ بعض دیگر نظام ہائے قانون سے بھی کیا جائے۔

۸۔ ان تغیرات پر تاریخی نقطۂ نظر سے ایک مضمون لکھا جائے جو برطانوی ہند اور ممالک محروسہ سرکار عالی کی مقننہ نے ہندو قانون میں کیے ہیں۔

اور ملک کے" اس پر بحث اور تنقید کیجئے۔ انگریزی قاعدہ وطنیت اور یورپی قاعدہ قومیت میں جو تضاد واقع ہوا ہے اس کی تشریح کیجئے اور کس طریقے سے اس تضاد کو حل کیا جا سکتا ہے وہ بتلائیے۔

۶۔ (الف) اصطلاح "Proper Law of Contract" کی توضیح کیجئے اور بتلائیے کہ اس کی تعیین کس طرح کی جاتی ہے۔

(ب) الف ایک انگریز نے اپنے خاندان اور اسباب کے Southampton سے Mauritius لے جانے کے لیے مراقعان سے ٹکٹ خریدا طریقہ سفر یہ تھا کہ مسافرین کمپنی کے جہاز میں اسکندریہ گئے اور وہاں جہاز سے اتر کر سوئیز (Suez) کو بذریعہ ریل روانہ ہوئے سوئیز میں ایک چھوٹی کشتی میں سوار ہو کر کمپنی کے دوسرے جہاز میں سوار ہوئے ٹکٹ میں ایک شرط درج تھی جس میں کمپنی کو مسافرین کے اسباب کے نقصان یا گم شدگی کے ذمہ داری سے سبکدوش کر دیا گیا تھا یہ شرط از روئے قانون انگریزی جائز تھی لیکن فرانسیسی قانون کی رو سے Mauritius میں کالعدم تھی۔ الف کے مال کی ایک گٹھری گم ہو گئی جو آخری مرتبہ سوئیز میں چھوٹی کشتی پر دیکھی گئی تھی۔ اس کی نسبت ہرجہ دلا پانے کی نالش اس نے انگلستان میں دائر کی۔

کونسا اصول قانون دعوی سے متعلق ہو گا بحوالہ نظائر وضاحت کیجئے۔

فسخ بیع کا دعوی کیا گیا جو خارج ہوا - زید نے لکڑی انگلستان
روانہ کی اور اس کو مدعی علیہ کے نام منتقل کیا (Under Writer)
نے بمقابلہ مدعی علیہ قیمت لکڑی کی دلا پانے کی نالش دائر کی - مدعی علیہ
کو بحوالہ نظائر اس کے استحقاق و حقیقت قانون کے متعلق مشورہ دیجئے -

-۳

" Rights originating abroad are only protected if they exist in the eye of the particular Law."

"حقوق جو بیرون ملک پیدا ہوتے ہیں ان کی حفاظت صرف اس صورت میں ہوتی ہے جبکہ ان کا وجود کسی قانونی مختص میں تسلیم کیا گیا ہو" اس بارے میں جو اختلاف رائے ہے اس کی تشریح کیجئے اور تبلائیے کہ کس حد تک بیان صدر قابل قبول ہے -

۴ - نظریہ راں اوا (Renvoi) کی تشریح کیجئے - کیا یہ قانون انگلشیہ کا جز ہے ؟

-۵

" Domicile therefore is an idea of Law. It is the relation which the Law creates between an individual and a particular locality or country. "

اصول وطنیت اس لیے ایک قانون متصور ہے کہ وہ ایک تعلق ہے جس کو قانون پیدا کرتا ہے فی مابین ایک شخص اور کسی خاص مقام

بمقابلہ مدعی علیہ جو رعایائے اسپین سے ہے ہرجہ
بابت توہین Libel دلاپانے کی جس کی تشہیر برازیل
Brazil میں کی گئی تھی دعوی دائر کیا تھا۔ مدعی علیہ نے
یہ عذر پیش کیا کہ قانون برازیل کی رو سے ہرجہ کے پانے کی
نالش نہیں ہوسکتی۔ کیا مدعی علیہ پر کوئی ذمہ داری عائد
ہوتی ہے؟ بحوالہ نظائر تبصرہ کیجئے۔

۷۔(الف) "فریقین کے توطن سے عملاً شوہر کی وطنیت مراد لی جاتی ہے"۔

"The domicile of the parties in practice means the domicile of the husband."

فسخ ازدواج اور طلاق سے کیا یہی ایک اصول متعلق ہوتا ہے۔
(ب) فرقۂ امامیہ کا مقلد مسمی (م۔ ج) نے جس کی وطنیت حیدرآباد ہے مسماۃ (ن۔ ج) سے انگلستان میں شادی کی جو بیدالیشی عیسائی ہے۔ ن عدالت العالیہ حیدرآباد میں فسخ ازدواج کی نالش رجوع کرتی ہے۔ کیا عدالت العالیہ حیدرآباد مجاز سماعت وتصفیہ مقدمہ ہے۔ بحوالہ نظائر تبصرہ کیجئے۔

۸۔ فیصلہ جات ممالک غیر کا نفاذ انگلستان میں کس طریقے سے عمل میں آتا ہے۔ انگلستان اور ہندوستان میں ان کے نفاذ کی نسبت جو اصول اور ضوابط ہیں ان کا توازن اور مقابلہ کیجئے۔

۹۔ وہ کون سے عام اصول ہیں جن کے تحت عدالتہائے انگلستان کو اشخاص وجائداد موقوعہ ممالک غیر کے متعلق اختیار سماعت حاصل ہے۔

۱۰۔ (الف) ان حالات کو بیان کیجئے جن میں اس ڈارٹ کی نسبت جس کا ارتکاب ممالک غیر یا اثنائے سفر دریائی میں ہوا ہو انگلستان میں نالش ہوسکتی ہے۔
(ب) خالد مدعی نے جو غیر وطنیت کا ہے انگلستان میں

امتحان ال ال ایم (ابتدائی) شعبہ قانون ۱۳۵۵ف مطابق ۱۹۴۶ء

۳۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

قانون بین الممالک - پرچہ ششم — نشانات ۱۰۰

کوئی چار سوال حل کیے جائیں۔ سب کے نشان مساوی ہیں۔

۱۔ قرون متوسطہ کے سفارتی تعلقات (diplomatic relations) اور مستقل سفارت خانوں کی تاریخ کا خاکہ پیش کیا جائے۔

۲۔ قانون بین الممالک کے متعلق جو مقدمات یاد ہوں ان میں سے کسی ایک اہم مقدمے کا ذکر کرکے بتایا جائے کہ وہ کن اصولوں پر منفصل ہوا۔

۳۔ "مجلس اقوام" کے تصور کے ارتقاء اور اس کی تاریخ بیان کرتے ہوئے بطور خاص "مجلس تحفظ" اور "اقوام متحدہ" کے قیام کا ذکر کیا جائے اور بتایا جائے کہ آپ کی رائے میں یہ امن قائم رکھنے میں کس قدر کامیاب ہونگے۔

۴۔ قانون بین الممالک کے مطابق وہ کون کونسے انتظامات ہیں جن کے ذریعہ سے مملکتوں کے باہمی جھگڑوں کی جبری اور پُرامن طور پر یکسوئی ہو سکتی ہے (compulsory and amicable)

امتحان ایل ایل ایم (آخری) شعبۂ قانون ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۶ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

تاریخ عدالتہائے آصفی۔ — نشانات ۱۰۰

نوٹ:۔ حسب ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات مطلوب ہیں۔ فی سوال (۳۰) نمبر مفروضہ ہیں۔ (۱۰) نمبر عام معیار جوابات کے لیے مختص ہیں۔ جوابات مدلل ہونا چاہیئے۔

۱۔ مختصراً بتلاؤ کہ آصف جاہ اول کے دورِ نظامت دکن میں تنظیم عدالتہائے انصاف کس طور پر تھی۔ کیا اُن کے اعلان خود مختاری کے بعد اُس میں کوئی تبدیلیاں عمل میں آئیں۔ اگر آئیں تو کسطرح اور کن وجوہ سے؟ ۳۰

۲۔ موجودہ مجلس عالیہ عدالت آصفیہ کن ادارہ جات کی جانشین ہے اور بمقابلہ مجالس عالیہ عدالت کلکتہ۔ مدراس۔ بمبئی۔ الہ آباد۔ اُس کی وسعتِ اختیارات عدالتی و انتظامی کیا ہے؟ ۳۰

۳۔ سلطان علاؤالدین خلجی اور اُن کے بعد جن جن خاندانوں کا دورِ حکومت دکن میں رہا اُن کے نظام عدالتی کا خاکہ مختصراً پیش کرو اور بتاؤ کہ اُس کا کیا اثر تنظیم عدالتہائے آصفی پر رہا ہے؟ ۳۰

۴۔ سلطنت اسلامیہ آصفیہ میں عدالتیں کس دور سے اور کس طرح برطانوی ہند کے غیر اسلامی قوانین سے متاثر ہونے پر مجبور کی گئیں

اس پر بھی بحث کی جائے کہ بین الممالک مخاصمتوں کی یکسوئی کے لیے کس انتظام میں کیا سہولت اور خامی ہے۔

۵۔ ہوائی جنگ کا قانون بین الممالک وضاحت سے بیان کیا جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ فضا (air space) کی قانونی حیثیت کیا ہے۔

۶۔ اس پر بحث کی جائے کہ قانون بین الممالک کس حد تک جنگ کی ہولناکیوں، بے رحمیوں، اور وحشیانہ سفاکیوں کو کم کرتا ہے اور بتایا جائے کہ آیا آپ کی رائے میں جاپان کے شہروں پر جوہری بم کا گرانا جائز تھا۔

۷۔ جرمنی اور جاپان کے مجرمین جنگ کی گرفتاری اور چالان پر تبصرہ کیا جائے اور بتایا جائے کہ اس بارے میں قانون بین الممالک کے اصول کیا ہیں۔

۸۔ اس کا مختصر تذکرہ کیا جائے کہ مغربی نظام قانون بین الممالک کی تشکیل اور ارتقا میں اسلام کا کیا حصہ رہا ہے۔

۹۔ قانون بین الممالک کے مطابق اقتدار اعلیٰ کا جو تصور ہے اس کی روشنی میں بتایا جائے کہ جلالت مآب حضور نظام کا اقتدار اعلیٰ برار پر آیا ناکمل (limited) اور مغائر (inconsistent) سمجھا جائیگا۔

امتحان ال ایل ایم (آخری) شعبۂ قانون سنہ ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۷ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

مشرقی قانون بین الممالک پرچۂ دوم — نشانات ۱۰۰

ھدایت:- کوئی تین سوال حل کیے جائیں۔ ہر حصے کا ایک ایک سوال ضروری ہے۔

(الف) عام مشرقی

۱۔ چین، مصر، یا فینیقیہ میں سے کسی ایک کے خدمات کا تفصیلی ذکر کیجیے جو قانون بین الممالک کی ترقی کے لیے انجام دی گئیں۔ اور ان خدمات کا جغرافی پس منظر بھی واضح کیجیے۔

۲۔ ممالکِ مشرق نے ممالکِ مغرب کو قانون بین الممالک کے سلسلے میں بہ حیثیتِ مجموعی کیا امور دیے ہیں۔

(ب) ہندستان

۳۔ ہندو قانونِ جنگ کی چند امتیازی خصوصیتیں بیان کیجیے اور بتائیے کہ یہ خصوصیتیں کس حد تک ہندستان کی تاریخ

اُس کی مختصر تاریخ بتلاؤ اور واضح کرو کہ اب ان کا انحطاط کس درجہ پہنچ چکا ہے؟ ۳۰

۵ ۔ دورِ عثمانی کا انتزاعِ اختیارات عدالتی و انتظامی، کون کون سے قوانین وقتاً فوقتاً نافذ ہونے کے باعث اپنی افادیت میں کمزور ہو چکا ہے اور اُن میں برطانوی ہند اور خود برطانوی ذہنیت کے کیا کیا اثرات کارفرما تھے؟ ۳۰

۶ ۔ صدر الصدور ۔ قاضی ۔ عامل ۔ محتسب ۔ کوتوال کے عہدوں کے اختیارات عدالتی کی تاریخ مختصراً لکھو اور بتلاؤ کہ اب اُن کی حیثیت کیا رہ گئی ہے؟ ۳۰

امتحان یم۔بی۔بی۔ایس پہلا فنی شعبہ طب

۲۰۔اردی بہشت سنہ ۱۳۵۵ف

مضمون تشریح پرچہ نظری

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

نوٹ ۔ ہر ایک حصہ کا جواب علحدہ پیش کیا جائے

حصہ اول

۱۔ کہنی کے جوڑ کے نیچے سے میڈین عصب (median nerve) کا مکمل بیان لکھو۔ ۱۶

۲۔ مائیلو ہائڈ عضلہ (mylo-hyoid muscle) کا مبداء (origin) منتہے (insertion) عصبی رسد (nerve supply) اور تعلقات (relations) بیان کرو۔ ۱۶

۳۔ رحم (uterus) کو بیان کرو۔ اسکی لفاوی تصریف (lymphatic drainage) اور نمو کا بیان لکھو۔ ۱۸

حصہ دوم

۱۔ آربی قنال (inguinal canal) کے حدود بتلاؤ۔ ۱۶

۲۔ لبلبہ (pancreas) کے نمو کو بیان کرو۔ ۱۶

۳۔ پوسٹیریر ٹیبئیل آرٹری (posterior tibial artery) کے تعلقات اور شاخوں کے نام بتلاؤ۔ ۱۸

کے بنانے میں حصہ دار ہیں۔

۴۔ سفیروں کی قسمیں اور ان کے فرایض ہندو مولفوں نے کیا بیان کیے ہیں؟

(ج) اسلام

۵۔ عہدِ نبوی کو اسلامی قانون بین الممالک میں کیا اہمیت حاصل ہے، تفصیل سے بتائیے۔

۶۔ اسلامی جنگ کے مجاز امور یا ممنوع امور پر روشنی ڈالتے ہوئے زمانۂ حال کے رواج سے مقابلہ کیجیے۔

امتحان ایم۔بی بی۔ایس شعبۂ طب ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

فعلیات۔نظری — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ ہر حصہ کا جواب علٰحدہ بیاض پر دیا جائے۔ جہانتک ہو سکے اپنے جواب کو بذریعہ نقشہ واضح کرو۔

حصۂ اول

۱۔ لبلبہ (pancreas) کے افراز کی پیدائش کی میکانیت پر بحث کرو۔ ۱۶

۲۔ دماغ کی سطح پر جو حصے موٹر ایریا (motor area) کہلاتے ہیں ان کو نقشہ اتار کر بتلاؤ۔ ان کے فعل پر بحث کرو اور ان کی خورد بینی ساخت کی خصوصیات کو بیان کرو۔ ۱۷

۳۔ بڑی آنت کی عصبی رسد کو بیان کرو تبریز (defaecation) کی میکانیت پر بحث کرو۔ ۱۷

حصۂ دوم

۱۔ بافتی سیال (tissue fluid) کا فعل کیا ہے۔ یہ کس طرح پیدا ہوتا ہے اور اس کا حشر کیا ہوتا ہے۔ ۱۷

امتحان ایم۔ بی۔ بی ایس دوم شعبۂ طب ۱۳۵۵ف / ۱۹۴۶ء

۲۱ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

حفظانِ صحت۔ پرچہ (ا و ب) — نشانات ۱۰۰

حصۂ ا

۱۔ پالکی میلہ سے کیا مراد ہے۔ اس قسم کے میلہ سے حفظانِ صحت کی رو سے کیا خطرات رونما ہو سکتے ہیں اور ان کا کس طرح سدِ باب ہو سکتا ہے۔ ۱۸

۲۔ ایک گاؤں میں جس کی آب رسانی باؤلیوں سے ہے مرض ہیضہ رونما ہو گیا ہے۔ اس کی مزید اشاعت کو روکنے کے لئے کیا تدابیر اختیار کرنے چاہئیں۔ ۱۶

۳۔ مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں:۔

(۱) دودھ کی پاسچورائی زیشن (Pasteurisation of milk)

(۲) حیاتین د (Vitamin D)

(۳) رطوبت روک تہ (Damp Proof Course)

(۴) دقیق جرثومہ رابی (Street Virus) ۱۶

حصۂ ب

۱۔ ایک بڑے شہر کو جس کی آبادی پانچ لاکھ ہے اپنے آبی رسد ایک بڑی ندی سے حاصل کرنا ہے جس کا پانی بہت گدلا ہے۔

۲۔ حرارت جسمانی کو اعتدال پر قائم رکھنے کی میکانیت بیان کرو۔ اس سے جسم حیوانی کو کیا فائدہ ہے؟ ۱۷

۳۔ اصطلاحات ذیل پر مختصر بیان لکھو۔ ۱۶

۱ ketosis

۲ tetany

۳ prothrombin

۴ triple response

امتحان یم-بی-بی-یس (دوسرا) شعبہ طب

پرچہ امتحان طب قانونی

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ع

۲۳- اردی بہشت

وقت ۳ ساعت

نوٹ حصہ اول و حصہ دوم کو علاحدہ علاحدہ لکھا جائے۔

حصہ اول

۱ گلے کے خود کشانہ زخم (Cut throat) کو بیان کیجئے۔ اور اس کو گردن کے قاتلانہ اور اتفاقی زخموں سے کس طرح فرق کرینگے۔ ۱۵

۲ اختناق (Asphyxia) سے موت کے اثرات و علامات اور بعد الموت مناظر بیان کیجئے۔ ۱۵

۳ سنکھیا (Arsenic) زہر کے حاد اثرات، علامات اور علاج بیان کیجئے۔

حصہ دوم

۱ (impotence) اور (Aterility) میں کیا فرق ہے۔ طب قانونی نقطۂ نظر سے (Impotency) کی کیا اہمیت ہے۔ اور مرد مین اس کے اسباب کیا ہیں۔ ۱۵

۲ پھانسی (Hanging) اور تخنیق (Strangulation) کے بعد الموت مناظر کا فرق بیان کیجئے۔ ۲۰

اس پانی کو مصفا کرنے کے لئے ایک مفصل تجویز پیش کریں
اور اس کے انتخاب کے لئے اپنی وجوہات بیان کریں۔ ۱۶

۲۔ مندرجۂ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(۱) امتحان شک (Schick test)

(۲) جذامی تعامل (Lepra reaction)

(۳) قطیری سرایت (Droplet infection)

(۴) شرح طحال (Spleen rats)

۳۔ بدرروئی کاشتکاری (Sewage farming) سے
کیا مراد ہے اس طریقہ سے گندے پانی کا تصفیہ کس طرح
ہوتا ہے ایک بدرروئی کھیت کو منتخب کرتے وقت آپ
کن باتوں کا لحاظ کریں گے۔

*

امتحان ایم۔بی۔بی۔ایس (دوم) ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

علم الادویہ۔ (نظری) — نشانات ۱۰۰

حصۂ اول

(۱) (Chemotherapy) کا کیا مفہوم ہے؟ اس کے تصورات (Conceptions) اور کامیابیوں (achievements) پر بحث کرو۔ ۱۵

(۲) (Insulin) کا ادویاتی عمل بیان کرو۔ اس کے عمل میں کن وجوہات سے فرق آتا ہے؟ جو حالات اس کے علاجی استعمال کے متقاضی ہوتے ہیں ان پر بحث کرو۔ ۱۵

(۳) (Digitalis leaves) کا کیمیاوی بیان کرو۔ اس دوا کے ان ادویاتی افعال پر تفصیلی بحث کرو جن پر اس کا علاجی استعمال مبنی ہے۔ ۲۰

حصۂ دوم

(۴) اشیاذیل کے متعلق (الف) جسم میں انکی راہ گذر (Course)

۳ (الف) بھنگ کے اثرات و علامات۔ علاج اور بعد الموت مناظر بیان کیجئے۔

(ب) ھندوستان میں بھنگ کو کن مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ھے۔ ۱۵

یا

۴ حسب ذیل پر مختصر نوٹ لکھا جائے۔ ۱۵

(۱) Tardieu's spots

(۲) Cadaveric spasm

(۳) Adipocere

(۴) Superfoetation

امتحان ایم۔بی۔بی۔ایس (تیسرا نئی) شعبۂ طب ۱۳۵۵ف ۱۹۴۶ء

۲۰ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

عمل طب ۔ پرچہ اول — نشانات ۱۰۰

۱ ۔ لاشعاعونی (Xray) امتحان سے جو امراض شش اور پلیورا (Pleura) کی تشخیص میں مدد ملسکتی ہے اسکے متعلق بحث کرو۔ ۲۰

۲ ۔ حنجری ڈفتھیریا (Laryngeal diphtheria) کے علامات اور امارات بیان کرو۔ ایک اقامت خانہ میں اس مرض کو منتشر نہ ہونے کے لئے کیا تدابیر اختیار کرو گے؟ ۲۰

۳ ۔ یرقان (Jaundice) کے اسباب کے متعلق مدلل بحث کرو۔ ۲۰

۴ ۔ (Hypothyroidism) کے مظاہرات بیان کرو۔ اس کا علاج کیونکر کرو گے؟ ۲۰

۵ ۔ نملۂ منطقی (Herpes Zoster) کے اسباب، علامات، امارات اور علاج بیان کرو۔ ۲۰

(ب) انکا حشر (fate) اور
(ج) جسم پر ان کے اثرات (effects)
مختصر بیان کرو اور ان کی توضیح کرو۔

(۱) (magnesium oxide) جب یہ منہ کی راہ سے دیا جائے

(۲) پانچ فی صد محلول گلوکوز (5% Glucose solution)
جب یہ بذریعہ (Rectal drip) دیا جائے۔

(۳) (Oleum Iodisatum) جب یہ قصبہ
(Trachea) میں داخل کیا جائے۔

(۴) (Injectio Bismuthi) جب یہ عضلہ میں
پچکارا جائے۔

(۵) (Neo-arsphenamine) جب یہ ورید میں
پچکارا جائے۔ ۲۰

(۵) (Atropine) کے عمل (actions) بیان کرو۔ ۱۵

(۶) تیران پذیر روغنیات (Volatile oils) کے عمل
(actions) بیان کرو۔ ۱۵

امتحان یم-بی-بی-یس (آخری) شعبہ طب

۲۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۵ ف

مضمون عمل طب پرچہ دوم

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

۱ ایک مریض کی (Apex Beat) اپنی طبعی جگہ سے باہر ہے اسکے اسباب پر بحث کرو۔ ۲۰

۲ مزمن التہاب شعبی (chronic bronchist) کے اسباب بیان کرو۔ اسکا علاج کس طرح ہوسکتا ہے؟ ۲۰

۳ (gastric analysis) کی اہمیت کیا ہوسکتی ہے؟ ۲۰

۴ (anterior poliomyelitis) کے امراضیات امارات علامات اور علاج بیان کرو۔ ۲۰

۵ مندرجہ ذیل کی مختصر تشریح کرو:- ۲۰

(۱) شبکی خلیے Reticulocytes

(۲) چوسٹک کی امارت Chvostek's Sign

(۳) علائمہ جہد Effort Syndrome

(۴) Eosinophilic Lung

امتحان ایم۔بی۔بی۔ایس تیسرا (شعبہ طب) سنہ ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۲۲ اردی بہشت — وقت ۳ ساعت

سرجری (تحریری) — نشانات (۱۰۰)

حصۂ اوّل

۱۔ خشک گیانگرین کے امراضیات پر بحث کرو اور تم پیرانہ گیانگرین کے مریض کا علاج کس طرح کروگے۔ (۱۷)

۲۔ کولھے کے جوڑ کے تدرّن (Tuberculosis) کے سریری امارات بیان کرو اور اس کے علاج کے اصولوں کا خاکہ کھینچو۔ (۱۷)

۳۔ معائے مستقیم (Rectum) سے جریانِ خون کے مریض پر تحقیقات کس طرح کروگے۔ اس کے اہم وجوہات اور ان کے طریقہ علاج بتاؤ۔ (۱۶)

حصۂ دوّم

۱۔ حالبی سنگ ریزہ (Urateric Calculus) کے بحث اسباب۔ امارات، علامات اور علاج پر بحث کرو۔ (۱۷)

امتحان یم۔بی۔بی۔یس (آخری) شعبہ طب

۲۳ اردی بہشت سنہ ۱۳۵۵ ف

مضمون امراض چشم

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

پہلا حصہ

۱ ٹرکوما (Trachoma) فولیکار کنجنکٹیوائس (Follicular conjunctivitis) سپرنگ کٹار (spring catarrh) یہ تینوں میں کیا فرق ہے بیان کرو۔ ۲۰

۲ اکیوٹ گلاکوما (acute glaucoma) کے اسباب، علامات، تشخیص اور علاج بیان کرو۔ ۱۵

۳ حدقی ردعمل (Popillary reflex) کیا ہے؟ یہ کیسے قایم ہے۔ کونسے اسباب ہیں جس سے یہ پھیلی ہوئی رہتی ہے۔ ۱۵

دوسرا حصہ

۴ شیخوخی نزول الما (Senile cataract) کیا ہے۔ آپ اسکی ابتدائی حالت میں تشخیص کس طریقے سے کروگے۔ ۱۵

۵ انعطافی نقایص (Errors of Refraction) کا امتحان کیسے کرتے ہیں۔ ہیپر میٹروپیا (Hypermetropia) کا بیان لکھو۔ ۱۵

۶ ذیل کے بیماریوں کا بیان لکھو۔

(۱) اسکلرائیس (Scloritis) (۲) گلیوما رٹنا (Glioma Retina)

(۳) اپھیکیا (aphakia) (۴) اکیوٹ ڈاکروسسٹیٹس (acute Dacrocystitis) ۲۰

۲۔ اُربی قنال (Inguinal Canal) کی جراحی تشریح بیان کرو۔ اور مورب اُربی فتق (Oblique Inguinal Hermia) کے طریقے علاج بیان کرو۔ (۱۶)

۳۔ زبان کے رسولی نما اضرار کی تفریقی تشخیص پر بحث کرو۔ اور ان کے علاج کا خاکہ کھینچو۔ (۱۷)

امتحان ایم۔بی۔بی۔یس (آخری) شعبہ طب

سنہ ۱۳۵۵ف م سنہ ۱۹۴۶ع

۲۴۔ اردی بہشت

مضمون۔علم الولادت

وقت ۳ ساعت نشانات ۱۰۰

حصۂ اول

۱ (Puerperal Septicaemia) کے اسباب اور اس کا تفصیلی علاج بیان کرو۔

۲ عرض لائی (Transverse lie) کے اسباب کیا ہیں۔ اسکی تشخیص اور تفصیلی علاج بیان کیجئے۔

۳ رحم کے (Retroversion) کے اسباب کیا ہیں۔ اسکا علاج تفصیلی طور پر بیان کیجئے۔

حصۂ دوم

۱ حمل کے پہلے تین ماہ کے دوران میں نزف (Haemorrhage) کے عام وجوہات کیا ہیں۔ اس کی تفریقی تشخیص پر بحث کیجئے۔

۲ حیضی دور (Menstrual Cycle) کے دوران میں درون رحمہ (Endometrium) کے اندر جو تغیرات ہوتے ہیں انکو بیان کیجئے۔

۳ (Pre-Eclamptic Toxaemia) کے علامات، امارات اور علاج بیان کیجئے۔

امتحان ایم۔بی۔بی۔ایس آخری شعبۂ طب ۱۳۵۵ف م ۱۹۴۶ء

۱۹ اردی بہشت وقت ۴ ساعت

(۲)

مرضیات و جرثومیات حصۂ اول و حصۂ دوم نشانات ۱۰۰

(۴)

حصۂ اول

(۱) لمفائی سلعہ غدیہ (Lymph-adenoma) کے ایک مخصوص (typical) کیس میں بوقت پوسٹ مارٹم (post-mortem) جو تبدیلیاں دکھائی دیتی تفصیل سے بیان کرو۔ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بیان کرو کہ ایسی صورت میں کن معمولی طریقوں سے اس کی تشخیص کروگے۔ ۱۸

(۲) درازئ طحال (Enlargement of the spleen) کے مختلف اقسام (forms) بیان کرو۔ ہر ایک کیس میں طحال کے بڑھنے کے طریقہ (process) کو اختصاراً بیان کرو۔ ۱۸

(۳) (Schistosoma hæmatobium) اور (Spirochæta recurrentis) دونوں کی صرف روئداد زندگی (life-history) بیان کرو۔ ۱۴

حصۂ دوم

(۱) امراض کی تشخیص میں پھیپھڑائی سیال (pleural fluid) کے امتحان سے کس طرح مدد ملتی ہے تفصیل سے بیان کرو۔ ۱۸

(۲) مندرجۂ ذیل میں سے کسی تین پر مجمل نوٹ لکھو:-

(الف) (Taxoid)

(ب) Emigration of leucocytes in acute inflammation.

(ج) Precipitation test

(د) Changes in the lung in mitral stenosis مرض (mitral stenosis) میں شش میں تغیرات۔ ۱۵

(۳) شش کے ابتدائی مرض دق (primary pulmonary tuberculosis) یعنی (Ghon's lesion) کی مرضیاتی کیفیت (pathology) بیان کرو۔ اور اس کا تقابل (contrast) ایک جواں آدمی کے ثانوی مرض دق (secondary infection) سے کرو۔ ۱۷

Osmania University

QUESTION PAPERS

1355 FASLI.

(1946)



HYDERABAD DECCAN,
OSMANIA UNIVERSITY PRESS.